دوسرا اڈیشن

آسان
سیرۃ النبی ﷺ

اللھم صل علی محمد وعلی آل محمد
کما صلیت علی ابراہیم وعلی آل ابراہیم
انک حمید مجید
اللھم بارک علی محمد وعلی آل محمد
کما بارکت علی ابراہیم وعلی آل ابراہیم
انک حمید مجید

- سال بہ سال
- ماہ بہ ماہ
- واقعہ بہ واقعہ
- یعنی نئے انداز میں
- جامع و مختصر اور دلنشین
- پُر اثر سیرت طیبہ

مصنف
مولانا مفتی سید آصف الدین ندوی قاسمی (ایم اے)

ناشر
انسٹیٹیوٹ آف عربک مہدی پٹنم
حیدرآباد فون نمبر 9849611686

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

بسم اللہ الرحمن الرحیم

محمدؐ کی محبت، دین حق کی شرطِ اوّل ہے
اسی میں ہو اگر خامی، تو سب کچھ نامکمل ہے

ہر مسلمان کے لئے ضروری، سیرت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے موضوع پر ایک تحقیقی ودستاویزی اور عام فہم کتاب

آسان
سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

مفتی سید آصف الدین ندوی قاسمی ایم اے

بانی انسٹی ٹیوٹ آف عربک حیدرآباد، جنرل سکریٹری لبیک سوسائٹی حیدرآباد،
سابق ماسٹر ٹرینر ریاستی حج کمیٹی، امام وخطیب مسجد باغ برق جنگ گڈی ملکاپور

website: www.learnarabic.in

e-mail : asif_nadwi@yahoo.com

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ ہیں

تفصیلات

نام کتاب : آسان سیرت النبی ﷺ

نام مصنف : مفتی سید آصف الدین ندوی قاسمی ایم اے

صفحات : ۳۱۳

ہدیہ : ۲۰۰

ناشر : انسٹی ٹیوٹ آف عربک مہدی پٹنم، حیدرآباد

www.learnarabic.in

کمپوزنگ : مفتی سید آصف الدین ندوی قاسمی ایم اے

سرورق وتزئین : الہلال گرافکس، اکبرباغ، حیدرآباد

اشاعت اول : محرم الحرام ۱۴۳۶ ہجری سن عیسوی نومبر ۲۰۱۴

تعداد اشاعت : ۲۰۰۰

ملنے کا پتہ : انسٹی ٹیوٹ آف عربک، سکنڈ فلور، سعید کامپلکس

مہدی پٹنم۔ حیدرآباد، تلنگانہ۔500028 انڈیا

رابطہ نمبر +91-9849611686

asif_nadwi@yahoo.com

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

انتساب!

ایک حقیر وادنی امتی جس کے پاس

اس متاع گراں مایہ

کے سواء کچھ نہیں ہے کہ وہ اپنی نسبت

اس محسن انسانیت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، رحمت عالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے

رکھتا ہے جن کی نسبت دنیا وآخرت میں کامیابی کی ضمانت ہے۔

اوران سبھی کے نام جو اس شمع رسالت سے اپنی اندھیر نگری کو جنت فردوس بنانے کے خواہش مند ہیں۔

اللہ کریم مجھے، میرے والدین، میرے بھائی بہن، میرے اہل خانہ۔۔۔۔

اور آنے والی نسلوں کی نسلوں کو دین حق کے لئے قبول فرمالے۔آمین

قارئین کرام سے گذارش ہے کہ اپنی دعاؤں میں میرے مرحوم مخلص احباب

جناب الحاج قاسم محی الدین پٹیل، اور جناب محمد رفیع الدین فیض باجے مرحوم کو ضرور یاد رکھیں

ذکر اتنا کیا ترا ہم نے
قابل ذکر ہو گئے ہم بھی

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

اجمالی فہرست

پہلا حصہ

مبادیات سیرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

یعنی ابتدائی اور بنیادی چیزیں

جو سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مطالعہ کے آغاز سے پہلے جاننا ضروری ہے۔

دوسرا حصہ

خاندان نبوت

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آباء واجداد یعنی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا خاندانی سلسلہ

حضرت آدم علیہ السلام تک۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت سے پہلے پیش آنے والے حالات وواقعات

تیسرا حصہ

سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سال بہ سال

سیرت طیبہ کا تفصیلی ومعلوماتی حصہ جس میں آپؐ کی ۶۳ سالہ حیات طیبہ

کو سال بہ سال، واقعہ بہ واقعہ پوائنٹ کی شکل میں بیان کیا گیا ہے۔

کس سال کونسی سورت نازل ہوئی، کونسا غزوہ کس سال پیش آیا

اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اسمائے گرامی، حلیہ مبارکہ

اخلاق نبوی ودلائل وخصائص کو آسان ودل نشین انداز میں سمیٹنے

اور بیان کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

چوتھا حصہ

نقوش سیرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جس میں آپؐ کی چھوڑی ہوئی چیزیں ذکر کی گئی ہیں۔ آثار مبارک میں قرآن مجید، کلام نبوی، اور اس کی تمام صورتیں، یعنی خطبات، خطابات، وصیتیں، معجزات، پیشن گوئیاں، عمومی دعائیں، سنتیں اور خصوصی دعائیں، معمولات نبوی کو ترتیب وار عام فہم اسلوب میں بیان کیا گیا ہے۔

پانچواں حصہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ وصحابیات

وہ حضرات وخواتین جنہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فیض صحبت حاصل ہوئی۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

فہرست

انتساب : ۳
اجمالی فہرست ۴
فہرست مضامین ٦
سیرت النبی ﷺ کی ضرورت! مفتی سید آصف الدین ندوی قاسمی ایم اے ۱۳
تقریظ : حضرت مولانا شاہ محمد جمال الرحمن صاحب مفتاحی دامت برکاتہ ۲۰
پیش لفظ : حضرت مولانا خالد سیف اللہ صاحب رحمانی دامت برکاتہ ۲۱
تقریظ : حضرت مولانا احمد عبد المجیب قاسمی ندوی صاحب دامت برکاتہ ۲۴
ایک جائزہ: حضرت مولانا عبد العلیم کوثر قاسمی صاحب دامت برکاتہ ۲۷
تقریظ : حضرت مولانا محمد بانعیم مظاہری صاحب دامت برکاتہ ۳۰

پہلا حصہ۔ مبادیات سیرت ﷺ صفحہ ۳۲ تا ۴۱

سیرت نبوی ﷺ سے سیرت سازی کیسے؟ ۳۲
کیا سیرت النبی ﷺ پر کام کی ضرورت ہے؟ ۳۳
محبت رسول ﷺ سیکھنے اور سکھانے کا حکم ۳۴
رسول اللہ ﷺ کے حقوق ہر مسلمان پر ۳۵
محبت رسول ﷺ کی علامتیں ۳٦
سیرت النبی ﷺ کی اصطلاحات؟ ۳۷

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

دوسرا حصہ۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آباءواجداد۔ صفحہ ۴۲ تا ۵۴

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ددھیال اور ننھیال ۔۔۔۔۔۔ ۴۳
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چچا اور پھوپھیاں ۔۔۔۔۔۔ ۴۴
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا سلسلہ نسب حضرت آدم تک ۔۔۔۔۔۔ ۴۵
حضرت ابراہیم علیہ السلام ۔۔۔۔۔۔ ۴۹
حضرت اسماعیل علیہ السلام ۔۔۔۔۔۔ ۵۰
آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آباءواجداد کا تعارف ۔۔۔۔۔۔ ۵۱
آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے والد حضرت عبداللہ کے ذبح کا واقعہ ۔۔۔۔۔۔ ۵۲
حضرت عبداللہ کی پاک دامنی ۔۔۔۔۔۔ ۵۲
أَصْحَابُ الْفِيلِ (ہاتھی والے) ۔۔۔۔۔۔ ۵۳
جاہلیت بیک نظر ۔۔۔۔۔۔ ۵۴

تیسرا حصہ۔ سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سال بہ سال۔ صفحہ ۵۵ تا ۱۸۲

سیرت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ایک اجمالی خاکہ ۔۔۔۔۔۔ ۵۶
ولادت مبارکہ سے ۴۰ سال تک۔ سال بہ سال، ماہ بہ ماہ، واقعہ بہ واقعہ ۔۔۔۔۔۔ ۵۷
نبوت کا پہلا سال ۔۔۔۔۔۔ ۶۳
نبوت کا دوسرا سال ۔۔۔۔۔۔ ۶۶
نبوت کا تیسرا سال ۔۔۔۔۔۔ ۶۶
نبوت کا چوتھا سال ۔۔۔۔۔۔ ۶۷
نبوت کا پانچواں سال ۔۔۔۔۔۔ ۶۹

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

نبوت کا چھٹا سال ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۷۴
نبوت کا ساتواں سال ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۷۸
نبوت کا آٹھواں سال ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۸۰
نبوت کا نواں سال ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۸۱
نبوت کا دسواں سال ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۸۲
نبوت کا گیارہواں سال ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۸۷
نبوت کا بارہواں سال ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۸۹
نبوت کا تیرہواں سال اور ہجرت کا پہلا سال ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۹۳
ہجرت کا دوسرا سال ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۱۱۰
ہجرت کا تیسرا سال ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۱۰۳
ہجرت کا چوتھا سال ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۱۰۶
ہجرت کا پانچواں سال ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۱۰۹
ہجرت کا چھٹا سال ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۱۱۴
ہجرت کا ساتواں سال ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۱۱۸
ہجرت کا آٹھواں سال ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۱۲۲
ہجرت کا نواں سال ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۱۳۳
ہجرت کا دسواں سال ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۱۴۱
محرم، صفر ربیع الاول یعنی حیات طیبہ کے آخری ۷۲ دن ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۱۴۹
نزول قرآن ۔ کس سال کونسی سورت نازل ہوئی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۱۶۱
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غزوات اور سرایا کی تعداد مع سال وماہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۱۶۴

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

غزوات میں شہید ہونے والے صحابہؓ اور کفار کے مقتولین وقیدیوں کی تفصیل ___ ۱۶۶
ایک تاریخی گواہی اور حقیقت ___ ۱۶۶
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اسمائے گرامی ___ ۱۶۷
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حلیہ مبارک ___ ۱۶۸
حضرت ام معبد کی دل آویز لافانی خاکہ نگاری ___ ۱۶۸
حضرت علی بن ابوطالب کا بیان ___ ۱۶۹
حضرت ہند بن ابی ہالہ کی زبانی ___ ۱۷۰
حضرت انس بن مالک کی تجرباتی گواہی ___ ۱۷۴
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اخلاق حسنہ اور اس کی کچھ جھلکیاں ___ ۱۷۶
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خصائص ___ ۱۷۹
خصائص نبوت ___ ۱۸۰
وحی کی قسمیں ___ ۱۸۱
وہ فرشتے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خاطر اترے ___ ۱۸۱

چوتھا حصہ۔ نقوش سیرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صفحہ ۱۸۳ تا ۲۵۱

قرآن مجید صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ___ ۱۸۴
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے معجزات ___ ۱۹۱
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیشن گوئیاں ___ ۱۹۵
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیشن گوئیاں اور موجودہ دور کے فتنے ___ ۲۰۰
کلام نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ___ ۲۰۴
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خطابات وخطبات کے کچھ شہ پارے ___ ۲۰۵

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

رسول اللہ ﷺ کے جوابات صحابہ کے سوالات ۲۰۸
رسول اللہ ﷺ کی وصیتیں ۲۱۰
رسول اللہ ﷺ نے جن کاموں کے کرنے کا حکم فرمایا ۲۱۶
رسول اللہ ﷺ نے جن کاموں سے روکا ۲۱۷
رسول اللہ ﷺ کے امثال وحکم ۲۱۸
رسول اللہ ﷺ کی چالیس احادیث مبارکہ ۲۲۰
رسول اللہ ﷺ کی دل آویز عمومی دعائیں ۲۲۶
رسول اللہ ﷺ کے معمولات ۲۳۵
رسول اللہ ﷺ کی سنتیں اور مسنون دعائیں ۲۳۹
صحابہ وصحابیات کی روایت کردہ احادیث کی تعداد ۲۴۵

پانچواں حصہ۔ رسول اللہ ﷺ کے صحابہ وصحابیات۔ صفحہ ۲۵۲ تا ۲۹۹

رسول اللہ ﷺ نے جن خواتین کا دودھ پیا ۲۵۳
رسول اللہ ﷺ کی پرورش ونگہداشت میں حصہ لینے والی خواتین ۲۵۳
رسول اللہ ﷺ کے تجارتی شراکت دار ۲۵۳
رسول اللہ ﷺ کے رضاعی والدین اور رضاعی بھائی بہن ۲۵۴
رسول اللہ ﷺ کی ازواج مطہرات یعنی امہات المومنین مع تفصیل ۲۵۴
رسول اللہ ﷺ کی اولاد مبارک ترتیب وار ۲۵۵
رسول اللہ ﷺ کی اولاد مبارک تفصیلات ولادت ووفات وعمر ۲۵۵
رسول اللہ ﷺ کے داماد ۲۵۶

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

رسول اللہ ﷺ کے دست مبارک پر ایمان لانے میں سبقت کرنے والے---۲۵۶
حکم رسول ﷺ پر ہجرت کرنے والے مہاجرین حبشہ---۲۵۸
شہر رسول ﷺ مدینہ منورہ کے قبائل---۲۶۰
رسول اللہ ﷺ کے ۱۶ اولین انصار---۲۶۰
رسول اللہ ﷺ کے ۱۲ نقیب---۲۶۱
رسول اللہ ﷺ کے ۷۵ جانباز انصار---۲۶۲
رسول اللہ ﷺ نے جنہیں دینی بھائی بنایا---۲۶۳
رسول اللہ ﷺ کے خطوط---۲۶۵
رسول اللہ ﷺ کے قاصد---۲۶۶
رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہونے والے وفود---۲۶۷
رسول اللہ ﷺ نے جنہیں جنتی ہونے کی خوشخبری دی (عشرہ مبشرہ)---۲۶۷
رسول اللہ ﷺ کے غلام---۲۶۸
رسول اللہ ﷺ کی باندیاں---۲۶۹
رسول اللہ ﷺ کے خادمین---۲۷۰
رسول اللہ ﷺ کے موذنین---۲۷۱
رسول اللہ ﷺ کے عمال، امراء، گورنرس---۲۷۱
رسول اللہ ﷺ کے محصلین زکوۃ---۲۷۲
رسول اللہ ﷺ کے کاتبین وحی---۲۷۴
رسول اللہ ﷺ کے شعراء---۲۷۵
مدرسہ رسول ﷺ صفہ کے اساتذہ---۲۷۶

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

مدرسہ رسول ﷺ صفہ کے طلبہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۷۷
رسول اللہ ﷺ کے قراء ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۷۹
رسول اللہ ﷺ کے طے فرمودہ قاضی و مفتیان ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۷۹
رسول اللہ ﷺ کے طے فرمودہ امام ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۸۰
رسول اللہ ﷺ کے مقرر کردہ معلمین و اساتذہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۸۱
رسول اللہ ﷺ کے مقرر کردہ جلاد ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۸۲
رسول اللہ ﷺ کے محافظ و نگران ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۸۲
رسول اللہ ﷺ کے دور کے بچے اور بچیاں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۸۳
رسول اللہ ﷺ نے جن نومولودوں کے نام رکھے یا نام تبدیل فرمائے ۔۔ ۲۸۹
رسول اللہ ﷺ کے دیئے ہوئے القاب و خطابات ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۹۰
رسول اللہ ﷺ کی مقبول دعائیں صحابہ کے حق میں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۹۳
رسول اللہ ﷺ کے صحابہ و صحابیات ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۹۷
وہ دشمنان اسلام جو کفر پر مرے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۹۸
قیمتی تر ہے وہ زندگی جو نبی ﷺ کی یاد میں گذرے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۹۹
مصنف کتاب، کوائف و حالات ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۰۳
محترم مولانا حبیب عبدالرحمن الحامد صاحب ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۰۶
محترم ڈاکٹر عزیز احمد عرشی صاحب ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۰۷
محترم مولانا نذیر نادر حسامی صاحب ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۰۸
محترم مولانا عبدالحمید شاکر حسامی صاحب ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۰۹
محترم جناب سید نصیر الدین قادری صاحب ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۱۰

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ضرورت!

مفتی سید آصف الدین ندوی قاسمی ایم اے

قوت عشق سے ہر پست کو بالا کردے

دہر میں اسم محمدؐ سے اجالا کردے

نام نامی اسم گرامی جن کا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے وہ تو عظیم ہی نہیں عظیم تر ہیں، محبوب خلائق ہی نہیں محبوب خالق بھی ہیں، ذات عالی مبارک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کام کرنے میں ممکن ہے بلکہ اعتراف ہے کہ کم علمی وکم فہمی اور نادانی نے کام کیا ہو، وسعت سماء کہاں کس کے دامن میں سمائی ہے، چاندکی چاندنی کو کس نے قید کیا ہے، سورج کی تابناکیاں کہاں کس کے احاطہ میں سمٹ سکتی ہیں، کوشش کی گئی ہے کہ سیرت نبوی کے ہر پہلو کو پیش کیا جائے تاکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نسبت سے جڑی ہر چیز کو دیکھ کر نسبت پیدا کرنے کی کوشش کی جائے، مصروف مسلمانوں تک آسان انداز میں تمام معلومات آجائیں۔اس لئے کہ سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پڑھتے ہوئے آنسوؤں کے موتی اپنا نذرانہ عقیدت پیش کرتے ہیں، روح سرشاری کے قربان جاتی ہے، فدویت ٹوٹ ٹوٹ کر نثار ہوتی ہے، فدائیت کو پر پرواز مل جاتا ہے، ظاہرداری کی قبا چاک ہوتی ہے، انا فنا ہو جاتی ہے، بے خودی خودشناسی سے بدل جاتی ہے، انسان کو جاوداں کام، لازوال پیام ہاتھ آتا ہے۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

نگاہ عشق و مستی میں وہی اول وہی آخر

وہی قرآں، وہی فرقاں، وہی یٰس، وہی طہٰ

ایک مسلمان کے لئے اس سے بڑھ کر کیا سرمایہ فخر ہو سکتا ہے کہ وہ ایک کامل واکمل، مکمل و جمیل، بے مثال ولا جواب نمونہ اپنے سامنے رکھتا ہے جن کو اللہ تعالی نے خود اسوہ و نمونہ بنا کر پیدا کیا۔ جن کی حیات مبارکہ کا مقصد ہی رہبری و رہنمائی ہے۔ اسلام اور پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم ہر دور میں انسانیت کی سب سے بڑی ضرورت ہیں، ایسی ضرورت جیسے تنفس، زندگی کے لئے ہے، دنیا میں آنے والے ہر انسان کو ان کے بارے میں جاننا انسانی ذمہ داری ہے لیکن ایک انسان نادان اور غافل بن کر رہتا ہے اور اس کو سچا سیدھا راستہ سجھائی نہیں دیتا ہے تو پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خادمین بلکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے عاشقین کا کام ہے کہ وہ توحید کے علم بردار بنیں، مشعل حق ہاتھ میں لے کر آگے آئیں، شمع ہدایت لے کر چلتے رہیں، سیرت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اخلاق کا لبادہ اوڑھ لیں، سنتوں کا مظہر ہو جائیں، تاکہ حق کے متلاشیوں کو راہ نجات ملے، بھٹکے ہوئے انسان کو سراغ ہدایت نصیب ہو۔

ان حالات میں جب کہ جاہلیت ثانیہ پوری طرح امڈ امڈ کر آ رہی ہے، بوجہلی ذہن کی کارستانیاں تیز تر ہوتی جا رہی ہے، بولہب کی ہمنوائی کی آوازیں مشرق و مغرب سے سنی جا رہی ہیں، ایسے حالات میں بلکہ گھنگھور گھٹاؤں میں شمع ہدایت صرف اسی ذات ستودہ صفات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ممکن ہے جس نے تاریخ کے دھارے کو موڑا، جس نے ایسے ہی زمانے میں بلکہ اس سے بدتر زمانے میں مختصر وقت میں انقلاب برپا کر دیا۔ وہ دنیا کا آخری عظیم انقلاب جو قیامت تک انقلاب کی سرخی بنے گا۔ بس کام یہ کرنا ہے کہ

"بھٹکے ہوئے آہو کو پھر سوئے حرم لے چل"

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

سیرت نبوی ﷺ کو بہتر سے بہتر اور آسان سے آسان تر انداز میں پیش کرنا یہ بندہ کا مقصود رہا ہے، تاکہ اس سے بہتر طور پر استفادہ کیا جائے۔ حقائق سے واقف ہو کر انسان عاشق رسول بن جاتا ہے، سیرت نبی ﷺ پڑھ کر ہی آج کا ایک مسلمان وہ کر سکتا ہے جو رسول اللہ ﷺ کی اپیل پر حضرت ابوبکر نے غزوہ تبوک کے موقعہ پر کر دکھایا یعنی چار ہزار درہم جو گھر کا جملہ اثاثہ تھا خدمت اقدس ﷺ میں پیش کر دیا، اور گھر میں اللہ اور رسول اللہ ﷺ کی برکتیں چھوڑیں۔

پروانے کو چراغ تو بلبل کو پھول بس
صدیق کے لئے ہے خدا کا رسول بس

اسی طرح ایک مسلمان بہن وہ کردار ادا کر سکتی ہے جو ایک صحابیہؓ نے جو آنحضرت ﷺ کی سلامتی کی فکر مند تھیں جنگ احد میں اپنے شوہر، باپ، بھائی کے شہید ہونے کی خبر سن کر کہا کہ كُلُّ مُصِيْبَةٍ بَعْدَكَ جَلَلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ۔

میں بھی، ماں باپ بھی، شوہر بھی برادر بھی فدا
شہ دیںؐ آپ کے ہوتے ہوئے کیا چیز ہیں ہم

کتاب کے جملہ پانچ حصے ہیں، روایتی انداز میں کتاب شروع کرنے کے بجائے بندہ نے ایک جداگانہ اور موثر انداز میں آغاز کیا ہے۔ جس سے قارئین کو فائدہ ہوگا، اور اس کی انفرادیت کو وہ محسوس بھی کریں گے۔ اختلافی اور ترجیحی طریقہ کار کے بجائے مستند و محقق بات ہی پیش کرنے کی ہر جگہ کوشش کی گئی ہے۔ پہلا حصہ سیرت کی بنیادی معلومات پر مبنی ہے، دوسرے حصہ میں رسول اللہ ﷺ کے آباء و اجداد کا تعارف ہے۔ تیسرے حصہ میں سیرت النبی ﷺ کو سال بہ سال، واقعہ بہ واقعہ لکھا گیا ہے جو کتاب کا اصل حصہ ہے، چوتھا حصہ نقوش سیرت ہے جس میں آپ ﷺ کے افعال و اقوال وارشادات مختلف عناوین کے تحت جمع کئے گئے ہیں پانچواں حصہ اصحاب رسول ﷺ پر ہے اور اس کو مکمل کرنے کے لئے بیسیوں کتابیں دیکھنے کا موقعہ ملا، یہ ایک نیا کام اس موضوع پر ہے۔ مختصر الفاظ میں یوں کہا جا سکتا ہے کہ ایک عام مسلمان کو

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

سیرت النبی ﷺ سے آسان صورت میں استفادہ کرنے کی راہ ہموار کرنے کی ہر ممکن کوشش کی گئی ہے۔اس لئے کہ سیرت نبوی ﷺ ایک بار پڑھ لینے کا وقتی کورس نہیں ہے بلکہ اسے بار بار پڑھتے رہنے کی ضرورت ہے۔کتاب کی پہلی خصوصیت یہ ہے کہ اس کو سیرت گائیڈ کہا جا سکتا ہے، یعنی سیرت نبوی ﷺ کو سمجھنے کے خواہش مند حضرات وخواتین، طلبہ وطالبات کے لئے یہ ایک رہنما کتاب ہے، سیرت پر لکھی گئی کتابوں کے مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ آپؐ کی زندگی کے مختلف واقعات کو موضوع بنا کر کتابیں لکھی گئی ہیں، جیسے واقعہ معراج، ہجرت، جنگ بدر، جنگ احد وغیرہ لیکن اردو میں کوئی ایسی کتاب نظر سے نہیں گذری جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات مبارکہ کو عنوان بنا کر یعنی سال بہ سال، ماہ بہ ماہ لکھا گیا ہو، مثلاً رسول اللہ ﷺ کی عمر مبارک ۴۰ سال ہے تو سن عیسوی ۶۱۱ ہوگا اور اس عمر میں کیا کیا واقعات پیش آئے ان کو آسان انداز میں بیان کیا جائے، اور اس بات کا بھی التزام کیا جائے کہ اس میں محقق بات ہی پیش کی جائے تو ایسی ترتیب عوام وطلبہ اور علماء کے لئے مفید وموثر ہے، اور اساتذہ ومعلمین کے لئے بھی آسان ہے کہ وہ بہتر طور پر سیرت کو سمجھ سکتے ہیں اور سمجھا سکتے ہیں، لیکن یہ کام تحقیق طلب اور ذہنی یکسوئی اور بڑی جانفشانی کا طالب ہے۔اللہ کریم نے پوری یکسوئی اور دل جمعی بخشی تو سیرت نبوی ﷺ کے ماہ وسال کے سفر میں کئی ماہ وسال کارآمد ہو گئے، کتاب کی دوسری اور اہم خصوصیت یہ ہے کہ جان بوجھ کر بلکہ صحیح الفاظ میں یہ اسلوب اختیار کیا گیا کہ ہر باب کو رواں اردو کے بجائے نکات اور پوائنٹ کی صورت میں لکھا گیا ہے اس لئے کہ موجودہ دور میں یہ اسلوب مفید اور موثر ہے، ہماری نئی نسل اسی کی عادی ہے وہ ساری بات کو سمیٹ کر مختصر الفاظ میں نچوڑ چاہتی ہے۔اردو داں طبقہ کے لئے شاید یہ نئی روایت معلوم ہو لیکن یہ اسلوب نہایت کارآمد ہے۔سیرت کا مطالعہ کرنے والوں کے لئے یہ ایک آموختہ کی بھی شکل ہے۔کتاب کی خوبی یہ ہے کہ اس میں عام قاری کی ذہنی پہنچ اور علمی سطح کا خیال رکھا گیا ہے کہ وہ دقیق وثقیل الفاظ وتراکیب یعنی ادبی وافسانوی زبان کو سمجھنے سے قاصر ہے، اور چونکہ ہمارا مقصد یہ ہے کہ سیرت طیبہ ﷺ ہمارے سامنے آجائے، اس لئے زبان وبیان کو آسان سے آسان تر بنانے کی پوری کوشش کی گئی ہے۔سیرت النبی ﷺ

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

اوراسلام کے ہر موضوع پر ہر دور میں امت کے افراد کو کام کرنا لازم ہے، کام نہیں ہوگا تو علم کیسے ہوگا؟ علم نہیں ہوگا تو عمل کہاں سے آئے گا؟ ذہین دماغوں کی ذہانتیں، مالداروں کا مال، علم والوں کا علم، ان موضوعات پر ہر دور میں لگنا ہے۔

اس عاجز نے سن ۲۰۰۵ میں عازمین حج وعمرہ کی دینی تربیت وعملی رہنمائی کے لئے لبیک سوسائٹی قائم کی اور ایک منظم ومرتب دس روزہ تربیتی کورس کا آغاز کیا، جو ہر سال تقریباً چھ ماہ جاری رہتا ہے، جس سے ہر سال ہزاروں عازمین حج عمرہ استفادہ کرتے ہیں۔ اس دوران عازمین حج وعمرہ کی دینی رہنمائی کے لئے ''حج وعمرہ کی خصوصی دعائیں'' اور ایک مفید کتاب ''تربیت عازمین حج وعمرہ'' لکھنے کی اللہ نے توفیق عطا فرمائی، اسی طرح آڈیو سی ڈی اور ویڈیو ڈی وی ڈی بھی تیار کروائی، اور جس کو اللہ تعالی نے محض اپنے فضل سے بے انتہا قبولیت ومقبولیت بخشی۔ تربیت حجاج کے دس سالہ کامیاب مساعی کے بعد اللہ کریم نے سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جیسے اہم وضروری اور بنیادی موضوع پر کام کرنے کا احساس شدت سے پیدا فرمایا اور اسی کریم کی کرم فرمائی ہے کہ مجھ جیسے بندے کیلئے حالات بھی سازگار فرمادیئے، وقت اور فرصت سے نوازا، اور علمی مواد کے ساتھ مخلص احباب پیدا فرمادیئے، جنہوں نے اس کارہائے نمایاں کے کام کو حقیر کے لئے باعث سعادت وذریعہ شفاعت قرار دے کر کام کرنے کو کہا، اللہ جزائے خیر دے اہلیہ کو کہ انہوں نے اپنی جانب سے اور میری کم عمر اولاد کی طرف سے مجھے مطمئن کیا اور لکھنے پڑھنے میں آسانی پیدا فرمائی۔

اس موقعہ پر میں دل کی گہرائیوں سے میرے بزرگ مرحوم جناب قاسم محی الدین پٹیل صاحب (سابق صدر مسجد باغ برق جنگ شاردا نگر کالونی، گڈی ملکاپور) کے صاحبزادگان جناب حسین اعظمی ومخدوم معظمی صاحب اور مرحوم الحاج جناب رفیع الدین فیض باجے صاحب اوران کے اہل وعیال اسی طرح جناب بشارت حسین صاحب پدمنا بھانگر کالونی، جناب محمد معین الدین صاحب مالک ایس اے ایمپریل گارڈن ٹولی چوکی، جناب الحاج شیخ مشتاق علی احمد صاحب صدر مسجد باغ برق جنگ گڈی ملکاپور، اور تمام مصلیان مسجد باغ برق جنگ، جناب الحاج محمد نواب صاحب المجتبی کالونی، جناب الحاج سید حسین صاحب صدر آل

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

میوا آندھرا، جناب الحاج محمد فقیر صاحب ہمایوں نگر، جناب الحاج احمد الدین صاحب ٹولی چوکی، جناب عارف محی الدین وجناب جاوید اقبال صاحب گڈی ملکا پور، جناب عبد الجبار صاحب الحسنات کالونی، جناب محمد وحید صاحب دبیر پورہ، جناب عظیم صاحب پھول باغ، جناب ریاض صاحب پھول باغ، جناب محمد صابر صاحب پھول باغ، جناب رئیس جعفر بلظراف صاحب، جناب سید امتیاز علی صاحب، جناب منظور علی صاحب معراج کالونی، نیز ڈاکٹرہ صابرہ سلطانہ صاحبہ محترمہ اہلیہ الحاج ممتاز علی صاحب، اوران تمام معاونین حضرات وخواتین کا مشکور وممنون ہوں جنہوں نے بھی اس مبارک کام کیلئے تعاون فرمایا۔ کام کے دوران حالات بھی آتے رہے لیکن دو دوستوں نے ہمیشہ حوصلہ بخشا اور ہر گام کام کی رفتار اور طریقہ کار کے بارے میں اپنا وقت دیا میری مراد جناب الحاج شیخ مقیم الدین ڈائرکٹر سی اے ٹکنالوجیز، جناب محمد مقصود احمد ایم بی اے ہیں۔ میں دل کی اتھاہ گہرائیوں سے دعا گو ہوں میرے بزرگ جناب الحاج اخلاق الرحمن صاحب کے لئے کہ جو سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کام کو آگے بڑھانے میں پیش پیش رہے، نیز حضرات علماء کرام حضرت مولانا شاہ محمد جمال الرحمن صاحب مفتاحی، حضرت مولانا خالد سیف اللہ صاحب رحمانی، حضرت الاستاذ حضرت مولانا احمد عبد المجیب قاسمی ندوی صاحب، حضرت مولانا محمد بانعیم مظاہری صاحب، حضرت مولانا عبد العلیم کوثر صاحب قاسمی، محترم جناب حبیب عبد الرحمن الحامد صاحب، محترم مولانا نذیر نادر صاحب حسامی، محترم مولانا عبد الحمید شاکر صاحب حسامی، محترم ڈاکٹر عزیز احمد عرسی صاحب، جناب سید نصیر الدین قادری صاحب اور تمام احباب کا ممنون ومشکور ہوں کہ ان حضرات نے اپنی مصروفیات کے باوجود اپنا قیمتی وقت نکال کر کتاب کو پڑھا اور اپنی قیمتی آراء سے کتاب کو زینت بخشی۔ اس موقعہ پر راقم اپنے مکرم دوست جناب سید ہاشم علی صاحب بیابانی، مینجنگ ڈائرکٹر پروفیشنل پبلیکیشنز کا تہہ دل سے مشکور ہے کہ جنہوں نے کتاب 'تربیت عازمین حج وعمرہ' کی طباعت کی طرح اس موقعہ پر بھی آسانی بہم پہنچائی، اللہ کریم ان تمام کو بہتر سے بہتر بدلہ عطا فرمائے۔

کتاب کی طباعت سے پہلے ہی اللہ کریم نے اس کو مقبول فرمایا، علماء وعوام کی جانب سے اس بات

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

پر اصرار کیا گیا کہ کتاب جلد سے جلد شائع ہو کر سرمہ بصیرت بنے اس کی ایک شکل یہ نکل آئی کہ حیدرآباد کے کثیر الاشاعت روزنامہ منصف کے مقبول عام جمعہ ایڈیشن مینارہ نور میں کتاب سلسلہ وار شائع ہوئی، جس کے لئے مصنف، منصف اور اس کے ذمہ داران کا شکر یہ گذار ہے۔

یہ صرف ایک کتاب ہی نہیں ہے بلکہ ایک تحریک کا عنوان ہے کہ سیرت نبوی ﷺ کو عام کرنے اور اس کے پیام کو مسلمان اور غیر مسلمین میں پہنچانے کی ہر ممکن کوشش کی جائے، اس سلسلہ میں راقم نے باضابطہ بارہ روزہ سیرت النبی ﷺ کورس ترتیب دیا۔ سنہ ۱۴۳۵ ھجری (۲۰۱۴) میں چھ بیاچس ہوئے جس سے حضرات وخواتین نے استفادہ کیا، اس کورس میں سیرت النبی ﷺ کو سال بسال سمجھانے کی کوشش کی گئی جس سے شرکاء کو بے انتہا فائدہ ہوا جس کا اظہار انہوں نے اپنے تاثرات میں کیا۔ دراصل اس کام اور پیام کو اس کتاب کے ذریعہ آئندہ بھی جاری رکھنا ہے وہیں سال بھر اس تذکرہ جمیل کے ذریعہ ایمان کی دیا جلانے اور عشق رسول ﷺ پیدا کرنے، اعمال وکردار کی فضا بنانے کے لئے مختلف منصوبے ہیں۔ آپ اپنی دعاؤں میں اس کار خیر کو یاد رکھیں اور دامے درمے قدمے سخنے اس کا حصہ بننے کی کوشش کریں۔

بندہ مخلصانہ طور پر گذارش کرتا ہے کہ اہل علم اس کتاب کو عام فرمائیں، دینی مدارس ومکاتب اور اسکولس وکالجس کے نصاب میں شامل کروائیں، ائمہ حضرات مساجد میں پڑھنے کا سلسلہ بنائیں، گھر کے بڑے اپنے گھروں میں اس کو سال بہ سال سنانے کا معمول بنائیں۔ اللہ تعالی سے دعا ہے کہ اللہ ہم سبھی کو اپنے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوہ حسنہ کو اپنانے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

جو کچھ ہوا، ہوا کرم سے تیرے   جو ہوگا ترے کرم سے ہوگا

مفتی سید آصف الدین ندوی قاسمی ایم اے

بیت الحمد، قادر باغ۔ حیدرآباد۔ ۲۶ محرم الحرام، ۱۴۳۶۔ 20 نومبر 2014

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تقریظ

حضرت مولانا شاہ محمد جمال الرحمن صاحب مفتاحی دامت برکاتہ

سرپرست ملت اسلامیہ تلنگانہ وآندھرا پردیش

مفتی سید آصف الدین ندوی قاسمی ایم اے ایک متحرک وفعال عالم دین ہیں۔ تعلیم وتربیت اور تصنیف، موصوف کا مشغلہ ہے۔ قبل ازیں موصوف کی متعدد کتب شائع ہوکر مقبول ہوئیں۔ یہ نئی کتاب ''آسان سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم'' سیرت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اہم ترین عنوان پر سیکڑوں صفحات پر مشتمل تیار فرمائی ہے۔ مصروفیات کے سبب کہیں کہیں سے سرسری دیکھنے کا موقعہ ملا۔ زبان سادہ اور عام فہم ہے۔

نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات طیبہ کے احوال، تاریخ وار اور سنہ وار ترتیب دینے کی قابل قدر کوشش فرمائی ہے۔ آپؐ کے حقوق، آپؐ کے اخلاق، آپؐ کے معمولات، آپؐ کی سنتیں، آپؐ کی دعائیں، آپؐ کی تعلیمات، آپؐ کے خطبات، آپؐ کے معجزات، آپؐ کی پیشنگوئیاں، الغرض متعدد امور سے یہ کتاب آراستہ ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت طیبہ سے آگاہی اور اس سے بھرپور استفادہ ہر شخص کی ضرورت ہے۔ اللہ کرے کہ یہ کوشش مقبول ہو، اور امت کے حق میں مفید ہو۔ اور زیادہ سے زیادہ لوگ اس سے فیضیاب ہوں۔ آمین

حضرت مولانا شاہ محمد جمال الرحمن صاحب مفتاحی دامت برکاتہم

سرپرست لبیک ایجوکیشنل وویلفیر سوسائٹی حیدرآباد

۱۶ شعبان المعظم ۱۴۳۵ھ۔ ۱۵، جون ۲۰۱۴

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

پیش لفظ

حضرت مولانا خالد سیف اللہ رحمانی صاحب دامت برکاتہ

اللہ تعالی نے جیسے اس کائنات کو سورج و چاند اور ستاروں سے آراستہ فرمایا ہے اسی طرح اس نے آسمان ہدایت کی پیشانی پر بھی انبیاء کرام کی شکل میں حق کی روشنی پہونچانے والے اور بھٹکے ہوئے مسافروں کو منزل مقصود کی رہنمائی کرنے والے ستارے سجا دیئے ہیں۔ ان میں سے ہر ایک انسانیت کی ہدایت کا ذریعہ اور گمراہی کے اندھیروں میں منزل حق کی رہنمائی کرنے والے رہبر و ہادی ہیں۔ لیکن پیغمبر آخر الزماں محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حیثیت اس کہکشاں میں آفتاب عالم تاب کی ہے۔ جس کی روشنی بنی نوع انساں کے ہر گروہ کے لئے ہے۔ اور جس کی درخشانی قیامت تک کبھی ماند نہیں پڑے گی۔ بلکہ وہ حشر کے میدان میں بھی انسانیت کا مونس و غمخوار ہوگا۔ اور بڑے بڑے گنہ گاروں کو اسی کے دامن شفاعت میں پناہ حاصل ہوگی۔

پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم سے چونکہ قیامت تک انسانیت کی ہدایت متعلق ہے، اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی من جانب اللہ مکمل طور پر روشنی میں ہے، سفر اور حضر، جلوت اور خلوت، خاندانی زندگی، معاشی تگ و دو، احکام شریعت کی رہنمائی، تنازعات کے فیصلے، صلح و امن، دفاعی کاوشیں، غرض کہ زندگی کے ہر مسئلہ میں آپ کے نقوش پا موجود ہیں، جن سے طالبان ہدایت اپنی زندگی کے اندھیروں کو روشن کر سکتے ہیں، یہی وجہ ہے کہ ہر دور میں کتب سیرت کے ذریعہ آپ کے حالات اور احادیث نبویؐ کے ذریعہ آپ کے فرمودات و معمولات کو مرتب کیا جاتا رہا ہے، اور ان شاء اللہ ہمیشہ یہ سلسلہ جاری رہے گا۔ اردو زبان ایک خوش قسمت زبان ہے حالاں کہ اس کی عمر کم ہے، مگر علوم اسلامیہ کا ایک بڑا ذخیرہ اس زبان میں موجود ہے، اور خاص کر سیرت کے موضوع پر اردو دنیا نے خصوصی توجہ دی ہے۔ بلکہ سیرت پر

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

اردو زبان میں بعض کتابیں تو ایسی ہیں کہ شاید اپنی خصوصیات وامتیازات کے اعتبار سے عربی زبان کا دامن بھی اس سے خالی ہو، ''ذٰلِكَ فَضۡلُ اللّٰهِ يُؤۡتِيۡهِ مَنۡ يَّشَآءُ''

سیرت کے اس وسیع کتب خانہ کے باوجود ایک ایسی کتاب کی ضرورت تھی جو ایجاز واختصار کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کو پیش کرتی ہو، جس میں طویل بحثیں نہ ہوں، بلکہ سمندر بکوزہ کی صورت ہو، اور اس کو آسان اور عام فہم زبان میں پیش کیا گیا ہو، تا کہ عوام اور بالخصوص نئی نسل کے نوجوان اس سے استفادہ کر سکیں، ایسی ہی مفید اور کامیاب کوشش عزیز گرامی قدر مفتی سید آصف الدین ندوی قاسمی سلمہ اللہ تعالی نے کی ہے، جو ''آسان سیرت النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم'' کے عنوان سے قارئین کے سامنے ہے، مولف عزیز نے اس کتاب کو پانچ ابواب میں تقسیم کیا ہے، پہلے حصے میں تمہیدی بحثیں ہیں، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے امت پر حقوق اور اس نسبت سے امت کی ذمہ داریوں پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ دوسرے باب میں آپ کے آباء واجداد اور آپ کی ولادت سے پہلے پیش آنے والے بعض واقعات کا ذکر ہے۔ تیسرے باب میں سال بسال حیات نبوی کے واقعات ہیں، یہ گویا کتاب کا بنیادی حصہ ہے۔ چوتھے باب میں آثار نبوی کا ذکر ہے، جس میں آپ کے روحانی آثار یعنی قرآن وحدیث ہیں، اور اسی میں آپ کے معجزات، پیشن گوئیاں، عمومی دعائیں، سنتیں اور خصوصی دعائیں، معمولات نبوی، وغیرہ بھی اسی باب میں شامل ہیں، پانچویں باب میں ان صحابہ کا ذکر خیر ہے جن سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی خاص کام متعلق فرمایا ہو، یا ان کے بارے میں کوئی خوش خبری دی ہو، یا ان کا کسی جہت سے آپ سے خصوصی تعلق رہا ہو، جیسے آپ کی اولاد، خدام، شعراء، عمال، وغیرہ،، اس کے ساتھ ساتھ مولف نے شروع میں فرہنگ اصطلاحات بھی رکھی ہے، اس فرہنگ میں ان اصطلاحی الفاظ کی وضاحت ہے جو سیرت کی کتابوں میں استعمال کئے جاتے ہیں۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

حقیقت یہ ہے کہ یہ کتاب اختصار کے باوجود جامع ہے، اور سیرت کے تمام پہلوؤں کو حاوی ہے، مولف نے حدیث وسیرت کی معتبر کتابوں سے مواد کشید کیا ہے، اور اس کو عام فہم زبان میں ایک گلدستہ بنا کر اصحاب ذوق کے لئے پیش کیا ہے، اس سے عوام وخواص دونوں استفادہ کر سکتے ہیں، اور کم وقت میں سیرت کی زیادہ سے زیادہ معلومات ان کے لئے فراہم ہوجائے گی۔

عزیزی سلمہ ضلع محبوب نگر کے متوطن ہیں، انہوں نے دار العلوم ندوۃ العلماء سے عالمیت اور دار العلوم دیوبند سے فضیلت کی ہے، روایتی تعلیم کی تکمیل کے بعد المعہد العالی الاسلامی حیدرآباد میں افتاء کی تربیت حاصل کی ہے، اور ایفل یونیورسٹی حیدرآباد سے عربی زبان میں ایم اے کیا ہے، اور ہر جگہ تعلیم میں درجہ امتیاز حاصل کرتے رہے ہیں، انہوں نے انسٹی ٹیوٹ آف عربک کے نام سے ایک ادارہ بھی قائم کیا ہے، ماشاء اللہ ان کو لکھنے اور پڑھنے کا اچھا ذوق ہے، انہوں نے اپنی تحریروں پر مختلف تنظیموں سے ایوارڈ اور انعام بھی پائے ہیں، ان کی ایک اہم خدمت حجاج کی تربیت بلکہ تربیت کرنے والوں کی تربیت ہے، نہ معلوم کتنے لوگوں نے ان سے مستفید ہو کر اپنے سفر حج کو اس طریقہ پر پورا کیا ہے جو اس سفر اور اس عبادت کا تقاضہ ہے۔

دعا ہے کہ اللہ تعالی سیرت پر ان کی اس نئی اور مفید کاوش کو ان کی دوسری تحریروں کی طرح قبول فرمائے اور ان سے مزید دین اور علم دین کی خدمت لے۔ وباللہ التوفیق وھو المستعان

حضرت مولانا خالد سیف اللہ رحمانی صاحب دامت برکاتہ

ناظم المعہد العالی الاسلامی حیدرآباد

۲۸ رمضان ۱۴۳۵ ہجری

۲۷ جولائی ۲۰۱۴ بروز اتوار

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

تقریظ

استاذی ومربی حضرت مولانا احمد عبدالمجیب قاسمی ندوی صاحب دامت برکاتہ

انسانیت کی ہدایت، صلاح وفلاح اور اس کو زندگی کے صحیح رخ پر گامزن کرنے کے فریضہ کو انجام دینے کے لئے خدائے علیم وحکیم نے اپنے برگزیدہ رسولوں اور نبیوں کا انتخاب کیا تا کہ وہ دوسروں کے لئے نمونہ عمل ثابت ہوں، لوگ ان کی اقتداء کریں اور ان کے نقش قدم پر چلیں، ان کے طرز عمل سے ہدایت حاصل کریں، ان کے اخلاق اور ان کے عادات واطوار کو اپنی زندگی کا حصہ بنائیں، ان کے اخلاص، تزکیہ نفس، حسن سلوک وہمدردی، ان کے ذوق عبادت وانابت، دنیا سے بے رغبتی، آخرت کے بارے میں ان کی فکرمندی، بھلائی سے محبت کے جذبے، برائی سے نفرت، شرپسند طاقتوں کے خلاف محاذ آرائی، اس کے محرکات سے مقابلہ، حق اور اس کے محرکات کی حمایت وتائید کو اپنا شیوہ بنائیں، چنانچہ تاریخ کے ہر دور اور ہر زمانہ میں اللہ کے نبیؑ اور رسولؑ آتے رہے، اور خلق خدا کو اپنے مالک وخالق کی بندگی کا راستہ دکھاتے رہے، یہاں تک کہ رسولوں اور نبیوں کے سلسلۃ الذھب کے اختتام پر امام الانبیاء، رحمت دوعالم، نبی خاتم حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے۔ آپؐ کی تشریف آوری سے صرف جزیرہ عرب کا بخت خفتہ ہی بیدار نہیں ہوا بلکہ انسانیت، جو صدیوں سے ہوا وہوس کی زنجیروں میں جکڑی ہوئی تھی اور ظلم وستم کے آہنی شکنجوں میں کسی ہوئی کراہ رہی تھی، کو ہر قسم کی ذہنی، فکری، معاشی اور سیاسی غلامی سے رہائی کا مژدہ جاں فزا ملا۔ آپؐ کی رسالت ونبوت عالمگیر اور قید زماں ومکاں سے بالاتر، آپؐ کا لایا ہوا دین 'دین کامل'، آپؐ کی سیرت 'اجمل السیر' آپؐ کا اسوہ 'اسوہ حسنہ'۔۔۔۔ ارشاد خداوندی ہے۔ لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُوْلِ اللهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللهَ وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ وَذَكَرَ اللهَ كَثِيْراً۔ (سورہ احزاب، آیت نمبر ۲۱) رسول اللہ کا ایک عمدہ نمونہ موجود ہے تمہارے لئے، یعنی اس کے لئے جو ڈرتا ہو اللہ اور روز آخرت سے اور ذکر الٰہی کثرت سے کرتا ہو۔ (تفسیر ماجدی، صفحہ ۸۶۰-۸۶۱)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

اسی لئے سیرت نبویہ (عَلٰی صَاحِبِہَا الصَّلَاۃُ وَالسَّلَامُ) ایسا گل سدا بہار اور مہر عالم تاب ہے جو ہمیشہ انسانیت کو عطر بار کرتا رہے گا اور جس کی روشنی سے انسانیت کبھی بے نیاز نہیں ہو سکتی، یہ وہ پاکیزہ سیرت ہے جس کے عجائبات کبھی ختم ہونے پر نہیں آتے، کیوں کہ صاحب سیرت، صاحب قرآن ہیں، آپؐ کی سیرت خود قرآن ہے، جس طرح قرآن کے عجائبات لامحدود اور اس کی تابانی کبھی دھیمی نہیں پڑتی، اسی طرح نبویہ کے عجائبات بھی غیر مختتم اور لازوال ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت مرضیات خداوندی کا آئینہ ہے کیوں کہ آپؐ کی سیرت کی تعمیر اور آپؐ کے اخلاق وکردار کی تشکیل خالص وحی الٰہی کے ذریعہ کی گئی ہے۔اسی لئے قرآن مجید نے ' اسوہ حسنہ ' کو اپنانے کی تعلیم دی ہے اور یہ پیغام بھی دیا

نبی کا اسوہ حسنہ تجھے یہ درس دیتا ہے کہ تیری زندگی قرآن کی تفسیر ہو جائے

سیرت نبویؐ پر متعدد زبانوں میں بے شمار کتابیں لکھی جا چکی ہیں اور آئندہ بھی لکھی جاتی رہیں گی، یہ موضوع ایسا بحر ناپید کنار ہے جس پر نت نئے زاویوں سے لکھنے کی گنجائش ہر دور میں رہی ہے اور یہ بھی سیرت محمدیؐ کا ایک اعجاز ہے، زیر نظر کتاب ' آسان سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ' سیرت کے موضوع پر لکھی گئی ایک جامع اور قابل قدر کتاب ہے، اخی الاعز مولانا مفتی سید آصف الدین ندوی قاسمی ایم اے اس کتاب کے مولف ہیں، تقریر وخطابت کے ساتھ تحریر وتصنیف کا پاکیزہ ذوق رکھتے ہیں، انہوں نے نوجوان طلبہ، اور عام لوگوں کو سیرت نبویؐ کی تعلیم وتدریس کے مقصد سے یہ کتاب مرتب کی ہے، پانچ ابواب پر مشتمل اس کتاب کی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں سیرت نبویؐ اور حیات طیبہ میں پیش آنے والے واقعات کو سال بہ سال ترتیب کے ساتھ اس انداز سے بیان کیا گیا ہے کہ قاری کے ذہن ودماغ پر سیرت نبویؐ اپنی زمانی ترتیب کے ساتھ نقش ہو جاتی ہے، آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اخلاق واوصاف، خصائص ومناقب، حلیہ مبارکہ، امت پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حقوق کے ساتھ قرآن وسیرت سے متعلق بعض اہم اور قیمتی معلومات بھی ذکر کی گئی ہیں، مثلاً نبوت کے کس سال میں کس سورت کا نزول ہوا، سال بہ سال سورتوں کے نزول کی پوری ترتیب بیان کر دی گئی ہے، کونسا غزوہ کس سال پیش آیا، آغاز کتاب میں فرہنگ

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

اصطلاحات یعنی کتب سیرت میں آنے والے الفاظ اور اصطلاحات کی مولف نے نہایت سلیقہ کے ساتھ وضاحت کی ہے۔

عزیز موصوف اس وقت حیدر آباد میں مختلف دینی و علمی خدمات سے وابستہ ہیں، انسٹی ٹیوٹ آف عربک کے نام سے ایک ادارہ کے ذمہ دار ہیں، جہاں یہ نوجوان اور پڑھے لکھے دانش ور طبقے کو عربی زبان کی تدریس کے ساتھ قرآن، حدیث اور فقہ کے دروس بھی دیتے ہیں، لبیک سوسائٹی کے زیر اہتمام حج وعمرہ کی تربیت بھی دیتے ہیں، اور اس میدان میں اپنے علم اور وسیع تجربے کے باعث شہر اور ریاست کے علمی اور عوامی دونوں حلقوں میں قدر کی نگاہ سے دیکھے جاتے ہیں، اور اس وقت یہ سیرت نبوی اور اس کے مختلف گوشوں پر وسیع منصوبہ بندی کے ساتھ مزید کام کا ارادہ رکھتے ہیں۔۔۔۔بات حج وعمرہ کی تعلیم و تربیت کی ہو، اور صاحب قرآن سے مربوط کرنے کی، دین و علم کی ان ہمہ جہتی خدمات کے پس منظر میں غور سے دیکھا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ مولف کو ایک عظیم نسبت حاصل ہے اور وہ نسبت ذات نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ہے، اس نسبت پر کائنات کی ہر نسبت قربان ہے۔

کچھ ہم کو نہیں کام جگر اور کسی سے　　　کافی ہے بس اک نسبت سلطان مدینہ

اس کتاب کی اشاعت پر مجھے بے حد مسرت ہے، اور امید ہے کہ یہ کتاب قدر کی نگاہوں سے دیکھی جائے گی اور شوق کے ہاتھوں لی جائے گی۔

حضرت مولانا احمد عبد المجیب قاسمی ندوی صاحب دامت برکاتہ

استاذ حدیث وفقہ دار العلوم سیاٹل

واشنگٹن، امریکہ

۸ محرم الحرام، ۱۴۳۶ ہجری۔ ۲ نومبر ۲۰۱۴

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

کتاب ''آسان سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم'' ایک جائزہ

از : حضرت مولانا عبدالعلیم کوثر قاسمی صاحب دامت برکاتہ

سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک سدابہار موضوع ہے۔اوراس موضوع پرلکھنا سعادت وعبادت ہے اورفریضہ وذمہ داری بھی۔نوجوان فاضل،عربی وانگریزی کے ماہر،مولانا مفتی سید آصف الدین ندوی قاسمی ایم اے جنہیں اللہ تعالی نے یہ سعادت عطا فرمائی،اورجنہیں اپنے علم کے پھیلانے کی ذمہ داری کااحساس بھی ہے۔علوم دینیہ سے فراغت کے بعد آپ نے کام کے لئے حج وعمرہ کے موضوع کو چنا،لبیک سوسائٹی قائم کی،حجاج کی تربیت کے لئے بیانات کے بجائے باضابطہ کلاسیس اورکورس کااہتمام کیا،اوریہ کام ایک خیرخواہ اور جذبہ عمل والاہی کرسکتا ہے۔ایک گمنام مسجد میں مکمل استقامت کے ساتھ پچھلے ۱۰ برسوں سے امامت وخطابت کے فرائض انجام دے رہے ہیں،اس دوران بعد فجر سلسلہ وار درس قرآن شروع کیا،الحمدللہ تفسیر قرآن کا پہلا مکمل درس تقریبا ۸ برس میں مکمل کیا۔دوسرادور جاری ہے۔اسی طرح ایک فعال ذہنیت نے اپنی جہری نمازوں میں ترتیب وارتلاوت قرآن شریف کاایک دورمکمل کیا۔جوسارے مصلیوں کے لئے بھی ایک سعادت کی بات ہے۔مادری زبان کے علاوہ اورزبان میں بات کرنا بھی ایک کٹھن مرحلہ ہوتا ہے۔لیکن آپ کے انگلش لکچرس بھی مقبول عام ہوئے۔وللہ الحمد۔مختلف موضوعات پرملک کے مشہور رسائل واخبارات میں تقریباپانچ سو سے زائد مضامین چھپ چکے ہیں۔اللہ تعالی نے مولانا محترم کے داعیانہ مزاج اور عشق رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقہ اس فخر کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات مبارکہ پرلکھنے کی توفیق بخشی۔اس فخر کائنات ذات مبارک پرلکھااوربہت خوب لکھا۔عصرحاضر کے ذہنوں اوران کی ضرورتوں کوپیش نظر رکھتے ہوئے بڑے دل کش وموثر اورجدید طرز پرسیرت نبوی کولکھا نہیں ہے بلکہ

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

سمجھایا ہے۔ ایک اہم موضوع کی طرف امت مسلمہ کو بڑے پیارے انداز میں متوجہ کیا ہے۔ دنوں، ہفتوں، مہینوں بلکہ برسوں محنت کر کے مواد اکھٹا کیا ہے۔ اور جو بات لکھی ہے، باحوالہ لکھی ہے۔ بلکہ معلومات کا ایک سمندر قاری کے ہاتھ میں رکھ دیا ہے۔ دریا بکوزہ کا محاورہ آپ نے سنا ہوگا لیکن کتاب پڑھ کر آپ کہیں گے کہ سیرت کا ایک اتھاہ اور بحر بیکراں کو ایک مختصر سی کتاب میں سمیٹنے کی کامیاب کوشش کی ہے جو ہم سب کی جانب سے قابل مبارکباد ہے۔

کتاب میں سیرت سے پہلے والا جو حصہ ہے وہ ہر مسلمان کو جاننا چاہیے اس لئے کہ سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جیسے عظیم و اہم موضوع کو اس کی بنیادی چیزیں جانے بغیر نہیں سمجھا جا سکتا۔ کتاب کا اصل اور مرکزی حصہ جس کو انہوں نے بڑی عمدگی سے سجایا ہے وہ ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ساری زندگی کو سال بہ سال، پوائنٹ بہ پوائنٹ لکھا ہے۔ کتاب صرف اتنی ہی ہوتی تو یہ خود ایک کامیاب کتاب ہوتی کہ جس کے ذریعہ ایک امتی کو اپنے محسن نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بارے میں سارے اہم واقعات بڑی آسانی سے سمجھ میں آتے ہیں کہ کونسا واقعہ آپؐ کی کس عمر میں پیش آیا ہے۔ اسکولس وکالجس میں اس ترتیب کو اپنایا جائے تو طلبہ وطالبات میں سیرت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے واقفیت آسان بھی ہوگی اور ذہن نشین بھی، اور اسی طرح ہم اپنی مسجدوں اور گھروں میں اس سلسلہ کو بہتر طور پر روزآنہ سنانے اور پڑھنے کا معمول بنا کر اپنی اصلاح کر سکتے ہیں۔ سیرت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جھلکیاں خود کلام نبوت میں بھی ہیں تو انہوں نے اس پہلو پر یہ اچھا کام کیا کہ کلام نبوی کو مختلف عناوین میں تقسیم کر کے بڑا دل آویز مجموعہ تیار کر دیا ہے۔ جس میں احادیث بھی ہیں دعائیں بھی، پیشنگوئیاں بھی ہیں اور معجزات بھی۔ کتاب کے نام کی مناسبت سے ایک وہ تحقیقی کام کر گئے ہیں جس کے لئے وہ ہم سب کے شکریہ کے مستحق ہیں کہ وہ افراد وخواتین جنہوں نے دامن رسالت کو تھام لیا اور جنہوں نے اپنی زندگیوں کو نور محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روشن کیا جو حقیقت میں سیرت سازی کے بلند کردار ہیں، تقلید کی

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

کامیاب مثالیں ہیں۔ان کے نام اوران سے متعلق ذمہ داریاں پڑھ کر رشک ہوتا ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی کیسی تربیت فرمائی اوران کے جوہر چمکائے۔یہ حصہ بھی بڑا ہی معلوماتی اور نظرکشا ہے۔اسی طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے خاندانی تعارف میں آسان اورعام فہم طرز اختیار کرتے ہوئے بیش بہا معلومات سمیٹ دی ہیں۔

کتاب کی جہاں اور بہت ساری خوبیاں قارئین کوملیں گی،وہاں سب سے نمایاں اور بنیادی خوبی تجزیہ نگار کی نظر میں یہ ہے کہ انہوں نے کوئی بات اپنی جانب سے نہیں کہی ہے،جولکھا ہے سب حوالوں سے لکھا ہے۔جس سے کام کی اہمیت دوچند ہوجاتی ہے اور یہ بات سمجھ میں آتی ہے کہ مصنف نے بڑی عرق ریزی اورمحنت وجستجو کا مظاہرہ کیا ہے۔موجودہ دور میں جب کہ علم کی کمی اور علم سے بے رغبتی ہرایک کا مشاہدہ ہے ایسے میں یہ تحقیق وکاوش نہ صرف قابل قدر ہے بلکہ لائق تقلید بھی۔ دوسری خوبی یہ ہے کہ مصنف نے معلومات کوسمیٹنے اورعام فہم انداز میں پیش کش کواپنا مقصد نہیں بنایا ہے بلکہ وہ چاہتے ہیں کہ آج کے اس جہالت وبے دینی کے دور میں مسلمان سیرت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے واقف ہوکراس پرعمل پیرا ہوں،اس لئے کہ اسی نمونہ میں ہمارے لئے کامیابی ہے،اسی جانب رخ کرنے سے ہمیں منزل مقصود ملنے والی ہے۔ترقی کا دنیاوی معیار کچھ بھی ہوسکتا ہے،لیکن اخروی کامیابی اس کے بغیر ناممکن ہے،بلکہ دنیاوی ترقی بھی اس کے بغیر نامکمل ترقی ہے۔

اللہ تعالی سے دعا ہے کہ اللہ کریم ان کی اس گراں قدر کوشش کوان کے لئے اور ساری امت کے لئے نافع ومفید فرمائے اورانھیں دینی خدمت کے لئے قبول فرمائے۔آمین

حضرت مولانا عبدالعلیم کوثر قاسمی صاحب دامت برکاتہ

سابق صدر لجنۃ العـ۔۔۔،آندھراپردیش

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ایک دل آویز مرقع

حضرت مولانا محمد بن عبدالرحیم بانعیم مظاہری صاحب دامت برکاتہ

سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے موضوع پر کچھ لکھنا بلاشبہ ایک عظیم سعادت ہے، جو دنیا و آخرت میں سرخروئی کا باعث بھی اور حصول شفاعت کی کلید بھی، اس لئے ہر دور کے اہل علم اور اصحاب قلم نے اس موضوع پر مختلف جہتوں سے کام کیا ہے۔ یا ہم اس حقیقت کے اظہار میں کوئی تصنع و تکلف ہرگز نہیں کہ قرآن وسیرت خود ایک بسیط عنوان ہے، اور حالات و زمانے کے تقاضے اس گلستاں سے گل چینی کے سامان فراہم کرتے رہتے ہیں۔ اس لئے کسی بھی کتاب کو اس موضوع کی آخری کتاب قرار نہیں دیا جا سکتا، ہر تازہ شاہکار پیشتر اور اندوختہ کے فضل و کمال کی معترف اور نیک نیت مولف کے جذبات کی ترجمان ہوتی ہے۔

مقام مسرت ہے کہ شہر حیدرآباد کے جواں سال عالم دین اور باتوفیق صاحب قلم عزیز گرامی مفتی سید آصف الدین ندوی قاسمی ایم اے سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ایک انوکھا اور دل آویز مرقع پیش کرنے جا رہے ہیں، جو ان کے جذبہ دروں کا امین و نقیب بھی ہے اور ان کی تحریک کا عنوان بھی، خورد سال ہو کر انہوں نے جس عزم و حوصلہ سے یہ گراں قدر کارنامہ انجام دیا ہے حقیقت میں وہ ہم سب کی طرف سے شکریہ کے مستحق ہیں۔ انہی کے حد درجہ اصرار پر میں نے یہ چند کلمات اس حسن ظن کے ساتھ لکھے ہیں کہ ایک سچے سیرت نگار کی دل بستگی دربار رسالت مآب میں ایک غلام ہمنام کے لئے حصول شفاعت کا ذریعہ ثابت ہو، دعا ہے کہ کتاب کی اشاعت مولف کے مقصد کے عین مطابق ہو۔ آمین

حضرت مولانا محمد بن عبدالرحیم بانعیم مظاہری صاحب دامت برکاتہ

امام وخطیب مسجد الرحمن جدہ

مہتمم مدرسہ الٰہیہ و جامعہ الٰہیہ میسرم حیدرآباد

عاشورا ۱۴۳۶ ہجری

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

پہلا حصہ

مبادیات سیرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

یعنی ابتدائی اور بنیادی چیزیں جن کا
سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مطالعہ کے آغاز سے پہلے
جاننا ضروری ہے۔
جس میں سیرت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ضرورت واہمیت،
اور اس کی افادیت
اور سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بنیادی وضروری اصطلاحات وغیرہ
کو بیان کیا گیا ہے۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

سیرت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور سیرت سازی کیسے؟

''اگر دولت مند ہو تو مکہ کے تاجر اور بحرین کے خزینہ دار کی تقلید کرو، اگر غریب ہو تو شعب ابی طالب کے قیدی اور مدینہ کے مہمان کی کیفیت سنو، اگر بادشاہ ہو تو سلطان مدینہ کا حال پڑھو، اگر رعایا ہو تو قریش کے محکوم کو ایک نظر دیکھو، اگر فاتح ہو تو بدر و حنین کے سپہ سالار پر نگاہ دوڑاؤ، اگر تم نے شکست کھائی ہے تو معرکہ احد سے عبرت حاصل کرو، اگر تم استاد اور معلم ہو تو صفہ کی درسگاہ کے معلم قدس کو دیکھو، اگر شاعر ہو تو روح الامین کے سامنے بیٹھنے والے پر نظر جماؤ، اگر واعظ اور ناصح ہو تو مسجد مدینہ کے منبر پر کھڑے ہونے والے کی باتیں سنو، اگر تنہائی و بے کسی کے عالم میں حق کی منادی کا فرض انجام دینا چاہتے ہو تو مکہ کے بے یار و مددگار نبیؑ کا اسوہ حسنہ تمہارے سامنے ہے۔ اگر تم حق کی نصرت کے بعد اپنے دشمنوں کو زیر اور مخالفوں کو کمزور بنا چکے ہو تو فاتح مکہ کا نظارہ کرو، اگر اپنے کاروبار اور دنیاوی جدوجہد کا نظم و نسق درست کرنا چاہتے ہو تو بنی نضیر، خیبر اور فدک کی زمینوں کے مالک کے کاروبار اور نظم و نسق کو دیکھو، اگر یتیم ہو تو عبداللہ و آمنہ کے جگر گوشہ کو نہ بھولو، اگر بچہ ہو تو حلیمہ سعدیہ کے لاڈلے بچے کو دیکھو، اگر تم جوان ہو تو مکہ کے ایک چرواہے کی سیرت پڑھو، اگر سفری کاروبار میں ہو تو بصری کے کاروان سالار کی مثالیں ڈھونڈو، اگر عدالت کے قاضی اور پنچایتوں کے ثالث ہو تو کعبہ میں نور آفتاب سے پہلے داخل ہونے والے ثالث کو دیکھو جو حجر اسود کو کعبہ کے ایک گوشہ میں کھڑا کر رہا ہے، مدینہ کی کچی مسجد کے صحن میں بیٹھنے والے منصف کو دیکھو، جس کی نظر انصاف میں شاہ و گدا اور امیر و غریب برابر تھے، اگر تم بیویوں کے شوہر ہو تو خدیجہؓ اور عائشہؓ کے مقدس شوہر کی حیات پاک کا مطالعہ کرو، اگر اولاد والے ہو تو فاطمہؓ کے باپ اور حسنؓ و حسینؓ کے نانا کا حال پوچھو۔ غرض تم جو کوئی بھی ہو اور کسی حال میں بھی ہو، تمہاری زندگی کیلئے نمونہ اور تمہاری سیرت کی درستی و اصلاح کے لئے سامان، تمہارے ظلمت خانہ کے لئے ہدایت کا چراغ اور رہنمائی کا نور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جامعیت کبری کے خزانہ میں ہر وقت اور ہمہ دم مل سکتا ہے''۔ (خطبات مدراس ۷۴ و ۷۵)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

کیا سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کام کی ضرورت ہے؟

سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کتنا کام ہوا ہے، اور کتنا کام ہو رہا ہے، اور کتنا کام ہونا چاہیئے، ذرا ایک نظر اب تک ہوئے کام پر ڈال لیجئے کہ ایک ایرانی عالم دین محترم عبدالجبار رفاہی نے سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کتابیات پر ۱۱ جلدوں میں بڑی ضخیم کتاب لکھی ہے جس میں سیرت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر لکھی گئی کتابوں کا احاطہ کیا گیا ہے۔ جو دنیا کی مختلف زبانوں میں لکھی گئی ہیں، ان کی ترتیب دی ہوئی فہرست کے مطابق جملہ کتابوں میں آخری کتاب کا نمبر ۲۹۷۹۴ ہے، یعنی انتیس ہزار، سات سو، چورانوے کتابیں۔ اور یہ بات بھی طے شدہ ہے کہ اس فہرست میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے اور قیامت تک ہوتا رہے گا، زیر نظر کتاب بھی اس فہرست میں شامل ہو گئی ہے، اور نہ معلوم کتنے سو یا کتنی ہزار کتابیں، موصوف کی ترتیب شدہ فہرست میں شریک ہونا باقی ہیں۔

کام کی ضرورت ہے یا نہیں اس کا فیصلہ وہ کریں جنہیں صرف اسی دنیا میں رہنا ہے اور جنہیں مرنے کے بعد آگے بھی گذرنا ہے، وہ اُس کام کو ضرورت کہتے ہیں، وہ سیرت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پڑھتے ہیں، سنتے ہیں، سناتے ہیں، سیرت کو پہنچاتے ہیں اور پوری زندگی اسی طرح گزارنے کی ہر ممکن کوشش کرتے ہیں، ڈاکٹر عبداللہ عباس ندوی لکھتے ہیں کہ "سیرۃ النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر بہت کچھ لکھا جا چکا ہے اور لکھنے کا سلسلہ قائم ہے، کیونکہ یہ وہ سیرت ہے جس سے مسلمانوں کی شہ رگ کا تار مربوط ہے" (تاریخ تدوین سیرت صفحہ ۴۷) حضرت مولانا سید محمد رابع حسنی ندوی دامت برکاتہ فرماتے ہیں "نبی اعظم رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت ہر مسلمان کے لئے اہم موضوع ہے، اس کے لئے ایک مسلمان کو جو بھی ممکن ہے وہ کرنا چاہیئے"۔ (تاریخ تدوین سیرت ۱۴)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

محبت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سیکھنے اور سکھانے کا حکم

اَدِّبُوْا اَوْلَادَکُمْ ثَلَاثَ خِصَالٍ،

حُبَّ نَبِیِّکُمْ،

وَحُبَّ اَهْلَ بَیْتِهٖ،

وَتِلَاوَةِ الْقُرْآنِ۔

تم اپنی اولاد کو تین عادتیں سکھاؤ،

اپنے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت۔

آپؐ کے اہل بیت کی محبت۔

اور قرآن کی تلاوت۔

(کنز العمال: جلد ۱۶، صفحہ ۴۵۶، حدیث نمبر ۴۵۴۰۹)

محبت، علم و معرفت کا نتیجہ ہے، تو مقصود یہ ہے کہ ہمیں اور ہماری نسلوں کو اتنی معلومات ہوں جو انھیں محبت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے آشنا کر دے، گویا حدیث مبارکہ ہم سے مطالبہ کر رہی ہے کہ ہم نتیجہ علم تک پہنچیں۔ سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں اہل بیت کی سیرت بھی آجاتی ہے اور یہ دونوں قرآن کے پرتو ہیں تو سیرت کا علم ان سبھی کا خلاصہ ہے۔ الفاظ حدیث پر غور فرمایئے کہ بچوں کو سکھانے والا خود محبت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دولت سے سرشار ہو ورنہ بچیں استاذ سے سیکھ جائیں گے لیکن ماں باپ اور سرپرست اس سے محروم رہیں گے، جب کہ حکم والدین کو دیا جا رہا ہے۔

عربی مقولہ ہے۔ مَنْ اَحَبَّ شَیْئًا اَکْثَرَ ذِکْرَہٗ

جو کسی چیز سے محبت کرتا ہے تو اس کا تذکرہ بھی کثرت سے کرتا ہے۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

{رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حق ہر انسان پر}

۱ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لانا۔ (سورہ اعراف آیت ۱۵۷)

{رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حقوق ہر مسلمان پر}

۱ آپؐ کا ادب واحترام کرنا (سورہ اعراف۔آیت ۱۵۷)

۲ آپؐ کی اطاعت کرنا (سورہ نساء آیت ۸۰)

۳ آپؐ کے فیصلوں کو اپنے اختلافات میں حکم بنانا (سورہ نساء۔آیت ۶۵)

۴ آپؐ سے دنیا کی ہر چیز حتی کہ اپنی جان ومال، والدین واولاد سے زیادہ محبت کرنا۔

لَا یُؤْمِنُ اَحَدُکُمْ حَتّٰی اَکُوْنَ اَحَبَّ اِلَیْهِ مِنْ وَّالِدِهٖ وَوَلَدِهٖ وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ

۵ آپؐ کی اتباع کرنا۔ (سورہ آل عمران آیت ۳۱)

۶ آپؐ کی نصرت کرنا (سورہ اعراف۔آیت ۱۵۷)

۷ دعوت دینا۔ (سورہ یوسف، آیت ۱۰۸)

۸ آپؐ کو نمونہ بنانا (سورہ احزاب ، آیت ۲۱)

۹ آپؐ کی بات پہونچانا بَلِّغُوْا عَنِّیْ وَلَوْ آیَةً

۱۰ آپؐ کی سنتوں پر عمل کرنا

تَرَکْتُ فِیْکُمْ اَمْرَیْنِ لَنْ تَضِلُّوْا مَا تَمَسَّکْتُمْ بِهِمَا کِتَابَ اللّٰهِ وَسُنَّتِیْ

۱۱ نام نامی اسم گرامی صلی اللہ علیہ وسلم پڑھنے، سننے کے بعد درود شریف پڑھنا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

محبت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی علامتیں

ثَلَاثٌ مَنْ کُنَّ فِیْہِ وَجَدَ حَلَاوَۃَ الْاِیْمَانِ

اَنْ یَّکُوْنَ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ اَحَبَّ اِلَیْہِ مِمَّا سِوَاھُمَا

تین باتیں جس میں ہوتی ہیں اس کو ایمان کی حلاوت نصیب ہوتی ہے۔

ان میں سے ایک یہ ہے کہ اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اسے ساری دنیا سے زیادہ محبوب ہوں۔

۱ محبت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے تو ایمان میں حلاوت پیدا ہوتی ہے۔

(صحیح بخاری، باب حلاوۃ الایمان حدیث نمبر ۱۶)

۲ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صحبت و رفاقت کا خواہش مند ہوتا ہے۔

۳ جان و مال کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے لٹاتا ہے۔

۴ آپؐ کے احکامات کو بجالاتا اور آپ کے منع کردہ چیزوں سے بچتا ہے۔

۵ آپؐ کی سنتوں پر عمل پیرا ہوتا ہے اور آپ کی شریعت کی حفاظت کرتا ہے۔

(حب النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وعلاماتہ صفحہ ۱۸)

۶ آپؐ کے اہل بیت اطہار رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کا بے حد ادب و احترام کرتا ہے، اور ان نفوس قدسیہ سے سچی اور بے لوث محبت رکھتا ہے۔

(سورہ شوریٰ آیت ۲۳)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بنیادی اصطلاحات

۱	سیرت	حالات زندگی
۲	سیرت النبی	رسول اللہ کی زندگی کے مفصل واقعات وحالات
۳	سیرت طیبہ	پاکیزہ زندگی
۴	حیات طیبہ	پاکیزہ زندگی
۵۔	صلی اللہ علیہ وسلم۔	اللہ کی سلامتی اور درود ہو آپ پر
۶۔	علیہ السلام۔	سلامتی ہو آپ پر
۷۔	علیہ الصلاۃ والسلام۔	سلامتی اور درود ہو آپ پر
۸	ولادت	پیدائش
۹	رویائے صادقہ	سچے خواب
۱۰	رسالت	اللہ کا پیغام حضرت جبریل یا کسی اور ذریعہ سے اللہ کے نبی پر آنا
۱۱	رسول۔	اللہ کی طرف سے بھیجے ہوئے جن کو نئی کتاب اور نئی شریعت دی گئی ہو
۱۲	نبوت	اللہ کی جانب سے نبی بنایا جانا
۱۳	نبی	باخبر کرنے والا، اللہ کی طرف سے بھیجے ہوئے جو پچھلی کتاب اور پچھلی شریعت پر عمل کرے۔
۱۴	وصال، وفات	موت
۱۵۔	رضی اللہ عنہ۔	اللہ راضی ہوا اس صحابی سے
۱۶۔	رضی اللہ عنہا۔	اللہ راضی ہوا اس صحابیہ سے
۱۷	رضی اللہ عنھم	اللہ راضی ہوا ان تمام صحابہ سے
۱۸	رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین	ان تمام صحابہ سے اللہ خوش ہوا

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

۱۹۔ صحابہ۔ وہ مرد حضرات جو رسول اللہ کے دست مبارک پر ایمان لائے۔

۲۰ صحابی ایک مرد صحابہ میں سے ایک۔ جمع صحابہ

۲۱ صحابیہ ایک خاتون۔ صحابیات میں سے ایک۔ جمع صحابیات

۲۲۔ مہاجر جمع مہاجرین۔ مکہ کے وہ صحابہ جنہوں نے اللہ کے لئے حبشہ ہجرت کی
مکہ کے وہ صحابہ جنہوں نے اللہ کے لئے مدینہ ہجرت کی

۲۳۔ انصاری جمع انصار۔ مدینہ کے وہ صحابہ جنہوں نے مکہ والوں کی مدد کی

۲۴۔ غزوہ۔ وہ لڑائی جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بنفس نفیس شریک ہوں

۲۵ سریہ۔ صحابہ کی وہ لشکر کشی جو رسول اللہ کے حکم سے ہو اور رسول اللہ اس میں شریک نہ ہوں

۲۶۔ اہل بیت۔ گھر والے
یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ازواج مطہرات، اولاد، افراد خاندان

۲۷ ازواج مطہرات۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پاک بیویاں

۲۸۔ امہات المومنین۔ مومنین کی مائیں
یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیویاں تمام مسلمانوں کی مائیں ہیں

۲۹ سید۔ سردار

۳۰ سیدہ۔ خاتون سردارہ

۳۱۔ جاہلیت۔ وہ زمانہ جو نبوت سے پہلے اللہ کی طرف سے ہدایت کے بغیر گذرے،
اور وہ زمانہ جو اللہ کے دین کے باوجود نافرمانی میں گذرے۔

۳۲۔ اہل کتاب۔ کتاب والے یعنی وہ قومیں جنہیں اللہ تعالی کی طرف سے کتاب دی گئی
جیسے یہود و نصاری

۳۳۔ منافقین۔ زبان سے ایمان کا اظہار کرنے والے لیکن دل ایمان سے خالی ہوں

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

۳۴ ہجرت۔ دین کی خاطر وطن کو چھوڑنا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ جانا

۳۵۔ سنہ ہجری۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مکہ سے مدینہ تشریف آوری کے بعد سے
شروع ہونے والا اسلامی سال۔ مسلمان اسی ہجری کیلنڈر کو استعمال کرتے ہیں۔

۳۶۔ سنہ عیسوی۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے آسمان پر اٹھائے جانے کے بعد کا زمانہ

۳۷۔ مرتد۔ اسلام قبول کرنے کے بعد اسلام سے پھر جانے والا

۳۸۔ بن۔ابن بیٹا

۳۹۔ بنت۔ابنۃ بیٹی

۴۰۔ قبیلہ۔ ایک خاندان

۴۱۔ روایت۔ روایان حدیث کا وہ سلسلہ جو حدیث شریف بیان کرنے میں
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک سلسلہ وار پہنچتا ہے

۴۲ راوی روایت کرنے والا

۴۳۔ قریش۔ مکہ مکرمہ کا ایک معزز اور مشہور قبیلہ جس کی بہت سی شاخیں ہیں
جو خانہ کعبہ کا متولی تھا۔

۴۴۔ قمری مہینہ۔ اسلامی مہینہ جو چاند کی تاریخ سے چلتا ہے

۴۵۔ مکہ مکرمہ۔ باعزت شہر مکہ

۴۶ مدینہ منورہ۔ نور والا شہر مدینہ

۴۷۔ کعبہ معظمہ۔ عظمت والا اللہ کا گھر

۴۸۔ بیعت۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاتھ پر دین وایمان یا اس کے کسی حصے پر معاہدہ کرنا

۴۹۔ حرم شریف۔ احترام والی جگہ

۵۰۔ حرم مکی۔ کعبۃ اللہ اور مسجد حرام اور اس کے حدود

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

۵۱۔ حرم مدنی۔ مسجد نبوی، مدینہ شہر اور اس کے حدود

۵۲۔ حدیث۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی فرمائی ہوئی بات یا کیا ہوا کام، دیا ہوا حکم، یا نہی

۵۳۔ حدیث قدسی۔ وہ حدیث جس کے الفاظ بھی اللہ تعالی کی طرف سے رسول اللہ پر اترے۔ جس کو اصطلاح میں وحی غیر متلو کہتے ہیں۔

۵۴۔ وحی۔ اللہ کا پیام جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اترا

۵۵ نزول اترنا۔ نزول وحی، وحی کا اترنا

۵۶۔ ملک۔ فرشتہ۔ جیسے ملک الموت موت کا فرشتہ۔

۵۷ ملائکہ۔ فرشتے

۵۸۔ معجزہ۔ عقل کو حیران کرنے والا وہ کام جو اللہ کی اجازت سے صرف انبیاء کرام سے ہوتا ہے

۵۹۔ شق صدر سینہ چاک کرنا

۶۰۔ شق قمر چاند کے دو ٹکڑے کرنا

۶۱۔ قیصر روم کے بادشاہ کا لقب

۶۲۔ کسری ایران کے بادشاہ کا لقب

۶۳ نجاشی حبشہ کے بادشاہ کا لقب

۶۴ فرعون مصر کے بادشاہ کا لقب

۶۵۔ صلح دشمن سے شرائط کے ساتھ معاہدہ کرنا

۶۶۔ عام الفیل ہاتھی والوں کا سال، ابرہہ کے واقعہ کا سال، عرب اپنی تاریخ میں اسلام سے پہلے اسی واقعہ کا حوالہ دیتے ہیں۔

۶۷ امت ایک عقیدہ رکھنے والی قوم

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

٦٨	تابعی	وہ افراد جنہوں نے صحابہ میں سے کسی ایک کی بھی صحبت پائی ہو اور استفادہ کیا ہو۔
٦٩	زوجہ ، اہلیہ	بیوی
٧٠	ؐ	صلی اللہ علیہ وسلم کا مخفف
٧١	رضؓ	رضی اللہ عنہ، اور رضی اللہ عنہا کا مخفف
٧٢	ھ	سن ہجری کی علامت
٧٣	ع۔م	سن عیسوی کی علامت
٧٤	یثرب	مدینہ منورہ کا پہلا نام جو رسول اللہؐ کی ہجرت سے پہلے تھا۔
٧٥	حضرت ابوطالب	عم رسول اللہ یعنی رسول اللہؐ کے تایا ہیں۔ عام طور پر حضرت

ابوطالب کو رسول اللہؐ کے چچا سمجھا جاتا ہے جب کہ حقیقت یہ ہے کہ وہ آپؐ کے تایا ہیں، اس لئے کہ حضرت عبداللہ سب سے چھوٹے تھے اور حضرت ابوطالب وحضرت عباس بڑے تھے، اس لئے وہ آپؐ کے تایا ہوتے ہیں، جہاں تک عربی زبان کی بات ہے عربی میں چچا اور تایا کو عم ہی کہتے ہیں، جب کہ اردو میں چچا اور تایا کا فرق ہے۔

سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو ارشاد فرمایا	حدیث	اور	سیرت	ہے
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو کام کیا	حدیث	اور	سیرت	ہے
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جس کام پر خاموشی اختیار فرمائی۔	حدیث	اور	سیرت	ہے
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کوئی کام کب کیا	وہ	صرف	سیرت	ہے
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کام کا پس منظر	وہ	صرف	سیرت	ہے

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

دوسرا حصہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آباء واجداد۔

یعنی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا خاندانی سلسلہ

حضرت آدم علیہ السلام تک۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت سے پہلے پیش آنے والے حالات وواقعات

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ددھیال اور ننھیال

ددھیالی نام محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، | ننھیالی نام احمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

والد	حضرت عبداللہ	والدہ	حضرت آمنہ
دادا	عبدالمطلب	نانا	وہب
پردادا	ہاشم	پرنانا	عبدمناف
دادی	فاطمہ بنت عمرو بن عائذ	نانی	برہ بنت عبدالعزی
پردادی	سلمی	پرنانی	قیلہ

(رحمۃ للعالمین جلد ۲ صفحہ ۱۱۰)

اللہ تعالی فرماتے ہیں اَللّٰہُ اَعْلَمُ حَیْثُ یَجْعَلُ رِسَالَتَہٗ (سورہ انعام آیت ۱۲۴)

اللہ ہی خوب جانتا ہے وہ اپنی پیغمبری کس کو عنایت کرے۔

حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ماں اور باپ، دونوں کی طرف سے نسب میں اشرف اور افضل تھے۔

(سیرت النبی ابن ہشام کامل اردو، جلد اول صفحہ ۱۰۷)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

عبدالمطلب کی اولاد

یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چچا، تایا اور پھوپھیاں

اہلیہ کا نام	بیٹے	بیٹیاں
۱۔فاطمہ بنت عمرو بن عائذ	زبیر، ابوطالب، عبدالکعبہ، عبداللہ	ام حکیم، بیضاء، امیمہ، اروی، برہ، عاتکہ
۲۔ہالہ بنت وھیب	مقوم، حجل، مغیرہ، شعبہ، حمزہ	صفیہ
۳۔نتیلہ بنت خباب	ضرار، قثم، عباس	
۴۔صفیہ بنت جنید	حارث	
۵۔لبنی بنت ہاجرہ	ابولہب	
۶۔منعمۃ بنت عمرو	غیداق، مصعب۔	

(رحمۃ للعالمین جلد دوم صفحہ ۸۲،۸۳)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا سلسلہ نسب حضرت آدم تک

سب سے اعلی واشرف سلسلہ نسب

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

اِنّ اللّٰہَ اصطَفٰی من ولد ابراھیم اسماعیل،

واصطفی مِنْ وُلْدِ اِسمَاعِیْلَ بنی کِنَانَۃَ،

وَاصطَفٰی قُرَیْشًا مِنْ بنی کِنَانَۃَ،

وَاصطَفٰی مِنْ قُرَیْشٍ بَنِی ھَاشِم،

وَاصطَفَانِی مِنْ بَنِی ھَاشِمٍ

(جامع ترمذی، حدیث نمبر ۳۶۰۵)

ترجمہ : اللہ تعالی نے حضرت ابراہیم کی اولاد میں حضرت اسماعیل کو چنا،

اور حضرت اسماعیل کی اولاد میں بنی کنانہ کو چنا

کنانہ کی اولاد میں قریش کو چنا

قریش میں سے بنو ہاشم کو چنا

اور بنو ہاشم میں سے مجھے چنا۔

۲۱ ناموں کا وہ مبارک سلسلہ ہے جو خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد نبوی میں منبر پر کھڑے ہو کر مجمع عام میں صحابہ کو بتلایا ہے۔

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

بن عبداللہ

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

۲	بن		عبدالمطلب
۳	بن		ہاشم
۴	بن		عبدمناف
۵	بن		قصی
۶	بن		کلاب
۷	بن		مرہ
۸	بن		کعب
۹	بن		لوی
۱۰	بن		غالب
۱۱	بن	فہر	جو قریش کے نام سے مشہور ہوئے
۱۲	بن		مالک
۱۳	بن		نضر
۱۴	بن		کنانہ
۱۵	بن		خزیمہ
۱۶	بن		مدرکہ
۱۷	بن		الیاس
۱۸	بن		مضر
۱۹	بن		نزار
۲۰	بن		معد

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

۲۱ بن عدنان

(رحمۃ للعالمین، جلد دوم قاضی سلیمان منصور پوری صفحہ ۲۴ تا ۲۷)

آگے کا سلسلہ مستند و معتبر محدثین و تاریخ نگاروں نے بیان کیا ہے، لیکن ہم یہاں صرف انہی ناموں کا سلسلہ نمبر درج کر رہے ہیں جن میں آگے کوئی رسولؑ یا نبیؑ ہیں۔

اور یہ بات بھی واضح ہو جاتی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے حضرت اسماعیل علیہ السلام تک پورے مبارک سلسلہ میں کوئی نبیؑ اور رسولؑ نہیں ہے۔

••

••

••

۵۹ بن قیذار

۶۰ بن حضرت اسماعیل علیہ السلام

۶۱ بن حضرت ابراہیم علیہ السلام

••

••

۷۱ بن حضرت نوح علیہ السلام

••

۷۴ بن حضرت اخنوخ (ادریس علیہ السلام)

••

۷۹ بن حضرت شیث علیہ السلام

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

۸۰ بن حضرت آدم علیہ السلام۔

(رحمۃ للعالمین، جلد دوم قاضی منصور پوری صفحہ ۲۸ تا ۳۱)

اس پورے سلسلہ پر نظر ڈالو شاید دنیا میں کسی بڑے سے بڑے شہنشاہ کا بھی سلسلہ خاندانی اس وضاحت کے ساتھ اوراق تاریخ میں دستیاب نہ ہو سکے گا۔ یہ اسی کو حاصل ہو سکتا ہے جسے ازل الآزال میں قدرت ربانیہ نے عالمین پر ممتاز فرمایا۔ (رحمۃ للعالمین جلد دوم ، صفحہ ۱۹ و ۲۰)

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

اَللّٰهُ يَصْطَفِي مِنَ الْمَلَائِكَةِ رُسُلاً وَمِنَ النَّاسِ

(سورہ حج، آیت ۷۵)

اللہ چن لیتا ہے رسول، فرشتوں اور لوگوں میں سے جس کو چاہتا ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

هُوَ اجْتَبَاكُمْ (سورہ حج، آیت ۷۸)

اسی نے تم کو چن لیا ہے۔

مورخین کے مشہور قول کے مطابق

آں حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت اور حضرت آدمؑ کے درمیان ۶۱۵۵ برس کا فاصلہ ہے۔

(دروس التاریخ الاسلامی محی الدین خیاط جلد ا صفحہ ۲۱، شرف المکالمہ ۱۸ بحوالہ دائمی عالمی تاریخ)

نکتہ

اس حساب سے سنہ تحریر (۱۴۳۵ ھجری تک)

حضرت آدم علیہ السلام سے آج تک ۷۵۹۰ سال گذر چکے ہیں۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

حضرت ابراہیم علیہ السلام

۱ آپ کی پیدائش ”اُرْ“ نامی مقام میں ہوئی جو عراق کے جنوب میں موجودہ ناصریہ شہر کے قریب ہے۔

۲ مشرک گھرانے اور مشرک قوم میں پیدا ہوئے۔

والد اور قوم کو اللہ کی طرف دعوت دی، اور سمجھانے کے کئی طریقے اختیار کئے، بتوں کو توڑ کر سمجھایا، ستارے، چاند، سورج کے ذریعہ سمجھایا لیکن قوم نے مان کر نہ دیا۔

۳ آگ میں ڈالے گئے لیکن اللہ تعالی نے آپ کو بچا لیا۔

۴ وہاں سے آپ نے ہجرت فرمائی۔

۵ حران اور فلسطین میں قیام فرمایا۔

۶ حضرت سارہ علیہا السلام سے حضرت اسحاق علیہ السلام کی ولادت ہوئی۔

۷ مصر سے ہوتے ہوئے مکہ مکرمہ ہجرت کی۔

۸ حاکم مصر نے بی بی ہاجرہ کو تحفہ میں پیش کیا جن سے حضرت اسماعیل پیدا ہوئے

۹ حضرت ہاجرہ علیہا السلام اور حضرت اسماعیل علیہ السلام کو مکہ میں آباد کیا۔

۱۰ حضرت اسماعیل کی قربانی کا واقعہ منیٰ کے علاقہ میں پیش آیا۔

۱۱ اپنے بیٹے اسماعیل کے ساتھ کعبۃ اللہ تعمیر فرمائی۔

۱۲ حج کے اعمال حضرت جبریل نے آکر بتلائے۔

۱۲ اللہ کے حکم پر حج کی منادی لگائی۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

حضرت اسماعیل علیہ السلام

۱ عرب قوم کی اصل اور بنیاد حضرت اسماعیل علیہ السلام ہیں۔
(ابن ہشام جلد ۱ صفحہ ۷ بحوالہ دائمی عالمی تاریخ ۱۴)

۲ حضرت اسماعیل کی والدہ کا نام ہاجرہ ہے۔

۳ آب زمزم حضرت اسماعیل علیہ السلام کی یادگار ہے

۴ حضرت اسماعیل کے ۱۲ بیٹے تھے۔

۱	نابت	۲	قیذار	۳	ذبل
۴	بلشاد	۵	مسمعا	٦	ماشی
۷	دما	۸	اذر	۹	طیما
۱۰	یطور	۱۱	نبش	۱۲	قیذما

۵ ان سب کی والدہ یعنی حضرت اسماعیل کی اہلیہ رعلہ بنت مضاض بن عمرو جرہمی ہیں۔
(سیرت ابن ہشام جلد ۱ صفحہ ۵۔٦)

٦ حضرت اسماعیل علیہ السلام کے سسرالی بنو جرہم تھے جو بعد میں کعبہ کے متولی بنے۔

۷ حضرت اسماعیل علیہ السلام نے ۱۳۰ سال کی عمر پائی۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آباء واجداد کا تعارف

عبد المطلب: عبدالمطلب کا نام شیبہ ہے۔سر میں کچھ بال سفید تھے اس لئے انہیں شیب یعنی بوڑھا کہا جاتا تھا، ان کی سخاوت کی وجہ سے شیبۃ الحمد کہا جاتا تھا۔ان کے والد ہاشم کا غزہ میں انتقال ہوا وہ اس وقت وہ اپنے ننھیال مدینہ میں تھے۔سات سال تک مدینہ میں رہے، ان کے چچا مطلب بن عبدمناف انہیں مدینہ سے مکہ لائے تو لوگوں نے انہیں 'عبد' یعنی غلام سمجھا لیکن مطلب نے حقیقت واقعہ واضح کیا۔اس کے باوجود اسی لقب سے مشہور ہوئے۔عبدالمطلب ہی کے ہاتھوں اللہ تعالی نے زمزم کا کنواں جو لاپتہ ہو گیا تھا، جاری فرمایا۔خواب میں انہیں وہ جگہ دکھائی گئی اور انہوں نے اس کی کھدائی کی تو زمزم کا کنواں ملا۔

ہاشم: ان کے والد ہاشم کا نام عمرو تھا، ہاشم کے لقب پڑنے کی وجہ یہ تھی کہ قحط سالی میں انہوں نے لوگوں کو شوربہ میں روٹی کے ٹکڑے ڈال کر ثرید کھلایا۔ہاشم نے روم کے بادشاہوں اور غسانی حکمرانوں سے عربوں کے سفر اور ان کے امن وامان کی ضمانت حاصل کی تھی۔ہاشم کو ان کے والد کے انتقال کے بعد مکہ کی سرداری، حاجیوں کو پانی پلانے، کی خدمت کا اعزاز ملا۔

عبدمناف: ہاشم کے والد ہیں، ان کا نام مغیرہ تھا، والد کی زندگی ہی میں قوم کے سردار اور رئیس بن گئے تھے۔

قصی: ان کا نام زید ہے، قصی کے معنی دور رہنے والا ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ ان کے والد کلاب کے انتقال کے بعد ان کے والدہ نے ربیعہ بن حزام سے نکاح کیا تھا وہ ان کو اور ان کی والدہ کو دور دراز علاقہ میں لے گیا، وہ بڑے ہو کر مکہ واپس ہوئے۔قصی نے مختلف مقامات سے قریش کو مکہ میں جمع کیا، بنوخزاعہ سے بیت اللہ کی تولیت چھین لی۔وہ مکہ کے سربراہ اور خودمختار رئیس ہو گئے، مکہ کے

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

تمام انتظامی معاملات انہوں نے اپنے ہاتھ میں لئے۔ تفصیل کے لئے ملاحظہ ہوں۔

(سیرت النبی ابن کثیر جلد ا صفحہ ۱۳۳ تا ۱۳۶)

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے والد حضرت عبداللہ کے ذبح کا واقعہ

عبدالمطلب نے نذر مانی تھی کہ اگر اللہ تعالی نے انہیں دس بیٹے زندہ رہیں گے تو وہ ایک بیٹے کو تقرب الہی کے لئے ذبح کریں گے۔ جب منت پوری ہوئی اور قربان کرنے کے لئے قرعہ ڈالا گیا تو حضرت عبداللہ کا نام نکلا، وہ اس قربانی کے لئے تیار ہو گئے لیکن ابو طالب نے مزاحمت کی اور عبد اللہ کے سسرالی رشتہ داروں نے مزاحمت کی، آخر ایک کاہنہ سے فیصلہ کرایا گیا اور اس نے فیصلہ یہ دیا کہ قرعہ اونٹوں پر ڈالنا چاہیے، اس طرح دس اونٹ اور عبداللہ کا قرعہ کیا گیا، یہ تعداد بڑھتے بڑھتے سو اونٹ پر جا کر رکی اور بالآخر قرعہ میں اونٹ نکلے۔ تب سو اونٹوں کی قربانی کی گئی اور عبداللہ کی جان بچی۔ اسی واقعہ کی بنیاد پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ابن الذبیحین یعنی دو قربان ہونے والوں کے بیٹے حضرت اسماعیل وعبداللہ کے بیٹے کہا جاتا ہے۔ اس واقعہ سے پہلے عرب میں خون بہا کی قیمت دس اونٹ تھی لیکن اس واقعہ کے بعد سو اونٹ ہو گئی۔ تفصیل کے لئے ملاحظہ ہوں۔

(رحمۃ للعالمین جلد دوم صفحہ ۱۰۷ تا ۱۰۹)

حضرت عبداللہ کی پاک دامنی

حافظ عماد الدین ابن کثیر نے یہ واقعہ لکھا ہے کہ ام قتال نے حضرت عبداللہ سے پیش کش کی کہ وہ ان سے ہم بستر ہوں اور اس نے انہیں راغب کرنے کے لئے سو اونٹوں کا لالچ بھی دیا، لیکن آپ نے اس کو اور اس کی پیشکش کو ٹھکرا دیا۔ (سیرت النبی ابن کثیر جلد ا صفحہ ۱۳۰)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

اصحاب الفیل (ہاتھی والے)

اصحاب الفیل یعنی ہاتھی والے۔ابرہ الاشرم حبشی کالشکر مراد ہے۔

ابرہہ یوسف ذونواس کے بعد یمن کا حکمراں بنا۔رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیدائش کے سال ۵۷۱ عیسوی میں کعبہ کوڈھانے کے لئے مکہ آیا۔ابرہہ نے صنعاء میں قلیس نامی گرجا بنایا تھا جس کی طرف اہل عرب کومتوجہ کرنا چاہا۔وہ چاہتا تھا کہ عرب بھی اس کی اسی طرح تعظیم کریں جیسے کعبۃ اللہ کی کی جاتی ہے،لیکن ایک عرب نے جا کر اس میں گندگی کردی،جس سے ابرہہ بے حد غصہ میں آ گیا اوراس نے فیصلہ کیا کہ کعبۃ اللہ پرحملہ آور ہواوراسے نعوذ باللہ منہدم کردے،،اس مقصد سے وہ ساٹھ ہزار فوج اور ۱۳ ہاتھی لے کر حملہ آور ہوا۔قبیلہ ثقیف کے ایک آدمی نے جس کا نام ابورغال تھا، اس نے ابرہہ کی رہنمائی کی۔جب ابرہہ مکہ کے قریب پہنچا تو اس کے لشکریوں نے حضرت عبد المطلب کے ۲۰۰ اونٹ پکڑ لئے،انھیں چھڑانے کیلئے جب وہ ابرہہ کے پاس گئے تو اس نے کہا کہ تمہیں اونٹوں کی فکر ہے اور کعبہ کی فکر نہیں،جب کہ میں کعبہ کومنہدم کرنے کے ارادے سے آیا ہوں اورتم اسکے بارے میں کچھ نہیں کہتے تو انہوں نے جواب دیا کہ میں تو صرف اونٹوں کا مالک ہوں اور انہی کے بارے میں آپ سے درخواست کرتا ہوں۔رہا یہ گھر تو اس کا ایک رب ہے وہ اس کی حفاظت کرے گا۔اور یہ بھی کہا کہ یہ اللہ کا گھر ہے آج تک اس نے کسی کو اس پر مسلط ہونے نہیں دیا۔اس موقعہ پرعبدالمطلب اور چند سردار حرم میں حاضر ہوئے اور اللہ کے حضور دعائیں مانگیں کہ وہ اپنے گھر کی حفاظت کرے۔اس موقعہ پر عبدالمطلب نے جو اشعار کہے ہیں ان میں اس کا اظہار کیا ہے۔عبدالمطلب نے لوگوں سے کہا کہ وہ اپنے بال بچوں کو لے کر پہاڑوں میں چلے جائیں تا کہ ان کا قتل عام نہ ہو اتنے میں ابابیل کے جھنڈ کے جھنڈ اپنی چونچوں اور پنجوں میں سنگ ریزے لئے ہوئے آئے اورانہوں نے اس لشکر پران سنگ ریزوں کی بارش کردی،جس سے سارا لشکر ہلاک و برباد ہو گیا۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

یہ واقعہ مزدلفہ اور منی کے درمیان وادی محصب کے قریب وادی محسر میں پیش آیا۔

جس سال یہ واقعہ پیش آیا اہل عرب اس کو عام الفیل کہتے ہیں، اسی سال تقریباً ۵۰ دن کے بعد آپؐ کی ولادت مبارکہ ہوئی۔ تفصیل کے لئے ملاحظہ ہوں (اطلس القرآن صفحہ ۲۶۷ تا ۲۷۱)

جاہلیت بیک نظر

مرکز توحید کعبہ ۳۶۰ بتوں کا بت خانہ بنا ہوا تھا

اس میں انبیاء کرام کی مورتیاں رکھ کر انھیں پوجا جاتا تھا

قبروں اور مورتیوں پر نذرانے چڑھاتے تھے

مردار کھاتے تھے

لڑکیوں کو زندہ دفن کرتے تھے

شراب نوشی عام تھی

بے حیائی و زنا کاری بھی عام تھی

قتل و غارت گری کے عادی تھے

انہیں اپنی زبان اور گویائی پر اتنا فخر تھا کہ اپنے علاوہ ساری اقوام کو عجم یعنی گونگا کہتے تھے

شعر شاعری کے دلدادہ تھے، غلامی کا عام رواج تھا

لیکن اس کے ساتھ ساتھ

مہمان نوازی میں حد سے بڑھے ہوئے تھے

سخاوت اور فیاضی بھی ان کا وصف تھا

عہد و پیمان کو نبھاتے تھے

شہ سواری، شمشیر زنی، اور دوسرے فنون حرب میں یکتا تھے

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

میں نہیں کہتا کہ تم ایسا کرو، ویسا کرو ۔ ان کی سیرت آئینہ ہے، آئینہ دیکھا کرو

تیسرا حصہ

سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سال بہ سال، ماہ بہ ماہ، واقعہ بہ واقعہ
سیرت طیبہ کا تفصیلی ومعلوماتی تذکرہ جس میں حیات طیبہ کو
آسان ودل نشین انداز میں سمیٹنے اور بیان کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔
یہ کتاب کا بنیادی حصہ ہے۔ جس کی خوبی یہ ہے کہ اس میں
آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ۶۳ سالہ زندگی کو سال بہ سال آسان انداز میں بیان کیا گیا ہے۔
اس بات کی کوشش کی گئی ہے کہ سیرت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے واقعات معتبر مورخین کی
مستند کتابوں کے حوالوں سے نقل کئے جائیں۔
سیرت کے کچھ واقعات کے سال اور مہینہ اور دن کے سلسلہ میں مورخین کے
بیانات مختلف ہیں تو ہم نے یہاں صحیح ترین قول کو نقل کیا ہے۔
کوشش تو یہی رہی ہے کہ ہر واقعہ کو شامل کیا جائے، اس کے باوجود یہ ممکن ہے کہ
کوئی واقعہ شامل نہ ہوسکا ہو، اہل علم سے توجہ دہانی کی گذارش ہے۔
جو بھی لکھا گیا ہے وہ سب مستند کتابوں سے لیا گیا ہے، بندہ کی حیثیت
ایک ناقل یا مترجم سے زیادہ کچھ نہیں ہے۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

سیرت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ایک اجمالی خاکہ

ولادت مبارکہ	دوشنبہ، صبح صادق سے پہلے، ۹ یا ۱۲ ربیع الاول عام الفیل کے ۵۰ دن بعد۔ ۲۷ اپریل ۵۷۱ عیسوی
حضرت خدیجہؓ سے نکاح	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عمر مبارک ۲۵ سال
نبوت	۴۰ سال کی عمر میں
نبوت کے بعد	مکہ میں ۱۳ سال قیام
ہجرت مدینہ	۵۳، سال کی عمر میں
قیام مدینہ	۱۰، سال
حیات طیبہ	۶۳، سال (قمری سال کے حساب سے)
وفات	۱۲، ربیع الاول، پیر کا دن، مدینہ منورہ
ازواج مطہرات	۱۱، ازواج مطہرات
فرزندان	۳ فرزند

حضرت قاسمؓ، حضرت عبداللہؓ، حضرت ابراہیمؓ

دختران	۴ دختر

حضرت زینبؓ، حضرت رقیہؓ، حضرت ام کلثومؓ، حضرت فاطمہؓ

حضرت ابراہیم، بی بی ماریہ قبطیہؓ سے ہیں بقیہ تمام فرزندان ودختران حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ کے بطن سے ہیں۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ولادت مبارکہ سے ۴۰ سال تک

سال بہ سال، ماہ بہ ماہ، واقعہ بہ واقعہ

ولادت باسعادت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم　　۹ یا ۱۲ ربیع الاول　　۲۲ اپریل ۵۷۱ عیسوی

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت ابراہیم خلیل اللہؑ کی مانگی ہوئی مقبول دعا ہیں۔(سورہ البقرہ آیت ۱۲۹)

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت عیسیٰ روح اللہؑ کی سنائی ہوئی بشارت ہیں۔(سورہ صف آیت نمبر ۶)

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سیدۃ النسا، حضرت آمنہ کا سچا خواب ہیں۔خواب کے مطابق پیدائش کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی والدہ محترمہ نے آپ کا نام نامی اسم گرامی 'احمد' رکھا۔

پیدائش سے پہلے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے والد محترم حضرت عبداللہ کا انتقال ہو چکا تھا۔

دادا عبدالمطلب نے 'محمد' نام رکھا۔

سب سے پہلے آپ کو آپ کی والدہ محترمہ نے دودھ پلایا اور دو تین دن کے بعد ثویبہ نے دودھ پلایا جو ابولہب کی لونڈی تھی (سیرت النبی شبلی جلد ا صفحہ ۱۱۵)

دادا عبدالمطلب نے ساتویں دن عقیقہ کیا۔مکہ کے سرداروں کی دعوت کی اور آپ کا نام محمد رکھا۔　　۱۷ ربیع الاول　　۲۷ اپریل۔۵۷۱ عیسوی

ولادت کے چند روز کے بعد حضرت حلیمہ سعدیہ نے آپ کی پرورش و رضاعت کے لئے گود لیا

۱۸ ربیع الاول　　۲۸ اپریل ۵۷۱ عیسوی

اور ہوازن کے قبیلہ ثقیف کی شاخ بنی سعد بن بکر میں حضرت حلیمہ سعدیہ کی پرورش میں رہے۔

ہوازن کا قبیلہ فصاحت و بلاغت میں مشہور ہے، ابن سعد نے طبقات میں روایت کی ہے کہ

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے کہ

میں تم سب میں فصیح تر ہوں کیونکہ میں قریش کے خاندان سے ہوں

اور میری زبان بنی سعد کی زبان ہے۔

(بنی سعد ہوازن ہی کے قبیلہ کو کہتے ہیں) (سیرت النبی شبلی جلد ۱ صفحہ ۱۱۶)

حضرت حلیمہ کے ہاں یہ واقعات پیش آئے کہ ان کے سوکھے ہوئے پستان دودھ سے بھر گئے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور آپ کے رضاعی بھائی نے پیٹ بھر کر دودھ پیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دودھ پینے کے زمانے میں حضرت حلیمہ سعدیہ کے ایک حصہ سے پیا دوسرا حصہ ہمیشہ اپنے بھائی کے لئے چھوڑ دیا۔

حضرت حلیمہ آپ کو لے کر چلیں تو سواری تیز رفتار ہوگئی جب کہ وہ پہلے چلنے کے بھی قابل نہ تھی

حضرت حلیمہ کے یہاں انوار و برکات کا ظہور ہونے لگا ان کی بکریاں جہاں جاتیں پیٹ بھر کر چر کر آتیں جس سے وافر مقدار میں دودھ حاصل ہوتا جب کہ سارے علاقے میں قحط سالی اور سوکھا پڑا ہوا تھا۔ (سیرت النبی ابن ہشام کامل جلد ۱ صفحہ ۱۰۹ تا ۱۱۳)

حضرت حلیمہ ہر چھ مہینہ میں ایک مرتبہ والدہ اور دادا سے ملانے کے لئے مکہ مکرمہ لاتی تھیں۔

حضرت حلیمہ سعدیہ نے دو سال کے لئے آپ کی پرورش کی ذمہ داری لی تھی

دو سال بعد اور دو سال کے لئے حضرت آمنہ سے اجازت لی،

اس لئے کہ وہ آمد رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی برکتیں اپنے سر کی آنکھوں سے دیکھ رہی تھیں۔

شق صدر یعنی سینہ مبارک چاک کرنے کا واقعہ پیش آیا۔ ۳ سال کی عمر میں ۵۷۴ عیسوی

۵ سال کی عمر میں حضرت حلیمہ نے والدہ ماجدہ کے حوالے کیا ۵۷۶ عیسوی

۶ سال کی عمر میں والدہ حضرت آمنہ کے ساتھ مدینہ کا سفر کیا ۵۷۷ عیسوی

والدہ ماجدہ کے ساتھ مدینہ میں ایک مہینہ قیام رہا ۶ سال کی عمر میں مدینہ سے واپسی میں ابواء کے

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

مقام پر والدہ محترمہ کا انتقال ہوا اور حضرت آمنہ کی یہیں تدفین عمل میں آئی ۵۷۷ عیسوی

۷ اور ۸ سال کی عمر میں دادا عبدالمطلب کی پرورش میں رہے ۵۷۸،۵۷۹ عیسوی

سات سال کی عمر کا واقعہ ہے کہ آپ کی آنکھوں میں تکلیف ہوئی۔

دادا عبدالمطلب نے ایک نسخہ لا کر لگایا جس سے تکلیف جاتی رہی۔(پیغمبر اسلام، ۵۵)

کم سن محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس قدر ذہین اور فطین تھے کہ جب کبھی آپؐ کے دادا جان یا دوسرے رشتہ داروں کی کوئی چیز گم ہوجاتی تو وہ ہمیشہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہی کو کہتے کہ وہ جائیں اور تلاش کریں۔اور آپؐ ہمیشہ اسے ڈھونڈ لیتے۔(پیغمبر اسلام، ۵۵)

مکہ مکرمہ میں ہر سال ایک میلہ لگتا تھا، جسے عکاظ کہتے تھے جس میں مشرکانہ اعمال ہوتے تھے۔

آپؐ ہر سال کسی نہ کسی عذر کے تحت اس میں شرکت نہیں فرماتے تھے۔ایک سال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چچیوں کے اصرار پر ساتھ تو چلے لیکن اپنے خیمہ ہی میں رہے، اس کے اعمال و مشغولیات میں حصہ نہیں لیا۔(پیغمبر اسلام، ٦٠)

۸ سال ۲ ماہ ۱۰ دن کی عمر میں دادا عبدالمطلب کا انتقال ہوا ۵۷۹ عیسوی

دادا نے انتقال سے پہلے رسول اللہ کے حقیقی چچا ابو طالب کو وصیت کہ وہ آپ کی پرورش کریں

(سیرت النبی ابن ہشام کامل جلد ا صفحہ ۱۱۵)

۸ سال کی عمر سے چچا ابو طالب کی پرورش میں رہے ۵۷۹ عیسوی

۱۲ سال کی عمر میں چچا ابو طالب کے ساتھ پہلا تجارتی سفر شام کی طرف فرمایا ۵۸۳ عیسوی

(پیغمبر اسلام، ڈاکٹر محمد حمید اللہ ، ٦٠)

اسی سفر کا یہ واقعہ ہے کہ یروشلم اور شام کے درمیان بصری کے مقام پر راہب بحیرا نے اپنے یہاں کھانے پر مدعو کیا۔اور آپ کے حالات پوچھ کر علامات دیکھ کر اور مہر نبوت اور ابر کا سایہ دیکھ کر کہا

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

کہ یہ 'سید المرسلین' ہیں، انھیں یہود کے شر سے بچائے رکھو، حضرت ابو طالب نے یہ سن کر آپ کو مکہ واپس بھیج دیا۔ لوگوں نے پوچھا تم نے کیوں کر جانا؟ اس نے کہا کہ جب تم لوگ پہاڑ سے اترے تو جس قدر درخت اور پتھر تھے سب سجدے کے لئے جھک گئے۔ (جامع ترمذی، ۳۶۲۰)

اسی طرح ابو طالب کے ساتھ آپ بچپن میں بعض تجارتی سفر کئے۔ جس سے ہر قسم کا تجربہ حاصل ہو چکا تھا اور آپ کے حسن معاملہ کی شہرت ہر طرف پھیل چکی تھی۔ تجارت کی غرض سے شام و بصری اور یمن کے متعدد سفر آپ نے کئے۔ (سیرت النبی شبلی جلد ا صفحہ ۱۲۳)

اس کے علاوہ اور مقامات تجارت میں بھی آپ کا تشریف لے جانا ثابت ہے۔

(سیرت النبی شبلی جلد ا صفحہ ۱۲۵)

جوانی میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بکریاں چرائیں

روایت ہے کہ اللہ تعالی نے ہر نبی سے بکریاں چرانے کا کام لیا ہے۔

اسی دور کا یہ واقعہ ہے کہ آپ نے اپنے ایک دوست سے کہا کہ وہ آپ کی بکریوں کی دیکھ بھال کرے میں مکہ میں قصے کہانیاں اور داستان سننے جا رہا ہوں، لیکن اللہ نے آپ کو سلا دیا اور آپ صبح ہی کو بیدار ہوئے۔ اسی طرح ایک اور مرتبہ بھی ہوا۔ (سیرت النبی ابن کثیر جلد ا صفحہ ۱۷۳)

حضرت ابو طالب کی مکہ مکرمہ میں کپڑوں کی ایک دکان تھی

رسول اللہ کسی نہ کسی طریقے سے ان کی مدد کرتے تھے۔ (پیغمبر اسلام، ڈاکٹر محمد حمید اللہ ، ۶۰)

۱۵ سال کی عمر میں جنگ فجار میں قریشی ہونے کی بناء پر شرکت کی ۵۸۶ عیسوی

۱۶ سال کی عمر میں جنگ فجار میں قریشی ہونے کی بناء پر دوبارہ شریک رہے ۵۸۷ عیسوی

۱۶ سال کی عمر میں حلف الفضول یعنی مظلوم کی حمایت و مدد کرنا اور ظالم کو ظلم سے روکنے کے لئے ہونے والے معاہدہ میں شرکت فرمائی۔ ۵۸۷ عیسوی

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

۲۴ سال کی عمر سے حضرت خدیجہؓ سے تجارتی شراکت کا سلسلہ شروع ہوا ۵۹۵ عیسوی

۲۵ سال کی عمر میں اسی طرح کے ایک تجارتی سفر سے واپسی کے دو ماہ ۱۰ دن بعد حضرت خدیجہؓ کے پیام پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے نکاح فرمایا ۵۹۶ عیسوی

۳۱ سال کی عمر میں قوم نے آپ کی امانت داری اور سچائی کی بنیاد پر آپ کو ''الامین'' اور ''الصادق'' کا خطاب دیا۔ ۶۰۱ عیسوی (رحمۃ للعالمین. جلد ۱ صفحہ ۶۷)

۳۴ سال کی عمر میں سچے خوابوں کا آغاز ہوا ۶۰۴ عیسوی

۳۵ سال کی عمر کا واقعہ ہے کہ مشرکین مکہ نے کعبہ کو از سر نو تعمیر کیا اور جب کام پورا ہو گیا تو اس بات پر تکرار شروع ہو گئی کہ حجر اسود کو اس کی جگہ پر کون رکھے، قدرتی طور پر فیصلہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حصہ میں آیا اور آپ نے حکمت و دانش مندی سے اس الجھے ہوئے مسئلہ کو آسانی سے حل فرما دیا کہ ایک چادر میں حجر اسود رکھا اور ہر قبیلہ کے سردار کو کہا کہ وہ مل جل کر چادر اٹھائیں پھر آپؐ نے اپنے دست مبارک سے حجر اسود کو اس کے مقام پر نصب کیا۔ ۶۰۶ عیسوی

(سیرت النبی ابن ہشام کامل جلد ۱ صفحہ ۱۲۷)

صحیح بخاری کی روایت ہے کہ ۳۴ سال کی عمر سے آپ کو ایک روشنی اور چمک نظر آنے لگی تھی۔ (رحمۃ للعالمین جلد ۱ صفحہ ۴۷)

۳۵ سال کی عمر میں آپ نے حضرت علی کی کفالت کی ذمہ داری لی ۶۰۶ عیسوی

اسی عمر سے آپ تنہائی پسند ہو گئے۔ مکہ کے غاروں میں چلے جاتے کئی کئی دن وہاں رہتے۔

۳۷ سال کی عمر سے غار حرا میں عبادت کا آغاز ہوا ۶۰۸ عیسوی

آپ مہینوں وہاں جا کر قیام فرماتے اور مراقبہ کرتے (سیرت النبی شبلی جلد ۱ صفحہ ۱۳۲)

نبوت سے پہلے کے واقعات میں یہ واقعہ بھی قابل ذکر ہے کہ مکہ مکرمہ کچھ لوگ شرک بیزار تھے ان

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

میں ایک شرک سے دور، توحید پرست آدمی زید بن عمرو بھی تھے جن سے آپ کی ملاقات ہوئی جنہوں نے اپنے دین ابراہیمی پر ہونے کا اقرار کیا۔ ان کے بیٹے حضرت سعید (جو عشرہ مبشرہ میں سے ہیں اور حضرت عمر کے بہنوئی ہیں) نے ایک مرتبہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا کہ میرے والد کا کیا حشر ہوگا؟ آپؐ نے فرمایا کہ وہ ایک امت کی شکل میں اٹھائے جائیں گے۔ (پیغمبر اسلام،۶۱)

(سیرت النبی ابن ہشام کامل جلد ۱ صفحہ ۱۴۹)

نبوت سے پہلے کے واقعات میں سے ایک اہم واقعہ یہ ہے کہ زید بن حارثہؓ جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غلام تھے۔ ان کے والد نے اطلاع پا کر کہ ان کا گم شدہ بیٹا زید مکہ مکرمہ میں حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس موجود ہے تو اس کو لینے کیلئے آئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھی انہیں جانے کی اجازت دے دی لیکن حضرت زیدؓ نے اپنے باپ اور چچا کے ساتھ جانے سے انکار کر دیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں رہنے کو ترجیح دی۔ جس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بہت خوش ہوئے انھیں آزاد کیا اور ان کو اپنا منہ بولا بیٹا بنالیا اس واقعہ کے بعد سے وہ 'زید بن محمدؐ' کہے جانے لگے۔ یہ واحد صحابی ہیں جن کا نام قرآن میں آیا ہے۔

(سیرت النبی ابن کثیر جلد ۲ صفحہ ۳۳۶۔۳۳۷)(سیرت النبی کامل، ابن ہشام جلد ۱ صفحہ ۱۶۴)

نبوت سے پہلے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بچپن اور جوانی کے ہر حصہ میں شرک اور شرکیہ اعمال سے دور رہے۔ صحیح بخاری کے حوالے سے یہ واقعہ نقل کیا گیا ہے کہ ایک دفعہ قریش نے آپ کے سامنے کھانا لا کر رکھا، یہ کھانا بتوں کے چڑھاوے کا تھا۔ آپ نے کھانے سے انکار کیا۔

(سیرت النبی شبلی جلد ۱ صفحہ ۱۲۵)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی بتوں کے آگے سر نہیں جھکایا۔

دیگر رسوم جاہلیت میں کبھی شرکت نہیں کی۔ (سیرت النبی شبلی جلد ۱ صفحہ ۱۳۱)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

نبوت کا پہلا سال۔ عمر مبارک ۴۱ سال سن عیسوی 611

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر مبارک ٹھیک چالیس برس ہوئی تو ۱۲ ربیع الاول، پیر کو
آپ صلی اللہ علیہ وسلم نبوت ورسالت سے سرفراز ہوئے۔ (عہد نبوت کے ماہ وسال ۳ و ۴)
چھ مہینے تک سچے خوابوں کا سلسلہ جاری رہا۔
احادیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ
نبوت کے ابتدائی دور میں پتھر و درخت مجھے
السلام علیك یارسول الله کہہ کر سلام کرتے تھے۔ (جامع ترمذی، حدیث نمبر ۳۶۲۶)
رمضان المبارک اور شب قدر میں قرآن کے نازل ہونے کا آغاز ہوا
اور سورہ علق کی ابتدائی پانچ آیتیں پہلی وحی میں نازل ہوئیں۔
(سیرت النبی ابن ہشام کامل جلد اول صفحہ ۱۵۸) (عہد نبوت کے ماہ وسال ۱۲)
فجر اور عصر کی نماز کی، دو، دو رکعت کی فرضیت ہوئی۔ (عہد نبوت کے ماہ وسال ۱۳)
وحی کے نزول کے سلسلہ کے شروع ہونے کے ۲۰ دن بعد شیاطین پر ستاروں کے ٹوٹنے کا
سلسلہ شروع ہوا۔ (عہد نبوت کے ماہ وسال ۱۱)
چند دن تک سلسلہ وحی موقوف رہا۔ (سیرت النبی ابن ہشام کامل جلد اول صفحہ ۱۶۰)
دوبارہ وحی کا آغاز سورہ والضحی کی صورت میں ہوا۔ (سیرت النبی ابن ہشام کامل جلد اول صفحہ ۱۶۰)
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سب سے پہلے ان لوگوں پر اسلام پیش کرتے جن سے آپ کا
سب سے گہرا ربط و تعلق تھا یعنی اپنے گھر کے لوگوں اور دوستوں پر۔
سب سے پہلے حضرت خدیجہ ؓ نے اسلام قبول کرنے کی سعادت پائی۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

آپ ؐ کے خاندان کے افراد کے بعد حضرت عمرؓ کی بہن فاطمہ بنت خطابؓ دوسری خاتون ہیں جنہوں نے اسلام قبول کیا ہے۔

دیگر اولین خواتین میں حضرت عمار کی والدہ حضرت سمیہؓ، حضرت ام ایمنؓ، حضرت عباسؓ کی اہلیہ حضرت ام الفضلؓ، حضرت اسماء بنت ابوبکرؓ، حضرت ام عبد بنت عبدودؓ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کی والدہ ہیں جنہوں نے ابتدائی زمانہ میں اسلام قبول کیا ہے۔(عہد نبوت کے ماہ وسال ۱۱)

مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پیر کی صبح کو مبعوث ہوئے اور اسی شام حضرت ابوبکرؓ مسلمان ہوئے دوسرے دن منگل کی صبح حضرت علیؓ نے اسلام قبول کیا اس وقت ان کی عمر دس سال تھی۔

(سیرت النبی ابن کثیر جلد ا صفحہ ۲۷۳)

ان کے بعد آپ کے آزاد کردہ غلام حضرت زید بن حارثہؓ مسلمان ہوئے۔

حضرت ابوذر غفاریؓ کا اسلام قبول کرنے والوں میں چوتھا یا پانچواں نمبر ہے۔

(عہد نبوت کے ماہ وسال ۷)(سیرت النبی ابن کثیر جلد ا صفحہ ۲۸۴)

حضرت ابوبکرؓ نے ان پانچ افراد کو دعوت دی اور قبول اسلام کے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں پیش کیا۔ حضرت عثمان بن عفانؓ، حضرت زبیر بن عوامؓ، حضرت سعد بن ابی وقاصؓ، حضرت عبدالرحمن بن عوفؓ، حضرت طلحہ بن عبیداللہؓ۔

حضرت بلال بن رباحؓ اپنی والدہ حضرت حمامہؓ کے ساتھ اسلام قبول کرتے ہیں۔

اسی طرح حضرت ابوسلمہ بن عبدالاسدؓ، حضرت ارقم بن ابی الارقمؓ، حضرت عثمان بن مظعونؓ، اور ان کے دونوں بھائی حضرت قدامہؓ اور حضرت عبداللہؓ، حضرت عبیدہ بن حارث بن مطلبؓ، حضرت سعید بن زیدؓ، حضرت خباب بن ارتؓ، حضرت عبداللہ بن مسعودؓ رضی اللہ عنھم اجمعین

حضرت جبریل اپنی اصلی ملکوتی شکل میں ظاہر ہوئے جس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر رعب اور کپکپی طاری

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

ہوئی، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے گھر پہنچ کر زَمِّلُوْنِی زِمِّلُوْنِی فرمایا، یعنی مجھے چادر اڑھاؤ، مجھے چادر اڑھاؤ۔ حضرت خدیجہؓ نے اس گھبراہٹ کی وجہ دریافت فرمائی، جس پر فرشتہ کے آنے اور وحی کے نزول کا واقعہ بیان فرمایا، حضرت خدیجہؓ نے اسی موقعہ پر آپؐ کی تسلی کے یہ کلمات کہے، جو صحیح بخاری کی روایت میں ہیں۔ بخدا! اللہ تعالی آپؐ کو رسوا نہ کرے گا۔ آپؐ تو صلہ رحمی کرتے ہیں، سچے اور مہمان نواز ہیں، ناداروں کا بوجھ اٹھاتے ہیں، اور ناگہانی آفات میں لوگوں کی مدد کرتے ہیں۔

حضرت خدیجہؓ نے اپنے چچازاد بھائی حضرت ورقہ بن نوفلؓ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ملاقات کروائی اور حقیقت واقعہ گوش گذار کیا، یہ واقعہ سن کر انہوں کہا کہ یہ وہی ناموس ہے جو حضرت موسی علیہ السلام پر اترا تھا، کاش میں اس وقت نوجوان ہوتا تو میں آپؐ کی مدد کرتا، جب آپؐ کی قوم آپؐ کو اپنے وطن سے نکالی گی اس پر آپؐ نے پوچھا کہ کیا مجھے میری قوم وطن سے نکالے گی تو انہوں نے کہا کہ ہاں ہمیشہ سے ایسا رہا ہے کہ جو بھی یہ دعوت لے کر آیا تو اس کی قوم نے اس کے ساتھ ایسا ہی معاملہ کیا۔ اسی وجہ سے اہل سنت والجماعت کا ماننا ہے کہ حضرت ورقہ بن نوفل صحابی ہیں۔

(عہد نبوت کے ماہ وسال ۹) (سیرت النبی ابن کثیر جلد ۱ صفحہ ۲۶۶)

آفتاب نبوت پر حضرت خدیجہؓ کی جاں نثاریوں کا صلہ اللہ رب العزت کی طرف سے دنیا میں یہ عطا ہوا کہ حضرت جبریل علیہ السلام ان کے نام اللہ کا سلام لے کر حاضر ہوئے۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

نبوت کا دوسرا سال۔ عمر مبارک ۴۲ سال سن عیسوی 612

خفیہ طور پر انفرادی سطح پر دعوت کا سلسلہ جاری رہا۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس انفرادی دعوت سے کئی افراد و خواتین نے اسلام قبول کیا۔

جنہیں سابقین اولین یعنی پہلے پہل اسلام قبول کرنے والوں کا لقب اللہ نے قرآن میں دیا ہے

قرآن مجید کے نازل ہونے کا سلسلہ جاری رہا۔

اسلام کی خبریں قریش کو پہنچ چکی تھیں لیکن انہوں نے اسے کوئی اہمیت نہیں دی۔

نبوت کا تیسرا سال۔ عمر مبارک ۴۳ سال سن عیسوی 613

خفیہ طور پر انفرادی سطح پر دعوت کا سلسلہ جاری رہا۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس انفرادی دعوت سے کئی افراد و خواتین نے اسلام قبول کیا۔

جنہیں سابقین اولین یعنی پہلے پہل اسلام قبول کرنے والوں کا لقب اللہ نے قرآن میں دیا ہے۔

اس دوران اہل ایمان کی ایک جماعت تیار ہو گئی۔

قرآن مجید کے نازل ہونے کا سلسلہ جاری رہا۔

اسلام کی خبریں قریش کو پہنچ چکی تھیں لیکن انہوں نے اسے کوئی اہمیت نہیں دی۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

نبوت کا چوتھا سال۔عمر مبارک ۴۴ سال سن عیسوی 614

سورہ شعراء کی آیت نمبر ۲۱۴ میں اللہ تعالی نے

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنے قریب ترین رشتہ داروں کو شرک سے روکنے اور جہنم سے ڈرانے کا حکم فرمایا۔

تو آپ ؐ نے اپنے قریب ترین رشتہ داروں کی دو مرتبہ دعوت کی اور دعوت اسلام دی۔

پہلی دعوت میں کل پینتالیس آدمی تھے۔

صحیح بخاری میں اس آیت کریمہ کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دعوتی کام کو اس طرح بیان کیا گیا ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس دعوت میں فرمایا:

اے قریش کی جماعت! اپنے آپ کو جہنم کی آگ سے بچاؤ،

میں تمہیں اللہ کے اس عذاب سے بچانے میں کچھ نہیں کرسکتا۔

اے عبد مناف کی اولاد! اپنے آپ کو جہنم کی آگ سے بچاؤ،

میں تمہیں اللہ کے اس عذاب سے بچانے میں کچھ نہیں کرسکتا۔

اے رسول اللہ کے چچا عباس! میں اللہ کے عذاب کے معاملہ میں کچھ نہیں کرسکتا۔

اے رسول اللہ کی پھوپی صفیہ! میں اللہ کے عذاب کے معاملہ میں کچھ نہیں کرسکتا۔

اے رسول اللہ کی بیٹی فاطمہ! میں اللہ کے عذاب کے معاملہ میں کچھ نہیں کرسکتا۔

(صحیح بخاری جلد ۲ صفحہ ۷۰۲ حدیث نمبر ۴۵۸۵)

دوسری مرتبہ کی دعوت میں ۴۰ رشتہ دار تھے جن میں کسی نے ساتھ دینے کا اعلان نہ کیا۔

صرف حضرت علیؓ نے ساتھ دینے کا اعلان کیا۔(سیرت النبی شبلی جلد ا صفحہ ۱۳۷)

سورہ حجر کی آیت نمبر ۹۴ میں پیغام الٰہی کو کھل کر پہونچانے اور مشرکین کی پرواہ نہ کرنے کا حکم ہوا۔

تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مکہ والوں کو علانیہ صفا کی پہاڑی سے دعوت اسلام دی۔

دستور زمانہ کے مطابق صفا کی پہاڑی پر کھڑے ہوکر انھیں ایک ایک قبیلہ کا نام لے کر آواز دی

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

لوگ جڑنے لگے اور آپ کے پاس جمع ہونے لگے

حتی کہ اگر کوئی آدمی خود نہ جا سکتا تھا تو اپنا قاصد بھیج دیتا تھا کہ دیکھے معاملہ کیا ہے

غرض سب لوگ جمع ہو گئے تو

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا کہ بتلاؤ!

اگر میں یہ کہوں کہ اس پہاڑ کے پیچھے دشمن کی ایک فوج ہے تو کیا تم یقین کرو گے

سب نے علی الاعلان بلا تردد کہا کہ ہم نے آپ کو ہمیشہ سچ بولتے ہوئے پایا ہے۔

تو اس پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا میں تمہیں دردناک عذاب سے ڈراتا ہوں۔

(صحیح بخاری جلد ۲ صفحہ ۷۰۲ حدیث نمبر ۴۵۸۴)

لوگ بڑبڑاتے اور سرگوشیاں کرتے ہوئے منتشر ہو گئے لیکن

ابولہب نے کھل کر مخالفت کی اور کہا تَبًّا لَکَ اَلِهٰذَا جَمَعْتَنَا

تم تباہ ہو کہ تم نے اسی کام کے لئے ہمیں جمع کیا تھا۔

(صحیح بخاری جلد ۲ صفحہ ۷۰۲ حدیث نمبر ۴۵۸۴)

تو اللہ تعالی نے جواب میں سورہ لہب نازل فرمائی۔

جس میں اس کا جواب دیا گیا اور ابولہب اور اس کی بیوی کی تباہی کی پیشن گوئی کی گئی

جو حرف بحرف پوری ہوئی۔ (عہد نبوت کے ماہ و سال ۱۸ و ۱۹)

ابولہب کے دو بیٹوں میں سے عتبہ سے حضرت رقیہؓ اور عتیبہ سے حضرت ام کلثومؓ کی نسبت طے ہوئی تھی

اس سورت کے نازل ہونے کے بعد ان دونوں نے ابولہب کے کہنے پر حضرت رقیہؓ و ام کلثومؓ کو طلاق دی۔

(واضح رہے کہ حضرت رقیہؓ اور حضرت ام کلثومؓ کی صرف نسبت طے ہوئی تھی

وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گھر ہی میں تھیں۔ وداعی عمل میں نہیں آئی تھی کہ طلاق کا یہ واقعہ پیش آیا۔)

اس واقعہ کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عثمان بن عفانؓ سے حضرت رقیہؓ کا نکاح فرمایا۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

نبوت کا پانچواں سال۔عمر مبارک ۴۵ واں سال سن عیسوی 615

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی علانیہ دعوت کے بعد مکہ کے مشرکین کے ظلم وزیادتی کا سلسلہ شروع ہوتا ہے۔

پہلے پہل مکہ کے سردار حضرت ابوطالب کے پاس آکر ان سے بات چیت کرتے ہیں کہ وہ اپنے بھتیجے کو سمجھائیں۔

حضرت ابوطالب کہتے ہیں کہ نہ میں انھیں باز رکھ سکتا ہوں اور نہ میں ان کی حمایت سے کنارہ کش ہوسکتا ہوں۔

کھلم کھلا تبلیغ کے ابھی کچھ ہی دن گذرے تھے کہ حج کا موسم آگیا

حجاج کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے برگشتہ کرنے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دور رکھنے کے لئے ایک میٹنگ ولید بن مغیرہ کے پاس ہوئی اور آپ کے خلاف کئی ہتھکنڈے سوچے گئے اور بالآخر آپ کو ساحر کہا جانے لگا۔سورہ مدثر کی آیات ۱۸ تا ۲۵ میں اسی کا تذکرہ ہے۔

اس طرح آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خلاف باضابطہ محاذ آرائی شروع ہوئی جس میں یہ چیزیں شامل تھیں کہ

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مذاق اڑایا جاتا

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نعوذ باللہ مجنون کہتے

کبھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جادوگر اور جھوٹے ہونے کا الزام لگاتے

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر غصہ کا اظہار کرتے

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے غریب و کمزور اور مظلوم صحابہ کے ساتھ ہوتے تو کفار قریش ان کا ٹھٹھا اڑاتے

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعلیمات کو جھٹلاتے ،اور قرآن کریم کے بارے میں شکوک وشبہات پیدا کرتے

قرآن مجید کو قصے کہانی کہتے

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نبوت ورسالت کا انکار کرتے

قرآن کے مقابلہ دوسری روایات کو پروان چڑھاتے جیسے نضر بن حارث کا واقعہ ہے کہ وہ حیرہ گیا

جو جنوبی عراق میں ہے اور وہاں سے رستم واسفند یار کے قصے سیکھ کر آیا اور ان کو پھیلانا شروع کیا

اس کے ساتھ ساتھ انہوں نے سودے بازی کی بھی کوشش کی

طرح طرح کی تجویزیں بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں پیش کی گئیں کہ

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کچھ ڈھیلے پڑ جائیں تو وہ بھی ڈھیلے پڑ جائیں گے

ایک سال اللہ کی عبادت کریں اور ایک سال ان کے معبودوں کی عبادت کریں

ان کے معبودوں کو قبول کرلیں وہ اللہ کو قبول کرلیں گے

سورہ کافرون اسی طرح کی سودے بازیوں کا حتمی جواب ہے۔

مرد تو مرد ہیں عورتیں بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تکلیف پہنچاتی تھیں

جن میں ابولہب کی بیوی اروی ام جمیل آگے آگے تھی اور جس کے بارے میں

سورہ لہب میں اللہ نے فرمایا کہ وہ فتنہ پردازی اور ایذا رسانی کرنے والی ہے

اسلام کی مخالفت میں انہوں نے اب اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نشانہ بنایا

اسلام قبول کرنے والے صحابہ کو ان کے رشتہ دار اسلام سے برگشتہ کرنے کے لئے تکلیفیں

اور اذیتیں دینے لگے۔

اور وہ صحابہؓ جو غلام اور باندی تھے انھیں ان کے آقا ستانے اور مارنے لگے۔

جس شخص کا کوئی قبیلہ نہ تھا ان پر ان اوباشوں نے ایسے ایسے جور وستم روا رکھے تھے کہ جنہیں

سن کر پڑھ کر مضبوط انسان کا دل بھی لرز اٹھتا ہے۔

ظلم وزیادتی اور مصیبتوں کا ایک کٹھن دور تھا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہ کے جان وایمان کی

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

حفاظت کے لئے حبشہ ہجرت کرنے کی اجازت مرحمت فرمائی۔

رسول اللہ ﷺ کے حکم پر رجب میں پہلی مرتبہ صحابہ نے حبشہ ہجرت کی۔

اس پہلی ہجرت میں ۱۲ مرد اور ۵ عورتیں تھیں۔

حضرت عثمان بن عفانؓ وحضرت رقیہؓ کی حبشہ ہجرت کے موقعہ پر آپ ﷺ نے فرمایا کہ

حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بعد کسی جوڑے نے اللہ کی راہ میں ہجرت کی ہے تو وہ یہ جوڑا ہے۔

رمضان میں حرم شریف میں سورہ والنجم کی تلاوت فرمارہے تھے،

جب آپ ﷺ آیت سجدہ پر پہنچے تو آپ ﷺ نے سجدہ فرمایا تو کعبہ میں موجود

اہل قریش، مسلم وکافر، جن وانس سب نے سجدہ کیا۔

ایک مرتبہ آپؐ حرم شریف میں نماز پڑھ رہے تھے

توجب آپؐ رب العزت کے سامنے سربسجود ہوئے

توملعون عقبہ بن ابی معیط نے اونٹ کی اوجھڑی لاکر آپ ﷺ کی

پشت مبارک پر رکھدی۔ آپ اسی حالت میں رہے۔

کسی نے جاکر حضرت فاطمہؓ کو بتایا وہ آئیں اور کسی طرح اسے ہٹایا۔ (عہد نبوت کے ماہ وسال ۲۲)

دوسری مرتبہ ۸۲ یا ۸۳ مردوں اور ۱۸ یا ۱۹ عورتوں نے حبشہ ہجرت کی۔

مشرکین مکہ نے ان مہاجرین کو مکہ واپس لانے کے لئے ایک سفارتی وفد عمرو بن عاص اور عبداللہ بن

ربیعہ کی صورت میں تحفے اور ہدیئے دے کر بھیجا۔

ان دونوں نے حبشہ کے بادشاہ کے دربار میں رسائی حاصل کی اور مسلمانوں کے خلاف الزام تراشی

کی کہ ہمارے یہاں کے کچھ ناسمجھ نوجوان ہیں جو اپنا آبائی دین چھوڑ کر دوسرا دین اختیار کیا ہوا ہے

اور وہ مکہ سے حبشہ بھاگ آئے ہیں

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

اس موقعہ پر شاہ حبشہ نے مسلمانوں سے اس معاملہ کی تحقیق کی

مسلمانوں کی طرف سے حضرت جعفر بن ابو طالب رضی اللہ عنہ نے ترجمانی کی۔ اور ترجمانی کا حق ادا کر دیا

جو در حقیقت جہالت کی خرابیوں اور اسلام کا بہترین تعارف ہے

جس میں اسلام کی خوبیاں اور پیغمبر اسلام کے احسانات کا دل نشین بیان ہے کہ

اے بادشاہ!

ہم ایسی قوم تھے جو جاہلیت میں مبتلا تھی

ہم بت پوجتے تھے

مردار کھاتے تھے

بدکاریاں کرتے تھے

قرابت داروں سے تعلق توڑتے تھے

ہمسایوں سے بدسلوکی کرتے تھے

اور ہم میں سے طاقتور کمزور کو کھا رہا تھا

ہم اسی حالت میں تھے کہ اللہ نے ہم ہی میں سے ایک رسول بھیجا

ان کی عالی نسبی، سچائی، امانت اور پاکدامنی ہمیں پہلے سے معلوم تھی

انہوں نے ہمیں ایک اللہ کی طرف بلایا

اور سمجھایا کہ ہم صرف ایک اللہ کو مانیں

اور اسی کی عبادت کریں

اور اس کے سوا جن پتھروں اور بتوں کو ہمارے باپ دادا پوجتے تھے انہیں چھوڑ دیں

انہوں نے ہمیں سچ بولنے، امانت ادا کرنے، رشتہ داری جوڑنے،

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

پڑوسی سے اچھا سلوک کرنے اور حرام کاری وخون ریزی سے باز رہنے کا حکم دیا

اور فواحش میں ملوث ہونے، جھوٹ بولنے، یتیم کا مال کھانے

اور پاک دامن عورتوں پر تہمت لگانے سے منع کیا۔

اسی طرح حضرت جعفر بن ابو طالبؓ نے کہا کہ

ہم نے اس پیغمبر کو سچا مانا اور ان پر ایمان لائے

اور ان کے لائے ہوئے دین خداوندی میں ان کی پیروی کی

چنانچہ ہم نے صرف اللہ کی عبادت کی، اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کیا

اور جن باتوں کو اس پیغمبر نے حرام بتایا انہیں حرام مانا

اور جن کو حلال بتایا انہیں حلال جانا

اس پر ہماری قوم ہم سے بگڑ گئی، ہماری قوم نے ہم پر ظلم وستم کیا

اور ہمیں ہمارے دین سے پھیرنے کے لئے فتنوں، تکلیفوں اور سزاؤں سے دوچار کیا

تاکہ ہم اللہ کی عبادت چھوڑ کر بت پرستی کی طرف پلٹ جائیں

اور جن گندی چیزوں کو حلال سمجھتے تھے انہیں پھر حلال سمجھنے لگیں

حضرت جعفرؓ نے اس موقعہ پر سورہ مریم کی آیات بھی سنائیں

جس سے شاہ حبشہ پر اچھا اثر ہوا

پھر دوسرے دن بھی مسلمانوں کو بلایا گیا اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں اسلامی عقیدہ معلوم کیا گیا جب اسے بتایا گیا تو وہ مطمئن ہوا اور مکہ کے سفارت کاروں سے کہا کہ ان پناہ گزین مسلمانوں کو ان کے حوالے نہیں کیا جائے گا۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

نبوت کا چھٹا سال۔عمر مبارک ۴۶ واں سال سن عیسوی 616

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مشرکین کی زیادتیوں کی وجہ سے
حضرت ارقم بن ابوارقم رضی اللہ عنہ کے مکان کو اسلام اور دعوت اسلام کا مرکز بنایا
۔یہیں باجماعت نماز ہوتی تھی اور یہیں اسلام کی تعلیم دی جاتی تھی۔
آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر ڈھائے گئے مظالم کی تاریخ یوں تو بہت طویل اور رلا دینے والی ہے
لیکن یہاں اس موقعہ پر صرف دو تین واقعات بطور دلیل پیش ہیں
ابولہب کا بیٹا عتیبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا
اور کہا کہ میں والنجم اذا ھوی اور قرآن کی آیات کا انکار کرتا ہوں
اس کے بعد وہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر مسلط ہو گیا
آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا کرتا پھاڑ دیا
اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چہرے اقدس پر تھوکا
لیکن تھوک آپ پر نہ پڑا اسی موقعہ پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بددعا کی کہ
اے اللہ! اس پر اپنے کتوں میں سے کوئی کتا مسلط کر دے۔
بددعا کا نتیجہ یہ ہوا کہ ملک شام کے سفر میں زرقاء کے مقام پر ایک شیر نے آ کر عتیبہ کو کیفر کردار کو پہنچایا
ایک بار عقبہ بن ابی معیط نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی گردن مبارک کو سجدہ کی حالت میں اس
زور سے روندا کہ معلوم ہوتا تھا کہ آنکھیں نکل آئیں گی۔
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کعبہ کے پاس حطیم میں نماز پڑھ رہے تھے کہ عقبہ بن ابی معیط آ گیا اس
نے آتے ہی اپنا کپڑا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی گردن میں ڈال کر نہایت سختی کے ساتھ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا گلا

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

گھونٹا۔ اتنے میں حضرت ابوبکرؓ آ پہنچے اور انہوں نے اس کے دونوں کندھے پکڑ کر دھکا دیا اور کہا کہ کیا تم لوگ ایک آدمی کو اس لئے قتل کر رہے ہو کہ وہ کہتا ہے کہ میرا رب اللہ ہے۔

اسی طرح کا ایک واقعہ حضرت حمزہؓ کے قبول اسلام کا ذریعہ بنا۔

ذی الحجہ میں حضرت حمزہؓ اسلام میں داخل ہوئے۔

جس کا واقعہ یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم صفا پہاڑی کے پاس تھے

ابوجہل ملعون نے آپ کو برا بھلا کہا اور آپ کو ایک ہڈی پھینک کر زخمی کر دیا

آپ نے اس کا کوئی جواب نہیں دیا۔

یہ سارا واقعہ حضرت حمزہؓ کی باندی دیکھ رہی تھی اس نے شام کو جب وہ شکار سے واپس آئے تو سارا واقعہ ان کو کہہ سنایا حضرت حمزہؓ غضبناک ہو کر ابوجہل کے پاس گئے اور اس کو کمان سے مار کر زخمی کر دیا اور کہا کہ تو میرے بھتیجے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مارتا ہے۔

حضرت حمزہؓ یہ خوشخبری سنانے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے تو خوشی آپ کے اسلام لانے سے ہوگی تب انہوں نے اسلام قبول کیا۔

ان حالات کی سنگینی تھی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی

ایک دن پہلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عمرؓ کے حق میں یہ دعا فرمائی تھی

اَللّٰھُمَّ اَیِّدِ الْاِسْلَامَ بِاَبِی الْحَکَمِ بْنِ ھِشَامٍ اَوْ بِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ۔

الٰہی! ابوالحکم بن ہشام یا عمر بن خطاب کے ذریعہ اسلام کی تائید و مدد فرما۔

(سیرت النبی ابن کثیر جلد ۱ صفحہ ۳۳۹)

چہارشنبہ کو دعا ہوئی اور جمعرات کو حضرت عمرؓ داخل اسلام ہو گئے۔

(سیرت النبی ابن کثیر جلد ۱ صفحہ ۲۸۰)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

حضرت حمزہ ؓ کے قبول اسلام کے تین دن بعد حضرت عمرؓ مشرف باسلام ہوئے۔

اس وقت حضرت عمر کی عمر صرف ۲۶ سال تھی۔ (عہد نبوت کے ماہ و سال ۲۴)

حضرت عمر کے اسلام قبول کرنے کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور صحابہ ؓ نے

مسجد حرام میں علانیہ با جماعت نماز ادا کی۔ (عہد نبوت کے ماہ و سال ۲۳)

قریش کے سردار حضرت ابو طالب کے پاس آکر کہتے ہیں کہ آپ اپنے بھتیجے کو روکئے ورنہ ہم آپ سے اور ان سے ایسی جنگ کریں گے کہ ایک فریق کا صفایا ہو کر رہ جائے گا۔ ابو طالب پر اس دھمکی کا بہت زیادہ اثر ہوا، انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بلا کر کہا کہ بھتیجے! تمہاری قوم کے لوگ میرے پاس آئے تھے، اور ایسی ایسی باتیں کہہ گئے ہیں، اب مجھ پر اور خود اپنے آپ پر رحم کرو اور اس معاملہ میں مجھ پر اتنا بوجھ نہ ڈالو جو میرے بس سے باہر ہو۔

یہ سن کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سمجھا کہ اب آپ کے چچا بھی آپ کا ساتھ چھوڑ دیں گے اور وہ بھی آپ کی مدد سے کمزور پڑ گئے ہیں، اس لئے فرمایا کہ چچا جان! خدا کی قسم! اگر یہ لوگ میرے داہنے ہاتھ میں سورج اور بائیں ہاتھ میں چاند رکھ دیں تو بھی میں اس کام کو نہیں چھوڑ سکتا۔

اس کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی آنکھیں اشک بار ہو گئیں۔ آپ رو پڑے اور اٹھ گئے جب واپس ہونے لگے تو ابو طالب نے پکارا، اور کہا بھتیجے! جاؤ جو چاہو کہو، خدا کی قسم میں تمہیں کبھی بھی کسی بھی وجہ سے نہیں چھوڑ سکتا۔

اسی طرح کی ایک اور سازش انہوں نے یہ کی ولید بن مغیرہ کے بیٹے عمارہ کو لے کر ابو طالب کے پاس آئے اور کہا کہ یہ قریش کا سب سے خوبصورت اور طاقتور نوجوان ہے آپ اسے لے لیں اور اسے اپنا بیٹا بنا لیں اور آپ اپنے بھتیجے کو ہمارے حوالے کر دیں۔

ابو طالب نے کہا خدا کی قسم!

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

کتنا برا سودا ہے جو تم مجھ سے کر رہے ہو

تم اپنا بیٹا مجھے دیتے ہو کہ میں اسے کھلاؤں پلاؤں، پالوں پوسوں

اور میرا بیٹا مجھ سے طلب کرتے ہو کہ اسے قتل کردو یہ ہرگز نہیں ہوسکتا۔

حضرت حمزہؓ وحضرت عمرؓ کے اسلام قبول کرنے کے بعد مشرکین مکہ نے اپنے طریقہ کار کو بدلتے ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سودے بازی کرنے پر اتر آئے۔

عتبہ بن ربیعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور کہا کہیں کچھ باتیں پیش کرتا ہوں ان پر غور کرو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! ابوالولید کہو، میں سنوں گا۔

عتبہ بن ربیعہ بولا! اس دین کے ذریعہ اگر تم مال چاہتے ہو تو ہم تمہارے لئے مال و دولت جمع کئے دیتے ہیں اگر عزت و مرتبہ چاہتے ہو تو ہم تمہیں اپنا سردار بنائے لیتے ہیں

اگر کسی عورت سے نکاح کرنا چاہتے ہو تو عرب کی خوبصورت ترین عورت سے تمہارا نکاح کریں گے

اگر تمہیں کوئی بیماری ہے تو ہم اس کا علاج کئے دیتے ہیں۔ اس کے خاموش ہونے کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے

سورہ حم السجدہ سنائی، آیت سجدہ پر پہنچے تو سجدہ کیا اور پھر فرمایا یہ میرا جواب ہے۔

عتبہ بن ربیعہ بہت متاثر ہوا اور واپس اپنی قوم کے پاس گیا تو لوگوں نے اسے دیکھ کر کہا کہ واللہ یہ وہ چہرہ نہیں ہے جسے لے کر وہ گیا تھا،

عتبہ بن ربیعہ نے کہا، اے میری قوم! میں تم میں سب سے زیادہ شعر جانتا ہوں، واللہ جو کلام میں نے سنا ہے وہ شاعری ہرگز نہیں ہے،

اے میری قوم! اس معاملہ کو محمدؐ اور عرب کے درمیان چھوڑ دو، اگر محمدؐ جیت گئے تو یہ تمہاری جیت ہوگی، اور (خدانخواستہ) عرب نے محمدؐ کا خاتمہ کردیا تو تمہاری مصیبت ٹل گئی۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

نبوت کا ساتواں سال۔

عمر مبارک ۴۷ واں سال سن عیسوی 617

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اسلام کے خلاف خاندانی دباؤ اور انفرادی ظلم وزیادتیوں کے باوجود اسلام مکہ مکرمہ میں پھیلتا جارہا تھا، حضرت حمزہؓ وعمرؓ جیسے جیالے اب اسلام کے دامن میں تھے، حبشہ میں مسلمان محفوظ زندگی گذار رہے تھے اور ان کے واپس لانے کی کوشش بھی ناکام ہو چکی تھی۔

حضرت ابو طالب نے جب حالات کی سنگینی کو دیکھا تو ضروری سمجھا کہ اب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حفاظت کا کام وہ اکیلے انجام نہیں دے سکتے، ہاشم اور مطلب کی اولاد کو جمع کر کے ان سے کہا کہ وہ سب محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی حفاظت خاندانی بنیادوں پر کریں۔ عربی حمیت کے پیش نظر ان دونوں خاندانوں کے سارے مسلم اور کافر افراد نے اس کو قبول کیا۔ البتہ صرف ابولہب نے اسے منظور نہ کیا اور وہ قریش مکہ سے جاملا اور ان کا ساتھ دیا۔ (سیرت النبی ابن ہشام جلد ۱ صفحہ ۲۶۹)

ان حالات میں کفار قریش نے باہمی مشورے سے ایک سماجی مقاطعہ کا پروگرام بنایا اور اسے باقاعدہ تحریری شکل میں لاکر کعبہ کے اندر لٹکا دیا۔

یکم محرم کو مشرکین مکہ نے وادی محصب میں بائیکاٹ نامہ تیار کیا۔

اس کے نتیجے میں ابولہب کے سوا بنی ہاشم اور بنی مطلب کے سارے افراد خواہ مسلمان رہے ہوں یا کافر سمٹ سمٹا کر شعب ابی طالب میں محبوس ہو گئے۔

جس میں تحریری طور پر یہ شقیں تھیں کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو مشرکین کے حوالے کر دیں ورنہ ان کا مکمل معاشرتی مقاطعہ کیا جائے،

ان کے ساتھ رشتے ناطے اور شادی بیاہ کے تعلقات منقطع کر لئے جائیں

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

ان سے خرید و فروخت اور لین دین ہرگز نہ کی جائے

انھیں کھانے پینے کی چیزیں مہیا نہ ہونے دی جائیں

ان سے نہ تو میل جول اور نہ ہی روابط وضوابط ہی رکھے جائیں

انھیں گلی بازاروں میں گھومنے پھرنے نہ دیا جائے۔ (پیغمبر اعظم و آخر ۳۲۷)

اس بے رحمانہ بائیکاٹ نامہ تحریر کرنے والے کا ہاتھ شل ہو گیا۔

اس بائیکاٹ کی وجہ سے محصورین کو بہت مصیبتوں اور پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑا۔

اس عرصہ میں کوئی قریبی دوست خفیہ طور پر کچھ غذائی اشیاء پہنچا جاتا

ورنہ بچے بھوک اور پیاس سے بلبلاتے، بڑے فاقوں پر فاقے کرتے جاتے۔

طلح نام کا ایک درخت ہوتا تھا اس کے پتے کھا کھا کر یہ دن گذارے۔

سوکھے چمڑے مل جاتے تو انھیں ابال کر کھاتے۔ (سیرت النبی، علامہ شبلی جلد ا صفحہ ۱۵٦)

فاقہ کشی کا یہ حال تھا کہ بھوک سے بلکتے ہوئے بچوں اور عورتوں کی آوازیں گھاٹی کے باہر سنائی پڑتی تھیں۔

حرمت والے مہینوں میں خرید و فروخت کی چھوٹ تھی لیکن

قیمتیں اتنی بڑھا دی جاتیں کہ اشیاء ضروریہ قوت خرید سے باہر تھیں۔

حضرت ابو طالب رات کے وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بستر تبدیل کرواتے

اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جگہ پر کسی اور کو سلا دیتے کہ کہیں کوئی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر حملہ نہ کر دے۔

ان مشکل حالات میں بھی دعوت کا کام جاری تھا۔

حج کے دنوں میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم باہر سے آنے والے قافلوں اور افراد سے ملتے اور انھیں دعوت دیتے۔

قرب و جوار میں میلے لگتے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہاں تشریف لے جاتے اور اللہ کا پیام اللہ کے بندوں

تک پہونچاتے۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

نبوت کا آٹھواں سال ۔عمر مبارک ۴۸ واں سال سن عیسوی 618

یہ پورا سال آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا شعب ابی طالب میں گذرا

تین سالہ معاشرتی مقاطعہ کے دوران رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چونکہ حدود مکہ کے اندر داخل نہیں ہوسکتے تھے، اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اطراف وجوانب کی بستیوں میں نکل جاتے اور وہاں صحرا نشینوں ،خانہ بدوشوں اور کاروانوں کو دعوت اسلام دیتے۔ (پیغمبر اعظم وآخر ۳۲۹)

مشرکین مکہ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مطالبہ کیا تھا کہ کوئی ایسا معجزہ دکھایئے جس کا تصرف آسمان میں ہو۔ ان کے مطالبے پر چودھویں رات کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے چاند کی طرف اشارہ کیا اور چاند دو ٹکڑوں میں بٹ گیا۔ ایک ٹکڑا حرا کی دائیں جانب اور دوسرا بائیں جانب زمین کی طرف جھک گیا۔ جبل حرا دونوں کے درمیان نظر آتا تھا۔ اسی کو شق القمر کا معجزہ کہا جاتا ہے۔

مشرکین نے اس معجزہ کو بھی جھٹلایا اور کہا کہ یہ تو چلتا پھرتا جادو ہے۔ (سورہ قمر ۱۔۲)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

نبوت کا نواں سال۔ عمر مبارک ۴۹ واں سال سن عیسوی 619

یہ پورا سال بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا شعب ابی طالب میں محصور رہ کر گذرا۔

رکانہ قریش کا طاقتور پہلوان تھا اور مشہور یہ تھا کہ یہ ایک آدمی ایک ہزار آدمیوں سے مقابلہ کر سکتا ہے۔ (بکھرے موتی جلد ۲ صفحہ ۱۴۲)

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے اسلام کی دعوت دی۔ اس نے کہا اگر آپ مجھے پچھاڑ دیں تو اسلام قبول کروں گا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے تین بار پچھاڑ دیا۔ اور ایک معجزہ اس وقت یہ پیش آیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے کہا کہ وہ جو درخت تم سامنے دیکھ رہے ہو میں اسے بلاتا ہوں وہ میرے سامنے آجائے گا۔ اس نے کہا بلایئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے بلایا وہ چل کر آکر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے کھڑا ہو گیا، پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرمانے سے وہ واپس چلا گیا۔ علامہ ابن کثیر کے بیان کے مطابق حضرت رکانہؓ اسی موقعہ پر مسلمان بھی ہو گئے۔ (سیرت النبی ابن کثیر جلد ا صفحہ ۳۶۶۔۳۶۷)

حضرت عبداللہ ابن مسعودؓ کی ایک روایت میں ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے محسوس کیا کہ لوگ اسلام سے نفرت کرنے میں اور صحابہ کو ستانے میں حد سے گذر رہے ہیں، اور اسلام قبول کرنے سے انکار کر رہے ہیں تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دعا فرمائی کہ! الٰہی میری ان کے مقابلہ میں مدد فرما، اور ان پر سات برس کا قحط نازل فرما جیسا کہ آپ نے یوسف علیہ السلام کے زمانہ میں بھیجا تھا۔ چنانچہ ان پر سخت قحط پڑا۔ یہاں تک کہ وہ مردار، چمڑے اور ہڈیاں تک کھانے لگے۔ مکہ کے چند باشندوں نے آکر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دعا کی درخواست کی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دعا فرمائی تو بارش ہوئی اور مسلسل سات روز تک بارش ہوتی رہی لوگوں نے بارش کی کثرت کی شکایت کی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دعا فرمائی۔ بادل فورا چھٹ گیا۔ لوگوں نے بارش کا پانی سال بھر پیا اور مویشیوں کو پلایا۔

(سیرت النبی ابن کثیر جلد ا صفحہ ۳۷۰ و ۳۷۱) (صحیح بخاری، باب الدعا علی المشرکین ۹۴۶)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

نبوت کا دسواں سال۔عمر مبارک ۵۰ واں سال سن عیسوی 620

بائیکاٹ نامہ کو دیمک چاٹ گئی، صرف اللہ کا نام محفوظ رہا۔

جس کی اطلاع اللہ تعالی نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دی اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ بات اپنے چچا حضرت ابو طالب کو بتلائی جو عام ہوگئی اس واقعہ کے اثر سے اور کچھ رحم دل اہل مکہ کی کوششوں سے بائیکاٹ کا خاتمہ ہوگیا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گھاٹی سے نکلنے کے بعد اپنے دعوتی کام میں جٹ گئے اور آپ کے چچا ابو طالب اپنی دیرینہ روایت کے مطابق آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حمایت وحفاظت میں لگے ہوئے تھے۔ لیکن اب وہ بیمار رہنے لگے تھے۔

قریش مکہ کو حضرت ابو طالب کی بیماری کی اطلاع ملی تو قریش کے ۲۵ نمایاں افراد نے ایک وفد کی شکل میں ابو طالب سے ملاقات کی اور کہا کہ اے ابو طالب! آپ اپنے بھتیجے کو بلائیں ان سے اور ہم سے عہد و پیمان لیں کہ آپ کے بعد وہ ہم سے اور ہم ان سے دست کش رہیں۔اس پر ابو طالب نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بلوایا اور جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے تو کہا کہ یہ تمہاری قوم کے معزز لوگ ہیں تمہارے ہی لئے جمع ہوئے ہیں۔

یہ چاہتے ہیں کہ تمہیں کچھ عہد و پیمان دے دیں اور تم بھی انہیں کچھ عہد و پیمان دے دو کہ ایک دوسرے کے مذہب کے بارے میں تعرض نہ کریں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وفد کو مخاطب کر کے فرمایا!

اگر آپ لوگ ایک بات کے قائل ہوجائیں تو عرب وعجم کے بادشاہ بن جائیں

ابو جہل نے کہا کہ ایسی ایک بات نہیں بلکہ دس باتیں ماننے کو تیار ہیں

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا!

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہو وہ آپ کی بات سن کر ہٹ دھری کا مظاہرہ کرتے ہوئے چلے گئے۔
اسی واقعہ کو سورہ ص کی ابتدائی سات آیات کریمہ میں اللہ نے بیان فرمایا ہے۔
گھاٹی سے آنے کے ۲۸ دن بعد حضرت ابوطالب کا کفر کی حالت میں انتقال ہوا۔
(صحیح بخاری جلد ۲ صفحہ ۷۰۳ حدیث نمبر ۴۵۸۶)
جس پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اللہ سے مغفرت مانگنے کا ارادہ فرمایا لیکن اللہ تعالی نے اس سے منع فرمادیا۔
(عہد نبوت کے ماہ وسال ۳۳)
ابوطالب کے انتقال کے بعد مشرکین اور شیر ہو گئے، اب انھیں کوئی روکنے ٹوکنے والا نہیں تھا تو مشرکین مکہ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر سجدہ کی حالت میں اونٹ کی اوجھڑی لاکر رکھ دی تو یہ سارے ملعون مارے خوشی کے ہنستے ہنستے ایک دوسرے پر گر پڑتے تھے۔
حضرت فاطمہ ؓ نے آکر اسے اتارا اور انھیں برا بھلا کہا۔
جب نماز سے فارغ ہوئے تو ہاتھ اٹھا کر ان پر بد دعا کی اور جب انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دعا کرتے ہوئے دیکھا تو ہنسی بھول گئے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بددعا سے خائف ہوئے۔ آپ نے ۷ مشرکین کے نام لے کر ان پر بد دعا فرمائی۔ ۱)عتبہ بن ربیعہ ۲) شیبہ بن ربیعہ ۳) ولید بن عقبہ ۴) ابوجہل بن ہشام ۵۔)عقبہ بن ابی معیط۔۶) امیہ بن خلف۔۷) عمارہ بن ولید
(سیرت النبی ابن کثیر جلد ۱ صفحہ ۲۹۶)
اسی طرح آپ ؐ کی گردن مبارک میں کپڑا ڈال کر گھونٹنے کی کوشش کی گئی حضرت ابوبکر ؓ نے ان کو روکا۔
نیز فرعون امت ابوجہل نے نماز کی حالت میں آپ کی گردن مبارک پامال کرنے کا ارادہ کر کے آیا لیکن قدرتی طور پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حفاظت کی گئی۔ یہ اور اس طرح کے دوسرے آلام ومصائب حضرت ابوطالب کی وفات کے بعد پیش آئے۔ واللہ اعلم (سیرت النبی ابن کثیر جلد ۱ صفحہ ۳۰۲)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

قریش رسول اللہ ﷺ کو اس قدر ستاتے اور بے رحمی سے پیش آتے جس کا ابوطالب کی زندگی میں تصور بھی نہ تھا، یہاں تک کہ ایک روز ایک احمق قریشی نے آپ ﷺ کے سر مبارک پر مٹی ڈال دی۔

حضرت عروہ بن زبیرؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ اسی حالت میں گھر تشریف لائے آپ ﷺ کی صاحبزادی حضرت فاطمہؓ نے دیکھا تو پانی سے سر دھو رہی تھیں اور فرط محبت سے رو رہی تھیں۔ اور رسول اللہ ﷺ فرما رہے تھے، بیٹی! رو نہیں، اللہ تیرے والد کا محافظ ہے۔ اور آپ ﷺ دریں اثناء یہ بھی فرما رہے تھے کہ ابوطالب کی زندگی میں قریش مجھے ایسی کریہہ ایذاء پہچانے کی سکت نہیں رکھتے تھے۔

(سیرت النبی ابن کثیر جلد ا صفحہ ۳۸۸)

ان حالات کا اندازہ کرنے کے لئے یہ روایت سامنے رہے کہ حضرت خباب بن ارتؓ خدمت نبوی ﷺ میں حاضر ہوئے آپ ﷺ کعبہ کے سائے میں ایک چادر کا تکیہ بنائے تشریف فرما تھے

میں نے کہا کیوں نہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ سے ان کے حق میں بددعا فرمائیں

یہ سن کر آپ اٹھ بیٹھے، آپ کا چہرہ سرخ ہو گیا

اور آپ ﷺ نے فرمایا جو لوگ تم سے پہلے تھے

ان کے ہڈیوں تک گوشت اور اعصاب میں لوہے کی کنگھیاں کر دی جاتی تھی

لیکن یہ سختی بھی انہیں دین سے باز نہ رکھتی تھی

پھر آپ ﷺ نے فرمایا!

اللہ اپنے دین کو مکمل کر کے رہے گا

یہاں تک کہ ایک سوار صنعاء سے حضر موت تک جائے گا اور اسے اللہ کے سوا کسی کا خوف نہ ہوگا

البتہ بکری پر بھیڑیئے کا خوف ہوگا۔ (صحیح بخاری جلد ا صفحہ ۵۴۳)

ابوطالب کے انتقال کے تین روز کے بعد اسی سال ۱۰ رمضان کو حضرت خدیجہؓ کا انتقال ہوا۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جنت المعلی میں ان کی تدفین فرمائی ان کو خود قبر میں اتارا۔

ان دو بے انتہا مونس وغمگساروں کے انتقال سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بہت غمگین ہوئے۔

ان حادثات کی بناء پر اس سال کا نام عَامُ الحُزْنِ یعنی غم والا سال پڑ گیا۔

خاندان کا سربراہ ابولہب بن گیا جس نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حفاظت سے دست برداری کا اعلان کیا۔

ان خطرناک حالات میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ۲۷ شوال کو طائف کا سفر فرمایا۔

۲۶ دن وہاں قیام رہا۔ تینوں سرداروں کو دعوت دی لیکن کسی نے قبول نہ کیا

-انفرادی طور پر اور اجتماعی انداز میں دعوت دی لیکن کسی نے اسلام قبول نہ کیا۔

نوجوانوں کو ورغلا کر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیچھے لگا دیا اور ان بدنصیبوں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر پتھر پھینکے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو زخمی کر دیا، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نعلین مبارک خون سے لبریز ہو گئے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عتبہ اور شیبہ کے باغ میں پناہ لی

ان کے غلام عداس رضی اللہ عنہ نے جو نینوی عراق کے رہنے والے تھے۔

کھجور پیش کیے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بسم اللہ کہہ کر نوش فرمایا۔ عداس رضی اللہ عنہ نے اس موقعہ پر اسلام قبول کیا۔

شرپسندوں سے اطمینان ہونے پر آں حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بڑی پر اثر اور درد انگیز دعا فرمائی

غضب الٰہی کو جوش آیا اور پہاڑوں کے فرشتے کو بھیجا گیا جس نے عرض کیا کہ اگر آپ حکم فرمائیں تو دو پہاڑوں کو آپس میں ٹکرا دیا جائے تاکہ ساری قوم ہلاک ہو جائے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ امید ہے کہ اللہ ان کی نسل میں ایسے لوگوں کو پیدا کرے جو ایک اللہ کی عبادت کرنے والے ہوں اور جو اللہ کے ساتھ شرک نہ کریں۔

طائف کے سفر سے واپسی پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وادی نخلہ میں چند دن قیام فرمایا۔

ایک دن فجر کی نماز میں ۷ جنات نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قراءت سنی اور انہوں نے اسلام قبول کیا۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

(جنات کے وفد آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں ۶ مرتبہ حاضر ہوئے ہیں)۔

(عہد نبوت کے ماہ وسال ۳۶)

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دو رکعت نماز ادا فرمائی اور دعا فرمائی۔ (عہد نبوت کے ماہ وسال ۳۶)

طائف سے واپسی پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو دعا فرمائی وہ دعاء المستضعفین کے نام سے مشہور ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم طائف سے واپسی کے بعد مکہ مکرمہ مطعم بن عدی کے جوار اور ہمسائیگی میں تشریف لائے۔اس کی پناہ کی اطلاع پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے رات اس کے پاس مکہ میں بسر کی، صبح کو مطعم بن عدی اور اس کے چھ یا سات بیٹے مسلح شمشیر بکف آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہم راہ نکلے اور بیت اللہ تشریف لائے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے طواف کیا، اور مطعم نے صحن کعبہ میں پناہ دینے کا اعلان کیا۔

مطعم بن عدی کے اس احسان کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یاد رکھا اور جنگ بدر کے قیدیوں کے وقت فرمایا کہ اگر مطعم بن عدی زندہ ہوتا اور مجھ سے ان کے بارے میں سفارش کرتا تو میں یہ سب قیدی اس کو ہبہ کر دیتا۔ (سیرت النبی ابن کثیر جلد ا صفحہ ۴۰۶۔۴۰۷)

حضرت خدیجہؓ کے انتقال کے بعد آپ غمگین رہا کرتے تھے، اس کو محسوس کرتے ہوئے حضرت خولہ بنت حکیمؓ زوجہ حضرت عثمان بن مظعونؓ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مشورہ دیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت سودہ بنت زمعہؓ سے نکاح فرمائیں تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے شوال میں حضرت سودہؓ سے نکاح فرمایا۔

(سیرت النبی ابن کثیر جلد ا صفحہ ۳۹۸)

اسی سال شوال میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خواب میں دو مرتبہ دیکھا کہ فرشتہ کہہ رہا ہے کہ پردہ کے پیچھے جو خاتون ہیں وہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اہلیہ ہیں پھر پردہ ہٹایا تو نظر آیا کہ وہ حضرت عائشہؓ ہیں، گویا حضرت عائشہؓ سے نکاح فرمانا اللہ کی جانب سے تھا۔(سیرت النبی ابن کثیر جلد ا صفحہ ۳۹۷)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

نبوت کا گیارہواں سال

عمر مبارک ۵۱ واں سال   سن عیسوی 621

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حج کیلئے آنے والے قافلوں سے ملاقات فرمائی اور انھیں دعوت اسلام دی۔
حج کے دنوں کے بعد عمرہ کے لئے آنے والوں سے ملاقات کرتے اور انھیں دعوت اسلام دیتے۔
اس کے علاوہ مکہ مکرمہ کے قرب وجوار میں ہونے والے میلوں میں تشریف لے جاتے اور وہاں پیغام حق بندگان خدا تک پہنچاتے۔ جن قبائل سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ملاقات کا تذکرہ ملتا ہے ان میں سے چند قبائل یہ ہیں۔

قبیلہ کندہ ، قبیلہ بنی عبداللہ ، قبیلہ بنی حنیفہ ، قبیلہ بنی عامر ، قبیلہ بکر
غسان ، بنی فزارہ ، بنی مرہ ، بنی سلیم ، بنی عبس ، بنی نصر بن ہوازن
بنی ثعلبہ ، کلب ، بنی حارث بن کعب ، بنی عذرہ ، قیس بن حطیم

جن میلوں میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بندگان خدا کو پیغام حق پہنچایا ہے، کچھ کے نام یہ ہیں
ذی المجاز   یہ میلہ عرفات میں یکم ذی الحجہ سے ۸ ذی الحجہ تک جاری رہتا
عکاظ   طائف اور نخلہ کے درمیان میں لگتا تھا یکم ذی قعدہ سے ۲۰ ذی قعدہ تک جاری رہتا
(سیرت النبی ابن کثیر جلد ۱ صفحہ ۴۰۷ تا ۴۱۷)

مقامات حج میں خاص طور پر منی کے میدان میں مختلف ممالک سے آنے والے حجاج سے ملاقات فرماتے اور انھیں اسلام پیش کرتے۔ اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے کہ منی کے میدان میں یثرب کے قافلہ سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ملاقات ہوئی۔ اولین ۶ انصاری صحابہ نے اسلام قبول کیا۔ اس موقعہ پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے بیعت بھی لی۔ (عہد نبوت کے ماہ وسال ۳۸)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

حضرت سوید بن صامت انصاری رضی اللہ عنہ حج یا عمرہ کے لئے یثرب سے مکہ مکرمہ آئے ہوئے تھے، جنہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعوت پر اسلام قبول کیا اسی طرح حضرت ایاس بن معاذ رضی اللہ عنہ بھی ہیں جو یثرب سے مکہ مکرمہ آئے تھے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے ملاقات کی اور انہوں نے اسلام قبول کیا۔

(سیرت النبی ابن کثیر جلد ۱ صفحہ ۴۱۹)

اسی سال یمن کے ایک سردار اور شاعر حضرت طفیل بن عمرو دوسی رضی اللہ عنہ مکہ تشریف لائے، مکہ والوں نے ان کا استقبال کیا اور انہیں اپنے یہاں ٹھہرایا اور کہا کہ ہمارے یہاں ایک شخص ہے جو جادوگر ہے جس کی باتیں جادو کا سا اثر رکھتی ہیں تم ہرگز ان کی بات نہ سننا۔ انہوں نے اپنے کانوں میں روئی ٹھونس رکھی تھی کہ کہیں سے وہ کلام ان کے کان میں نہ پڑ جائے۔

ایک دن صبح جب وہ مسجد حرام آئے تو دیکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھ رہے ہیں انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تلاوت قرآن کرتے ہوئے سنا دل ہی دل میں کہا کہ میں خود ایک اچھا شاعر ہوں، اشعار کے حسن و فن سے واقف ہوں کیوں نہ اس کلام کو سن لوں جب میں نے قرآن کو سنا تو محسوس کیا کہ یہ کوئی شاعری اور جادوگری نہیں ہے نماز سے فارغ ہو کر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے گھر چلے میں بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیچھے پیچھے آیا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے درخواست کی کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور قرآن سنائیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قرآن سنایا اور اسلام کی دعوت دی چنانچہ میں نے وہیں اسلام قبول کر لیا۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

نبوت کا بارہواں سال ۔عمر مبارک ۵۲ واں سال سن عیسوی 622

حج کے دنوں میں یثرب کے ۱۲، انصاری صحابہ نے آپ کی دعوت پر اسلام قبول کیا،

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے بیعت بھی لی، جسے بیعت عقبہ اولی کہا جاتا ہے۔

ان کی خواہش پر حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ کو بحیثیت معلم و امام بنا کر مدینہ منورہ بھیجا۔

۲۷ رجب ہفتہ یا پیر کو معراج کا معجزہ ظاہر ہوا جس کی تفصیلات یہ ہیں

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا سینہ مبارک چاک کر کے آب زمزم سے اسے دھویا گیا

جنتی سواری براق جس کا نام جارود ہے پر سوار ہوئے اور بیت المقدس تک کا سفر فرمایا

مکہ مکرمہ سے بیت المقدس تک کے سفر کو اسراء کہتے ہیں۔ (سورہ بنی اسرائیل آیت نمبر ۱)

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بیت المقدس میں دو رکعت نماز میں تمام انبیاء کرام کی امامت فرمائی

بیت المقدس سے آسمان پر چڑھنے کے لئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے ایک سیڑھی لائی گئی۔

اسی لئے اس رات کو معراج کی رات کہا جاتا ہے۔

پہلے آسمان پر حضرت آدم علیہ السلام سے ملاقات ہوئی

دوسرے آسمان پر حضرت یحیی و عیسی علیہما السلام سے ملاقات ہوئی

تیسرے آسمان پر حضرت یوسف علیہ السلام سے ملاقات ہوئی

چوتھے آسمان پر حضرت ادریس علیہ السلام سے ملاقات ہوئی

پانچویں آسمان پر حضرت ہارون علیہ السلام سے ملاقات ہوئی

چھٹے آسمان پر حضرت موسی علیہ السلام سے ملاقات ہوئی

ساتویں آسمان پر حضرت ابراہیم علیہ السلام سے ملاقات ہوئی

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت عالیہ میں پانی، شراب اور دودھ پیش کئے گئے،

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دودھ کا پیالہ اٹھالیا اور نوش فرمایا۔

حضرت جبریل نے اسے فطرت کے مطابق عمل قرار دیا اور تعریف فرمائی۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سدرۃ المنتھی سے آگے تک تشریف لے گئے،

جب کہ حضرت جبریل سدرۃ المنتھی پر رک گئے اور کہا کہ وہ اس سے آگے نہیں بڑھ سکتے

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بیت المعمور کا دیدار فرمایا

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جنت وجہنم،، جنتیوں اور دوزخیوں کا مشاہدہ فرمایا

ڈاکٹر حمید اللہ پیرس کے الفاظ میں آگے کا سفر یوں ہے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آگے بڑھتے رہے حتی کہ وہ حظیرۃ القدس تک پہنچ گئے

جب ان کے اور خدا کے درمیان دو کمانوں کے مساوی یا اس سے بھی کم فاصلہ

قَابَ قَوْسَیْنِ اَوْ اَدْنٰی رہ گیا تو ٹھہر گئے (محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ۷۸)

اور بارگاہ ذوالجلال میں اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰہِ وَالصَّلَوٰاتُ وَالطَّیِّبَاتُ کا نذرانہ پیش فرمایا

اس کے جواب میں اللہ تعالی نے فرمایا

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ

اور پورا التحیات آخر تک اسی سفر کا تحفہ ہے۔

ابتداء پچاس نمازیں فرض ہوئیں لیکن حضرت موسی علیہ السلام کے مشورے واصرار پر کم ہوتے ہوتے پانچ رہ گئیں اگرچہ ان کا ثواب پچاس نمازوں ہی کا ہے۔

سورہ بقرہ کی آخری دو آیتیں عنایت فرمائی گئیں۔

اسی طرح سورہ بنی اسرائیل کی آیات نمبر ۲۳ تا ۳۹ میں بارہ احکام دیئے گئے جو یہ ہیں

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

۱) اور حکم دیا تیرے پروردگار نے کہ صرف اسی کی عبادت کرو

۲) اور اپنے ماں باپ کے ساتھ احسان کرو

۳) قرابت داروں، ضرورت مندوں اور مسافروں کو ان کا حق دو

۴) اپنا ہاتھ اپنی گردن سے باندھ کر نہ رکھو اور نہ ہی اسے بالکل ہی کھول دو

یعنی نہ تو اسراف کرو اور نا ہی کنجوسی کو اپناؤ

۵) اپنے بچوں کو تنگ دستی کے ڈر سے قتل نہ کرو

۶) اور زنا کے قریب بھی نہ جاؤ

۷) کسی جان کو ناحق قتل نہ کرو

۸) یتیم کے مال کے قریب نہ جاؤ

۹) عہد و وعدہ کو پورا کرو

۱۰) ناپ تول کرو تو پورا پورا اور صحیح ترازو سے تول کر دو

۱۱) اور جس بات کی تمہیں خبر نہیں ہے اس کے پیچھے نہ پڑو،

بے شک کان، آنکھ اور دل سے باز پرس ہوگی۔

۱۲) اور زمین پر اتراتے ہوئے نہ چلو۔ (محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ۷۸ و ۷۹)

جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس معجزہ کا اظہار فرمایا تو معراج کی صبح مشرکین مکہ نے اس معجزہ کا انکار کیا

اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بیت المقدس کے بارے میں سوالات کئے

اللہ تعالی نے حضرت جبریل کو حکم دیا تو انہوں نے

اپنے بازوؤں پر بیت المقدس کو لے کر دار عقیل کے پاس رکھ دیا،

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اسے دیکھ دیکھ کر ایک ایک چیز بتاتے تھے۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انھیں بتلایا کہ قریش کا تجارتی قافلہ جوشام کے سفر پر ہے وہ فلاں فلاں مقام پر ہے اس میں اتنے آدمی اور اتنے اونٹ ہیں اور وہ فلاں مہینے کی فلاں تاریخ کو یہاں پہنچے گا،
چنانچہ جس طرح آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا اسی طرح ہوا۔(عہد نبوت کے ماہ وسال ۴۳)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سفر معراج کا واقعہ سنے بغیر ہی حضرت ابوبکرؓ نے اس واقعہ کی تصدیق کی جس کے بعد حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دربار سے انہیں ' صدیق ' کا خطاب ملا۔
(محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ۸۱)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اجازت سے سب سے پہلے حضرت ابوسلمہؓ نے مکہ مکرمہ سے یثرب ہجرت فرمائی۔جن کی ہجرت کا واقعہ بڑا دل گداز اور سبق آموز ہے۔یہ اپنی بیوی اور بچہ کے ہمراہ سفر کے لئے نکلے،ان کے سسرالی قبیلہ نے ان کی بیوی کو ان سے چھین لیا،اور کہا کہ تم ہماری لڑکی کو نہیں لے جا سکتے،ان کے قبیلہ کو معلوم ہوا تو وہ ان کے لڑکے کو ماں سے یہ کہہ کر چھین لے گئے کہ یہ ہمارے قبیلہ کا بچہ ہے،اسے تم اپنے یہاں کیسے رکھ سکتے ہو،لہذا حضرت ابوسلمہؓ اپنی بیوی اور بچہ کو چھوڑ کر تنہا ہی روانہ ہو گئے،بہر حال بڑی مصیبتوں کے بعد ان کی بیوی اور بچہ کو ہجرت کرنے کی اجازت ملی اور وہ یثرب پہنچے۔(عہد نبوت کے ماہ وسال ۴۶)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

نبوت کا تیرہواں سال۔ عمر مبارک ۵۳ واں سال سن عیسوی 623

ہجرت کا پہلا سال

حج کے دنوں میں منیٰ کے میدان میں یثرب کے ۷۵، افراد نے اسلام قبول کیا
اسے بیعت عقبہ ثانیہ کہتے ہیں

اسی تیسری بیعت کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان میں سے ۱۲، افراد کو نقیب یعنی سردار، نمائندے مقرر فرمایا۔ اور انہیں یثرب میں دعوت اسلام کا ذمہ دار بنایا۔ (عہد نبوت کے ماہ وسال ۴۹)

دارالندوہ میں مشرکین کے سرداروں کا اجتماع ہوا جس میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خلاف فیصلہ کن اقدام پر غور ہوا اور اس سلسلہ میں مختلف تجاویز زیر غور آئیں، اس اجتماع میں شیطان ملعون نے نجدی شیخ کی صورت میں شرکت کی اور اس کے مشورے سے طے پایا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر قریش کے تمام قبائل مشترکہ طور پر قاتلانہ حملہ کریں، اور شمع رسالت کو نعوذ باللہ بجھا دیا جائے۔

اس سازش کی اطلاع اللہ تعالیٰ نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دی اور اب ہجرت کا حکم ہوا۔

۲۷ صفر، جمعرات کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے رات کے وقت مکہ مکرمہ سے ہجرت فرمائی

۲۷ صفر کی رات مشرکین مکہ کے ہر قبیلہ سے ایک ایک نوجوان ننگی تلوار لئے آپ ؐ کے گھر کا محاصرہ کیا

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی ؓ کو اپنے بستر مبارک پر سونے اور صبح امانتیں واپس کرنے کا حکم فرمایا

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سورہ یٰس کی تلاوت کرتے ہوئے گھر سے روانہ ہوئے

قرآن میں اللہ تعالیٰ کا بیان ہے کہ ہم نے ان کے سامنے اور ان کے پیچھے ایک دیوار کھڑی کر دی تو ہم نے ان پر غشی طاری کر دی تو وہ نہیں دیکھ رہے تھے۔ (سورہ یٰس، آیت نمبر ۹)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک مٹھی مٹی اٹھا کر ان پر پھینکی جس سے ان کی بینائی جاتی رہی

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے گھر سے نکل کر حضرت ابوبکرؓ کے گھر تشریف لائے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت ابوبکرؓ وہاں سے روانہ ہوئے

مکہ مکرمہ چھوڑنے سے پہلے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دعا فرمائی۔(عہد نبوت کے ماہ وسال ۱۲۱)

اور کعبہ سے خطاب کر کے فرمایا کہ

وَاللّٰهِ اِنَّكِ لَخَيْرُ اَرْضِ اللّٰهِ وَاَحَبُّ الْاَرْضِ اِلَى اللّٰهِ

وَلَوْلَا اَنِّي اُخْرِجْتُ مِنْكِ مَا خَرَجْتُ

بخدا! مجھے معلوم ہے کہ تو اللہ کی زمین میں سب سے بہتر ہے،

اور اللہ کو تمام دنیا سے محبوب ہے،

اگر مکہ والے مجھے جلاوطن نہ کرتے تو میں نہ جاتا۔(سیرت النبی ابن کثیر جلد ا صفحہ ۴۸۵)

جمعہ، ہفتہ، اتوار کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت ابوبکرؓ غار ثور میں رہے۔

مشرکین کا ٹولہ ڈھونڈتے ڈھونڈتے یہاں پر بھی پہنچ گیا، اللہ نے ان کی آنکھوں سے آپ کو بچایا۔

اور اللہ نے وحی نازل فرمائی کہ غم نہ کریں اللہ ہمارے ساتھ ہے۔(سورہ توبہ آیت نمبر ۴۰)

غار ثور میں کئی ایک معجزات کا ظہور ہوا کہ مکڑی نے جالے تانے، حضرت ابوبکرؓ کو سانپ کے ڈسنے

پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس پر اپنا لعاب دہن لگایا اور تکلیف ختم ہوگئی۔

(عہد نبوت کے ماہ وسال ۱۲۵)

پیر کی رات اس مبارک قافلہ نے عبداللہ بن اریقط کی راہ نمائی میں سفر ہجرت کا آغاز کیا۔

ایک دن ایک رات اور دوسرے دن دوپہر تک قافلہ چلتا رہا۔

(سیرت النبی شبلی اول ۱۷۰۔۱۷۲)

قدید کے مقام پر ام معبدؓ کے خیمہ کے پاس قافلہ رکا

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

ان کی لاغر بکری سے جو دودھ دینے کے قابل نہ تھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دودھ دوہا

اپنے ساتھیوں اور ام معبدؓ کو پلایا

اور خود آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سب سے آخر میں پیا۔ (سیرت النبی ابن کثیر جلد ا صفحہ ۴۷۰)

اور دودھ سے بھرا ہوا ایک پیالہ ان کے پاس چھوڑا۔

(یہ بکری حضرت عمرؓ کے دور خلافت ۱۸ ہجری تک دودھ دیتی رہی)۔ (عہد نبوت کے ماہ وسال ۱۲۶)

ام معبدؓ کے خیمہ سے روانہ ہونے کے بعد سراقہ بن مالک بن جعشمؓ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تعاقب میں قریب پہنچ گیا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دعا فرمائی اَللّٰھُمَّ اکْفِنَا مَا شِئْتَ اے اللہ! ہماری حفاظت فرمایئے،

سراقہ کا گھوڑا گھٹنوں تک سنگلاخ زمین میں دھنس گیا، جس پر انہوں نے امان چاہی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امان نامہ لکھ کر دیا اور یہ پیشن گوئی فرمائی کہ ایران فتح ہوگا اور کسریٰ کے کنگن تجھے پہنائے جائیں گے۔

(یہ پیشن گوئی حضرت عمرؓ کے دور خلافت میں پوری ہوئی اور حضرت عمرؓ نے انہیں کنگن پہنائے)

(عہد نبوت کے ماہ وسال ۱۲۷۔۱۲۸)

بریدہ بن حصیب اسلمیؓ اپنے ۸۰ ساتھیوں کے ساتھ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو گرفتار کرنے پہنچے لیکن دولت ایمان سے بہرہ ور ہوئے اور خود انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قافلہ سے آگے علم بردار بن کر چلتے ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یثرب پہنچایا۔

یثرب والوں کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہجرت کی اطلاع مل چکی تھی تو وہ روزانہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آمد کے انتظار میں ثنیات الوداع کے پاس جمع ہوتے اور شام میں لوٹ جاتے، جس دن حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آمد ہوئی اس دن بھی مسلمان انتظار کر کے لوٹ گئے تھے، ایک یہودی نے اپنے مکان کی چھت سے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تشریف لاتے ہوئے دیکھا تو باواز بلند پکار کر کہا کہ اے یثرب والو! تم جن کا انتظار کر رہے تھے وہ تشریف لا رہے ہیں، جس پر لوگ جمع ہو گئے اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بہترین استقبال کیا۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

یثرب سے تین میل پہلے ایک بستی قبا ہے جس میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جلوہ افروزی ہوئی۔
آپ صلی اللہ علیہ وسلم پیر کے دن دوپہر کے وقت قبا پہنچے۔
(مسند احمد بن حنبل جلد ۱ صفحہ ۲۷۷ حدیث نمبر ۲۵۰۶)
(سیرت النبی ابن کثیر جلد ۱ صفحہ ۴۶۷)
اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ۱۱، دن قبا میں قیام فرمایا۔ پہلی اسلامی مسجد کا قبا میں سنگ بنیاد رکھا اور تعمیر فرمائی
جمعہ کی صبح فجر پڑھ کر قبا سے روانگی عمل میں آئی
بنو سالم کے محلے کے لوگوں نے برکت کے لئے اپنے یہاں قیام کی درخواست کی ان کی درخواست پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہاں ٹھہرے اور نماز جمعہ بھی وہیں ادا فرمائی۔ (عہد نبوت کے ماہ وسال ۱۲۸)
راستہ میں بنو سالم کے محلے میں پہلا جمعہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امامت میں ادا کیا گیا۔
(آج بھی مسجد نبوی سے مسجد قباء کے راستہ میں مسجد جمعہ موجود ہے)
۱۶، ربیع الاول یا ۲۳، ربیع الاول جمعہ کو یثرب میں جلوہ افروزی ہوئی
یثرب کے نوجوانوں، مردوں نے راستے کے دونوں جانب کھڑے ہو کر آپ کا استقبال کیا۔ یثرب کے بچے بچیوں نے اشعار گا گا کر آپ کا استقبال کیا۔

طَلَعَ الْبَدْرُ عَلَيْنَا مِنْ ثَنِيَّاتِ الْوَدَاعِ
وَجَبَ الشُّكْرُ عَلَيْنَا مَا دَعَا لِلّٰهِ دَاعِ
أَيُّهَا الْمَبْعُوثُ فِيْنَا جِئْتَ بِالْأَمْرِ الْمُطَاعِ
جِئْتَ شَرَّفْتَ الْمَدِيْنَةَ، مَرْحَبًا يَا خَيْرَ دَاعِ

مدینہ منورہ کی خواتین گھروں کی چھتوں پر چڑھ گئیں اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دیدار کیا
(عہد نبوت کے ماہ وسال ۱۳۰)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

ہر قبیلہ اور ہر گھر والے کی خواہش تھی کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کے یہاں مہمان رہیں لیکن اونٹنی مامور تھی حضرت ابوایوب انصاریؓ کے گھر کے سامنے بیٹھ گئی

حضرت ابوایوبؓ کا گھر ایک منزلہ تھا، گراونڈ فلور میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور فرسٹ فلور پر حضرت ابوایوب رہتے تھے۔ حضرت ابوایوب انصاری کو ۷ مہینے مہمانی کی سعادت ملی۔

بنونجار کی لڑکیوں نے اس سعادت کے حاصل ہونے پر کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کے قبیلہ میں ہیں یہ اشعار گا رہی تھیں۔ نَحْنُ جَوَارِ مِنْ بَنِی نَجَّارِ

یَا حَبَّذَا مُحَمَّدُ مِنْ جَارِ

ہم خاندان نجار کی لڑکیاں ہیں، محمد صلی اللہ علیہ وسلم کیا ہی اچھے ہم سایہ ہیں۔

(سیرت النبی ابن کثیر جلد ا صفحہ ۴۷۸)

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بنونجار کے دو یتیم بچوں سہل و سہیل سے جگہ خرید کر مسجد نبوی کی تعمیر فرمائی

گھر والوں کے لئے حجروں کی تعمیر فرمائی۔ مکہ مکرمہ سے افراد خاندان حضرت فاطمہؓ، حضرت ام کلثومؓ، ام المومنین حضرت سودہ بنت زمعہؓ، حضرت ام ایمنؓ کو بلا بھیجا۔

مسجد نبوی کے ایک گوشے میں صفہ کی تعمیر فرمائی۔

نماز کے لئے اذان و اقامت کا آغاز ہوا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حکم پر سب سے پہلے حضرت بلالؓ نے مدینہ میں فجر کی نماز کے لئے اذان کہی

(عہد نبوت کے ماہ و سال ۱۳۴۔۱۳۵)

اہبان بن اوسؓ ایک چرواہے تھے بھیڑیئے نے ان سے گفتگو کی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت کی شہادت دی تو انہوں نے کہا کہ کاش! کوئی میری بکریوں کی نگہداشت کرتا کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت عالیہ میں جاتا اور اسلام قبول کرتا بھیڑیئے نے اس کی بھی ذمہ داری لی تو وہ

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور اسلام قبول فرمایا اور سارا واقعہ کہہ سنایا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس سے خوش ہوئے اور انھیں جلدی واپس کر دیا، وہ لوٹے تو دیکھا کہ بھیڑیا ان کی بکریاں چرا رہا ہے۔ (عہد نبوت کے ماہ وسال ۱۳۵)

جب مسجد نبوی کی تعمیر تقریباً ختم ہوئی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مہاجرین وانصار میں بھائی چارہ قائم فرمایا۔

(سیرت النبی شبلی جلد ا صفحہ ۱۷۸)

مہاجرین میں مکہ سے ہجرت کرنے کے بعد اب تک کوئی بچہ پیدا نہیں ہوا تھا یہ مشہور ہو گیا تھا کہ یہودیوں نے مہاجرین پر جادو کر دیا ہے۔ اسی سال مہاجرین میں ہجرت کے بعد سب سے پہلے عبداللہ بن زبیرؓ پیدا ہوئے تو مہاجرین نے خوشی کا نعرہ مارا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تحنیک کی۔ یعنی اپنے منہ میں کھجور چبا کر انھیں کھلایا۔ (سیرت النبی شبلی جلد ا صفحہ ۱۸۵)

روزانہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے یہاں تین چار صحابہ تحائف پیش کیا کرتے تھے۔

(سیرت النبی ابن کثیر جلد ا صفحہ ۴۸۱)

اسی طرح حضرت انسؓ کو ان کی والدہ نے خدمت اقدس میں پیش کیا اور عرض کیا کہ هَذَا خُوَيْدِمُكَ يَا رَسُوْلَ الله! یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ آپ کا چھوٹا سا خادم ہے۔ (اس وقت ان کی عمر دس سال تھی) اسے قبول فرمائیے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کے حق میں دعا فرمائی۔

شوال میں چہار شنبہ کے دن حضرت عائشہؓ کی رخصتی عمل میں آئی،

یعنی کاشانہ نبوت میں داخل ہوئیں، اس وقت ان کی عمر مبارک ۹ سال تھی۔

(عہد نبوت کے ماہ وسال ۱۳۸)

حضرت سلمان فارسیؓ کی آزادی کے لئے ۳۰۰ کھجور کے پودے لگائے، اور اللہ کی شان کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دست مبارک کی برکت سے وہ سارے پودے اسی سال بار آور ہوئے۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

یثرب میں وبائی امراض بکثرت ہوا کرتے تھے، مہاجرین اس سے بہت زیادہ متاثر ہو رہے تھے، ان کا رنگ پیلا پڑ گیا تھا، وہ بہت کمزور ہو گئے تھے اور انہیں مکہ مکرمہ و کعبہ معظّمہ کی یاد ستانے لگی تھی، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مدینہ اور اہل مدینہ کے لے لازوال ولا ثانی اور یادگار دعا فرمائی۔

جس کا ترجمہ یہ ہے۔ اے اللہ! ہمارے لئے مدینہ کو اسی طرح محبوب بنا دیجئے

جس طرح ہمیں مکہ محبوب ہے، بلکہ اس سے بھی زیادہ اور اسے ہمارے لئے صحت افزا بنا دیجئے،

اور اس کے پیمانوں میں برکت فرما، اور یہاں کی بخار کو جحفہ کی طرف منتقل کر دے۔

ربیع الآخر میں ظہر، عصر و عشاء کی نمازوں کی رکعتوں میں اضافہ ہوا یعنی وہ چار چار رکعتیں کر دی گئیں۔

(عہد نبوت کے ماہ و سال ۱۴۴)

مدینہ منورہ تشریف آوری کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مدینہ کے منافقین

قرب و جوار میں آباد یہودی قبائل اور ان کے پس پردہ مشرکین مکہ سے سامنا تھا تو

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہودی قبائل سے معاہدہ کیا۔ وہیں یہ بات بھی پیش نظر تھی کہ

مہاجرین تاجر تھے اور انصار مدینہ کاشتکار تھے اور پوری تجارت یہودیوں کے ہاتھ میں تھی

تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس نکتہ کو پوری طرح محسوس کرتے ہوئے یہودیوں سے معاہدہ کیا۔

اس معاہدہ کی تفصیلات کچھ اس طرح ہیں۔

کسی طرف سے لڑائی جھگڑا نہیں ہوگا۔

اور سارے قبائل مدینہ کی حفاظت کے لئے ایک دوسرے کی مدد کریں گے۔

بیرونی کسی دشمن کی مدد نہیں کریں گے۔

باہمی معاملات کو آپس میں حل کریں گے۔ اس معاہدہ کو سیرت و تاریخ میں میثاق مدینہ کہا جاتا ہے۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

ہجرت کا دوسرا سال

نبوت کا چودہواں سال۔عمر مبارک ۵۴ واں سال سن عیسوی 624

محرم میں یوم عاشوراء کا روزہ فرض ہوا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خواہش تھی کہ مسلمانوں کا قبلہ بیت المقدس کے بجائے کعبہ ہو جائے تو اللہ تعالی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خواہش پوری فرمائی۔ (سورہ بقرہ ،آیت ۱۴۴)

اور تحویل قبلہ کا واقعہ ہجرت کے ۱۷ مہنیہ بعد شعبان کے مہینہ میں اس وقت پیش آیا جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم مسجد قبلتین میں نماز ظہر کی امامت فرما رہے تھے۔

دو رکعتیں ہو چکی تھیں۔بقیہ دو رکعتیں کعبہ کی طرف رخ کر کے پڑھائیں۔(کیسی عمدہ مثال ہے صحابہ کرام کے اتباع وتقلید کی کہ عمل رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اقتداء میں بیت المقدس کی طرف سے بغیر کسی حکم بیت اللہ کی طرف حالت نماز میں پھر جاتے ہیں)

ہجرت کے ۱۸ ویں مہینہ میں رمضان المبارک کے مکمل روزے فرض ہوئے۔

(سورہ بقرہ ، آیت نمبر ۱۸۳)

زکوۃ فرض ہوئی۔ (سورہ توبہ ، آیت نمبر ۱۰۳)

مشرکین مکہ نے مدینہ کے یہودی قبیلوں سے ساز باز شروع کر دی اور ان کو مسلمانوں کے خلاف بھڑکانا اور جلاوطن کرنے کی کوششیں شروع کیں،جس کا علم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تھا۔ان حالات میں اللہ تعالی نے ۱۲ صفر کو جہاد کی اجازت دی۔ (سورہ حج ، آیت نمبر ۳۹)

۱۲، رمضان المبارک کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مکہ کے تجارتی قافلہ کے تعاقب کے لئے مدینہ سے روانہ ہوئے۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

بے سروسامانی کا یہ عالم تھا کہ پورے قافلہ میں صرف ۲ گھوڑے، ۷۰، اونٹ ۔ ۸ تلواریں تھیں ۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ بدر جاتے وقت ایک اونٹ تین تین آدمیوں میں مشترک تھا نوبت بہ نوبت سوار ہوتے تھے ۔ حضرت ابولبابہؓ اور حضرت علیؓ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے شریک تھے ۔ (سیرت مصطفیٰ جلد ۲، صفحہ ۵۸)

آپ صلی اللہ علیہ وسلم، ابوسفیان کے قافلہ کا تعاقب کرنے کے ارادہ سے روانہ ہوئے تھے

لیکن وہ بچ کر آگے نکل گیا اور اُدھر مکہ میں یہ افواہ پہنچ گئی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم قافلہ کو لوٹنا چاہتے ہیں

ابوجہل مکہ مکرمہ سے لوگوں کو جنگ کے لئے تیار کر کے لایا

بدر کے مقام پر دونوں فوجیں آمنے سامنے ہوگئیں ۔

مسلمانوں کی تعداد ۳۱۳ تھی، کافروں کی تعداد ۹۵۰ تھی ۔ (خطبات بھاولپور ۲۶۹)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے صحابہ سے مشورہ کیا کہ لڑنا چاہیے یا واپس ہوجانا چاہیے؟

مہاجرین میں حضرت ابوبکرؓ و حضرت عمرؓ نے اور انصار میں سے حضرت سعد بن معاذؓ اور حضرت مقداد بن اسودؓ نے مقابلہ کی رائے دی اور اپنی جانثاری وفداکاری کا پیش کش کیا جس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم خوش ہوئے ۔

۱۷ رمضان المبارک ، جمعہ کے دن غزوہ بدر ہوا ۔

جنگ سے پہلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے نہایت آہ وزاری سے دعا مانگی

اَللّٰهُمَّ اِنْ تُهْلِكْ هٰذِهِ الْعِصَابَةُ لَنْ تُعْبَدْ فِي الْاَرْضِ اَبَداً

کہ اے کریم! اس جماعت کو مٹنے سے بچالے

اگر یہ گروہ مٹ گیا تو کبھی بھی زمین پر تیری عبادت نہیں ہوگی ۔

اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی دعا قبول فرمائی ۔ (سورہ القمر، آیت نمبر ۴۵)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

اور فرشتوں سے غیبی مدد فرمائی۔ (سورہ آل عمران آیت نمبر ۱۲۳)

دشمن کو شکست فاش ہوئی۔ مکہ کے ۷۰ سردار اور جنگجو مارے گئے۔

جنگ کے بعد تین دن تک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہیں قیام فرمایا۔

اور وہاں سے روانگی کے وقت مشرکین کے مردوں کو نام بنام مخاطب فرمایا

حضرت عمرؓ کے تعجب کرنے پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ یہ تم سے زیادہ میری باتوں کو سن رہے ہیں۔

جنگ میں حاصل ہونے والا مال غنیمت مسلمانوں کے لئے حلال ہوا۔ (سورہ انفال آیت نمبر ۶۹)

۷۰ کافر قیدی مدینہ منورہ لائے گئے۔ مالدار قیدیوں سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فدیہ لیا

نادار لیکن پڑھے لکھے قیدیوں کو فی کس دس انصاری بچوں کو تعلیم دینے پر رہائی دی

نادار ان پڑھ قیدیوں کو اس شرط پر رہائی دی کہ وہ آئندہ مسلمانوں سے جنگ نہ کریں گے

(خطبات بھاولپور ۲۷۲)

حضرت رقیہؓ کا انتقال جنگ بدر کے دو دن بعد ہوا۔ حضرت عثمانؓ ان کی علالت کی وجہ سے جنگ بدر میں شریک نہ ہو سکے تھے، لیکن آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انھیں جنگ بدر کے مال غنیمت میں سے حصہ دیا۔

صفر کے اواخر میں اٹھارہ برس کی عمر میں حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا نکاح حضرت علیؓ سے فرمایا

اور حضرت فاطمہؓ سے فرمایا کہ میں نے اپنے خاندان میں افضل ترین شخص سے تمہارا نکاح کیا ہے۔

(سیرت النبی شبلی جلد ۱ صفحہ ۲۲۳)

یہودی قبیلہ بنوقینقاع نے بدعہدی کی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کی جلاوطنی کا حکم فرمایا

عید سے دو دن پہلے صدقہ فطر کا حکم نازل ہوا۔

جنگ بدر سے لوٹنے کے بعد یکم شوال کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عید الفطر کی نماز عیدگاہ میں ادا فرمائی

یہ پہلی عید الفطر تھی۔ (سیرت النبی شبلی جلد ۱ صفحہ ۲۲۳) (زرقانی جلد ۱ صفحہ ۴۵۴)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

ہجرت کا تیسرا سال

نبوت کا سولہواں سال ۔عمر مبارک ۵۵ واں سال سن عیسوی 625

نواسہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت عبداللہ بن عثمانؓ کا ٦ سال کی عمر میں جمادی الاول میں انتقال ہوا جو حضرت رقیہؓ کے بیٹے ہیں۔

حضرت رقیہؓ کے انتقال کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ربیع الاول میں اپنی دختر حضرت ام کلثومؓ کا نکاح حضرت عثمانؓ سے فرمایا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شعبان میں حضرت حفصہ بنت عمرؓ سے نکاح فرمایا جو جنگ بدر میں بیوہ ہوگئی تھیں۔

١٥ رمضان کو حضرت حسن بن علیؓ کی ولادت ہوئی۔

١٥ شوال کو ہفتہ کے دن غزوہ احد پیش آیا جس کی تفصیل یہ ہے

غزوہ احد میں ١٠٠٠ ہزار مجاہدین آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ مدینہ منورہ سے روانہ ہوئے راستہ میں عبداللہ بن ابی بن سلول اپنے ٣٠٠ ساتھیوں کو لے کر یہ کہہ کر مدینہ واپس ہو گیا کہ ہماری بات نہیں مانی گئی کہ مدینہ میں ہی رہ کر لڑائی کی جائے تو پھر کیوں ہم اپنی گردنیں کٹوائیں۔

جنگی نقطہ نظر سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے احد کے مقام پر ایک ٹیلہ پر ٥٠ صحابہ کو حضرت عبداللہ بن جبیرؓ کی سرداری میں مقرر فرمایا کہ وہ اپنی جگہ سے نہ ہٹیں تا کہ پیچھے سے مشرکین حملہ آور نہ ہوسکیں۔

ابتداء میں مسلمان بڑی بہادری سے لڑے اور جنگ مسلمانوں کے حق میں ہوگئی

اس وقت درہ پر متعین صحابہ نے یہ سمجھ کر کہ اب لڑائی ختم ہوگئی ہے تو باوجود اپنے سردار کے روکنے کے انہوں نے اپنی جگہ چھوڑ دی اور وہ مال غنیمت اکٹھا کرنے میں لگ گئے، جس پر دشمن کی فوج نے جس

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

کے سردار خالد بن ولید تھے اس اہم پہاڑی محاذ کو خالی دیکھ کر مسلمانوں پر

اس جانب سے حملہ کر دیا

جس سے مسلمان حواس باختہ ہو گئے اور ۷۰ صحابہ شہید ہو گئے

مسلمان اس حملے کو سمجھ نہ سکے اور دشمن کی زد میں آ گئے

اسی لڑائی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کو کہا کہ

میرے ماں باپ تجھ پر قربان اے سعد! تیر پھینکو۔ (جامع ترمذی، حدیث نمبر ۲۸۲۹)

اسی غزوہ میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دندان مبارک شہید ہوئے

اسی غزوہ میں سر مبارک اور رخ انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر زخم آئے

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بددعا کی اپیل کی گئی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا!

''اے اللہ میری قوم کو ہدایت دے''

صحیح مسلم کی روایت میں یہ الفاظ آئے ہیں کہ

رَبِّ اغْفِرْ قَوْمِی فَإِنَّهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ

''اے اللہ! میری قوم کو بخش دے، اس لئے کہ وہ نہیں جانتے''۔

حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے صورت میں مشابہ اور علم بردار تھے

ایک مشرک نے انھیں شہید کیا تو غل مچ گیا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے شہادت پائی

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی شہادت کی افواہ پھیل گئی

اس آواز سے عام بدحواسی چھا گئی۔ بڑے بڑے دلیروں کے پاؤں اکھڑ گئے

اور یہ افواہ مدینہ منورہ تک پہنچ گئی تو صحابیات تک میدان جنگ پہنچ گئیں

حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے پہنچ کر دیکھا تو چہرہ مبارک سے خون جاری تھا

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

حضرت علیؓ سپر میں پانی بھر کر لائے

حضرت فاطمہؓ زخم کو دھوتی تھیں لیکن خون تھمتا نہیں تھا

بالآخر چٹائی کا ایک ٹکڑا جلا کر زخم میں بھر دیا گیا تو خون فوراً تھم گیا۔(سیرت النبی شبلی جلد ا صفحہ ۲۳۰)

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے احد کے میدان کے ایک حصہ میں شہداء کی نعشیں جمع فرمائیں

اور شہداء احد کی نماز جنازہ ادا فرمائی۔

جن میں حضرت حمزہؓ کی مثلہ شدہ نعش بھی تھی

ہند بنت عتبہ نے حضرت حمزہؓ کے ناک کان کاٹ کر ہار بنا کر گلے میں ڈالا

ان کا پیٹ چاک کر کے کلیجہ نکالا اور چبا گئی لیکن گلے سے اتر نہ سکا اس لئے اگل دینا پڑا۔

(سیرت النبی شبلی ا صفحہ ۲۳۱)

حضرت حمزہؓ کی نماز جنازہ ۷۰ مرتبہ ہوئی۔ ہر شہید کے جنازہ کے ساتھ ان کی بھی نماز جنازہ پڑھی گئی۔

زخموں سے چور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور صحابہ مدینہ پہنچے ہی تھے کہ

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہ سے فرمایا کہ

دشمن کا تعاقب کیا جائے کہیں وہ دوبارہ حملہ آور نہ ہو،

اس طرح آپ نے ۸ میل فاصلہ طے کر کے کفار مکہ کا تعاقب کیا

اور حمراء الاسد پہنچے، دشمن کی فوج کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تعاقب کی خبر ملی تو انہوں نے مکہ کی راہ لی۔

اواخر ذی الحجہ میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت زینب بنت خزیمہؓ سے نکاح فرمایا

اسی سال وراثت کا قانون بھی نازل ہوا۔ (سورہ نساء، آیات ۱۱ تا ۱۴)

مشرکہ عورت، اور مشرک مرد سے نکاح کی حرمت بھی اسی سال نازل ہوئی۔

(سیرت النبی شبلی ا صفحہ ۲۳۴)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

ہجرت کا چوتھا سال

نبوت کا سترہواں سال۔عمر مبارک ۵٦واں سال سن عیسوی 626

ربیع الاول میں شراب کی حرمت نازل ہوئی (سورہ مائدہ آیات ۹۰ تا ۹۳)

نواسہ رسول حضرت حسین بن علی کی ۲۵ یا ۲۷ شعبان کو ولادت ہوئی

آپ کی اہلیہ ام المومنین حضرت زینب بنت خزیمہ کا انتقال، ربیع الاول یا ربیع الثانی میں ہوا

صفر کے مہینہ میں قبیلہ کلاب کا سردار ابو براء مدینہ آیا اور آپ سے درخواست کی کہ

چند لوگوں کو میرے ساتھ بھیجئے کہ میری قوم کو اسلام کی دعوت دیں

آپ نے فرمایا کہ مجھے نجد کی طرف سے ڈر ہے

ابو براء نے کہا کہ میں ان کا ضامن ہوں۔

آپ نے ستر صحابہ کو اس کے ساتھ بھیجا

قبیلہ عصیہ، رعل اور ذکوان کے کفار نے ان

۷۰ صحابہ کو دھوکہ سے قتل کیا جو بئر معونہ اور سریۃ القراء کا حادثہ کہلاتا ہے

ان ہی دنوں یہ دوسرا واقعہ پیش آیا کہ

قبیلہ عضل اور قارہ کے چند آدمی آپ کے پاس آئے اور کہا کہ ہمارے قبیلہ نے اسلام قبول کرلیا ہے

اس کی تعلیم کے لئے صحابہ کو ہمارے ساتھ بھیجئے تو آپ نے

٦ یا ۱۰ صحابہ ان کے ساتھ روانہ فرمایا لیکن رجیع کے مقام پر

ان کو دھوکہ سے قتل کیا گیا جو حادثہ ''رجیع'' کہلاتا ہے

ان دونوں واقعات سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بہت صدمہ پہنچا اور آپؐ بے حد مغموم ہوئے

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

ان دو الم ناک حادثات کے بعد آپؐ نے ایک ماہ تک نماز فجر میں قنوت نازلہ پڑھی

رجیع کے واقعہ میں حضرت خبیب کو گرفتار کیا گیا اور حارث بن عامر کے بیٹوں نے انہیں خریدا

اور انہوں نے حضرت خبیب کو تنعیم کے مقام پر سولی دی

(یہ جگہ، مکہ مکرمہ میں کعبہ سے مسجد عائشہ کے راستہ میں طریق الشہداء کے نام سے ہے)

یہ پہلے صحابی ہیں جنہوں نے شہادت کے وقت دو رکعت نماز پڑھی۔ (اور ان کے بعد یہ روایت پڑ گئی) جس کے بعد انہیں سولی دی گئی،

اور نعش اسی طرح لٹکی ہوئی چھوڑی، سولی دیئے جانے کے ۴۰ دن کے بعد

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی نعش مکہ سے منگوائی۔

اور حضرت خبیب کی دو رکعت شہادت کی تحسین فرمائی۔

اسی طرح اسی قافلہ کے ایک دوسرے صحابی حضرت زید بن دثنہ کی شہادت کا واقعہ ہے

کہ صفوان بن امیہ نے انہیں خریدا، اور سولی دیئے جانے کے وقت ابوسفیان نے ان سے پوچھا کہ

سچ کہنا اس وقت تمہارے بدلہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) قتل کئے جاتے تو کیا تم

اس کو اپنی خوش قسمتی نہ سمجھتے۔

حضرت زید بولے! خدا کی قسم! میں تو اپنی جان کو اس کے برابر بھی عزیز نہیں رکھتا کہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تلووں میں کانٹا چبھ جائے۔ (سیرت النبی شبلی ا صفحہ ۲۳۷)

اسی سال شوال کے اواخر میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ام سلمہ سے نکاح فرمایا

حضرت عمرو بن امیہ ضمری جو بئر معونہ میں کفار کے ہاتھوں قتل ہونے سے بچ گئے تھے، واپسی میں بنی عامر کے دو آدمیوں کو قتل کر دیا کہ اسی قبیلہ کے لوگوں نے ۷۰ صحابہ کو قتل کیا تھا لیکن انھیں اس کا علم نہیں تھا کہ رسول اللہ کا امان نامہ ان کے پاس ہے،

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

بہر حال جب وہ مدینہ پہنچے اور اپنے ساتھیوں کے مظلومانہ شہادت کا واقعہ سنایا

وہیں یہ واقعہ بھی رسول اللہ کے گوش گذار کیا تو

رسول اللہ نے ناراضگی کا اظہار فرمایا، چونکہ ان دونوں کا خون بہا دینا تھا

اور معاہدہ کے رو سے اس کا ایک حصہ بنونضیر یہودی قبیلہ کو بھی واجب الاداء تھا تو

آپ صلی اللہ علیہ وسلم اسی سلسلہ میں بنونضیر تشریف لے گئے

بنونظیر نے خون بہا دینا قبول کیا لیکن در پردہ یہ سازش کی کہ

ایک شخص چپکے سے بالا خانہ پر چڑھ کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر پتھر گرا دے۔

عمرو بن حجاش یہودی اس ارادے سے کوٹھے پر چڑھا

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس بد باطنی کا وحی کے ذریعہ علم ہوا آپؐ فوراً مدینہ واپس تشریف لے آئے

اسی طرح یہ بھی معلوم ہوا کہ وہ ظاہراً آپ سے بات چیت کرنے کا اظہار کر رہے ہیں لیکن

تلواریں باندھ کر تیار ہیں کہ جب آپ تشریف لائیں تو آپ کو قتل کر دیں

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پندرہ دن تک ان کا محاصرہ کیا

اور بدعہدی کی سزا میں انہیں جلاوطنی کا حکم فرمایا۔

(سیرت النبی شبلی ا صفحہ ۲۴۷۔ ۲۴۸)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

ہجرت کا پانچواں سال

نبوت کا اٹھاہواں سال۔ عمر مبارک ۵۷ واں سال سن عیسوی 627

دومۃ الجندل کا غزوہ ہوا

حضرت زینب بنت جحشؓ بحکم خداوندی آپ کی زوجیت میں داخل ہوئیں۔

جنہیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے منہ بولے بیٹے حضرت زیدؓ نے طلاق دیدی تھی۔ تفصیل سورہ احزاب میں ہے کہ متبنی کی طلاق شدہ بیوی سے نکاح کرنے پر مشرکین ومنافقین اور یہودیوں نے ایک ہنگامہ بپا کیا، قرآن مجید نے یہ قانون قرار دیا کہ متبنی کی کوئی حیثیت شریعت اسلام میں نہیں ہے۔

جمادی الاخری میں مدینہ میں چاند گرہن ہوا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نماز خسوف ادا فرمائی۔

۲ شعبان کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ کے ساتھ مدینہ منورہ سے روانہ ہوئے

اور شعبان ہی میں غزوہ بنو مصطلق پیش آیا جس کو غزوہ مریسیع بھی کہا جاتا ہے

جس میں مسلمانوں کو اللہ نے فتح عطا فرمائی

اس غزوہ میں قید ہو کر آنے والوں میں بنو مصطلق کے سردار کی بیٹی حضرت جویریہ بنت حارث بن ابی ضرارؓ بھی تھیں جن سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نکاح فرمایا

اور اس نکاح کی وجہ سے ۶۰۰ قیدیوں کو صحابہ نے رہا کر دیا کہ

جس خاندان میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح کیا وہ غلام نہیں ہو سکتا

واپسی میں ایک چشمہ کے پاس انصار اور مہاجرین میں جھگڑا ہو گیا لیکن معاملہ ختم کرا دیا گیا

منافقین کا سردار عبداللہ بن ابی ابن سلول نے اس کو اور بھڑکانے کی کوشش کی

اور انصار سے کہا کہ تم ہی نے مہاجرین کی مدد کر کے اپنے برابر کر لیا ہے

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

اور یہ بھی کہا کہ مدینہ پہنچ کر ہم ان ذلیل لوگوں کو نکال باہر کریں گے۔ (سورہ منافقون، آیت ۸)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس واقعہ کی اطلاع دی گئی

حضرت عمرؓ بھی اس وقت موجود تھے، کہا کہ حکم فرمائیں تو منافق کی گردن اڑا دوں

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تم یہ چرچا پسند کرتے ہو کہ لوگ کہیں کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اپنے ساتھ والوں کو قتل کرا دیا کرتے ہیں۔

اس کے صاحب زادے عاشق رسول حضرت عبداللہ آئے اور کہا کہ

اگر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مرضی ہو تو مجھ ہی کو حکم دیں میں ابھی اس کا سر کاٹ کر لاتا ہوں

ایسا نہ ہو کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کسی اور کو حکم دیں اور میں غیرت و محبت کے جوش میں آ کر قاتل کو قتل کر دوں

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انھیں اطمینان دلایا کہ قتل کی بجائے میں اس پر مہربانی کروں گا۔

اسی غزوہ میں تیمم کا حکم نازل ہوا۔

اسی غزوہ میں افک کا واقعہ یعنی حضرت عائشہ صدیقہؓ پر تہمت لگانے کا واقعہ پیش آیا

منافقین نے اس کو خوب پھیلایا اور اس کا چرچا کیا اور مدینہ کا ماحول خراب کرنے،

اور اہل مدینہ کے ذہن بگاڑنے کا ذریعہ بنایا جس کی زد میں کچھ صحابہ بھی آ گئے

اللہ تعالی نے حضرت عائشہؓ کی براءت و پاکدامنی پر سورہ نور کی ۱۸ آیتیں نازل فرمایا

تہمت لگانے والے چار افراد کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ۸۰ کوڑے لگوائے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اطلاع ملی کہ

خیبر میں آباد یہودی بنو نضیر کے سردار سلام بن ابی الحقیق، حیی بن اخطب، کنانہ بن ربیع نے

مکہ جا کر قریش مکہ کو

اور قبیلہ غطفان، اور بنو اسد اور قبیلہ بنو سلیم اور بنو سعد کو جنگ پر آمادہ کر لیا ہے

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

غرض ان تمام قبائل کے دس ہزار کی فوج مدینہ کی طرف بڑھی۔

(اسی لئے اس جنگ کو احزاب کہا جاتا ہے)

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ سے مشورہ کیا

حضرت سلمان فارسیؓ نے خندق کھودنے کی تجویز پیش کی

جس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پسند فرمایا

اور ۸ ذوقعدہ کو دس دس آدمیوں پر دس دس گز زمین کھودنے کی ذمہ داری ڈالی گئی

جو پانچ گز گہری تھی

جاڑے کے موسم میں بیس دن میں تین ہزار متبرک ہاتھوں سے خندق مکمل ہوئی۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی مہاجرین وانصار کے ساتھ اس میں شریک کار رہیں

پتھر کھودتے کھودتے اچانک ایک سخت چٹان آگئی

صحابہ نے ہر ممکن کوشش کر لی لیکن کامیابی نہ ملی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اطلاع دی گئی

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ایک کدال میں چٹان ریزہ ریزہ ہوگئی

اور اس موقعہ پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بلاد قیصر وکسری اور یمن کے فتح ہونے کی خوشخبری سنائی

خندق کی کھدوائی کی وجہ سے اس کو غزوہ خندق کہا جاتا ہے۔

غزوہ خندق کے موقعہ پر دیگر کئی ایک معجزات کا ظہور ہوا۔

غزوہ خندق میں ایک مہینے تک اس سختی سے مشرکین سے محاصرہ ومقابلہ رہا کہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور صحابہ پر تین تین فاقے گزرے

ایک دن صحابہ نے بے تاب ہو کر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے اپنے شکم کھول کر دکھائے کہ پتھر بندھے ہوئے ہیں

لیکن جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا شکم مبارک کھولا تو ایک کے بجائے دو پتھر تھے۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

اسی محاصرہ کے دوران ایک موقعہ پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے
حضرت زبیر بن عوام کو کہا کہ میرے ماں باپ تجھ پر قربان اے زبیر! تیر پھینکو
خندق میں واقع مسجد فتح میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم پیر، منگل، چہارشنبہ تین دن مسلسل دعا فرمائی
اور چہارشنبہ کی ظہر وعصر کے درمیان آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعا قبول ہوئی
اللہ تعالی نے سخت آندھی بھیجی جس کا ذکر قرآن میں یوں کیا گیا ہے
مسلمانو! خدا کے اس احسان کو یاد کرو جب کہ تم پر فوجیں آپڑیں تو ہم نے ان پر آندھی بھیجی
اور فوجیں بھیجیں جو تم کو دکھائی نہیں دیتی تھیں۔ (سورہ احزاب آیت نمبر ۲)
غزوہ خندق کے مشکل ترین دنوں میں جب کہ مدینہ کے باہر دشمن کی دس ہزار فوج گھات لگائے بیٹھی
ہے ان نازک ترین حالات میں مدینہ کے اندر آباد یہودی قبیلہ بنو قریظہ نے بدعہدی کی
اور جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حقیقت حال کے علم کے لئے
حضرت سعد بن معاذؓ اور حضرت سعد بن عبادہؓ کو بنو قریظہ بھیجا تو یہودی قبیلہ بنو قریظہ نے کہا کہ
'ہم نہیں جانتے کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کون ہیں ؟ اور معاہدہ کیا چیز ہے؟
اس طرح انہوں نے مسلمانوں سے کیئے گئے عہد کو توڑ دیا تو اس کا بدلہ لینا ضروری تھا
غزوہ خندق سے واپسی ظہر میں ہوئی اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عصر کی نماز بنو قریظہ میں پڑھنے کا حکم فرمایا
تو صحابہ کی ایک جماعت نے راستہ میں عصر کے وقت عصر کی نماز پڑھ لی
اور صحابہ کی دوسری جماعت نے بنو قریظہ پہنچ کر ہی عصر پڑھی جب کہ عصر کا وقت ختم ہو چکا تھا۔
یہ معاملہ خدمت اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں پیش ہوا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دونوں جماعتوں کی تصویب فرمائی
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بنو قریظہ پہنچے اور ان سے معاہدہ کے بابت بات ہوئی
لیکن وہ مقابلہ کا فیصلہ کر چکے تھے

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

غرض ان کا محاصرہ کیا گیا جو تقریبا ایک ماہ تک جاری رہا

بالآخر انہوں نے درخواست پیش کی کہ حضرت سعد بن معاذؓ جو فیصلہ کریں ہم کو منظور ہے

لہذا بنو قریظہ کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت سعد بن معاذؓ کو حکم قرار دیا

اور انہوں نے یہ فیصلہ دیا کہ چونکہ انہوں نے ایک مشکل وقت میں جب کہ مسلمان باہر کے دشمن کے خلاف برسر پیکار تھے انہوں نے اندرون رہ کر دغا کیا ہے اور بدعہدی کی ہے تو ان کے لڑنے کے قابل افراد کو قتل کر دیا جائے اور ان کے مال واسباب مسلمان لے لیں۔

ان کی عورتوں کو باندی اور بچوں کو غلام بنالیا جائے۔

تو اسی فیصلہ کے مطابق یہ یہودی قبیلہ اپنے انجام کو پہنچا۔

حضرت ابولبابہؓ سے جو ان کے قدیم حلیف تھے بنو قریظہ نے مشورہ طلب کیا اور انہوں نے اشارہ سے کہا کہ قتل کر دیئے جاؤ گے لیکن جب انہیں اپنی اس غلطی کا احساس ہوا تو سیدھے مسجد نبوی گئے اور اپنے آپ کو ایک ستون سے باندھ لیا۔ ان کی توبہ قبول ہونے پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے دست مبارک سے انہیں کھولا۔ اس ستون کو آج بھی اسطوانہ توبہ کہا جاتا ہے۔

(جامع ترمذی، حدیث نمبر ۳۶۲۷)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

ہجرت کا چھٹا سال

نبوت کا انیسواں سال۔عمر مبارک ۵۸ واں سال سن عیسوی 628

مدینہ میں قحط پڑا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عید گاہ میں دو رکعت نماز صلوۃ الاستسقاء ادا فرمائی اور دعا فرمائی۔اسی مجلس میں بارش شروع ہوئی اور کئی دن تک جاری رہی۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے داماد حضرت زینبؓ کے شوہر ابوالعاصؓ گرفتار کر کے لائے گئے

حضرت ابوالعاص بن ربیعؓ نے اسلام قبول کیا۔(غزوہ بدر میں قیدی ہوئے تھے)

اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی بیٹی حضرت زینبؓ کا نکاح کا رشتہ ان سے باقی رکھا۔

یکم ذی قعدہ پیر کو عمرہ کی نیت سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینہ سے روانہ ہوئے

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ۱۴۰۰ صحابہ ہمرکاب تھے۔

ذوالحلیفہ سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عمرہ کا احرام باندھا

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قربانی کے اونٹ بھی ساتھ لئے

مشرکین مکہ کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روانگی کی اطلاع ہو چکی تھی

انہوں نے حدیبیہ کے مقام پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو آگے بڑھنے سے روک دیا۔(اس مقام کو آج شمیسی کہا جاتا ہے) دونوں جانب سے بات چیت کا سلسلہ شروع ہوا۔عروہ بن مسعود ثقفیؓ سفیر مکہ بن کر آئے

اور گفتگو کی اور واپس جا کر اپنی قوم سے کہا کہ

میں نے قیصر و کسری اور نجاشی کے دربار دیکھے ہیں

صحابہ کی یہ عقیدت اور وارفتگی کہیں نہیں دیکھی

محمد صلی اللہ علیہ وسلم بات کرتے ہیں تو سناٹا چھا جاتا ہے

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

کوئی شخص ان کی طرف نظر بھر کر نہیں دیکھ سکتا

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وضو کرتے ہیں تو جو پانی گرتا ہے اس پر خلقت ٹوٹ پڑتی ہے

بلغم یا تھوک گرتا ہے تو عقیدت کیش ہاتھوں ہاتھ لیتے ہیں اور چہرہ اور ہاتھوں پر مل لیتے ہیں۔

(سیرت النبی شبلی جلد ا صفحہ ۲۷۱)

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت خراش بن امیہؓ کو قریش کے پاس اپنی سواری دیکھ کر بھیجا لیکن قریش نے ان کی سواری کو مار ڈالا اور ان کے ساتھ بھی یہی کچھ کرنے والے تھے دیگر قبائل نے انھیں بچالیا۔ قریش کا ایک دستہ حملہ آور ہوا لیکن یہ لوگ گرفتار کر لئے گئے۔ ان تمام سخت ترین شرارتوں کے باوجود آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سب کو چھوڑ دیا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عثمانؓ کو بحیثیت سفیر مکہ روانہ فرمایا

قریش نے انھیں روک لیا لیکن یہ خبر مشہور ہوگئی کہ حضرت عثمانؓ قتل کر دیئے گئے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ عثمانؓ کے خون کا قصاص لینا فرض ہے۔

یہ کہہ کر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک ببول کے درخت کے نیچے بیٹھ گئے اور صحابہ سے جاں نثاری کی بیعت لی جس کو بیعت رضوان یعنی اللہ کی خوشنودی کے لئے کی گئی بیعت کہا گیا ہے جس کا ذکر اللہ تعالی نے سورہ فتح میں یوں فرمایا ہے کہ

اللہ مسلمانوں سے راضی ہوا جب کہ وہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاتھ پر درخت کے نیچے بیعت کر رہے تھے۔ (سورہ فتح آیت نمبر ۱۸)

قریش کی جانب سے سہیل بن عمروؓ قاصد بن کر آئے اور ذی قعدہ میں صلح ہوئی

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے صلح کے نکات حضرت علیؓ سے املاء کروایا جس میں آپ نے محمد رسول اللہ لکھوایا، سہیل بن عمروؓ نے کہا کہ اگر ہم آپ کو رسول ہی تسلیم کرتے تو پھر جھگڑا کیا تھا۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

آپ نے حضرت علیؓ سے کہا کہ محمد رسول اللہ مٹا کر محمد بن عبداللہ لکھو۔

حضرت علیؓ نے کہا میں ہرگز رسول اللہ نہ مٹاؤں گا۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اچھا مجھ کو دکھاؤ کہ کہاں لکھا ہے

حضرت علیؓ نے اس جگہ پر انگلی رکھدی

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ''رسول اللہ'' کا لفظ مٹا دیا اور محمد بن عبداللہ لکھوایا

صلح کی شرطیں یہ تھیں

مسلمان اس سال عمرہ کرے بغیر واپس چلے جائیں۔

آئندہ سال عمرہ کے لئے آئیں اور صرف تین دن مکہ میں قیام کریں اور واپس ہو جائیں۔

ہتھیار لگا کر نہ آئیں۔

مکہ میں جو مسلمان پہلے سے مقیم ہیں ان میں سے کسی کو اپنے ساتھ نہ لے جائیں اور مسلمانوں میں سے کوئی مکہ میں رہ جانا چاہے تو اس کو نہ روکیں۔

کافروں یا مسلمانوں میں سے کوئی شخص مدینہ جائے تو واپس کر دیا جائے لیکن اگر کوئی مسلمان مکہ میں جائے تو واپس نہیں کیا جائے گا۔

عرب کے قبائل کو اختیار ہوگا کہ فریقین میں سے جس کے ساتھ چاہیں معاہدہ میں شریک ہو جائیں۔

(سیرت النبی شبلی جلد ا صفحہ ۲۷۳)

مشرکین کی شرائط پر صلح کرنا صحابہ کو دشوار گزرا وہ احرام کھولنے اور حلق کرنے کے لئے تیار نہ تھے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم خیمہ میں تشریف لائے، حضرت ام سلمہؓ نے پوچھا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیا بات ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ صحابہ احرام کھولنے اور حلق کرانے کے حکم پر عمل آوری نہیں کر رہے ہیں تو حضرت ام سلمہؓ نے مشورہ دیا کہ آپ باہر تشریف لے جائیں اور ذبح و حلق کروائیں

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حلق کروایا تو پھر سبھی صحابہ نے حلق کر کے احرام کھول دیا۔

صلح کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابوجندل رضی اللہ عنہ اور ابوبصیر رضی اللہ عنہ کو معاہدہ کی بنا واپس کر دیا۔

(یہ دونوں حضرات ساحل سمندر پر قیام کیا نہ مدینہ گئے اور نہ مکہ واپس لوٹے)

حدیبیہ کے مقام پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے معجزات کا ظہور ہوا۔

صلح کے بعد تین دن تک آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حدیبیہ میں قیام فرمایا پھر روانہ ہوئے تو راستہ میں سورہ فتح نازل ہوئی۔صلح حدیبیہ کو اللہ تعالی نے کھلی فتح کہا ہے۔

علامہ شبلی کہتے ہیں کہ اجسام کی نہیں قلوب کی فتح۔ (سیرت النبی شبلی جلد ا صفحہ ۲۸۳)

اسی فتح کی ایک مثال حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ ،حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کا بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہو کر مشرف بہ اسلام ہونا ہے۔

صلح حدیبیہ سے فارغ ہونے کہ بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسلام کا پیام تمام دنیا کے کانوں میں پہنچانے کے لئے ذی الحجہ میں بادشاہوں کے نام ایک ہی دن چھ صحابہ کو خطوط دے کر روانہ فرمایا

خطوط پر مہر لگانے کے لئے حضرت یعلی بن امیہ رضی اللہ عنہ سے انگوٹھی بنوائی

مدینہ منورہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے گھوڑ دوڑ کا مقابلہ کروایا

مدینہ منورہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اونٹوں کی دوڑ کا مقابلہ کروایا

مدینہ منورہ میں دوبارہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے گھوڑ دوڑ کا مقابلہ کروایا

ذی الحجہ میں یہودی لبید بن اعصم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جادو کیا۔جادو کے توڑ کے لئے معوذتین یعنی سورہ فلق اور سورہ ناس پڑھنے کا حکم ہوا۔خواب میں فرشتوں کے ذریعہ کنویں میں چھپائے ہوئے جادو کا علم ہونے پر اسے نکلوایا اور جلا دیا گیا۔

ربیع الاول میں غزوہ بنولحیان سے واپسی میں والدہ ماجدہ کی قبر کی زیارت کی۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

ہجرت کا ساتواں سال

نبوت کا بیسواں سال۔عمر مبارک ۵۹واں سال سن عیسوی 629

اس سال غزوہ خیبر ہوا جس کی تفصیل یہ ہے

مدینہ سے نکالے گئے یہودی قبائل خیبر آ کر جمع ہو گئے تھے۔

انہوں نے مسلمانوں کے خلاف مشرکین کو بھی ورغلانا شروع کر دیا تھا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ازواج مطہرات کی شان اقدس میں اشعار کے ذریعہ ہجو کرتے تھے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے چاہا کہ ان لوگوں سے معاہدہ ہو جائے

لیکن یہودی کسی طرح کسی مصالحت کے لئے تیار نہ تھے

آپ صلی اللہ علیہ وسلم محرم کے مہینہ میں ۱۶۰۰ صحابہ کے ساتھ مدینہ سے روانہ ہوئے

قلعہ کا محاصرہ کیا گیا اور حملے کئے گئے لیکن فتح نہ ہوتی تھی

خیبر میں یہودیوں کے آٹھ پتھر کے قلعے تھے جن میں ۲۰ ہزار جنگجو ایسے ہتھیاروں کے ساتھ جمے ہوئے تھے جو اسلامی لشکر کو دستیاب نہ تھے۔ (پیغمبر انقلاب ۱۵۲)

سات قلعے بہ آسانی فتح ہو گئے لیکن قلعہ قموص مرحب کا تخت گاہ تھا

اس قلعہ کے فتح کرنے کے لئے بڑے بڑے صحابہ کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھیجا لیکن وہ ناکام واپس آئے ایک دن شام کو

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ کل صبح میں اس شخص کو جھنڈا دوں گا

جس کے ہاتھ پر اللہ فتح دے گا۔

جو اللہ و رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو چاہتا ہے اور اللہ و رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی اس کو چاہتے ہیں

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

صحابہ نے تمام رات اس بے قراری میں کاٹی کہ دیکھئے یہ تاج فخر کس کے ہاتھ آتا ہے؟

صبح ہوئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا علیؓ کہاں ہیں؟

حضرت علی بن ابو طالبؓ کو آشوب چشم تھا، آپ ﷺ نے اپنا لعاب دہن لگایا اور دعا فرمائی اور فتح کا جھنڈا عنایت فرمایا

حضرت علیؓ نے پوچھا کیا کہ کیا یہود کو لڑ کر مسلمان بنائیں؟

ارشاد ہوا نرمی کے ساتھ ان پر اسلام پیش کرو۔

اگر ایک شخص بھی تمہاری ہدایت سے اسلام لائے تو سرخ اونٹوں سے بہتر ہے۔

اسی موقعہ پر مرحب نامی خیبر کے مشہور پہلوان کو حضرت علیؓ نے جہنم رسید کیا

قلعہ قموص ۲۰ دن کے محاصرہ کے بعد فتح ہو گیا۔

خیبر فتح ہونے کہ بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے چند روز خیبر میں قیام فرمایا

حضرت صفیہ بنت حیی بن اخطبؓ سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح فرمایا

اسی قیام کے دنوں میں ایک یہودن زینب جو مرحب پہلوان کی بہن تھی نے بکری کے گوشت میں زہر ملا کر ہدیہ کیا

حضرت بشر بن براءؓ اس زہریلی بکری کے کھانے سے فوت ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس یہودن کو قصاص میں قتل کرا دیا

غزوہ خیبر کے موقعہ پر کئی فقہی مسائل نازل ہوئے۔

بلکہ علامہ شبلی کے الفاظ میں اسلام کی ملکی اور سیاسی حالت کا نیا دور شروع ہوا جس میں یہ مسائل ہیں۔

پنجہ سے شکار کرنے والے پرند حرام ہوئے۔ درندے حرام کر دیئے گئے

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

گدھا اور خچر حرام کر دیئے گئے

چاندی سونے کا کمی بیشی سے خریدنا حرام ہوا

متعہ حرام ہوا (سیرت النبی شبلی جلد ا صفحہ ۲۹۹)

کچی پیاز اور لہسن کھا کر مسجد میں آنے کی ممانعت فرمائی

خیبر ہی کے دنوں میں حضرت جعفرؓ حبشہ سے آئے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا!

آمد جعفر سے مجھے خوشی ہے یا فتح خیبر سے اس کا پتہ لگانا مشکل ہے۔

ان ہی دنوں کا واقعہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو معلوم ہوا کہ حبشہ میں ام المومنین حضرت ام حبیبہ بنت ابوسفیانؓ بیوہ ہوئیں اور بڑی کسم پرسی کی زندگی گزار رہی ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حبشہ کے بادشاہ کو خط لکھا کہ وہ حضرت ام حبیبہؓ کا نکاح آپ سے کر دیں۔

صلح حدیبیہ کے معاہدہ میں تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آئندہ سال عمرہ کریں گے تو اس کے مطابق آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عمرۃ القضاء کی ادائیگی کے لئے یکم ذی قعدہ کو مدینہ سے روانہ ہوئے۔

قربانی کے لئے ۶۰، اونٹ ساتھ لئے۔

ذی الحلیفہ میں عمرہ کا احرام باندھا۔

۴ ذی قعدہ کو مکہ مکرمہ پہنچے

عمرہ مکمل فرمایا اور تین دن کے قیام کے بعد مدینہ روانگی عمل میں آئی۔

اسی عمرہ میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہ کو طواف کے ابتدائی ۳ چکر میں رمل کرنے کا حکم فرمایا

اسی سفر میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ام المومنین حضرت میمونہؓ سے نکاح فرمایا

(حضرت میمونہ آخری ام المومنین ہیں جن سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح فرمایا)

مکہ سے روانگی کے وقت یہ واقعہ پیش آیا کہ حضرت حمزہ کی بیٹی امۃ اللہ چچا چچا کہتی دوڑی آئی

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس لڑکی کو مکہ سے مدینہ لے آئے۔ حضرت علیؓ، حضرت زید بن حارثہؓ، حضرت جعفرؓ میں اس لڑکی کی کفالت کیلئے باہمی جھگڑا ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کو حضرت جعفر بن ابو طالبؓ کی کفالت میں دیا اس لئے کہ ان کی اہلیہ اس لڑکی کی خالہ تھیں۔ پھر فرمایا کہ خالہ ماں کے برابر ہوتی ہے۔

مقوقس، مصر و اسکندریہ کے بادشاہ نے ہدیئے و تحفے بھیجے ان میں حضرت ماریہ قبطیہؓ بھی تھیں۔ جنہیں حضورؐ نے اپنے حرم میں داخل فرمایا، آخری صاحبزادے حضرت ابراہیم انہی کے بطن سے ہیں۔

قریشِ مکہ، یہودِ خیبر کے بعد تیسرا گروہ وہ بدو تھے جو نجد کے صحرا میں خیمہ زن تھے اور رہ رہ کر لوٹ مار کی کاروائیاں کرتے رہتے تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی تادیب کے لئے حملہ فرمایا جس کا نام غزوہ ذات الرقاع ہے۔

امام بخاری نے اس کا زمانہ خیبر کے بعد اسی سال بتایا ہے، غالبا ربیع الاول کا مہینہ ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم چار سو یا سات سو صحابہ کے ساتھ نجد کا رخ کیا۔ اس میں لڑائی نہیں ہوئی۔

اسی سفر میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے صلوۃ خوف حالت جنگ والی نماز پڑھائی۔

غزوہ ذات الرقاع کے موقعہ پر یہ واقعہ بھی پیش آیا کہ ایک مشرک غورث بن حارث نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نیند کی حالت میں پا کر قتل کے لئے آپ پر تلوار سونت لیا اس نے پوچھا آپ مجھ سے ڈرتے ہیں؟ فرمایا! نہیں، اس نے پوچھا اب آپ کو مجھ سے کون بچائے گا؟

فرمایا! اللہ۔

جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کے سوال میں اللہ کہا تلوار اس کے ہاتھ سے گر پڑی

اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس پر قابو پا لیا

اور اس کو معاف کر دیا۔ جس کی بنیاد پر وہ مسلمان ہو گیا۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

ہجرت کا آٹھواں سال

نبوت کا اکیسواں سال۔عمر مبارک ۶۰ واں سال سن عیسوی 630

صاحبزادی حضرت زینبؓ کا انتقال ہوا۔

جمادی الاول میں غزوہ موتہ ہوا۔

جس میں حضرت زید بن حارثہؓ،حضرت جعفر بن ابو طالبؓ،حضرت عبداللہ بن رواحہؓ کو

یکے بعد دیگرے امیر ہونے کے حکم کے ساتھ تین ہزار صحابہ کے ساتھ روانہ فرمایا۔

اور تینوں ایک کے بعد ایک شہید ہوئے۔

مقابل میں دشمن کی فوج ایک لاکھ تھی۔

ان تین صحابہ کی شہادت کے بعد حضرت خالد بن ولیدؓ نے کمان سنبھالی،آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینہ میں تشریف فرما تھے،اور جنگ کے چشم دید حالات صحابہ کو بتلاتے جاتے تھے،حضرت خالد نے کمان سنبھالی تو آپؐ نے فرمایا کہ اب اللہ کی ایک تلوار نے کمان جنگ سنبھالی ہے۔اس وقت سے وہ سیف اللہ مشہور ہوئے۔

اور بڑی حکمت ودانشمندی سے مسلمان فوج کو بچا کر لے آئے۔

قریش نے صلح حدیبیہ کی خلاف ورزی کی

قبیلہ خزاعہ کے چالیس افراد کا وفد فریاد لے کر مدینہ آیا کہ بنو بکر نے ان کے چند آدمیوں کو قتل کرایا ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک قاصد مکہ مکرمہ بھیجا

اور تین شرطیں پیش کیں

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

مقتولوں کا خون بہا دیا جائے

قریش بنوبکر کی حمایت سے الگ ہوجائیں

اعلان کردیا جائے کہ حدیبیہ کا معاہدہ ٹوٹ گیا

قرطہ بن عمر نے قریش کی زبان سے کہا کہ صرف تیسری شرط منظور ہے

لیکن بعد کو پچھتائے اور ابوسفیان کو صلح کی تجدید کے لئے مدینہ بھیجا

جس کا کوئی نتیجہ نہیں نکلا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ابوسفیان کو کوئی جواب نہیں دیا

البتہ ان کی واپسی کے بعد

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رازدارانہ طور پر مکہ پر حملہ کی تیاری فرمائی

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے روانگی سے پہلے دعا فرمائی!

خدایا! قریش سے جاسوسوں اور خبروں کو روک لے یہاں تک کہ میں ان کے شہر میں داخل ہوجاؤں۔

(پیغمبر انقلاب ۱۵۴)

قبولیت دعا کا نتیجہ یہ ہوا کہ قریش کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مکہ کے قریب پہنچنے تک خبر نہ ہوئی

البتہ حضرت حاطب بن ابی بلتعہؓ نے ایک خط ایک باندی کے ذریعہ روانہ کیا

حضرت جبریل کے ذریعہ اس کا علم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ہوا

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علیؓ و حضرت زبیرؓ کو بھیجا جنہوں نے خاخ نامی مقام پر اس باندی کو روکا

اور اس کے پاس سے وہ خط برآمد کرلیا،

حضرت حاطبؓ کی صاف گوئی اور نیت کی بنیاد پر آپؐ نے انہیں معاف فرمادیا

اور کہا کہ یہ بدری صحابی ہیں جن کے گناہ اللہ تعالی نے معاف کردئے ہیں۔

غزوہ فتح مکہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ دس ہزار کا لشکر تھا

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

۱۰ رمضان کو یہ لشکر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قیادت میں مدینہ سے روانہ ہوا

راستہ میں حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ ملے جو اپنے افراد خاندان کے ساتھ مکہ سے ہجرت کر رہے تھے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ آپ کی ہجرت آخری ہجرت ہے جیسا کہ میری نبوت آخری نبوت ہے۔ (عہد نبوت کے ماہ وسال ۲۸۵)

۱۸ رمضان کی رات مرالظہر ان پہنچ کر لشکر نے پڑاؤ ڈالا

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے ہر لشکری نے اپنا چولہا الگ الگ جلایا

جب کہ معمول یہ تھا کہ ہر دس فوجیوں پر ایک چولہا جلایا جاتا تھا

اس سے مشرکین مکہ کو مرعوب وخوف زدہ کرنا اور مسلمانوں کی تعداد کی کثرت کو بتلانا مقصود تھا۔

ابوسفیان اور بدیل بن ورقاء گشت کرتے ہوئے یہاں پہنچے اور گرفتار کر کے بارگاہ رسالت میں پیش کئے گئے۔ صحیح بخاری کی روایت ہے کہ گرفتار ہونے کے بعد ابوسفیان رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کر لیا۔

صبح میں مختلف حصوں سے مسلمانوں کا لشکر مکہ مکرمہ میں داخل ہوا

اور مقابلہ پر آنے والے ایک گروہ سے لڑائی ہوئی

ورنہ پورا مکہ اس اچانک حملہ سے دم بخود اور اتنی بڑی جمعیت سے ہکا بکا تھا

۱۹ رمضان المبارک جمعہ کے دن مکہ مکرمہ فتح ہوا

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اعلان کرا دیا کہ

جو شخص ہتھیار ڈال دے گا

یا ابوسفیان رضی اللہ عنہ کے گھر میں پناہ لے گا

یا دروازہ بند کر لے گا

یا احاطہ کعبہ میں داخل ہو جائے گا

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

اس کو امن دیا جائے گا

کعبہ کے اندر ۳۶۰ بت تھے فتح مکہ کے موقعہ پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم ایک ایک کی طرف لکڑی کی نوک سے اشارہ کرتے جاتے

اور یہ آیت کریمہ تلاوت فرماتے جاتے تھے

جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ إِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا

حق آ گیا اور باطل مٹ گیا، بلاشبہ باطل مٹنے ہی والا ہے

تو وہ بت منہ کے بل گرتے جاتے۔

کعبہ کی چھت پر جو بت تھا اس کو حضرت علیؓ کو اوپر چڑھا کر تڑوایا

کعبہ کے اندر کے بتوں کو نکالا گیا جس میں حضرت ابراہیم واسماعیل کی مورتیاں بھی تھیں۔

حضرت بلالؓ کو بیت اللہ کی چھت پر چڑھ کر اذان دینے کا حکم فرمایا

لشکر اسلام کے ایک سردار سعد بن عبادہؓ نے نعرہ لگایا کہ

اَلْيَوْمَ يَوْمُ الْمَلْحَمَةْ یعنی آج خون ریزی کا دن ہے۔

لیکن آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں بلکہ یوں کہو

اَلْيَوْمَ يَوْمُ الْمَرْحَمَةْ یعنی آج رحم اور معاف کرنے کا دن ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لشکر کا علم ان سے لے کر ان کے لڑکے قیسؓ کو دے دیا۔

(پیغمبر انقلاب ۱۵۵)

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فتح مکہ کے اگلے دن ایک تفصیلی خطبہ ارشاد فرمایا

اس میں یہ الفاظ ہیں

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ، صَدَقَ وَعْدَهٗ، نَصَرَ عَبْدَهٗ، وَهَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهٗ

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

اللہ کے سواء کوئی الہ نہیں، اس نے اپنا وعدہ سچا کر دکھایا،
اس نے اپنے بندے کی مدد کی، اور دشمن کی جماعتوں کو اس نے تنہا شکست دی۔
آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دریافت فرمایا!
تم لوگ مجھ سے کس سلوک کی توقع رکھتے ہو، سب نے بیک آواز کہا کہ آپؐ مہربان بھائی ہیں اور مہربان بھائی کے صاحبزادے ہیں، اس پر حضورؐ نے ان سے فرمایا!
میں تم سے وہی کہتا ہوں جو یوسف علیہ السلام نے اپنے بھائیوں سے کہا تھا
آج تمہارے اوپر کوئی ملامت نہیں، جاؤ تم سب آزاد ہو۔
آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عمومی طور پر ان سب لوگوں کی معافی کا اعلان کر دیا جنھوں نے آپ کے خلاف سخت ترین جرائم کئے تھے۔ البتہ آپ نے سترہ افراد کے بابت فرمایا کہ وہ قتل کر دیئے جائیں خواہ وہ کعبہ کے غلاف کے نیچے پائے جائیں۔ جن کے نام یہ ہیں۔

۱) عبداللہ بن سعد ۲) عبداللہ بن خطل ۳) فرتنی ۴) قریبہ
۵) حویرث بن نقید بن وہب ۶) مقیس بن صبابہ ۷) سارہ ۸) حرث بن ہشام
۹) زہیر بن ابی امیہ ۱۰) عکرمہ بن ابی جہل ۱۱) ہبار بن الاسود ۱۲) وحشی بن حرب
۱۳) کعب بن زہیر ۱۴) حارث بن طلاطل ۱۵) عبداللہ بن زبعری
۱۶) ہبیرہ بن ابی وہب ۱۷) ہند بنت عتبہ زوجہ ابوسفیان

ان میں سے ہر شخص متعین و معلوم شخصی جرم کی بناء پر گردن زدنی تھا، تاہم ان میں سے جس شخص نے حاضر خدمت ہو کر اظہار ندامت کیا اور معافی مانگی یا اس کی طرف سے کسی نے معافی کی درخواست کی اس کو آپ نے معاف فرما دیا اور داخل اسلام فرمایا۔ (پیغمبر انقلاب ۱۵۷ تا ۱۵۹)
کعبہ کی کنجی کلید بردار حضرت عثمان بن طلحہ کو عنایت فرمائی۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

کعبہ میں داخل ہو کر دو رکعت نماز ادا فرمائی۔

۳ مرتبہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کعبہ کے اندر داخل ہوئے ہیں۔

(فتح مکہ کے دن، فتح مکہ کے اگلے دن، حجۃ الوداع میں۔) (عہد نبوت کے ماہ و سال ۲۹۳)

مکہ فتح ہونے کے بعد ہجرت کی فرضیت منسوخ ہونے کا اعلان فرمایا۔

حضرت عتاب بن اسیدؓ کو مکہ کا گورنر مقرر کیا۔

حضرت تمیم بن اسیدؓ کے ذریعہ مکہ مکرمہ کے حدود کی تجدید کروائی۔

فتح مکہ کے موقعہ پر ۱۷، ۱۸، یا ۱۹، دن آپ نے مکہ میں قیام فرمایا۔

صفا پہاڑی پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف فرما تھے کہ جو لوگ اسلام قبول کرنے آئے تھے وہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دست مبارک پر بیعت کرتے تھے، مردوں کی باری ہو چکی تو عورتیں آئیں اور بیعت کیں جن میں ہند بنت عتبہؓ بھی تھیں۔

مکہ سے بھاگے ہوئے مشرکین اور ان کا سارا زور حنین اور طائف میں تھا

خود قبیلہ ثقیف و ہوازن لڑائی کی تیاری کر رہے تھے

اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مکہ فتح ہونے کے بعد اس جانب رخ فرمایا

سامان جنگ کی ضرورت پیش آئی تو

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے عبداللہ بن ربیعہ سے تیس ہزار درہم قرض لئے

صفوان بن امیہؓ سے سو زرہیں اور اس کے لوازمات مستعار لئے۔ (جو ابھی اسلام قبول نہیں کئے تھے)

غزوہ حنین اسی کو غزوہ ہوازن بھی کہا جاتا ہے

شوال کے مہینہ میں بارہ ہزار فوج اس سر و سامان سے غزوہ حنین میں بڑھیں کہ صحابہ کو اپنی بارہ ہزار تعداد کی کثرت پر فخر ہوا بلکہ بعض صحابہ کی زبان سے بے اختیار یہ نکل گیا کہ

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

آج ہم پر کون غالب آسکتا ہے؟

لیکن اللہ تعالی نے ان کی اس غلط فہمی کو اس طرح دور فرمایا کہ پہلے پہل ان کے قدم اکھڑ گئے

صحابہ منتشر ہو گئے، اس موقعہ پر قدیم الاسلام اور سابقون اولون صحابہ نے ثابت قدمی دکھائی،

حضورؐ اپنے خچر سے اتر پڑے اور فرمایا!

اَنَا النَّبِیُّ لَا کَذِب، اَنَا ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِب، میں سچا نبی ہوں، میں عبدالمطلب کا بیٹا ہوں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پکار پر صحابہ کرام پلٹے اور پھر فاتحانہ یلغار کر دی

اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ کے حکم پر

ایک مٹھی کنکریاں لے کر کافروں کی طرف پھینکی، تو جنگ کی کایا پلٹ گئی۔(سورہ انفال، آیت ۱۷)

اس موقعہ پر پانچ ہزار فرشتے مدد کے لئے اترے۔

اللہ نے اس واقعہ کو یوں بیان فرمایا ہے

بلاشبہ اللہ نے بہت سے موقعوں پر تمہاری مدد کی اور حنین کے دن بھی

جب تم اپنی کثرت پر نازاں تھے لیکن وہ کچھ کام نہ آئی

اور زمین باوجود وسعت کے تنگی کرنے لگی

پھر تم پیٹھ پھیر کر بھاگ نکلے

پھر اللہ نے اپنے رسول پر اور مسلمانوں پر تسلی نازل کی

اور ایسی فوجیں بھیجیں جو تم نے نہیں دیکھیں

اور کافروں کو عذاب دیا اور کافروں کی یہی سزا ہے۔(سورہ توبہ آیت نمبر ۲۵-۲۶)

خدائی مدد و نصرت کے ساتھ جنگ حنین مسلمانوں نے جیتی۔

غزوہ حنین میں حاصل ہونے والا بے شمار مال غنیمت اور قیدی جعرانہ کے مقام پر جمع فرمایا۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

حنین کی شکست خوردہ فوج طائف میں جا کر پناہ گزین ہوئی اور جنگ کی تیاریاں شروع کیں

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے طائف کا محاصرہ کیا

اور بیس دن تک محاصرہ رہا لیکن شہر فتح نہ ہو سکا

غزوہ طائف میں حضرت سلمان فارسی ؓ کے مشورے سے منجنیق نصب کی۔

(یہ پہلی اسلامی توپ ہے)

رسول اللہ ﷺ نے نوفل بن معاویہ ؓ سے مشورہ کے بعد حکم دیا کیا کہ محاصرہ اٹھا دیا جائے

اس موقعہ پر صحابہ نے عرض کی کہ آپ ﷺ ان کو بددعا دیں

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ دعا دی

اَللّٰھُمَّ اھْدِ ثَقِیْفًا وَائْتِ بِھِمْ

اے اللہ! ثقیف کو ہدایت دے اور توفیق دے کہ میرے پاس حاضر ہو جائیں۔

جعرانہ کے مقام پر مال غنیمت کی تقسیم فرمائی۔ جس کا واقعہ ایمان افروز اور بصیرت کشا ہے۔

جس کی تفصیل یہ ہے۔ مال غنیمت کچھ اس طرح تھا۔

چھ ہزار قیدی

چوبیس ہزار اونٹ

چالیس ہزار سے زائد بکریاں

چار ہزار اوقیہ چاندی

آپ ﷺ نے یہاں کئی دن انتظار فرمایا کہ قیدیوں کے عزیز آئیں تو ان سے بات کر کے معاملہ طے کیا جائے لیکن کئی دن گذرنے پر کوئی نہ آیا تو

آپ ﷺ نے مال غنیمت تقسیم فرمایا جو اس طرح ہے

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

ابوسفیانؓ مع اولاد	۳۰۰۔ونٹ اور ۱۲۰۔اوقیہ چاندی
حکیم بن حزامؓ	۳۰۰۔اونٹ
نضر بن حارث بن کلدہؓ	۲۰۰۔اونٹ
صفوان بن امیہؓ	۱۰۰۔اونٹ
قیس بن عدیؓ	۱۰۰۔اونٹ
سہیل بن عمروؓ	۱۰۰۔اونٹ
حویطب بن عبدالعزیؓ	۱۰۰۔اونٹ
اقرع بن حابس تمیمیؓ	۱۰۰۔اونٹ
عیینہ بن حصنؓ	۱۰۰۔اونٹ
مالک بن عوفؓ	۱۰۰۔اونٹ

ان کے علاوہ بہت سے لوگوں کو پچاس پچاس اونٹ عطا فرمائے، عام تقسیم کی رو سے فوج کے حصہ میں جو آیا وہ فی کس چار اونٹ اور چالیس بکریاں تھیں لیکن چونکہ سواروں کو تگنا حصہ ملتا تھا اس لئے ہر سوار کے حصہ میں بارہ اونٹ اور ایک سو بیس بکریاں آئیں۔

جن لوگوں پر انعام کی بارش ہوئی عموماً وہ اہل مکہ اور اکثر جدید الاسلام تھے، اس پر انصار کو رنج ہوا۔ بعضوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قریش کو انعام دیا اور ہم کو محروم رکھا۔ حالانکہ ہماری تلواروں سے اب تک قریش کے خون کے قطرے ٹپکتے ہیں۔ بعض بولے کہ مشکلات میں ہماری یاد ہوتی ہے اور غنیمت اوروں کو ملتی ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ چرچے سنے، انصار کو طلب فرمایا

ایک چرمی خیمہ نصب کیا گیا جس میں انصار جمع ہوئے

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انصار کی طرف خطاب کیا کہ کیا تم نے ایسا کہا
انصار نے کہا کہ حضور! ہمارے سر برآوردہ لوگوں میں سے کسی نے یہ نہیں کہا
نوخیز نوجوانوں نے یہ فقرے کہے تھے۔
آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس موقعہ پر ایک خطبہ دیا (جس کی نظیر فن بلاغت میں نہیں مل سکتی)
انصار کی طرف خطاب فرما کر کہا
"کیا یہ سچ نہیں ہے کہ پہلے تم گمراہ تھے، اللہ نے میرے ذریعہ تم کو ہدایت دی
تم منتشر اور پراگندہ تھے اللہ نے میرے ذریعہ تم میں اتفاق پیدا فرمایا
تم مفلس تھے اللہ نے میرے ذریعہ سے تم کو دولت مند کیا"
آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ فرماتے جاتے تھے اور ہر فقرہ پر انصار کہتے جاتے تھے
اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احسان سب سے بڑھ کر ہے۔
آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ
"تم یہ جواب دو کہ اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ کو جب لوگوں نے جھٹلایا
تو ہم نے آپ کی تصدیق کی
آپ کو جب لوگوں نے چھوڑ دیا تو ہم نے پناہ دی
آپ مفلس آئے تھے ہم نے ہر طرح کی مدد کی"
یہ کہہ کر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا!
"تم یہ جواب دیتے جاؤ اور میں یہ کہتا جاؤں گا کہ تم سچ کہتے ہو
لیکن اے انصار! کیا تم کو یہ پسند نہیں کہ لوگ اونٹ بکریاں لے کر جائیں
اور تم محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو لے کر اپنے گھر آؤ" انصار بے اختیار چیخ اٹھے کہ

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

''ہم کو صرف محمد صلی اللہ علیہ وسلم درکار ہیں اکثروں کا یہ حال ہوا کہ روتے روتے داڑھیاں تر ہوگئیں'' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انصار کو سمجھایا کہ مکہ کے لوگ جدید الاسلام ہیں میں نے ان کو جو کچھ دیا حق کی بنا پر نہیں بلکہ تالیف قلب کے لئے دیا۔

(سیرت النبی شبلی جلد ا صفحہ ۳۲۵۔ ۳۲۶)

حضرت حلیمہ سعدیہؓ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے رضاعی والد حارث بن عبدالعزیؓ، رضاعی بہن شیماءؓ جعرانہ آئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے بیٹھنے کے لئے اپنی چادر مبارک بچھائی، ان کا مال ان کو واپس کردیا، اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سفارش پر صحابہ نے اپنے حصہ میں آئے ہوئے ۶۰۰۰ ہزار قیدیوں کو رہا کردیا۔

ذی قعدہ کی ۱۸ کو جعرانہ سے رات کے وقت آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عمرہ کا احرام باندھا اور عمرہ ادا فرما ۱۹ ذی قعدہ کو جعرانہ سے روانگی اور ۲۷ ذی قعدہ کو مدینہ منورہ واپسی ہوئی۔

ام المومنین حضرت زینبؓ ام المساکین کا انتقال ہوا

(یہ دوسری زوجہ مطہرہ ہیں جن کا انتقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زندگی میں ہوا۔)

ذی الحجہ میں فرزند حضرت ابراہیمؓ کی ولادت ہوئی، جو حضرت ماریہ قبطیہؓ سے ہیں۔

اسی سال منبر مبارک تیار کیا گیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خطبہ دینے کے لئے اس پر کھڑے ہوئے تو مسجد نبوی میں اونٹ کے بچہ کی رونے کی آواز آنے لگی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم منبر سے نیچے تشریف لائے اور کھجور کے سوکھے تنہ کو جس سے آپؐ اب تک ٹیک لگا کر خطبہ ارشاد فرمایا کرتے تھے جا کر سینہ مبارک سے چمٹایا تب کہیں جا کر آواز آہستہ آہستہ خاموش ہوگئی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہ کو بتلایا کہ یہ سوکھا تنہ اس جدائی کو برداشت نہ کر سکا اور اس درد فرقت میں رو رہا تھا لیکن میں نے اسے کہا کہ تجھے کاٹ دیا جائے اور جنت میں حوض کوثر کے پاس تیرا ٹھکانہ بنا دیا جائے تو وہ راضی ہوا۔ اس کے رونے کی وجہ سے اس کو ستون حنانہ کہا جاتا ہے۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

ہجرت کا نوواں سال

نبوت کا بائیسواں سال ۔عمر مبارک ۶۱ واں سال سن عیسوی 631

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یکم محرم کو زکوۃ کی وصولی کے لئے عاملین کو مقرر فرمایا

رجب میں نجاشی شاہ حبشہ کا انتقال ہوا جس کی خبر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہ کو دی

کہ تمہارے نیک بھائی اصحمہ کا انتقال ہوا اس کے لئے مغفرت مانگو

اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نماز جنازہ غائبانہ ادا فرمائی۔ (صحیح مسلم ، حدیث نمبر ۱۰۳۹)

اس سال کو وفود کا سال کہا جاتا ہے۔

کیوں کہ فتح مکہ کے بعد بڑی تعداد میں قبائل وافراد مدینہ منورہ حاضر ہو کر اسلام میں داخل ہوئے

علامہ شامی نے ان وفود کی تعداد ۱۰۰ سے زیادہ بتلائی ہے (عہد نبوت کے ماہ وسال ۳۲۲)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ''ایلاء'' کیا۔سورہ تحریم اسی واقعہ کے بعد نازل ہوئی۔

مورخ سیرت النبی علامہ شبلی نے اس سال کے اہم ترین واقعات کو اس طرح سمیٹا ہے

توسیع نفقہ (اخراجات میں اضافہ) کے تقاضے میں تمام ازواج مطہرات شریک تھیں

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سکون خاطر میں یہ تنگ طلبی اس قدر خلل انداز ہوئی کہ

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عہد کیا کہ ایک مہینہ تک ازواج مطہرات سے نہ ملیں گے

(اس طرح کے عہد کو ایلاء کہتے ہیں)

اتفاق یہ کہ اسی زمانہ میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم گھوڑے سے گر پڑے اور دائیں پہلو اور پنڈلی میں چوٹ

آئی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بالاخانہ میں گوشہ نشینی اختیار کی۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

ایلاء کی مدت ایک مہینہ گذرا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بالا خانہ سے اتر آئے۔
اور اسی موقعہ پر سورہ احزاب کی آیات نازل ہوئیں کہ
تمام ازواج مطہرات کو مطلع کیا گیا کہ دو چیزیں تمہارے سامنے ہیں
دنیا اور آخرت۔
تمام ازواج مطہرات نے اپنے اختیارات و مطالبات سے دست برداری اختیار کی
اور دامن رسالت سے وابستہ رہنا منظور کیا۔ (سیرت النبی شبلی جلد ۱ صفحہ ۳۳۰-۳۳۲)
حضرت غامدیہؓ کو زنا کی سزا میں سنگ سار کیا، اور نماز جنازہ پڑھائی
اور فرمایا کہ انہوں نے سچی پکی توبہ کی۔
مدینہ منورہ میں حضرت جبریل علیہ السلام کی انسانی شکل میں آمد ہوئی۔ وہ ایک ایسے انسان کی شکل میں آئے جس کو صحابہ پہنچانتے نہ تھے۔ جو انتہائی سفید کپڑے پہنے ہوئے تھا، جس کے بال بہت کالے تھے۔ جس پر سفر کی علامات بھی نہیں تھیں۔ جب وہ بیٹھا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گھٹنوں سے گھٹنے لگا کر بیٹھا اور آپ کے رانوں پر اپنی ہتھیلیاں رکھ دیا۔ (فتح الباری جلد ۱ صفحہ ۱۴۶)
اور انہوں نے کئی دینی سوالات کیئے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کے جوابات دیئے جو یہ ہیں۔
جبریل علیہ السلام: ایمان کیا ہے؟
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: ایمان یہ ہے کہ تم اللہ پر، اس کے فرشتوں پر، اور اس کی کتابوں پر، اور اس سے ملنے پر، اور اس کے رسولوں پر، اور مرنے کے بعد دوبارہ اٹھائے جانے پر ایمان رکھو۔
جبریل علیہ السلام: اسلام کیا ہے؟
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: اسلام یہ ہے کہ تم اللہ کی عبادت کرو، اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراو۔ نماز قائم کرو، فرض زکوۃ ادا کرو، اور رمضان کے روزے رکھو۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

جبریل علیہ السلام: احسان کیا ہے؟

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم: احسان یہ ہے کہ تم اللہ کی عبادت اس طرح کرو جیسے تم اللہ کو دیکھ رہے ہو، اور اگر تم اسے نہیں دیکھ رہے ہو تو وہ تو تمہیں دیکھ رہا ہے۔

جبریل علیہ السلام: قیامت کب برپا ہوگی؟

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم: جس سے سوال کیا گیا ہے وہ بھی سوال کرنے والے سے زیادہ نہیں جانتا۔ البتہ میں تمہیں اس کی کچھ علامات بتلاتا ہوں۔ جب لونڈی اپنا آقا جنے گی۔

اور جب ننگے پاؤں اور ننگے جسم والے لوگوں کے سردار بن جائیں گے۔

(صحیح بخاری جلد ۲ صفحہ ۷۰۴ حدیث نمبر ۴۵۹۱)

اور جب اونٹوں کے غیر معروف سیاہ فام چرواہے لمبی لمبی عمارتوں کے بنانے میں ایک دوسرے پر بازی لے جائیں گے۔ قیامت ان پانچ چیزوں میں سے ایک ہے جس کا علم اللہ ہی کو ہے۔

اس کے بعد وہ شخص چلا گیا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے صحابہ سے کہا کہ اسے میرے پاس بلا لاؤ، لوگوں نے اسے تلاش کیا لیکن اس کا کوئی سراغ نہیں ملا، آپ نے فرمایا یہ جبریل تھے جو لوگوں کو ان کا دین سکھانے آئے تھے۔

(صحیح بخاری جلد ۱ صفحہ ۱۲ حدیث نمبر ۵۰)

ان اہم سوالات اور جوابات کی بناء پر اس حدیث کو ''ام الاحادیث'' یعنی حدیثوں کی ماں اور 'حدیث جبریل' و حدیث الاحسان' بھی کہا جاتا ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے غزوہ تبوک کی تیاری کے لئے تعاون طلب فرمایا تو صحابہ نے والہانہ تعاون پیش کیا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تمام قبائل عرب سے فوجیں اور مالی اعانت طلب کی

ہر ایک قبیلہ اور فرد نے حسب استطاعت اس میں حصہ لیا

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

حضرت ابوبکرؓ اپنے گھر کا سارا اثاثہ لاکر خدمت اقدس میں رکھ دیا

حضرت عمرؓ نے اپنے مال کا آدھا حصہ پیش کیا

حضرت عثمانؓ نے دوسواونٹ اور دوسواوقیہ چاندی پیش کی۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے اہل وعیال کی نگرانی کے لئے حضرت علیؓ کو مدینہ میں رہنے کا حکم فرمایا۔

انہوں نے کہا کہ کیا آپ مجھ کو بچوں اور عورتوں میں چھوڑے جاتے ہیں۔

ارشاد ہوا کہ اے علیؓ! کیا تم اس پر راضی نہیں ہو کہ تم کو مجھ سے وہ نسبت ہو جو ہارون علیہ السلام کو موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ تھی مگر میرے بعد کوئی نبی نہیں۔ (رحمۃ للعالمین جلد ا صفحہ ۱۹۷)

غزوہ تبوک رجب ۹ ہجری، نومبر ۶۳۵ عیسوی میں ہوا۔

غسانی خاندان قیصر روم اور قبیلہ لخم، جذام وغیرہ کی فوج کے ساتھ مدینہ پر حملہ کی اطلاع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ملی سوء اتفاق کہ مدینہ میں سخت قحط اور شدت کی گرمیاں تھیں

اعلان نبوی پر صحابہ تو کمربستہ ہو گئے لیکن منافقین ایک دوسرے سے کہتے تھے

لَا تَنْفِرُوْا فِی الْحَرِّ کہ گرمی میں نہ نکلو (سورہ توبہ، آیت، ۸۱)

۸۲ منافقین نے غزوہ تبوک میں شریک ہونے سے حیلے بہانے کر کے پیچھے رہ گئے۔

۳۰ ہزار صحابہ کے ساتھ آپ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ سے روانہ ہوئے۔

راستہ میں حضرت صالح علیہ السلام کی قوم ثمود کی بستی اور ان کے مکانات جو پہاڑوں کو تراش کر بنائے گئے تھے بھی آئے

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حکم دیا کہ کوئی شخص یہاں قیام نہ کرے۔ نہ پانی پیئے اور نہ کسی کام میں لائے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہ سے فرمایا کہ اپنے سروں کو ڈھک دو،

اور روتے ہوئے جلد سے جلد اس بستی سے گذر جاؤ۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

تبوک میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ۲۰ دن قیام فرمایا۔

رومیوں کی لشکر کشی کی خبر جھوٹی ثابت ہوئی۔ البتہ قرب وجوار میں اسلام کی دعوت پہنچی۔

تبوک میں ایک نماز کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مختصر اور نہایت جامع خطبہ دیا جس کا ترجمہ یہ ہے۔

ہر ایک کلامِ صدق میں بڑھ کر اللہ کی کتاب ہے۔

سب سے بڑھ کر بھروسے کی بات تقوی کا کلمہ ہے۔

سب ملتوں سے بہتر ملت ابراہیم علیہ السلام کی ہے۔

سب طریقوں سے بہتر طریقہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ہے۔

سب باتوں پر اللہ کے ذکر کو شرف ہے۔

سب بیانات سے پاکیزہ تر یہ قرآن ہے۔

بہترین کام اولوالعزمی کے کام ہیں۔

کاموں میں بدترین کام وہ ہے جو دین میں نیا نکالا گیا ہو۔

انبیاء کی روش سب روشوں سے خوب تر ہے۔

شہیدوں کی موت، موت کی سب قسموں سے بزرگ تر ہے۔

سب سے بڑھ کر اندھاپن وہ گمراہی ہے جو ہدایت کے بعد ہو جائے۔

اعمال میں وہ اچھا ہے جو نفع بخش ہو۔

بہترین روش وہ ہے جس پر لوگ چل سکیں۔

بدترین اندھاپن دل کا اندھا ہونا ہے۔

دینے والا ہاتھ لینے والے ہاتھ سے بہتر ہے۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

تھوڑا اور مختصر مال اس بہتات سے اچھا ہے جو غفلت میں ڈال دے۔

بدترین معذرت یعنی توبہ وہ ہے جو جان کنی کے وقت کی جائے۔

بدترین شرمندگی وہ ہے جو قیامت کے دن ہوگی۔

بعض جمعہ کو آتے ہیں مگر دل پیچھے لگے ہوتے ہیں۔

ان میں بعض لوگ وہ ہیں جو اللہ کا ذکر کبھی کبھی کیا کرتے ہیں۔

سب گناہوں میں بڑا جھوٹی زبان ہے۔

سب سے بڑی مالداری، دل کی مالداری ہے۔

سب سے عمدہ توشہ تقوی ہے۔

دانائی کا خلاصہ یہ ہے کہ دل میں خدا کا خوف ہو۔

دل نشین ہونے کے لئے بہترین چیز یقین ہے۔

شک پیدا کرنا کفر کی شاخ ہے۔

مردہ پر رونا جاہلیت کا کام ہے۔

چوری کرنا عذاب جہنم کا سامان ہے۔

نشہ کرنا آگ میں جلنا ہے۔

شعر شاعری ابلیس کا حصہ ہے۔

شراب تمام گناہوں کا مجموعہ ہے۔

بدترین روزی یتیم کا مال کھا جانا ہے۔

سعادت مند وہ ہے جو دوسروں سے نصیحت پکڑتا ہے۔

اصل بدبخت وہ ہے جو ماں کے پیٹ میں ہی بدبخت ہو۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

عمل کا سرمایہ اس کا بہترین انجام ہے۔

بدترین خواب وہ ہے جو جھوٹا ہو۔

جو بات ہونے والی ہے وہ بہت قریب ہے۔

مومن کو گالی دینا فسق ہے۔ مومن کو قتل کرنا کفر ہے۔ مومن کی غیبت کرنا اللہ کی نافرمانی ہے۔

مومن کا مال دوسرے پر ایسا ہی حرام ہے جیسا کہ اس کا خون

جو خدا سے بے نیازی کرتا ہے اللہ اس سے بے نیاز ہے۔

جو کسی کے عیب چھپاتا ہے اللہ اس کے عیب چھپاتا ہے۔

جو لوگوں کو معاف کرتا ہے اللہ اسے معاف کرتا ہے۔

جو غصہ پی جاتا ہے اللہ اسے اجر دیتا ہے۔

جو نقصان پر صبر کرتا ہے اللہ اسے اجر دیتا ہے۔

جو شہرت چاہتا ہے اللہ اسے رسوا کرتا ہے۔

جو صبر کرتا ہے اللہ اسے بڑھاتا ہے۔

جو خدا کی نافرمانی کرتا ہے اللہ اسے عذاب دیتا ہے۔

پھر تین مرتبہ استغفار پڑھ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس خطبہ کو ختم کر دیا۔

(رحمۃ للعالمین جلد ۱ صفحہ ۱۹۷ تا ۲۰۱)

۳ صحابہ حضرت کعب بن مالک، ہلال بن امیہ، مرارہ بن ربیع بھی پیچھے رہ گئے تھے،

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے ۵۰ دن مقاطعہ کیا بالآخر ان تینوں کی توبہ قبول ہوگئی۔

جس کا ذکر سورہ توبہ آیت ۱۱۸ میں ہے۔

منافقین نے مسلمانوں کو نقصان پہونچانے، کفر کرنے، مسلمانوں کو آپس میں لڑانے، اور پس پردہ سازش

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

رچانے کے لئے قباء کے علاقہ میں ایک مسجد بنائی اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے افتتاح کرنے کی خواہش کی۔ اللہ تعالی نے وحی کے ذریعہ آپ کو اس سے مطلع فرمایا کہ آپ وہاں نہ جائیں۔ اس کو قرآن نے مسجد ضرار کا نام دیا ہے۔ جس کے بعد مسجد ضرار کا انہدام عمل میں آیا (سورہ توبہ آیات ۱۰۷ تا ۱۱۰)

حج فرض ہوا۔ اس سال آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابوبکرؓ کو امیر الحج بنا کر روانہ فرمایا اپنی جانب سے قربانی کے ۲۰ اونٹ روانہ فرمائے۔

سورہ براءت کی ابتدائی آیات نازل ہوئیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علیؓ کو مکہ روانہ فرمایا جنہوں نے حج میں ان آیات کا اعلان مقامات حج میں فرمایا۔

ذی قعدہ میں عبداللہ ابن ابی ابن سلول کا انتقال ہوا جو کہ منافقین کا سردار تھا۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کی نماز جنازہ پڑھائی،

اور اس کے بیٹے حضرت عبداللہؓ کی خواہش پر جو پکے مسلمان تھے، اپنا قمیص کفن کے لئے عنایت فرمایا اور قبر میں اتارا، اس حسن سلوک سے متاثر ہو کر ۱۰۰۰ منافق تائب ہوئے۔

بعد ازاں اللہ تعالی نے آپؐ کو منافقین کی نماز جنازہ پڑھنے یا ان کی قبر پر ٹھہر کر دعا کرنے سے صراحت کے ساتھ منع فرمایا۔ (سورہ توبہ ، ۸۴)

شعبان میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صاحب زادی حضرت ام کلثومؓ کا انتقال ہوا۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے رمضان المبارک میں ۲۰ دن کا اعتکاف فرمایا۔

جب کہ معمول مبارک ہر رمضان میں ۱۰ دن اعتکاف کا تھا

حضرت جبریل علیہ السلام حسب معمول رمضان میں آئے اور قرآن مجید کا دور کیا

کعب بن زہیر کے قصیدہ (بانت سعاد) پر خوش ہو کر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی ردائے مبارک عنایت فرمائی۔ (اسی لئے ان کے قصیدے کو قصیدہ بردہ شریف کہا جاتا ہے)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

ہجرت کا ۱۰ واں سال،

نبوت کا تیسواں سال۔عمر مبارک ۶۲ واں سال سن عیسوی 632

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حجۃ الوداع کے لئے مدینہ منورہ سے روانگی ۲۵ ذیقعدہ کوشنبہ کے دن ظہر اور عصر کے درمیان ہوئی۔

ذوالحلیفہ میں عصر کی نماز قصر ادا فرمائی۔

۴ ذی الحجہ یکشنبہ کو صبح مکہ مکرمہ پہنچے

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ازواج مطہرات اور حضرت فاطمہؓ بھی تھیں

قربانی کے لئے ۱۰۰ اونٹ لئے۔

سفر حجۃ الوداع میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حالت احرام میں حجامہ لگوایا

مکہ مکرمہ پہنچ کر مناسک عمرہ پورے فرمائے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حج قران فرمایا اور صحابہ کو حکم دیا کہ وہ عمرہ مکمل کرکے حلق کرلیں یعنی وہ حج تمتع کریں

۵،۶،۷، ذی الحجہ کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مکہ میں قیام فرمایا

۸ ذی الحجہ جمعرات کو بعد فجر مکہ سے منی روانگی عمل میں آئی

منی میں مسجد خیف میں قیام فرمایا

۹ ذی الحجہ جمعہ کو عرفات میں ظہر وعصر ایک اذان اور دو اقامت سے ادا فرمائی

نماز کے بعد خطبہ ارشاد فرمایا۔

عرفات میں خطبہ کے بعد غروب آفتاب تک دعا میں مشغول رہے

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

تکمیل دین کا اعلان فرمایا اور صحابہ سے تبلیغ دین کے بارے میں پوچھا

مزدلفہ پہنچ کر مغرب وعشاء ایک اذان اور ایک اقامت سے ادا فرمائی

مزدلفہ میں فجر کے بعد دوسرا خطبہ ارشاد فرمایا

منی پہنچے اور بڑے جمرہ کو ۷ کنکریاں ماریں

کنکریاں مارنے کے بعد منی میں تیسرا خطبہ ارشاد فرمایا

۶۳، اونٹوں کی قربانی اپنے دست مبارک سے فرمائی

۳۷، اونٹوں کی قربانی حضرت علیؓ کو کرنے کا حکم فرمایا

سر مبارک کا حلق کروایا اور احرام کھول دیا

۱۰ ذی الحجہ کو ظہر کے وقت طواف زیارت کے لئے مکہ تشریف لائے

طواف زیارت اور سعی سے فارغ ہو کر منی واپس ہوئے

۱۱ ذی الحجہ اتوار کو تینوں جمرات کو سات سات کنکریاں ماریں

۱۲ ذی الحجہ پیر کو تینوں جمرات کو سات سات کنکریاں ماریں

۱۳ ذی الحجہ منگل کو تینوں جمرات کو سات سات کنکریاں ماریں

چہار شنبہ کو طواف وداع کیا اور مدینہ منورہ روانہ ہوئے۔

حجۃ الوداع میں دیئے ہوئے خطبات

واضح رہے کہ حجۃ الوداع میں مختلف مقامات پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کئی خطبے ارشاد فرمائے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس حج میں تین دفعہ خطبہ دیا۔ (سیرت النبی، شبلی نعمانی جلد ۲ صفحہ ۹۴)

"یہ خطبات در حقیقت اسلامی تعلیمات کا لب لباب ہیں اور انسانیت کے لئے منشور کا درجہ رکھتے ہیں۔" (محمد رسول اللہ، ڈاکٹر محمد حمید اللہ ۱۲۳)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

اللہ تعالٰی کی حمد وثنا کرنے کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا!

اے اللہ کے بندو! اللہ سے ڈرو

اللہ ہی کی عبادت کرو

لوگو! تمہارے خون، مال اور تمہاری عزتیں ایک دوسرے پر ایسی ہی حرام ہیں جیسا کہ

تمہارے لئے آج کا یہ دن، یہ مہینہ اور یہ شہر حرمت والا ہے۔

لوگو! کیا میں نے اللہ کا حکم تم تک پہنچا دیا ہے؟ اے اللہ! گواہ رہنا۔

جس کسی کے پاس کوئی امانت ہے وہ اسے اس کے مالک کو لوٹا دے۔

جاہلیت کے زمانے کا سود ختم کر دیا گیا،

پہلا سود اپنے خاندان کا میں مٹاتا ہوں، یہ سود میرے چچا عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ کا ہے۔

مگر تمہیں اپنے سرمایہ پر حق حاصل ہے۔

نہ تم ظلم کرو گے اور نہ ظلم برداشت کرو گے

جاہلیت کے قتل کے تمام جھگڑے ملیامیٹ کرتا ہوں

جاہلیت کی تمام رسوم کو ختم کرتا ہوں،

سوائے کعبہ کی تولیت اور حاجیوں کو پانی پلانے کی خدمت کے۔

جان بوجھ کر قتل کرنے کا قصاص لیا جائے گا

قتل غیر عمد میں سو اونٹ دیت مقرر ہے جو اس سے زیادہ طلب کرے گا

وہ زمانہ جاہلیت کے لوگوں میں سے ہوگا

لوگو! سنتے ہو، کیا میں نے اللہ کا حکم تم تک پہنچا دیا ہے؟ اے اللہ! گواہ رہنا۔

اما بعد: لوگو! شیطان اس بات سے مایوس ہو گیا ہے کہ تمہاری سرزمین پر اس کی پوجا کی جائے گی۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

مگر اپنے دین کے معاملات میں شیطان سے ہوشیار رہو۔

نَسِیء یعنی مہینوں کو آگے پیچھے کرنا، کفر ہے۔

خدا کے نزدیک صرف بارہ مہینے ہیں

ان میں سے چار مہینے ذیقعدہ، ذی الحجہ، محرم، اور رجب حرمت والے مہینے ہیں۔

لوگو! سنتے ہو، کیا میں نے اللہ کا حکم تم تک پہنچا دیا ہے؟ اے اللہ! گواہ رہنا۔

امابعد: لوگو! تمہاری بیویوں کا تم پر حق ہے

اور ان پر تمہارا حق ہے۔

لوگو! سنتے ہو، کیا میں نے اللہ کا حکم تم تک پہنچا دیا ہے؟ اے اللہ! گواہ رہنا۔

لوگو! تمام مسلمان بھائی بھائی ہیں، اور کسی شخص کے لئے دوسرے بھائی کی اجازت اور مرضی کے بغیر اس کی جائیداد پر قبضہ کرنا خلاف قانون ہے۔

لوگو! سنتے ہو، کیا میں نے اللہ کا حکم تم تک پہونچا دیا ہے؟ اے اللہ! گواہ رہنا۔

پس میرے بعد گمراہ نہ ہو جانا کہ ایک دوسرے کی گردنیں مارنے لگو

میں تم مین دو چیزیں چھوڑے جا رہا ہوں کہ اگر اس پر عمل کرو گے تو کبھی گمراہ نہ ہو گے

پہلی چیز ہے۔ اللہ کی کتاب

دوسری چیز ہے۔ میری سنت۔

لوگو! سنتے ہو، کیا میں نے اللہ کا حکم تم تک پہنچا دیا ہے؟ اے اللہ! گواہ رہنا۔

لوگو! تمہارا رب ایک ہے اور تمہارا باپ بھی ایک ہے۔

تم سب آدم کی اولاد ہو اور آدم کی پیدائش مٹی سے ہوئی تھی۔

اللہ تعالی کے نزدیک سب سے زیادہ معزز وہ شخص ہے جو اللہ سے سب سے زیادہ ڈرتا ہو۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

کسی عرب کو کسی عجمی پر، کسی عجمی کو عربی پر، گورے کو کالے پر، کالے کو گورے پر کوئی فضیلت حاصل نہیں۔

لوگو! سنتے ہو، کیا میں نے اللہ کا حکم تم تک پہونچا دیا ہے؟

اس پر لوگوں نے جواب دیا۔''ہاں یارسول اللہ'' تو آپ نے خطبہ جاری رکھتے ہوئے فرمایا

جو لوگ یہاں ہیں وہ یہ تمام باتیں ان لوگوں تک پہونچا دیں جو یہاں موجود نہیں ہیں۔

اے لوگو! خدا نے ہر وارث کا حصہ وراثت متعین کر دیا ہے

کسی ایک وارث کے لئے وصیت کرنا خلاف قانون ہے۔

وارثین کے علاوہ کسی کے حق میں جائیداد کی ایک تہائی سے زیادہ وصیت کرنا قانون کے منافی ہے۔

بچے بستر کے مالک (شوہر) کی ملکیت ہیں۔

اور زانی کے لئے صرف سنگساری کی سزا ہے۔

جو کوئی اپنے باپ کے علاوہ کسی اور سے اپنا نسب ظاہر کرتا ہے

اس پر خدا، فرشتوں اور تمام انسانوں کی لعنت ہوگی۔

السلام علیکم

ابن سعد کی روایت کے مطابق حضور کے خطبہ میں دو جملے یہ بھی شامل تھے

لوگو! سنو اور عمل کرو

اگر تمہارا کمانڈر کسی نکٹے حبشی کو بھی مقرر کر دیا جائے تو اس کی اطاعت تم پر فرض ہے

تمہارے غلام، تمہارے غلام

انہیں وہی کھانے کو دو جو تم خود کھاتے ہو

انہیں ویسا ہی لباس پہناؤ جیسا تم خود پہنتے ہو،

اگر ان سے کوئی غلطی سرزد ہو جائے جسے تم معاف کرنا نہ چاہو تو انہیں فروخت کر دو مگر ان پر تشدد نہ کرو۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

یہ خوشخبری بھی سنائی کہ

اللہ فرماتا ہے ”آج میں نے تمہارے لئے تمہارا دین مکمل کر دیا، اور میں نے تم پر اپنا احسان پورا کر دیا اور میں نے تمہارے لئے اسلام ہی کو بطور دین پسند کیا ہے“ (سورہ مائدہ آیت نمبر ۳)

(محمد رسول اللہ ، ڈاکٹر محمد حمید اللہ صفحہ ۱۲۳ تا ۱۲۹)

لوگو! میں خیال کرتا ہوں کہ میں اور تم پھر کبھی اس مجلس میں اکھٹے نہیں ہوں گے۔

لوگو! نہ تو میرے بعد کوئی اور نبی آئے گا اور نہ تمہارے بعد کوئی اور امت آئے گی۔

خوب سن لو! اپنے پروردگار کی عبادت کرو،

پانچ وقت کی نمازیں ادا کرو،

سال بھر میں ایک مہینہ رمضان کے روزے رکھو،

اپنے مالوں کی زکوۃ نہایت خوش دلی کے ساتھ دیا کرو،

اللہ کے گھر کعبہ کا حج بجالاؤ،

اور اپنے حکام و ذمہ داروں کی اطاعت کرو،

جس کا بدلہ یہ ہے کہ تم اپنے پروردگار کی جنت میں داخل ہو گے۔

لوگو! قیامت کے دن تم سے میرے بارے میں دریافت کیا جائے گا

مجھے ذرا بتاؤ کہ تم کیا جواب دو گے؟

سب نے کہا!

ہم اس کی شہادت دیتے ہیں کہ

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اللہ کے احکام ہم کو پہنچا دیئے

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے رسالت و نبوت کا حق ادا کر دیا

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو کھوٹے کھرے کے بارے میں اچھی طرح بتا دیا۔

اس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی شہادت والی انگلی اٹھائی اور انگلی آسمان کی طرف کی ہوئی تھی

اور پھر لوگوں کی طرف جھکاتے ہوئے کہا کہ

اے اللہ! تو گواہ رہ

اے اللہ! تو گواہ رہ

اے اللہ! تو گواہ رہ ۔ تین مرتبہ فرمایا

(رحمۃ للعالمین ، قاضی محمد سلیمان سلمان منصور پوری ، جلد ا صفحہ ۳۱۸ تا ۳۲۰)

قرض ادا کیا جائے۔

ادھار لی ہوئی چیز واپس کی جائے۔

ضامن تاوان کا ذمہ دار ہے۔

مذہب میں غلو اور مبالغہ سے بچو۔

کیونکہ تم سے پہلی قومیں اسی سے برباد ہوئیں۔

حج کے مسائل سیکھ لو، میں نہیں جانتا شاید کہ اس کے بعد مجھے دوسرے حج کی نوبت آئے۔

ابتداء میں جب خدا نے آسمان و زمین کو پیدا کیا تھا زمانہ پھر پھرا کر آج اسی نقطہ پر آ گیا۔

سن لو! مجرم اپنے جرم کا ذمہ دار ہے۔

سن لو! باپ کے جرم کا ذمہ دار بیٹا نہیں۔

سن لو! بیٹے کے جرم کا جواب دہ باپ نہیں۔

(سیرت النبی، علامہ شبلی نعمانی و سید سلیمان ندوی جلد ۲ صفحہ ۹۱ تا ۱۰۰)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ۱۴ ذی الحجہ کو حج سے فارغ ہونے کے بعد مدینہ منورہ تشریف لائے۔

روانگی کے وقت حضرت عائشہؓ کو ان کے حقیقی بھائی عبدالرحمن بن ابوبکرؓ کے ساتھ تنعیم کے مقام سے عمرہ کرنے کا حکم فرمایا چونکہ وہ اپنے ایام کی وجہ سے معذور تھیں۔ یہ واقعہ چہارشنبہ کی رات کا ہے۔

۱۸ ذی الحجہ اتوار کو جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ واپس ہو رہے تھے تو غدیر خم ایک مقام ہے وہاں نماز ظہر ادا فرمائی۔ حضرت بریدہ بن حصیب اسلمیؓ یا حضرت بریرہؓ نے حضرت علی بن ابوطالبؓ کی حضور سے کچھ شکایت کی۔ جس کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک خطبہ دیا۔

اس خطبہ میں اہل بیت کے مقام کے ساتھ ساتھ حضرت علیؓ کے مقام اور مرتبہ کو واضح فرمایا کہ

اللہ تعالی میرا مولی ہے اور میں ہر مسلمان کا ولی ہوں۔

پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علیؓ کا ہاتھ پکڑ کر فرمایا!

میں جس کا ولی ہوں علیؓ اس کا ولی ہے۔

الٰہی! جو شخص علیؓ کو دوست سمجھے تو اسے دوست بنا اور جو ان سے عداوت کرے تو اس سے عداوت رکھ۔ اس موقعہ پر حضرت ابوبکرؓ و حضرت عمرؓ نے حضرت علیؓ کو مبارکباد دی کہ آپ تمام مومنوں کے مولی ہو گئے۔ (سیرت النبی ابن کثیر جلد ۳ صفحہ ۱۱۲ تا ۱۱۸)

سہ شنبہ ربیع الاول میں آپ کے صاحب زادے حضرت ابراہیمؓ کا انتقال ہوا

حضرت ابراہیمؓ کے وفات کے دن مدینہ منورہ میں سورج گہن ہوا

لوگوں نے اس کو صاحب زادے کی وفات سے جوڑا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

سورج اور چاند اللہ تعالی کی نشانیوں میں سے دو نشانیاں ہیں،

یہ کسی کی موت وحیات کی وجہ سے بے نور نہیں ہوتے۔

ذی الحجہ کے بقیہ دن مدینہ منورہ میں گذرے۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

محرم، صفر اور ربیع الاول یعنی حیات طیبہ کے آخری ۷۲ دن

(سیرت النبی ابن کثیر جلد ۳ صفحہ ۱۷۱)

ہجرت کا ۱۱ واں سال،

نبوت کا تیسواں سال۔ عمر مبارک ۶۳ واں سال سن عیسوی 632

اس سال یعنی محرم کے مہینہ سے انتقال تک کے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اہم واقعات یہ ہیں

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زندگی کا آخری وفد قبیلہ نخع کا تھا اس کی آمد ہوئی۔

۲۶ صفر، دوشنبہ کو جہاد روم کا حکم فرمایا اور اپنے دست مبارک سے پرچم تیار کیا

اور حضرت اسامہ بن زیدؓ کو لشکر کا امیر وقائد بنایا اور پرچم ان کے حوالے کیا۔

اس کے ایک دن بعد آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طبیعت اچانک ناساز ہوئی

لیکن اس بیماری کی حالت میں بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسجد تشریف لائے

اور ایک خطبہ دیا۔ جس میں فرمایا کہ

لوگو! اسامہؓ کے لشکر کو بڑھاؤ اور اس میں جا کر ملو۔

۲۸ صفر چہارشنبہ کو قبرستان بقیع تشریف لے گئے اور دیر تک دعائے مغفرت فرمائی۔

اسی طرح شہدائے احد کی زیارت کی اور ان کے لئے دعائے مغفرت فرمائی۔

اور یہاں ایک خطبہ ارشاد فرمایا۔

۳۰ صفر، چہارشنبہ کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی علالت کا آغاز ہو۔

اور اکثر اصحاب سیر کے مطابق آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی علالت کی مدت ۱۳ دن ہے۔

مرض الوفات میں ازواج مطہرات سے اجازت لے کر حضرت عائشہؓ کے ہاں آ گئے

۵ ربیع الاول، پیر کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت عائشہؓ کے ہاں آ گئے اور وفات تک یہیں رہے۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

مرض وفات کے دنوں کے واقعات کچھ اس طرح ہیں۔

ایک دن حضرت عبداللہ بن مسعودؓ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بخار تھا، میں نے چھو کر کہا یا رسول اللہ! آپ کو تو شدید بخار ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہاں! مجھے دو آدمیوں جتنا بخار رہتا ہے۔

میں نے پوچھا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اجر بھی دہرا ملتا ہے؟

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! بالکل۔ اور فرمایا!

اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ میں میری جان ہے

بخدا دنیا کے کسی مسلمان کو تکلیف پہنچے تو اللہ تعالیٰ اس کو گناہوں سے پاک کر دیتا ہے

جیسے موسم خزاں میں درخت پتوں سے صاف ہو جاتا ہے۔

(سیرت النبی ابن کثیر جلد ۳ صفحہ ۱۴۷)

حضرت اسامہ بن زیدؓ کہتے ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مرض میں شدت پیدا ہوئی تو 'جرف' سے میرے ہمراہ کئی لوگ مدینہ آگئے، میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تیمارداری کے لئے آیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خاموش تھے، بات نہ کرتے تھے، آپ آسمان کی طرف ہاتھ اٹھاتے، پھر اپنے چہرہ مبارک پر پھیر لیتے۔ میں سمجھ گیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے لئے دعا فرما رہے ہیں۔

(سیرت النبی ابن کثیر جلد ۳ صفحہ ۱۴۸)

اس آخری ہفتہ میں حضرت عائشہؓ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وہ معمول والی دعا جو بیماری کی حالت میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پڑھا کرتے تھے، مرض الوفات کے دنوں میں انہوں نے پڑھا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مبارک ہاتھوں پر دم کر کے چاہا کہ جسم اطہر پر ہاتھ پھیریں، آں حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہاتھ ہٹا لئے اور فرمایا

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِي وَارْحَمْنِي وَاَلْحِقْنِي بِالرَّفِيْقِ الْاَعْلٰى

اے اللہ! میری مغفرت فرما، اور مجھ پر رحم فرما، اور مجھے رفیق اعلیٰ سے ملا۔

(رحمۃ للعالمین، قاضی سلیمان منصور پوری جلد ۱ صفحہ ۲۴۲)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے چہارشنبہ کی مغرب کی نماز کی امامت فرمائی۔

یہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امامت کی آخری نماز ہے۔

مغرب کی نماز میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سورہ مرسلات تلاوت فرمائی۔

عشاء کی تیاری فرمائی، تین مرتبہ بے ہوش ہوئے، حضرت ابوبکرؓ کو امامت کرنے کو فرمایا۔

چہارشنبہ کی عشاء، جمعرات کی فجر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حکم کی بناء پر حضرت ابوبکرؓ نے امامت فرمائی۔

وفات سے چار دن پہلے یعنی جمعرات کو فرمایا کے دوات کاغذ لاؤ میں تمہارے لئے ایک تحریر لکھ دوں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وصیت لکھوانے کا ارادہ فرمایا لیکن بعد میں اس کی ضرورت محسوس نہ فرمائی۔

اس موقعہ پر یہ وصیتیں فرمائیں۔

کوئی مشرک عرب میں رہنے نہ پائے۔

سفراء کا اسی طرح احترام کیا جائے جس طرح آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں دستور تھا۔

(سیرت النبی شبلی، جلد ۲ صفحہ ۱۰۸)

جمعرات کی ظہر میں مسجد تشریف لائے، حضرت ابوبکرؓ امامت کر رہے تھے،

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تشریف آوری کے بعد وہ مقتدی ہو گئے۔

(یہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امامت میں پڑھی گئی آخری نماز تھی)

ظہر کی نماز کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی زندگی کا آخری خطبہ بیٹھ کر دیا۔ جس میں فرمایا کہ

اللہ نے اپنے ایک بندہ کو اختیار عطا فرمایا ہے کہ چاہے تو وہ دنیا کی نعمتوں کو قبول کرے

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

یا اللہ کے پاس آخرت میں جو کچھ ہے اس کو قبول کرے۔

لیکن اس بندہ نے اللہ ہی کے پاس کی چیزیں قبول کیں۔

(یہ سن کر حضرت ابوبکرؓ رو پڑے، لوگوں نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ ایک بندہ کے بارے میں بتاتے ہیں اور یہ ہیں کہ رو رہے ہیں، لیکن بعد میں پتہ چلا کہ وہ بات کی تہہ تک پہنچ چکے تھے اور یہ کہ وہ راز دار نبوت ہیں۔) (سیرت النبی شبلی جلد ۲ صفحہ ۱۰۸)

فرمایا! سب سے زیادہ میں جس کی دولت اور صحبت کا ممنون ہوں وہ ابوبکرؓ ہیں۔

فرمایا! میں انصار کے معاملہ میں تم کو وصیت کرتا ہوں

عام مسلمان بڑھتے جائیں گے لیکن انصار اس طرح کم ہو کر رہ جائیں گے جیسے کھانے میں نمک۔

وہ اپنی طرف سے اپنا فرض ادا کر چکے اب تمہیں ان کا فرض ادا کرنا ہے۔

حضرت عبدالرحمن بن عوفؓ کا بیان ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس وقت ہماری درخواست پر وصیت فرمائی کہ مہاجرین میں سے جو سابقین اولین ہیں میں تمہیں ان کے ساتھ اور ان کے بعد ان کی اولاد کے ساتھ اچھے سلوک کی وصیت کرتا ہوں۔

(عن ابن عباسؓ، صحیح بخاری حدیث نمبر ۹۲۷) (حیاۃ الصحابہ جلد ۲ صفحہ ۴۸۵)

(کچھ لوگوں نے حضرت اسامہؓ کو امیر لشکر بنانے پر اعتراض کیا تھا)

فرمایا! اگر اسامہ کی سرداری پر تم کو اعتراض ہے تو اس کے باپ زید کی سرداری پر بھی تم معترض تھے۔

خدا کی قسم! وہ اس منصب کا مستحق تھا۔

اور وہ مجھے سب سے زیادہ محبوب تھا اور اب اس کے بعد یہ مجھے سب سے زیادہ محبوب ہے۔

فرمایا! حرام و حلال کی نسبت میری طرف نہ کی جائے۔

میں نے وہی چیز حلال کی ہے جو خدا نے اپنی کتاب میں حلال کی ہے۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

اور وہی چیز حرام کی ہے جو خدا نے حرام کی ہے۔

فرمایا! اے پیغمبر خدا کی بیٹی فاطمہؓ!

فرمایا! اور اے پیغمبر خدا کی پھوپی صفیہؓ!

خدا کے ہاں کے لئے کچھ کرلو، میں تمہیں خدا سے نہیں بچا سکتا۔

(سیرت النبی شبلی جلد ۲ صفحہ ۱۰۸ و ۱۰۹)

نماز کی تاکید اور غلاموں کے ساتھ حسن سلوک کی تلقین فرمائی

مسجد نبوی میں کھلنے والے سارے دروازے بند کرنے کا حکم فرمایا

لیکن حضرت ابوبکرؓ کے دروازے کو کھلا رکھنے کی اجازت دی،

اور فرمایا کہ اللہ لعنت کرے یہود و نصاریٰ پر کہ انہوں نے

اپنے انبیاء کی قبروں کو سجدہ کی جگہ بنالیا۔

جمعرات کی عصر، مغرب، عشاء، آپ کی حیات مبارکہ میں حضرت ابوبکرؓ نے آپ کے حکم کی تعمیل میں امامت فرمائی

جمعہ کی فجر، جمعہ، عصر، مغرب، عشاء، آپ کی حیات مبارکہ میں حضرت ابوبکرؓ نے آپ کے حکم کی تعمیل میں امامت فرمائی

ہفتہ کی فجر، ظہر، عصر، مغرب، عشاء آپ کی حیات مبارکہ میں حضرت ابوبکرؓ نے آپ کے حکم کی تعمیل میں امامت فرمائی

اتوار کی فجر، ظہر، عصر، مغرب، عشاء آپ کی حیات مبارکہ میں حضرت ابوبکرؓ نے آپ کے حکم کی تعمیل میں امامت فرمائی

پیر کی فجر کی نماز آپ کی حیات مبارکہ میں حضرت ابوبکرؓ نے آپ کے حکم کی تعمیل میں امامت فرمائی

اسی مرض الوفات میں آپ ﷺ نے حضرت فاطمہؓ کو بلا بھیجا۔ (سیرت النبی شبلی جلد ۲ صفحہ ۱۱۰)

حضرت فاطمہؓ آئیں تو دو مرتبہ ان کے کان میں سرگوشی فرمائی،

پہلی مرتبہ سیدہ رو پڑیں اور دوسری مرتبہ ہنس پڑیں۔ پہلی میں اپنی وفات کی خبر

اور دوسری میں اہل و عیال میں سب سے پہلے حضرت فاطمہؓ کے انتقال کی خبر دی۔

(جامع ترمذی، ۲/۳۸۷)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

اسی مرض کے زمانے میں ۴۰ غلام آزاد فرمائے۔

وفات سے تین دن پہلے ملک الموت آئے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روح قبض کرنے کی اجازت لی۔

(عہد نبوت کے ماہ وسال صفحہ ۳۸۳)

جمعرات، جمعہ، ہفتہ، اتوار کو کسی وقت آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم باہر تشریف نہیں لائے۔

حضرت جابر بن عبداللہؓ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وصال سے تین دن پہلے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں اپنے بندے کے ظن وگمان کے موافق ہوتا ہوں

اور میرے ساتھ اچھا گمان رکھنا چاہئے۔ (سیرت النبی ابن کثیر جلد ۳ صفحہ ۱۴۸)

عین بے چینی کی حالت میں کبھی چادر منہ پر ڈال لیتے اور کبھی گرمی سے گھبرا کر الٹ دیتے۔

آہستہ سے یہ فرمایا!

یہود ونصاریٰ پر اللہ کی لعنت ہو کہ انہوں نے اپنے پیغمبروں کی قبروں کو عبادت گاہ بنالیا ہے۔

(رحمت عالم، سید سلیمان ندوی صفحہ ۱۳۱)

موطا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آخری کلام کے بارے میں یہ بھی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا!

یہود ونصاریٰ کو جزیرہ عرب سے نکال دو، جزیرہ عرب میں دو دین (یہودیت ونصرانیت) باقی نہ رہیں۔ (سیرت النبی ابن کثیر جلد ۳ صفحہ ۱۴۸)

اسی حالت میں یاد آیا کہ حضرت عائشہؓ کے پاس کچھ اشرفیاں رکھوائی تھیں۔

دریافت فرمایا کہ عائشہ! وہ اشرفیاں کہاں ہیں؟

کیا محمدؐ خدا سے بدگمان ہو کر ملے گا؟

جاؤ ان کو خدا کی راہ میں خیرات کردو۔ (رحمت عالم، سید سلیمان ندوی صفحہ ۱۳۱)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

مرض میں زیادتی اور کمی ہوتی رہتی تھی جس دن وفات ہوئی یعنی پیر کے دن بظاہر طبیعت ہلکی تھی۔

حجرہ مبارک، مسجد سے ملا ہوا تھا۔ پردہ اٹھا کر دیکھا تو صحابہ فجر کی نماز میں تھے۔

تھوڑی دیر تک اس نظارہ کو ملاحظہ فرماتے رہے۔ (رحمۃ للعالمین جلد ا صفحہ ۳۳۶)

دیکھ کر مسکرا دیئے کہ خدا کی زمین میں آخر وہ گروہ پیدا ہو گیا جو رسول کی تعلیم کا نمونہ بن کر خدا کی یاد میں لگا ہے۔ صحابہ نے آہٹ پا کر خیال کیا کہ آپ ﷺ باہر آنا چاہتے ہیں، خوشی سے صحابہ بے قابو ہو چلے تھے اور قریب تھا کہ نمازیں ٹوٹ جائیں۔ حضرت ابوبکرؓ نے جو امام تھے، چاہا کہ پیچھے ہٹ جائیں لیکن آپ ﷺ نے اشارہ سے روکا، اور حجرہ کے اندر ہو کر پردہ چھوڑ دیا، کمزوری اتنی تھی کہ آپ ﷺ پردہ بھی اچھی طرح نہ چھوڑ سکے۔ یہ سب سے آخری موقعہ تھا جس میں عام مسلمانوں نے حضور ﷺ کو ان کی زندگی میں دیکھا۔ (رحمت عالم، سید سلیمان ندوی صفحہ ۱۳۲)

حضرت انسؓ کہتے ہیں کہ نزع کے وقت رسول اللہ ﷺ کی عمومی وصیت تھی

اَلصَّلٰوۃ وَمَا مَلَکَتْ اَیْمَانُکُمْ

نماز اور ماتحتوں کا خیال رکھو۔

یہ الفاظ آپ ﷺ کے حلق میں متردد تھے اور زبان سے صاف ادا نہ ہو رہے تھے۔

(سیرت النبی ابن کثیر جلد ۳ صفحہ ۱۴۹)

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں کہ

میں نے رسول اللہ ﷺ کو نزع کی حالت میں دیکھا کہ

آپ ﷺ کے پاس پیالہ میں پانی تھا

آپ ﷺ پیالہ میں ہاتھ ڈالتے اور چہرے پر پھیرتے اور فرماتے!

اے اللہ! موت کی سختیوں میں میری اعانت فرما۔ (حوالہ سابق)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

دن جیسے جیسے چڑھتا جاتا تھا، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر بار بار غشی طاری ہو رہی تھی،

حضرت فاطمہ الزہرا رضی اللہ عنہا یہ دیکھ کر بولیں،" ہائے میرے ابا کی بے چینی "

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سنا تو فرمایا!

"تمہارا باپ آج کے بعد پھر بے چین نہ ہوگا "(رحمت عالم ،سید سلیمان ندوی صفحہ ۱۳۲)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لانے والوں میں اولین میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ہیں

اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے انتقال کے وقت آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس حضرت صدیق رضی اللہ عنہ کی بیٹی صدیقہ رضی اللہ عنہا ہیں

ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہا کرتی تھیں کہ

اللہ تعالیٰ کا مجھ پر بڑا انعام ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میری باری کے دن، میرے گھر میں،

میرے سینے اور دگدگی کے درمیان انتقال فرمایا۔

اور وفات کے دن اللہ تعالیٰ نے میرے اور ان کے لعاب دہن کی آمیزش کر دی

وہ یوں کہ میرے بھائی عبدالرحمن بن ابوبکر رضی اللہ عنہ مسواک لئے تیمارداری کے لئے آئے

میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنے سینے کا سہارا دئے ہوئے تھی، میں نے دیکھا تو

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عبدالرحمن کی مسواک کی طرف دیکھ رہے ہیں، میں تاڑ گئی کہ

آپ صلی اللہ علیہ وسلم مسواک کو پسند فرما رہے ہیں۔ میں نے پوچھا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دوں تو سر کے

اشارے سے 'ہاں' کہا، میں نے وہ نرم کر دی اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دندان مبارک پر پھیرا

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے ایک برتن میں پانی تھا

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پانی میں ہاتھ ڈبوتے اور چہرہ پر پھیرتے اور فرماتے

'لا الہ الا اللہ'

اور آپ کی زبان مبارک پر بَلِ الرَّفِيْقِ الْاَعَلٰى فِى الْجَنَّةِ کے کلمات مبارکہ تھے

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

اور اسی ورد کے ساتھ آپ ﷺ کی وفات ہوئی۔ (سیرت النبی ابن کثیر جلد ۳ صفحہ ۱۵۰)

۱۲ ربیع الاول پیر کو فجر کے بعد ظہر سے پہلے آپ ﷺ کا وصال ہوا۔

ام المومنین حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ جب

آپ ﷺ کی روح پرواز کر گئی تو حجرہ معطر ہو گیا

میں نے اس سے بہتر خوشبو کبھی نہیں پائی۔

ام المومنین حضرت ام سلمہؓ بیان کرتی ہیں کہ جس روز

رسول اللہ ﷺ کا انتقال ہوا اس روز میں نے

آپ ﷺ کے سینے پر ہاتھ رکھا۔ میں ہاتھ سے کھاتی پیتی رہی اور وضو کرتی رہی

کئی ہفتہ تک میرے ہاتھ سے خوشبو نہ گئی۔ (سیرت النبی ابن کثیر جلد ۳ صفحہ ۱۵۱و۱۵۲)

"وصال نبوی ﷺ اور صحابہ کرامؓ"

رسول اللہ ﷺ کے انتقال کی خبر مدینہ منورہ میں عام ہوئی۔

حضرت عمرؓ مسجد نبوی میں تھے اور کہہ رہے تھے کہ جو یہ کہے کہ رسول اللہ ﷺ کا انتقال ہو گیا تو

وہ اس کے ہاتھ پاؤں کاٹ دیں گے۔ آنحضرت ﷺ اسی طرح اپنے رب سے ملاقات کے

لئے گئے ہیں جیسے حضرت موسیٰ علیہ السلام کوہ طور پر گئے تھے۔

حضرت ابوبکرؓ سخ سے غمگین تشریف لائے، حجرہ مبارکہ میں داخل ہوئے،

رسول اللہ ﷺ کے پاس تشریف لائے اور چہرہ مبارک سے چادر ہٹائی

اور رسول اللہ ﷺ کی پیشانی مبارک پر تین بوسے دیے

اور کہا کہ یا رسول اللہ! آپ پر میرے ماں باپ قربان۔

اور مسجد تشریف لا کر خطبہ دیا جس میں قرآنی آیات پڑھیں۔ (سورہ آل عمران، آیت ۱۴۴)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کی خبر تھی کہ
تمام صحابہ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے انتقال کا یقین ہو گیا۔
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے شاعر حضرت حسان بن ثابتؓ نے اس موقعہ پر کہا۔

وَهَلْ عَدَلَتْ يَوْمًا رَزِيَّةُ هَالِكٍ
رَزِيَّةَ يَوْمٍ مَاتَ فِيهِ مُحَمَّدٌ علیہ السلام

کیا کبھی کسی فوت ہونے والے کی مصیبت،
اس مصیبت کے ہم پلہ ہوئی جس روز محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم انتقال فرمائے۔

ام المومنین حضرت ام سلمہؓ فرماتی ہیں "ہائے وہ مصیبت کہ سب مصائب ہیچ ہو جاتے ہیں جب ہم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کا رنج والم یاد کرتے ہیں" (سیرت النبی ابن کثیر جلد ۳ صفحہ ۱۸۷)

حضرت فاطمہؓ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہا کہ
ہائے میرے پیارے والد! خدا کی دعوت حق کو قبول کر گئے،
ہائے میرے پیارے والد! جن کا مقام جنت الفردوس ہے،
ہائے میرے پیارے والد! ہم جبریل کو ان کی وفات کی خبر دیں گے۔
(سیرت النبی ابن کثیر جلد ۳ صفحہ ۱۸۹۔۱۹۰)

حضرت ابوسفیان بن حارث بن عبدالمطلبؓ نے اس حادثہ کا تذکرہ یوں کیا۔

لَقَدْ عَظُمَتْ مُصِيبَتُنَا وَجَلَّتْ
عَشِيَّةَ قِيلَ قَدْ قُبِضَ الرَّسُولُ
وَذَاكَ أَحَقُّ مَا سَالَتْ عَلَيْهِ
نُفُوسُ النَّاسِ أَوْ كَرُبَتْ تَسِيلُ

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

اَفَاطِمُ اِنْ جَزِعْتِ فَذَاكَ عُذْرُ

وَاِنْ لَّمْ تَجْزَعِیْ ذَاكَ السَّبِیْلُ

فَقَبْرُ اَبِیْكِ سَیِّدُ كُلِّ قَبْرٍ

وَفِیْهِ سَیِّدُ النَّاسِ الرَّسُوْلُ

اس وقت ہماری مصیبت بے پایاں ہوگئی جب کہا گیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انتقال ہو گیا۔ یہ حادثہ فاجعہ اس سے زیادہ مستحق ہے کہ اس پر لوگوں کا دم نکل جائے یا اس کے قریب نوبت پہنچ جائے۔ اے فاطمہؓ اگر آپ جزع فزع کریں تو یہ عظیم عذر ہے، اگر جزع فزع نہ کرو اور صبر کرو تو یہی اچھا طریقہ ہے۔ آپ کے والد محترم کی قبر کائنات کے قبروں کی سردار ہے، اور اس میں عالم کے سردار اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدفون ہیں۔

پیر کے دن سقیفہ بنو ساعدہ میں انصاری صحابہ کے مجمع میں

حضرت ابوبکر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خلیفہ کی حیثیت سے بیعت لی گئی۔

دوسرے دن مسجد نبوی میں تمام مہاجر و انصاری صحابہ نے بیعت کی۔

منگل کے دن ظہر بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حضرت عباسؓ، اور ان کے دو بیٹے حضرت فضلؓ و قثمؓ اور حضرت علیؓ، حضرت اسامہ بن زیدؓ، اور حضرت صالحؓ مولی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے غسل دیا۔

حضرت ابوطلحہ بن سہل انصاریؓ نے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے لحد اور بغلی قبر بنائی۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تین سحولی (یمنی) سفید چادروں میں کفن دیا گیا۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا جنازہ فردا فردا پڑھنا ایک متفق علیہ مسئلہ ہے۔

ملائکہ، اہل بیت، انصاری و مہاجرین صحابہ حتی کہ بچے، غلام، کنیز تک نے نماز جنازہ پڑھی۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

جہاں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انتقال ہوا وہیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تدفین عمل میں آئی یعنی موجودہ روضہ اطہر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

پیر کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روح پرفتوح نے پرواز کی

منگل کو غسل وتکفین ونماز جنازہ ہوئی

مغرب سے چہارشنبہ شروع ہوا تو رات میں تدفین عمل میں آئی۔

قبر رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حضرت علیؓ، حضرت فضلؓ، حضرت قثمؓ، حضرت شقرانؓ، حضرت اوس بن خولیؓ انصاری اترے۔ اور جسد اطہر کو قبر مبارک میں اتارا"۔ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(خلاصہ از سیرت النبی ابن کثیر جلد ۳ صفحہ ۱۵۲ تا ۲۰۱)

(خلاصہ از رسول کریم کے آخری ایام، نظام الدین مغربی صفحات ۷۸)

سلام اے آمنہ کے لال، اے محبوب سبحانی
سلام اے فخر موجودات، فخر نوع انسانی
سلام اے ظل رحمانی، سلام اے نور یزدانی
ترا نقش قدم ہے زندگی کی لوح پیشانی
تری صورت، تری سیرت، ترا نقشہ، ترا جلوہ
تبسم، گفتگو، بندہ نوازی، خندہ پیشانی

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

نزول قرآن۔نبوت کے کس سال کونسی سورت نازل ہوئی۔

۱ نبوت کا پہلا سال

العلق، القلم، المزمل، المدثر

۲ نبوت کا دوسرا سال

الاعلی، التکویر، القیامة، الاخلاص، الفیل، قریش،

الفجر، التین، اللهب، الفلق، الناس

۳ نبوت کا تیسرا سال

الشمس، الضحی، الانشراح، البلد، الطارق، البروج، عبس، الفاتحه،

الشعراء، الطور، الذاریات، ق، الغاشیه، العادیات، التکاثر۔

۴ نبوت کا چوتھا سال،

الفرقان، النمل، سبا، فاطر، النجم، القمر،

الرحمان، الواقعه، الملك، الحاقه، المعارج

۵ نبوت کا پانچواں سال

المرسلات، الدهر، نوح، ص، طه، مریم، الماعون، الکوثر،

۶ نبوت کا پانچواں و چھٹواں سال

الصافات، جزء حم سجده، یس

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

۷ نبوت کا ٦واں سال۔

النباء، العصر، التطفیف، الانفطار، الکافرون،

۸ نبوت کا ٦ و ۷واں سال۔

النازعات، الانشقاق، الروم

۹ نبوت کا ۷واں سال۔ القارعة، الانبیاء،

۱۰ نبوت کا ۸واں سال القدر، البینة، الھمزہ،

۱۱ نبوت کا ۹واں سال

العنکبوت، السجدہ، لقمان، الزلزال،

۱۲ نبوت کا ۱۰واں سال

النمل، المومنون، الشوری، الزخرف، الدخان، الجاثیة، الجن،

۱۳ نبوت کا ۱۰، ۱۱واں سال الاحقاف،

۱۴ نبوت کا ۱۱واں سال

المومن، الانعام، یونس، ھود، یوسف، الرعد، ابراھیم، الحجر

۱۵ نبوت کا ۱۱، ۱۲واں سال الزمر، الاعراف،

۱٦ نبوت کا ۱۲واں سال

بنی اسرائیل، الکھف، القصص، جزء حم سجدہ،

۱۷ نبوت کا ۱۳واں اور ہجرت کا پہلا سال الحج، التغابن

۱۸ ہجرت کا پہلا سال محمد صلی اللہ علیہ وسلم

۱۹ ہجرت کا پہلا، دوسرا سال البقرة

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

۲۰	ہجرت کا دوسرا سال	الانفال
۲۱	ہجرت کا دوسرا، تیسرا سال	آل عمران
۲۲	ہجرت کا تیسرا سال	النساء، المائدہ، الصف،
۲۳	ہجرت کا تیسرا چوتھا سال	الجمعة،
۲۴	ہجرت کا چوتھا سال	الحشر
۲۵	ہجرت کا ۵واں سال	المنافقون، جزء احزاب، النور
۲۶	ہجرت کا ٦واں سال	الطلاق، الفتح، المجادله،
۲۷	ہجرت کا ۷واں سال	التحريم، جزء احزاب،
۲۸	ہجرت کا ۸واں سال	الممتحنه، الحديد،
۲۹	ہجرت کا ۹واں سال	التوبة، الحجرات،
۳۰	ہجرت کا ۱۰واں سال	النصر،

تکمیل دین اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ

وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنَ

(دائمی عالمی تاریخ ۱۱۷ و ۱۱۸) (نیز معارف النزول صفحہ ۶۰-۶۱)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غزوات اور سرایا کی تعداد مع سال وماہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ۲۸ غزوات فرمائے۔ جو آگے دیئے جار ہے ہیں۔

مغازی یا غزوات، جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بنفس نفیس شرکت فرمائی۔

سرایا یا بعوث جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شریک نہیں ہوئے۔

بلکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فوج روآنہ فرمائی۔ (عہد نبوت کے ماہ وسال، ۵۲)

(نوٹ)

غزوات وسرایا سے متعلق بعض مورخین ومحدثین کے نزدیک تقدیم وتاخیر ہے۔

اور سال ومہینہ کا بھی فرق ہے۔

۱	غزوہ الابواء یا غزوہ ودان	پہلا جہاد۔ ۱۲ صفر ۲ ھجری
۲	غزوہ بواط	ربیع الاول یا ربیع الثانی ۲ ہجری
۳	غزوہ سفوان یا غزوہ بدر اولی	ربیع الاول ۲ ہجری
۴	غزوہ العشیرہ۔	جمادی الاولی ۲ ہجری
۵	غزوہ بدر کبری	رمضان ۲ ہجری
۶	غزوہ بنی سلیم یا قرقرۃ الکدر	محرم ۳ ہجری
۷	غزوہ السویق	ذی الحجہ ۲ ہجری
۸	غزوہ غطفان یا غزوہ ذی امر	ربیع الاول ۳ ہجری
۹	غزوہ الفرع	
۱۰	بنی قینقاع	شوال ۲ ہجری
۱۱	غزوہ احد	شوال ۳ ہجری

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

۱۲	غزوہ حمراء الاسد	شوال ۳ ہجری
۱۳	غزوہ بنی نضیر	ربیع الاول ۴ ہجری
۱۴	غزوہ بدر صغریٰ یا بدر موعد	ذی قعدہ ۴ ہجری
۱۵	غزوہ دومۃ الجندل	ربیع الاول ۵ ہجری
۱۶	غزوہ بنو مصطلق یا غزوہ مریسیع	شعبان ۵ ہجری
۱۷	غزوہ خندق یا غزوہ احزاب	ذی قعدہ ۵ ہجری
۱۸	غزوہ بنو قریظہ	ذی قعدہ ۵ ہجری
۱۹	غزوہ بنی لحیان	ربیع الاول ۶ ہجری
۲۰	غزوہ حدیبیہ	ذی قعدہ ۶ ہجری
۲۱	غزوہ ذی قرد	ربیع الاول ۶ ہجری
۲۲	غزوہ خیبر	محرم ۷ ہجری
۲۳	غزوہ وادی القریٰ	
۲۴	غزوہ ذات الرقاع	محرم ۵ ہجری
۲۵	غزوہ فتح مکہ	رمضان ۸ ہجری
۲۶	غزوہ حنین	شوال ۸ ہجری
۲۷	غزوہ طائف	شوال ۸ ہجری
۲۸	غزوہ تبوک	رجب ۹ ہجری

غزوات کی ترتیب (عہد نبوت کے ماہ وسال ۵۱ تا ۵۳) سے ماخوذ ہے۔

غزوات کے سال ومہینہ (مرقع سیرت طیبہ صفحہ ۱۵۷۔۱۵۸) سے ماخوذ ہے

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

سرایا کی تعداد

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ۶۰ سے زائد سرایا یعنی صحابہ کے لشکر بھیجے ہیں۔(اصح السیر ۳۴۲)

غزوات وسرایا میں مسلمانوں کے شہداء اور کافروں کے مقتولین

گروپ	گرفتار	زخمی	مقتول	کل
مسلمان	۱	۱۲۷	۲۵۹	۲۸۷
مشرکین	۶۵۶۴	۱۲۷	۷۵۹	۷۳۲۳
جملہ	۶۵۶۵	۲۵۴	۱۰۱۸	۷۷۱۰

(رحمۃ للعالمین جلددوم ۲۷۶)

ایک تاریخی گواہی اور حقیقت

”اور یہ کیا عجیب بات ہے کہ ایک فوج کا جرنیل جس نے مسلسل نو برس لڑائیوں میں گذارے اور جس نے کبھی لڑائی کے میدان سے منہ نہیں موڑا، اس نے اپنے دشمن پر کبھی تلوار نہیں اٹھائی، اور نہ کبھی اپنے ہاتھ سے کسی پر وار کیا۔“ (رحمت عالم صفحہ ۱۵۲)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اسمائے گرامی

المواھب اللدنیہ کے مصنف نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اسمائے مبارکہ کو بڑی تفصیل سے لکھا ہے، اور کئی صفحات پر ناموں کا تذکرہ کیا ہے جس کا خلاصہ ہم یہاں پیش کررہے ہیں۔ ناموں کی کثرت ذات کے شرف وبزرگی پر دلالت کرتی ہے۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اللہ تعالی نے قرآن مجید اور دیگر آسمانی کتابوں نیز انبیاء کرام کی زبانوں سے بہت سے نام عطا فرمائے ہیں۔ اسی طرح آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صفات بھی بہت ہیں۔ مواھب لدنیہ کے مصنف نے چار سو سے زائد اسماء مبارکہ کو حروف تہجی کے اعتبار سے لکھا ہے۔ احادیث مبارکہ سے ثابت آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اسماء مبارکہ معانی کے ساتھ یہ ہیں۔ (المواھب اللدنیہ صفحہ ۴۹۳ تا ۵۰۸)

محمدؐ۔ جن کی بہت زیادہ تعریف کی گئی۔ احمدؐ۔ سب سے زیادہ تعریف بیان کرنے والے

محمود۔ جن کی تعریف ہر زمانہ میں کی گئی

الماحی۔ شرک وکفر اور بدعات کو مٹانے والے

الحاشر۔ قیامت کے دن سارے انسانوں کو جمع کرنے والے

العاقب۔ نبیوں میں سب سے آخری

نبی الرحمۃ۔ رحمۃ للعالمین رحمت والے نبی۔ سارے جہانوں کے لئے رحمت

مُقَفّٰی۔ نبیوں اور رسولوں میں سب سے آخری میں آنے والے

خاتم النبین۔ انبیاء کرام ورسل علیہم الصلاۃ والسلام کے سلسلہ نبوت کو ختم کرنے والے

سید ولد آدم۔ حضرت آدم کی اولاد کے سردار

نیز دیکھئے (رحمۃ للعالمین جلد ۳ صفحہ ۱۱۴۔ رحمۃ للعالمین جلد سوم ۲۲۲ تا ۲۴۹)

'اک نام مصطفی ہے جو بڑھ کر گھٹا نہیں۔ ورنہ ہر ایک عروج میں پنہاں زوال ہے'

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حلیہ مبارکہ

اس سلسلہ میں خاص طور پر چار بیانات پیش نظر ہیں جو تاریخی اور معتبر و مستند ہیں۔

۱ حضرت ام معبدؓ اپنے شوہر سے بیان کرتی ہیں۔ جو ابھی مسلمان نہیں ہوئی تھیں۔

۲ حضرت علی بن ابوطالبؓ جو ۲۳ سالہ نبوی دور میں آپ کے زیر تربیت رہے۔
(سیرت النبی شبلی جلد ۲ صفحہ ۱۷۳)

۳ حضرت ہند بن ابی ہالہؓ اپنے بھانجے حسن بن علیؓ کی درخواست پر بیان کرتے ہیں۔
جو گویا آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے آغوش پروردہ تھے۔ جنہیں ربیب رسول اللہ
یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پرورش کردہ کہا جاتا تھا۔ (سیرت النبی شبلی جلد ۲ صفحہ ۱۷۳)

۴ حضرت انس بن مالکؓ جنہوں نے ۱۰ سال رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت کی سعادت پائی۔

ارشاد نبوی ہے "انبیاء علیہم السلام صورت و سیرت دونوں اعتبار سے حسین تھے، حضرت قتادہ سےؓ مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالی نے جو بھی نبی مبعوث کیا وہ خوب صورت اور اس کی آواز حسین تھی، یہاں تک کہ تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بھی حسن صورت اور حسن آواز دے کر مبعوث کیا۔ (طبقات ابن سعد جلد ۱ صفحہ ۳۷۶ بحوالہ پیغمبر اعظم وآخر ۳۷)

حضرت ام معبدؓ کی دل آویز لافانی خاکہ نگاری

"میں نے ایسا آدمی دیکھا ہے، جو حسن و جمال اور خوش اخلاقی کا پیکر ہے۔ خوبصورت چہرہ ہے، نہ تو ند بڑھی ہوئی ہے نہ سر چھوٹا ہے، خوبصورت، حسین ہے، آنکھیں سرمگیں ہیں، پلکیں لمبی ہیں، آواز بھاری ہے، کالی آنکھ سرمئی، ابرو تیکھے، باہمی ملے ہوئے، دراز گردن، گھنی داڑھی، خاموش ہو تو پروقار، گویا ہو تو مجلس پہ چھا جائے، شیریں کلام، گفتگو متوازن، نہ کم نہ بیش، گویا وہ موتیوں کا ہار ہے جو یکے بعد دیگرے جھڑ رہے ہیں، لوگوں سے حسین تر، اور سب سے حسین و جمیل، قریب سے

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

شیریں کلام اور خوش گفتار، میانہ قامت، طوالت آنکھ کو نا گوار نہیں گذرتی، اور نہ کوتاہ قامت کہ آنکھ میں نہ بچے، ایسے جیسے دو شاخوں اور ٹہنیوں کے درمیان سرسبز شاخ، وہ نگاہ میں تروتازہ، اور حسین قامت، رفقاء اس کو گھیرے ہوئے ہیں، بات کرے تو کان لگا کر سنتے ہیں، حکم دے تو لپک کر تعمیل کرتے ہیں، اور حکم بجالاتے ہیں، مخدوم اور مرجع خلائق، نہ ترش رو، نہ حواس باختہ، اور نا ہی فاتر العقل۔" (سیرت النبی ابن کثیر جلد ۳ صفحہ ۴۲۳)

حضرت علی بن ابو طالبؓ کا بیان

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نہ تو لانبے تھے، اور نہ پستہ قد، بلکہ متوسط قامت تھے۔ آپ کے بال نہ تو گھنگریالے تھے، نہ بالکل سیدھے، بلکہ قدرے بل کھائے ہوئے تھے۔ آپ نہ زیادہ فربہ تھے اور نہ دبلے پتلے۔ آپ کا چہرہ گول سا، اور رنگ سرخی مائل تھا۔ آنکھیں سیاہ اور پلکیں لمبی تھیں۔ آپ کے جوڑ مضبوط تھے۔ اور بدن پر بال نہیں تھے بلکہ بالوں کی ایک لکیر تھی جو سینے سے ناف تک چلی گئی تھی، ہاتھ اور پاؤں پر گوشت تھے۔ جب آپ چلنے کے لئے قدم اٹھاتے تو ایسا لگتا جیسے آپ بلندی سے نیچے اتر رہے ہیں، اور جب آپ کسی کی طرف دیکھتے تو پورے جسم کے ساتھ متوجہ ہوتے تھے۔ آپ کے دونوں شانوں کے درمیان مہر نبوت تھی، اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خاتم النبین تھے۔ آپ لوگوں میں نہایت کشادہ دل اور فیاض اور زبان کے نہایت سچے تھے۔ آپ صاف اور غیر مبہم لب ولہجہ میں گفتگو فرماتے تھے۔ آپ طبیعت کے بہت نرم اور خانوادے کے لحاظ سے مکرم ومعزز تھے۔ اگر کوئی شخص آپ کو پہلے پہل دیکھتا تو اس پر ہیبت طاری ہوجاتی اور جو شخص آپ کو پہچان کر آپ سے گھل مل جاتا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت کرنے لگتا۔ حضرت علیؓ کہتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات سے پہلے اور نہ آپ کی وفات کے بعد میں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جیسا حسین شخص دیکھا۔ (پیغمبر اعظم وآخر صفحہ ۳۸)(سیرت النبی ابن کثیر جلد ۳ صفحہ ۳۲۲)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

حضرت ہند بن ابی ہالہؓ کی زبانی

”حضرت حسن بن علیؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے اپنے ماموں حضرت ہند بن ابی ہالہؓ سے رسول اللہ ﷺ کا حلیہ مبارک دریافت کیا، وہ حلیہ بیان کرتے ہوئے تصویر کھینچ دیتے تھے۔ میری خواہش تھی کہ وہ میرے سامنے آپ کے کچھ اوصاف بیان کریں جن کو میں ذہن نشین اور ازبر کرلوں، چنانچہ انہوں نے بیان کیا کہ ”رسول اللہ ﷺ خوب فربہ تھے، آپ کا چہرہ مبارک بدر منیر کی طرح منور تھا، میانہ قد سے کچھ دراز، لمبے تڑنگے سے کچھ کم، سر بڑا، جب سر کے بال بکھر جاتے تو مانگ نکالتے ورنہ نہ نکالتے، اور آپ کے بال کان کی لو سے متجاوز نہ ہوتے، کانوں کے نصف تک ہوتے، رنگ صاف شفاف، کشادہ پیشانی، باریک اور تیکھے خمدار ابرو، گھنے، باہم متصل نہ تھے، دونوں ابروؤں کے درمیان ایک رگ تھی جو غصہ کے وقت میں پھول جاتی تھی، بلند بینی، آپ پر نور برستا رہتا تھا، بلا تامل، غور سے نہ دیکھنے والا آپ کو بلند بینی خیال کرتا تھا، داڑھی گھنی، سرمئی آنکھیں، رخساروں پر گوشت کم، ہموار کشادہ دہن، دانت آبدار، چمکدار، اور کشادہ، سینے سے ناف تک بالوں کی باریک لکیر، گردن گڑیا کی طرح گویا نقرئی، جسم سڈول، پر گوشت گٹھا بدن، پیٹ اور سینہ برابر، اور سینہ چوڑا، دونوں کندھوں کے درمیان کچھ فاصلہ، مفاصل اور جوڑ ضخیم، سینہ اور ناف کے بین لکیر کی طرح بالوں کی دھاری تھی، اس کے ماسوا سینے اور پیٹ پر بال نہ تھے۔ بازو، کندھے اور سینے کے بالائی حصہ پر بال تھے، کلائیاں دراز، اور لمبے پہونچے، ہتھیلی فراخ، اور کشادہ، بازو اور پنڈلیاں سیدھی اور دراز، ہتھیلیاں اور قدم پر گوشت، لمبی انگلیاں، پنجے اور ایڑی کے درمیان خلا تھا، پاؤں کے تلوے ہموار اور سپاٹ تھے، پاؤں سے پانی پھسلتا تھا، جب چلتے تو تیز رفتار ہو جاتے، اور آگے جھک کر چلتے، متواضع چلتے، جب چلتے تو گویا ڈھلوان سے اتر رہے ہوں، اور جب مڑتے اور متوجہ ہوتے تو یکبارگی مڑتے اور التفات کرتے، نگاہ نیچی، آسمان کی طرف نگاہ کی بہ نسبت، زمین کی

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

طرف نگاہ زیادہ رہتی، ازراہ تواضع صحابہ کے پیچھے چلتے، آپ سلام میں سبقت کرتے۔

گفتار: عرض کیا آپ کی گفتار اور گویائی کے بارے میں بتایئے تو انہوں نے کہا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمیشہ غمگین اور متفکر رہتے، افکار کی بدولت آرام اور راحت نہ تھی، بے ضرورت بات نہ کرتے، زیادہ خاموش رہتے، کلام کی ابتداء اور انتہاء منہ بھر کر کرتے، جامع کلمات (لفظ کم، معنی زیادہ) بولتے۔ ایک فقرہ دوسرے سے الگ ہوتا، کلام میں کمی بیشی نہ ہوتی، نرم مزاج تھے، سخت مزاج نہ تھے، کسی کو ذلیل وحقیر نہ سمجھتے، معمولی احسان کی بھی قدر کرتے، مذمت نہ کرتے اور بے جا تعریف نہ کرتے، جب حق کے نفاذ میں کوئی امر مانع ہوتا تو آپ کے غیض وغضب کے سامنے کوئی چیز نہ ٹھہر سکتی۔ اور ایک روایت میں ہے کہ دنیاوی امور آپ کو مشتعل اور غضبناک نہ کرتے، اور نہ ہی آپ ان کے درپے ہوتے، جب حق وصداقت کو کوئی نظر انداز کر دیتا تو آپ اس کے درپے ہو جاتے یہاں تک کہ آپ اس کا بدلہ دلوا دیتے، اپنی ذات کے لئے نہ ناراض ہوتے اور نہ ہی بدلہ لیتے، جب اشارہ فرماتے تو پورے ہاتھ سے اشارہ فرماتے، کسی بات پر تعجب کا اظہار کرتے تو ہتھیلی کا رخ پلٹ دیتے۔ جب آپ غصہ میں ہوتے منہ پھیر لیتے اور ناگواری کے ساتھ روگردانی کرتے، اور جب مسرت کی کیفیت طاری ہوتی تو نگاہ نیچی کر لیتے، عموما آپ کی ہنسی تبسم اور مسکراہٹ ہوتی، اولوں کی طرح، دانت تبسم کے وقت چمکتے۔

گھریلو اوقات اور گھر والوں کے ساتھ:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گھر میں آمد کے بارے میں پوچھا تو بتایا کہ آپ اپنی راحت کے لئے گھر تشریف لاتے، گھر میں تشریف لاتے تو اس وقت کو تین حصوں میں تقسیم فرما لیتے، ایک حصہ اللہ تعالیٰ کی اطاعت وعبادت کے لئے، ایک حصہ اہل وعیال کیلئے اور ایک حصہ اپنے آرام وراحت کیلئے

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

۔آرام وراحت کے اوقات میں ایک عوام اور خواص کیلئے صرف فرما دیتے، اور اس میں آپ کا طریق کار یہ تھا کہ اہل علم و فضل کو آداب واطوار سے روشناس کرانے میں ترجیح دیتے، دینی حالت و مرتبہ کے موافق ان کی تربیت میں اس وقت کو تقسیم کرتے۔ بعض کو ایک ضرورت لاحق ہوتی، اور بعض کو دو، اور بعض متعدد ضروریات میں مبتلا ہوتے، آپ ان کے ساتھ مشغول ہو جاتے، اور ان کو اصلاحی امور میں مصروف رکھتے، اور ان کو مناسب احوال سے آگاہ کرتے، اور ان کو مسائل سے باخبر کر کے فرماتے۔ فَلْيُبَلِّغِ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ، حاضر کو چاہیے کہ غائب تک یہ بات پہونچا دے، جو شخص اپنی ضرورت مجھے نہیں بتا سکتا اس کی ضرورت سے مجھے مطلع کریں کیونکہ جو شخص ایسے ضرورت منداور درماندہ شخص کی خواہش بادشاہ کے سامنے پیش کرے گا اللہ تعالی قیامت کے روز اس کو ثابت قدم رکھے گا۔ صرف ایسی ہی ضروری باتوں کا تذکرہ ہوتا تھا، علاوہ ازیں کسی بات کو قبول نہ فرماتے، صحابہ آپ کی زیارت کے لئے آتے اور آپ سے علوم وآداب حاصل کر کے جاتے، اور ایک روایت میں ہے کہ کچھ نہ کچھ فائدہ ضرور حاصل کر کے جاتے، فقہاء وعلماء بن کر جاتے۔

گھر سے باہر آنے کے بعد:

میں نے ہندؓ سے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گھر سے باہر نکلنے کے بارے میں سوال کیا کہ آپ اس میں کیا کیا امور انجام دیتے تھے؟ تو فرمایا آپ بلا ضرورت بات نہ کرتے، صحابہ سے الفت ومحبت کرتے، نفرت و کدورت دور رکھتے، ہر قوم کے معزز شخص کی تعظیم وتکریم کرتے، اور اس کو ان کا امیر اور حاکم مقرر کرتے، بداعمالی پر لوگوں کو تنبیہ کرتے، اپنی خندہ پیشانی اور خوش اخلاقی سے محروم کئے بغیر صحابہ کے حالات کی جستجو اور خبر گیری کرتے، لوگوں سے پبلک کے حالات دریافت کرتے، اچھی بات کی تحسین وستائش کرتے، اور اس کی تقویت وتائید کرتے، بری بات کی مذمت کرتے، آپ کے امور معتدل اور میانہ تھے، متضاد نہ تھے، حق بات میں کوتاہی نہ کرتے، اور نہ حد سے تجاوز کرتے،

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

کائنات کے بہترین افراد آپ کی خدمت میں حاضر ہوتے، ان میں سے آپ کے نزدیک اعلیٰ اور افضل وہ شخص ہوتا تھا جو لوگوں کا زیادہ خیر خواہ اور غمگسار رہوتا تھا، اور سب سے زیادہ قدر و منزلت والا وہ شخص تھا جو لوگوں کا زیادہ ہمدرد اور معاون ہو۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مجلس:

پھر میں نے ان سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مجلس کی کیفیت دریافت کی تو بتایا کہ بیٹھتے اٹھتے ہر حال میں اللہ کا ذکر کرتے تھے، کسی مقام کو مخصوص نہ فرماتے تھے، اور کسی مقام کے مخصوص کرنے کو منع فرماتے تھے، اور جب کسی مجلس میں جاتے تو جہاں جگہ ملتی بیٹھ جاتے، اور اس بات کی تلقین کرتے تھے، مجلس میں ہر ہم نشین کا حق ادا کرتے تھے، اور ہر ساتھی یہ سمجھتا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مجھ سے زیادہ کوئی عزیز نہیں، جو شخص کسی ضرورت کیلئے آپ کے ہمراہ بیٹھتا یا کھڑا ہوتا تو آپ اس کے ہمراہ رہتے یہاں تک کہ وہ خود چلا جاتا، جو شخص آپ سے کچھ مانگتا تو آپ اسے مرحمت فرما دیتے، اگر کچھ پاس نہ ہوتا تو نرمی سے معذرت فرماتے، آپ کی خوش کلامی اور خوش اخلاقی سب کیلئے عام تھی، آپ ان کے روحانی پیشوا اور باپ تھے، آپ کے نزدیک سب کے حقوق برابر تھے، آپ کی مجلس، فیصلہ کرنے، شرم و حیا، صبر و سکون اور امانت و دیانت کی مجلس تھی، اس میں شور و غل نہ ہوتا تھا، اس میں خواتین کی بدگوئی نہ ہوتی تھی، اور نہ کسی کی لغزشوں اور عیبوں کی شہرت اور اشاعت کی جاتی تھی، بڑوں کی تعظیم اور تکریم کرتے، چھوٹے پر شفقت کرتے، ضرورت مند پر ایثار کرتے، اور اس کو ترجیح دیتے، اور اجنبی مسافر کی حفاظت اور خبر گیری کرتے۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

ساتھیوں کے ساتھ:

میں نے پوچھا رفقاء کے ساتھ آپ کا کیا سلوک تھا؟ تو بتایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمیشہ ہشاش بشاش رہتے تھے، آپ درشت گو اور سنگ دل نہ تھے، نہ چلا کر بولتے اور نہ فحش گو تھے، آپ تین باتوں سے اجتناب فرماتے تھے، جھگڑے، زیادہ باتیں کرنے، اور بے کار باتوں سے۔ اور تین باتوں میں لوگوں سے محتاط رہتے تھے، کسی کی مذمت نہ فرماتے، کسی پر نکتہ چینی نہ کرتے، اور نہ کسی کے عیب کی جستجو میں رہتے۔ آپ وہی بات کرتے جس سے صلہ وثواب کی امید ہوتی۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خاموشی:

پھر میں نے ان سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خاموشی کے بارے میں دریافت کیا، تو انہوں نے بتایا کہ آپ کی خاموشی چار انداز کی ہوتی تھی، حذر یعنی بچاؤ، بردباری اور درگذر، اندازہ کرنا اور فیصلہ، تامل یعنی غور و خوض۔ فانی اور باقی رہنے والی چیزوں میں غور کرتے۔"

(سیرت النبی ابن کثیر جلد ۳ صفحہ ۳۲۵ تا ۳۲۹)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی تجرباتی گواہی

حضرت انس رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے دس سال آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت کی۔ میرے کسی کام پر نکتہ چینی نہ کی، اور نہ ہی میرے کام کو برا کہا، میں نے کسی ریشم اور کمخواب کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہتھیلی سے زیادہ نرم محسوس نہیں کیا، اور نہ ہی میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خوشبو سے کسی عنبر اور کستوری کو زیادہ مہک والا اور خوشبودار پایا۔ (سیرت النبی ابن کثیر جلد ۳ صفحہ ۳۱۴)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

کچھ دیگر بیانات

حضرت جابر بن سمرہؓ کہتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو چاندرات میں دیکھا۔ میں کبھی آپ کی طرف دیکھتا تھا اور کبھی چاند کی طرف۔ آپ اس وقت سرخ دھاریوں والا لباس پہنے ہوئے تھے، میرے نزدیک آپ چاند سے زیادہ حسین تھے۔ حضرت کعب بن مالکؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب خوش ہوتے تو آپ کا چہرہ مبارک کھل اٹھتا اور یوں لگتا جیسے وہ چاند کا ٹکڑا ہے۔ (پیغمبر اعظم و آخر ۳۹) حضرت ورقہ بن نوفلؓ نے آپ کی ذات عالی کے بارے میں کہا ہے کہ "ان کی خوشبو مشک سے زیادہ معطر اور ان کی بات شیریں ہے۔ جب وہ چلتے ہیں تو یوں لگتا ہے جیسے چودھویں رات کا چاند متحرک ہو۔ اور ابر رحمت برس رہا ہو۔ (حوالہ بالا)

رخ مصطفیٰ ہے وہ آئینہ کہ اب ایسا دوسرا آئینہ
نہ ہماری بزم خیال میں، نہ دکان آئینہ ساز میں

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اخلاق حسنہ اور اس کی کچھ جھلکیاں

صداقت وامانت، عدالت وشجاعت، حکمت وعفت، قناعت وسخاوت، صبر وشکر، بردباری وسمجھداری، فہم وفراست، حیاو پاکدامنی، خیر خواہی وصلہ رحمی، مہمان نوازی وخاطر داری، عفو ومعافی، ایثار وقربانی، تواضع وانکساری، عاجزی وآہ زاری، بھلائی واحسان، سچائی وحق گوئی، پاک نظری وبلند نگاہی، توکل واستغناء، توبہ واستغفار کے مجموعہ کا نام اخلاق نبوی ہے۔ یہ سارے اوصاف یکجا کئے جائیں اور ان کو سو فیصدی سمیٹا جائے تب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اخلاق کریمانہ کی جلوہ افروزی ہوتی ہے۔ بلند کردار واعلیٰ عمل کے یہ سارے مہکتے پھول ایک گلدستہ میں ہوں تو اخلاق نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خوشبو بنتی ہے، ان اوصاف وصفات کو معنی کا لبادہ اور ان کو چلتا پھرتا کردار دینے کا نام اخلاق نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔ یہ سارے الفاظ ہیں جن کے معنی کی تشریح اور ان معانی کی صحیح اور حقیقی وضاحت کا نام اخلاق نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔ ڈکشنری ان الفاظ کے معانی کو سمجھانے میں جہاں ناکام ہو جائے وہاں اس کے معنی اخلاق نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سمجھاتے ہیں۔ یہ کوئی لفاظی نہیں ہے بلکہ حقیقت واقعہ ہے۔ لیجئے ثبوت حاضر ہے۔ اہل لغت کہتے ہیں کہ جو ہستی تمام صفات خیر کی جامع ہو، اسے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہتے ہیں۔

(ضیاء النبی ، جلد ۲ صفحہ ۶۱ پیر محمد کرم شاہ الازہری)

خوبیوں، اچھائیوں، کمالات کا یہ جیتا جاگتا نمونہ ۶۳ سالہ زندگی میں ان ہی اوصاف کو سمجھاتا رہا اس کے ایک ایک حرف میں اس کے ایک جنبش زبان میں، اس کے ایک ایک قدم میں، اس کے ایک ایک کام میں بلکہ کام کے ’کاف‘ میں یہ سب جھلکتے رہے ان کا پرتو چھلکتا رہا، نور بکھیرتا رہا، روشنی کی دیا جلاتا رہا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ”اپنی بات“ سے پہلے مکہ کے باسیوں کے سامنے ”اپنی ذات“ مبارک پیش فرمائی، اور سبھی نے آپ کے اخلاق کریمانہ کی گواہی دی، صفا کی پہاڑی آج بھی اس گواہی کی گواہ ہے۔ مکہ کے کٹر دشمنوں کو آپ کے پیام سے ہزار دشمنی ہے لیکن وہ آپ کے کردار کی

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

معصومیت کے قائل و معترف ہیں۔ زمانہ بتلاتا ہے کہ ۲۳ سالہ زندگی میں جانی دشمنوں نے دشمنی کی حدیں پار کر دیں لیکن وہ اخلاق نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ہار مان گئے۔ اسی لئے ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ نے ایک صحابی کے جواب میں یہی کہا تھا کہ اے اخلاق نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وضاحت چاہنے والے کیا تو نے قرآن کریم کو نہیں پڑھا ہے کہ جتنے اخلاق کو قرآن نے بیان کیا ہے وہ سارے کے سارے اس ذات مقدس میں تھے۔ کَانَ خُلُقُهُ الْقُرْآنَ۔

خلق عظیم کا مطلب:

خلق عظیم کا مطلب یہ ہے کہ قرآن نے جو بھی آپ کو حکم دیا آپ نے اس پر عمل کیا، اور جس بات سے منع کیا آپ نے اس سے اجتناب کیا، یہ ہیں وہ طبعی اخلاق عظیمہ جو اللہ تعالی نے آپ کی جبلت وطبعیت میں ودیعت کئے جو کسی انسان میں موجود نہ تھے اور یہ کہ کوئی اس سے بہتر اخلاق کا حامل ہوگا۔ (سیرت النبی ابن کثیر جلد ۳ صفحہ ۳۳۰)

حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا، آپ کا طریق کیا ہے؟ آپ نے فرمایا، معرفت میرا سرمایہ زندگی ہے۔ عقل میرے دین کی اصل ہے۔ محبت میری بنیاد ہے۔ شوق میری سواری ہے۔ ذکر الٰہی میرا انیس ہے۔ اعتماد میرا خزانہ ہے۔ غم میرا رفیق ہے۔ علم میرا ہتھیار ہے۔ صبر میرا لباس ہے۔ رضا میرا مال غنیمت ہے۔ عجز میرا فخر ہے۔ زہد میرا پیشہ ہے۔ یقین میری قوت ہے۔ صدق میرا حامی وسفارشی ہے۔ طاعت میری کفایت کرنے والی ہے۔ جہاد میرا خلق ہے۔ اور میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں ہے۔

(کتاب الشفاء قاضی عیاض بحوالہ پیغمبر اعظم وآخر ۵۳)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

اخلاق نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جھلکیاں:

۱ حضرت عائشہؓ کی روایات میں ہے کہ آپؐ نے اپنی ذات کے لئے کبھی کسی بات میں کسی سے انتقام نہیں لیا، اور نہ آپ نے کبھی کسی جاندار چیز کو اپنے ہاتھ سے مارا۔ (پیغمبر اعظم وآخر۔ ۴۰)

۲ آپ کی رحمت اور انسان دوستی کا اندازہ اس امر سے لگایا جاسکتا ہے کہ آپ کو جو شخص بھی مدد کے لئے جہاں لے جانا چاہتا، آپؐ چلے جاتے، اور اس کا کام کردیتے۔ (حوالہ بالا صفحہ ۴۱)

۳ آپ احسان پیشہ اور محسن اعظم تھے۔ آپؐ از بس رحم دل، نرم خو، حلیم وکریم تھے، آپ نے کبھی کسی شخص کے لئے زجر وتوبیخ کو روا نہ رکھا۔ آپ کو جب کبھی غصہ آتا تو صرف اتنا فرماتے "تیری پیشانی خاک آلودہ ہو، تو کیا کرتا ہے"۔ آپؐ کافروں تک کو بددعا نہیں دیا کرتے تھے، حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا گیا کہ مشرکوں کے حق میں بددعا فرمائیں۔ آپؐ نے فرمایا "مجھے لعنت کرنے والا بنا کر نہیں بھیجا گیا، بلکہ رحمت بنا کر بھیجا گیا ہے"۔ (صحیح مسلم بحوالہ پیغمبر اعظم وآخر ۴۰) سخاوت وفیاضی کا یہ عالم تھا کہ کوئی چیز آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مانگی گئی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کبھی انکار نہ کیا۔ (حوالہ بالا)

۴ ایک دفعہ حبشہ کے بادشاہ نجاشی کے سفارتی نمائندے آئے، آپ نے ان کو اپنے یہاں مہمان رکھا، اور خود بہ نفس نفیس مہمان داری کے تمام کام انجام دیئے، صحابہ نے عرض کیا کہ ہم یہ خدمت انجام دیں گے۔ ارشاد ہوا کہ ان لوگوں نے میرے دوستوں کی خدمت گذاری کی ہے۔ اس لئے میں خود ان کی خدمت گذاری کرنا چاہتا ہوں۔ (سیرت النبی علامہ شبلی جلد ۲ صفحہ ۱۷۶)

۵ ابوحدرد اسلمیؓ جو ایک یہودی کے مقروض تھے، قرض کی ادائیگی کی استطاعت نہ تھی، یہودی سے مہلت مانگی اس نے مہلت دینے سے انکار کردیا اور وہ یہودی ان کو لے کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں آیا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انھیں قرض کی ادائیگی کا حکم فرمایا،

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

انہوں نے عذر پیش کیا کہ وہ ادائیگی کی استطاعت نہیں رکھتے، آخر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا تہبند اس یہودی کو قرض میں نذر کیا اور سر سے جو عمامہ بندھا ہوا تھا اس کو کھول کر کمر سے لپیٹ لیا۔

(سیرت النبی علامہ شبلی جلد ۲ صفحہ ۱۸۳)

۶ ایک دفعہ ایک شخص خدمت اقدس میں آیا اور دیکھا کہ دور تک آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بکریوں کا ریوڑ پھیلا ہوا ہے۔ اس نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے درخواست کی اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے سب کی سب دے دیں۔ اس نے اپنے قبیلہ میں جا کر کہا کہ اسلام قبول کر لو، محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایسے فیاض ہیں کہ مفلس ہونے کی پرواہ نہیں کرتے۔ (سیرت النبی علامہ شبلی جلد ۲ صفحہ ۱۸۴)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خصائص

عاشق رسول علامہ مولانا قاضی محمد سلیمان منصور پوری رحمۃ اللہ علیہ اپنی معرکۃ الآرا کتاب رحمۃ للعالمین جلد سوم میں قرآن مجید کی آیات کریمہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ۲۶ خصوصیات کا تفصیلی تذکرہ والہانہ و عاشقانہ انداز میں ایک سو پچاس صفحات میں کیا ہے۔ احادیث نبویہ سے آپ کی یہ خصوصیات بھی ذکر کی ہیں۔ جو کسی نبی اور رسول کو نہیں دی گئیں۔ جزاہ اللہ خیرالجزاء عنا و عن المسلمین۔

۱۔ ایک مہینہ کی مسافت تک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا رعب ہوتا تھا۔

۲۔ ساری زمین مسجد اور پاک کر دی گئی کہیں بھی نماز پڑھی جا سکتی ہے۔

۳۔ غنیمت کا مال حلال کیا گیا جو پہلے کسی نبی اور قوم کے لئے حلال نہیں تھا۔

۴۔ قیامت کے دن شفاعت کا حق صرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حاصل ہوگا۔

۵۔ پہلے انبیاء کرام اپنی قوم کے لئے خاص ہوا کرتے تھے مگر

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ساری دنیا کیلئے نبی بن کر آئے۔(صحیح بخاری، حدیث نمبر ۴۳۸)

۶۔ جوامع الکلم دیئے گئے۔(یعنی آپ کی گفتگو میں الفاظ کم اور معانی زیادہ ہوتے تھے)

۷۔ انبیاء کرام کا سلسلہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ختم کر دیا گیا

۸۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو زمین کے خزانوں کی کنجیاں دی گئیں۔

(رحمۃ للعالمین جلد ۳ صفحہ ۱۴۷ تا ۱۴۸)

۹ مَنْ رَآنِي فَقَدْ رَآءَ الْحَقِّ فَإِنَّ الشَّيْطَانَ لَا يَتَمَثَّلُ بِيْ۔

یعنی شیطان، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شکل اختیار نہیں کر سکتا۔ کسی نے خواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دیدار کیا تو وہ اس نے واقعتا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دیدار کیا۔

خصائص نبوت یا دلائل نبوت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

۱ اللہ تبارک وتعالی سے معراج کے موقعہ پر ہم کلامی

۲ کئی خاص فرشتوں کا نزول

۳ درجات کی بلندی

۴ روح القدس یعنی حضرت جبریل علیہ السلام کی تائید

۵ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا خواب وحی کے برابر ہے

۶ غیب کے مشاہدات

۷ نظام ملکوت کے احوال کا مشاہدہ (سیرت النبی شبلی جلد ۳ صفحہ ۱۸۵۔۱۸۶)

۸ جنت وجہنم کا مشاہدہ

۹ انبیاء سابقین سے آسمان میں ملاقات

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

وحی کی قسمیں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اتریں

علامہ ابن قیم جوزی نے احادیث مبارکہ کی روشنی میں وحی کی حسب ذیل قسمیں بیان کی ہیں۔

۱ رویائے صادقہ یعنی سچے خواب

۲ القاء یعنی دل میں بات ڈالنا

۳ صلصلۃ الجرس یعنی گھنٹی کی طرح آواز آنا

۴ تمثل یعنی فرشتے کا کسی انسانی شکل میں آنا۔

(حضرت جبریل علیہ السلام عموماً حضرت دحیہ کلبیؓ کی شکل میں آتے تھے)

۵ فرشتے کا اپنی اصلی شکل میں نمودار ہونا

(آنحضرتؐ نے دو مرتبہ حضرت جبریل کو ان کی اصلی شکل میں مشاہدہ فرمایا)

۶ وہ طریق مکالمہ جو معراج میں پیش آیا

۷ بلا واسطہ مکالمہ (سیرت النبی شبلی جلد ۳ صفحہ ۱۹۰)

وہ فرشتے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خاطر اترے

۱ حضرت جبریل علیہ السلام آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس اللہ تعالیٰ کی طرف سے وحی لاتے تھے

۲۔ حضرت جبریل کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو مرتبہ اصلی شکل میں ملاحظہ فرمایا

۳ حضرت میکائیل کئی مرتبہ حاضر ہوئے ہیں

۴ عام فرشتوں کا بلا تعین نام آپ کی خدمت میں آنا صحیح روایات سے ثابت ہے۔

۵ ابوجہل کی شرارت و بدتمیزی کے موقعہ پر فرشتوں کا نزول۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

٦ طائف کے سفر سے واپسی پر ملک الجبال یعنی پہاڑوں کے فرشتے کا آنا۔

٧ غزوہ بدر میں ١٠٠٠ فرشتوں کا نزول

٨ غزوہ احد میں حضرت جبریل ومیکائیل کا اترنا

٩ غزوہ خندق میں فرشتوں کی فوج کا اترنا

١٠ وہ فرشتہ جو کبھی زمین پر نہیں اترا تھا۔

(تفصیلی روایات کیلئے ملاحظہ ہوں سیرت النبی شبلی جلد ٣ صفحہ ١٩٤ تا ٢٠٤)

١١ غزوہ حنین میں فرشتوں کا نزول ہوا ہے۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

چوتھا حصہ

نقوش سیرت

جس میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی چھوڑی ہوئی چیزیں ذکر کی گئی ہیں۔

آثار مبارکہ میں

قرآن مجید، کلام نبوی، اور اس کی تمام صورتیں

یعنی خطبات، خطابات، اوامر ونواہی

وصیتیں، معجزات، پیشن گوئیاں

عمومی دعائیں، سنتیں اور خصوصی دعائیں،

معمولات نبوی کو ترتیب وار عام فہم اسلوب میں بیان کیا گیا ہے۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

قرآن مجید

ڈاکٹر محمود احمد غازی لکھتے ہیں "نزول قرآن کی کل مدت ۲۲ سال ۲ ماہ ۲ دن ہے۔ جس میں مکی دور ۱۲ سال ۵ ماہ اور ۱۳ دن پر مشتمل ہے۔ اور مدنی دور ۹ سال ۹ ماہ ۹ دن پر مشتمل ہے۔

(محاضرات قرآنی ، صفحہ ۱۰۵)

قرآن مجید کی جملہ ۱۱۴ سورتوں کے نام۔ اور تفصیلات

سورہ۔	ترتیب قرآن۔	ترتیب نزول۔	مقام نزول۔	رکوع۔	آیات۔	نوٹس
سورہ فاتحہ،	۱	۵	مکہ	۱	۷	
سورہ بقرہ،	۲	۸۷	مدینہ	۴۰	۲۸۶	
سورہ آل عمران	۳	۸۹	مدینہ	۲۰	۲۰۰	
سورہ نساء	۴	۹۲	مدینہ	۲۴	۱۷۶	
سورہ مائدہ	۵	۱۱۲	مدینہ	۱۶	۱۲۰	
سورہ انعام	۶	۵۵	مکہ	۲۰	۱۶۵	
سورہ اعراف	۷	۳۹	مکہ	۲۴	۲۰۶	
سورہ انفال	۸	۸۸	مدینہ	۱۰	۷۵	
سورہ توبہ	۹	۱۱۳	مدینہ	۱۶	۱۲۹	
سورہ یونس	۱۰	۵۱	مکہ	۱۱	۱۰۹	
سورہ ھود	۱۱	۵۲	مکہ	۱۰	۱۲۳	
سورہ یوسف	۱۲	۵۳	مکہ	۱۲	۱۱۱	

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

سورہ رعد	۱۳	۹۶	مکہ	۶	۴۳
سورہ ابراہیم	۱۴	۷۲	مکہ	۷	۵۲
سورہ حجر	۱۵	۵۴	مکہ	۶	۹۹
سورہ نحل	۱۶	۷۰	مکہ	۱۶	۱۲۸
سورہ بنی اسرائیل	۱۷	۵۰	مکہ	۱۲	۱۱۱
سورہ کہف	۱۸	۶۹	مکہ	۱۲	۱۱۰
سورہ مریم	۱۹	۴۴	مکہ	۶	۹۸
سورہ طہ	۲۰	۴۵	مکہ	۸	۱۳۵
سورہ انبیاء	۲۱	۷۳	مکہ	۷	۱۱۲
سورہ حج	۲۲	۱۰۳	مدینہ	۱۰	۷۸
سورہ مومنون	۲۳	۷۴	مکہ	۶	۱۱۸
سورہ نور	۲۴	۱۰۲	مدینہ	۹	۶۴
سورہ فرقان	۲۵	۴۲	مکہ	۶	۷۷
سورہ شعراء	۲۶	۴۷	مکہ	۱۱	۲۲۷
سورہ نمل	۲۷	۴۸	مکہ	۷	۹۳
سورہ قصص	۲۸	۴۹	مکہ	۹	۸۸
سورہ عنکبوت	۲۹	۸۵	مکہ	۷	۶۹
سورہ روم	۳۰	۸۴	مکہ	۶	۶۰
سورہ لقمان	۳۱	۵۷	مکہ	۴	۳۴

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

سورہ سجدہ	۳۲	۷۵	مکہ	۳	۳۰
سورہ احزاب	۳۳	۹۰	مدینہ	۹	۷۳
سورہ سبا	۳۴	۵۸	مکہ	۶	۵۴
سورہ فاطر	۳۵	۴۳	مکہ	۵	۴۵
سورہ یٰس	۳۶	۴۱	مکہ	۵	۸۳
سورہ صافات	۳۷	۵۶	مکہ	۵	۱۸۲
سورہ ص	۳۸	۳۸	مکہ	۵	۸۸
سورہ زمر	۳۹	۵۹	مکہ	۸	۷۵
سورہ غافر (سورہ مومن)	۴۰	۶۰	مکہ	۹	۸۵
سورہ فصلت (سورہ حم السجدہ)	۴۱	۶۱	مکہ	۶	۵۴
سورہ شوریٰ	۴۲	۶۲	مکہ	۵	۵۳
سورہ زخرف	۴۳	۶۳	مکہ	۷	۸۹
سورہ دخان	۴۴	۶۴	مکہ	۳	۵۹
سورہ جاثیہ	۴۵	۶۵	مکہ	۴	۳۷
سورہ احقاف	۴۶	۶۶	مکہ	۴	۳۵
سورہ محمد	۴۷	۹۵	مدینہ	۴	۳۸
سورہ فتح	۴۸	۱۱۱	مدینہ	۴	۲۹
سورہ حجرات	۴۹	۱۰۶	مدینہ	۲	۱۸
سورہ ق	۵۰	۳۴	مکہ	۳	۴۵

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

سورہ ذاریات	۵۱	۶۷	مکہ	۳	۶۰
سورہ طور	۵۲	۷۶	مکہ	۲	۴۹
سورہ نجم	۵۳	۲۳	مکہ	۳	۶۲
سورہ قمر	۵۴	۳۷	مکہ	۳	۵۵
سورہ رحمان	۵۵	۹۷	مدینہ	۳	۷۸
سورہ واقعہ	۵۶	۴۶	مکہ	۳	۹۶
سورہ حدید	۵۷	۹۴	مدینہ	۴	۲۹
سورہ مجادلہ	۵۸	۱۰۵	مدینہ	۳	۲۲
سورہ حشر	۵۹	۱۰۱	مدینہ	۳	۲۴
سورہ ممتحنہ	۶۰	۹۱	مدینہ	۲	۱۳
سورہ صف	۶۱	۱۰۹	مدینہ	۲	۱۴
سورہ جمعہ	۶۲	۱۱۰	مدینہ	۲	۱۱
سورہ منافقون	۶۳	۱۰۴	مدینہ	۲	۱۱
سورہ تغابن	۶۴	۱۰۸	مدینہ	۲	۱۸
سورہ طلاق	۶۵	۹۹	مدینہ	۲	۱۲
سورہ تحریم	۶۶	۱۰۷	مدینہ	۲	۱۲
سورہ ملک	۶۷	۷۷	مکہ	۲	۳۰
سورہ قلم	۶۸	۲	مکہ	۲	۵۲
سورہ حاقہ	۶۹	۷۸	مکہ	۲	۵۲

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

سورہ معارج	۷۰	۷۹	مکہ	۲	۴۴
سورہ نوح	۷۱	۷۱	مکہ	۲	۲۸
سورہ جن	۷۲	۴۰	مکہ	۲	۲۸
سورہ مزمل	۷۳	۳	مکہ	۲	۲۰
سورہ مدثر	۷۴	۴	مکہ	۲	۵۶
سورہ قیامہ	۷۵	۳۱	مکہ	۲	۴۰
سورہ دھر، سورہ انسان ۷۶		۹۸	مکہ	۲	۳۱
سورہ مرسلات	۷۷	۳۳	مکہ	۲	۵۰
سورہ نباء	۷۸	۸۰	مکہ	۲	۴۰
سورہ نازعات	۷۹	۸۹	مکہ	۲	۴۶
سورہ عبس	۸۰	۲۴	مکہ	۱	۴۲
سورہ تکویر	۸۱	۷	مکہ	۱	۲۹
سورہ انفطار	۸۲	۸۲	مکہ	۱	۱۹
سورہ مطففین	۸۳	۸۶	مکہ	۱	۳۶
سورہ انشقاق	۸۴	۸۳	مکہ	۱	۲۵
سورہ بروج	۸۵	۲۷	مکہ	۱	۲۲
سورہ طارق	۸۶	۳۶	مکہ	۱	۱۷
سورہ اعلیٰ	۸۷	۸	مکہ	۱	۱۹
سورہ غاشیہ	۸۸	۶۸	مکہ	۱	۲۶

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

سورہ فجر	۸۹	۱۰	مکہ	۱	۳۰
سورہ بلد	۹۰	۳۵	مکہ	۱	۲۰
سورہ شمس	۹۱	۲۶	مکہ	۱	۱۵
سورہ لیل	۹۲	۹	مکہ	۱	۲۱
سورہ ضحیٰ	۹۳	۱۱	مکہ	۱	۱۱
سورہ انشراح، یاالم نشرح	۹۴	۱۲	مکہ	۱	۸
سورہ تین	۹۵	۲۸	مکہ	۱	۸
سورہ علق	۹۶	۱	مکہ	۱	۱۹
سورہ قدر	۹۷	۲۵	مکہ	۱	۵
سورہ بینہ	۹۸	۱۰۰	مدینہ	۱	۸
سورہ زلزال	۹۹	۹۳	مدینہ	۱	۸
سورہ عادیات	۱۰۰	۱۴	مکہ	۱	۱۱
سورہ قارعہ	۱۰۱	۳۰	مکہ	۱	۱۱
سورہ تکاثر	۱۰۲	۱۶	مکہ	۱	۸
سورہ عصر	۱۰۳	۱۳	مکہ	۱	۳
سورہ ھمزہ	۱۰۴	۳۲	مکہ	۱	۹
سورہ فیل	۱۰۵	۱۹	مکہ	۱	۵
سورہ قریش	۱۰۶	۲۹	مکہ	۱	۴
سورہ ماعون	۱۰۷	۱۷	مکہ	۱	۷

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

سورہ کوثر	۱۰۸	۱۵	مکہ	۱	۳
سورہ کافرون	۱۰۹	۱۸	مکہ	۱	٦
سورہ نصر	۱۱۰	۱۱۴	مدینہ	۱	۳
سورہ مسد یا لہب	۱۱۱	٦	مکہ	۱	۵
سورہ اخلاص	۱۱۲	۲۲	مکہ	۱	۴
سورہ فلق	۱۱۳	۲۰	مکہ	۱	۵
سورہ ناس	۱۱۴	۲۱	مکہ	۱	٦

پہلی ابتدائی وحی سورہ اقراء کی ابتدائی پانچ آیتیں

آخری وحی سورہ مائدہ کی آیت کا ایک حصہ؟

پہلی مکمل سورت سورہ مدثر یا سورہ مزمل

آخری مکمل سورت سورہ نصر

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے معجزات

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے معجزات بے شمار ہیں، کچھ معجزات تو وہ ہیں جو قرآن کی صورت میں ہیں، اور کچھ احادیث کی صورت میں موجود ہیں۔ یہاں کچھ اہم اور بڑے معجزات لکھے جا رہے ہیں۔

۱ قرآن مجید، پورا قرآن اور اس کی ہر سورت اور ہر آیت ایک معجزہ ہے۔

۲ اسراء یعنی مکہ مکرمہ سے بیت المقدس تک سفر۔ سورہ بنی اسرائیل کے آغاز میں اس کا ذکر ہے

۳ معراج بیت المقدس سے آسمانوں کا سفر۔ سورہ نجم میں اس کا تذکرہ ہے۔

۴ شق قمر۔ اہل مکہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک نشانی کا مطالبہ کیا تو اللہ تعالی نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دست مبارک کے اشارہ کرنے سے چاند کو دو ٹکڑوں میں کر دیا، ایک ٹکڑا ایک پہاڑ پر اور دوسرا دوسرے پہاڑ پر تھا۔ (معجزات نبوی ۳۴ تا ۳۸) سورہ قمر میں اس کا تذکرہ ہے کہ مشرکین مکہ نے اس معجزہ کو دیکھ کر کہا کہ یہ تو کھلا ہوا جادو ہے۔ یعنی ہماری نظر بندی کی گئی ہے۔ اور ایمان نہ لائے۔ (سورہ قمر آیات ۱ تا ۳)

۵ ہجرت کی رات دشمنوں کے درمیان سے نکل آنا۔ سورہ یس میں اس کا ذکر ہے۔

۶ قحط سالی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنی امت کے لئے پانی طلب کرنا۔ بے موسم اور بغیر کسی علامت اور بغیر کسی وقفہ کے آسمان سے پانی کا برسنا۔ (معجزات نبوی ۴۳ تا ۵۰)

۷ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی انگشت مبارک سے پانی کا چشمہ پھوٹ پڑنا۔

حضرت انس بن مالک ؓ کی روایت ہے کہ ایک سفر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ صحابہ بھی تھے، نماز کا وقت آ گیا لیکن پانی نہ تھا، آپ کے پاس ایک آدمی ایک پیالہ میں تھوڑا سا پانی لے کر آیا۔ آپ نے اس سے پانی لے لیا اور وضو فرمایا، اور اس میں اپنی چار انگلیاں ڈال کر پھیلا دیں، اور فرمایا!

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

هَلُمُّوا وَتَوَضَّوءا، آؤاور وضو کرو۔اس وقت وضو کرنے والوں کی تعداد ۷۰ یا ۸۰ تھی۔(معجزات نبوی ۵۳)اسی طرح کے اور معجزات کے لئے ملاحظہ کریں۔(کتاب بالا صفحہ ۵۳ تا ۵۶)

۸ درخت کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تابعداری کرنا اور آپ کو چھپالینا۔

حضرت جابر بن عبداللہؓ سے روایت ہے کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نکلے اور ایک کشادہ وادی میں پہنچے۔رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قضائے حاجت کے لئے تشریف لے گئے۔ میں آپ کے پیچھے پیچھے ایک ڈول میں پانی لے کر چلا۔رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کوئی ایسی چیز نہ ملی جس کی آڑ میں چھپ کر قضائے حاجت کر سکیں۔اچانک آپ کی نگاہ وادی کے کنارے دو درختوں پر پڑی آپ ان دونوں میں سے ایک کے پاس تشریف لے گئے۔اور اس کی ایک ڈالی پکڑ کر فرمایا' اِنْقَادِیْ عَلَیَّ بِاِذْنِ اللهِ ، اللہ کے حکم سے میرے پیچھے پیچھے آؤ۔وہ درخت آپ کے پیچھے پیچھے ویسے ہی چلنے لگا جیسے نکیل لگا یا ہوا اونٹ اپنے ہانکنے والے کے پیچھے پیچھے چلتا ہے۔پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دوسرے درخت کے پاس آئے اور اس کی بھی ایک ڈالی پکڑ کر فرمایا' اِنْقَادِیْ عَلَیَّ بِاِذْنِ اللهِ، اللہ کے حکم سے میرے پیچھے پیچھے آؤ۔وہ درخت آپ کے ساتھ ہو گیا۔جب آپ ان دونوں درختوں کی درمیانی جگہ پر پہنچے تو دونوں کو ایک ساتھ جمع کر کے فرمایا، دونوں میرے سامنے اللہ کے حکم سے جڑ جاؤ۔وہ دونوں جڑ گئے۔رسول اللہ قضائے حاجت سے فارغ ہوئے، جس کے بعد وہ دونوں درخت جدا ہو کر اپنی اپنی جگہ پر کھڑے ہو گئے۔(معجزات نبوی صفحہ ۵۶)

۹ کھانے میں برکت کے واقعات۔تھوڑا سا کھانا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دست مبارک اور آپ کی دعا کی برکت سے سیکڑوں آدمیوں کے لئے کافی ہو جاتا۔

۱۰ اصحاب صفہ کے کھانے، پینے میں برکت۔

۱۱ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دست مبارک سے کمزور و سوکھی بکری کے تھن سے دودھ نکلنا

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

جس کا واقعہ یہ ہے کہ ہجرت کے سفر میں ام معبد خزاعیہؓ کے خیمہ کے پاس قیام کے موقعہ پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک لاغر و کمزور بکری پر دست مبارک پھیرا اور دودھ نکلنے لگا۔ جس سے سارے ساتھی شکم سیر ہوئے۔ (معجزات نبوی ۶۸۔۶۹)

۱۲ ام سلیم کے گھی میں برکت کا ظہور

حضرت انس کی والدہ ام سلیم نے اپنی بکری کے دودھ سے گھی بنایا اور ایک ڈبے میں بھر کر اپنی باندی کے ہاتھ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں بھیجا، باندی نے رسول اللہ کی خدمت میں یہ تحفہ پیش کیا، خالی ڈبہ لے کر لوٹیں تو ام سلیم گھر میں نہیں تھیں، اس نے اس کو اسی جگہ جہاں وہ لٹکا رہتا تھا لٹکا دیا، ام سلیم آئیں تو دیکھا کہ اس میں سے گھی ٹپک رہا ہے تو انہوں نے باندی سے پوچھا کہ کیا تو نے رسول اللہ کو گھی پہونچایا تو اس نے کہا کہ ہاں میں پہونچا آئی ہوں۔ اگر یقین نہ آئے تو چل کر رسول اللہ سے پوچھ لو۔ ام سلیم اس کو لے کر رسول اللہ کے پاس آئیں، آپ نے فرمایا ہاں یہ آئی تھی اور گھی کا ڈبہ دیا اور اس کو خالی کر لیا گیا، ام سلیم نے کہا کہ قسم ہے اس ذات کی جس نے آپ کو دین حق کے ساتھ بھیجا ہے! وہ ڈبہ اب تک بھرا ہوا ہے۔ اور اس سے گھی ٹپک رہا ہے، یہ سن کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! اے ام سلیم! اگر اللہ نے تمہیں کھلایا جیسا کہ تم نے اس کے نبی کو کھلایا تو بھلا اس میں تعجب کی کیا بات ہے۔ جاؤ خود بھی کھاؤ اور دوسروں کو بھی کھلاؤ۔ ام سلیم کا بیان ہے، میں اپنے گھر واپس آئی اور اپنے ایک بڑے پیالے میں ایسے اور ایسے تقسیم کر دیا، اور اس کے بقیہ سے ہم ایک یا دو ماہ تک روٹی کھاتے رہے۔ (معجزات نبوی ، ۷۲۔۷۳)

۱۳ ام اوس بہزیہؓ کے گھی کے ڈبہ میں جس کو انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں تحفہ کے طور پر بھیجا تھا، آپ نے اس میں سے تھوڑا سا لیا اور کچھ بچا کر اور اس میں برکت کی دعا دے کر واپس کر دیا تو ام اوس بہزیہ اس ڈبہ سے حضرت ابوبکر، وعمر و عثمان اور حتی کہ حضرت علی

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

وحضرت معاویہ کے دور تک کھاتی رہیں اور وہ ڈبہ اسی طرح بھرا رہا۔ (معجزات نبوی ، ۷۳)

۱۴ ایک بکری کا جگر ایک سو تیس آدمیوں کو کافی ہو گیا۔ (معجزات نبوی ، ۸۶۔۸۷)

۱۵ غزوہ خندق کے موقعہ پر حضرت جابرؓ کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت کے موقعہ پر سیکڑوں صحابہ نے کھانا کھایا جب کہ میزبان کے خیال کے مطابق کھانا دو یا تین آدمی کا تھا۔

(معجزات نبوی ، ۷۹۔۸۰)

۱۶ حضرت عرباض بن ساریہؓ، حضرت جعیل بن سراقہؓ، حضرت عبداللہ بن معقلؓ تینوں بھوکے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس پہنچے اور آپؐ نے حضرت بلالؓ کو کہا کہ ان کے کھانے کے لئے کچھ ہے تو انہوں نے کھجور کی تھیلی جھٹکی جس میں سے ۷ کھجور نکلے، آپؐ نے انھیں ایک رکابی میں رکھا اوران کھجوروں پر ہاتھ رکھ کر بسم اللہ پڑھا اور کہا کہ بسم اللہ کہہ کر کھاؤ۔ ہر ایک نے گن گن کر ۵۰، ۵۰ کھجوریں کھائیں، دیکھا تو اسی طرح وہ ۷ کھجور باقی تھے۔ رسول اللہ نے فرمایا، اے بلال، ان کھجوروں کو اپنی تھیلی میں رکھ لو۔ دوسرے دن دس آدمیوں نے کھایا پھر بھی وہ سات باقی رہیں۔

(معجزات نبوی ، ۹۲۔۹۳)

۱۷ نوفل بن حارث بن عبدالمطلبؓ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مدد مانگی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی زرہ رہن رکھوا کر تیس صاع جو لی اور انھیں دی، نوفل کہتے ہیں کہ ہم چھ ماہ تک اسے کھاتے رہے، میں نے اسے ناپا تو اتنا ہی پایا جتنا کہ پہلے ہم نے رکھا تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس کا تذکرہ کیا تو فرمایا! اگر تم اس کو نہیں ناپتے تو اپنی زندگی بھر کھاتے۔ (معجزات نبوی ، ۹۳۔۹۴)

۱۸ درخت آپ کے حکم پر چلتے ہوئے آپ کے پاس آتے ہیں۔ (معجزات نبوی ، ۱۰۰۔۱۰۲)

۱۹ رسول اللہ کے دست مبارک میں کنکریاں تسبیح پڑھتی۔ (معجزات نبوی ، ۱۰۹۔۱۱۰)

۲۰ اونٹ رسول اللہ کو سجدہ کرتا ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اطاعت کرتا ہے۔ (حوالہ بالا، ۱۱۵۔۱۱۶)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیشنگوئیاں

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت ونبوت کے جہاں اور بہت سارے دلائل وعلامات، شواہد ونشانیاں ہیں، وہیں یہ بھی ایک بڑی علامت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آنے والے زمانے کے حالات وواقعات کو بغیر کسی ذریعہ کے بتلایا ہے، اور نہ صرف اطلاع دی ہے بلکہ آپ نے جیسے جیسے فرمایا تھا زمانہ نے واقعہ کو اسی طرح حرف بہ حرف صحیح اور سچا ہوتا ہوا دیکھا ہے۔ آپ کا لقب امی ہے، آپ دستور زمانہ کے مطابق لکھنا پڑھنا بھی نہیں جانتے ہیں لیکن علم وعرفان کا سمندر ہے کہ بہتا چلا جارہا ہے۔ حکمت ودانائی کی راہیں ہیں کہ کھلتی چلی جارہی ہیں۔

واقعہ یہ ہے کہ اللہ کے آخری رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، صحابہ کی چھوٹی چھوٹی چیزوں تک کو جانتے ہیں بلکہ انہیں بتلاتے جاتے ہیں کہ ان کا معاملہ یہ ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بڑے بڑے واقعات جب تک صحابہ کے علم میں نہیں آتے تب تک کہ خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کو بیان نہیں فرماتے۔

آگے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیشن گوئیاں جمع کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

۱ سورج مغرب سے طلوع ہوگا۔ (صحیح مسلم، حدیث نمبر ۷۲۸۵)

۲ دابۃ الارض یعنی بات کرنے والا جانور پیدا ہوگا (صحیح مسلم، ۷۲۸۵)

۳ بُعِثْتُ اَنَا وَالسَّاعَۃُ کَهَاتَيْنِ۔

میں اور قیامت دو ملی ہوئی انگلیوں کی طرح ہیں۔ (صحیح مسلم، حدیث نمبر ۷۴۰۳)

۴ حضرت عیسی علیہ السلام کی تشریف آوری ہوگی۔ (صحیح مسلم، حدیث نمبر ۷۲۷۸)

۵ حضرت امام مہدی کی آمد ہوگی

۶ ابتداء دنیا سے قیامت تک ہونے والے فتنوں میں سے بڑا اور سخت ترین فتنہ یعنی دجال کا ظہور ہوگا۔ (صحیح مسلم، حدیث نمبر ۷۲۸۵)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

۷	مشرق میں زمین دھنسے گی۔	(حوالہ بالا)
۸	مغرب میں زمین دھنسے گی۔	(حوالہ بالا)
۹	جزیرہ عرب میں زمین دھنسے گی۔	(حوالہ بالا)
۱۰	یاجوج وماجوج کا فتنہ ہوگا۔	(صحیح مسلم، حدیث نمبر ۷۲۳۷)
۱۱	سمندری جہاد ہوگا اور مجاہدین کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خواب میں دیکھا۔	
۱۲	جزیرہ عرب فتح ہوگا۔	(صحیح مسلم، حدیث نمبر ۷۲۸۴)
۱۳	روم فتح ہوگا۔	(صحیح مسلم، حدیث نمبر ۷۲۸۴)
۱۴	مصر فتح ہوگا۔	
۱۵	شام فتح ہوگا۔	
۱۶	فارس فتح ہوگا۔	
۱۷	یمن فتح ہوگا۔	
۱۸	ہندوستان پر حملہ کشی ہوگی۔	
۱۹	تاتار کا فتنہ ہوگا۔	(صحیح مسلم، حدیث نمبر ۷۳۱۰)
۲۰	قسطنطنیہ فتح ہوگا ۔(موجودہ ترکی)	(صحیح مسلم، حدیث نمبر ۷۲۷۸)
۲۱	عثمان بن طلحہ کے خاندان میں کعبہ کی کنجی ہوگی اور ان سے چھیننے والا ظالم ہوگا۔	
۲۲	سراقہ بن مالک ؓ کے ہاتھوں میں کسری کے کنگن ہونگے۔	
۲۳	امت میں ۷۳ فرقے ہونگے۔(رحمۃ للعالمین جلد ۲ ۲۰۵ تا ۲۱۶)	
۲۴	خانہ کعبہ میں لگائے گئے بائیکاٹ نامہ کو دیمک کا چاٹ جانا اور رسول اللہ کا اس کی خبر دینا۔ (معجزات نبوی۔۲۰۵)	

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

۲۵ جنگ بدر کے دن دشمنان اسلام کے قتل کی جگہ کی نشان دہی فرمانا۔
(معجزات نبوی۔۲۰۹)

۲۶ کسریٰ کی حکومت یعنی فارس وایران کا خاتمہ۔(صحیح بخاری،حدیث نمبر ۳۱۲۰)

۲۷ قیصر کی حکومت یعنی روم کا خاتمہ۔ (صحیح بخاری،حدیث نمبر ۳۱۲۰)

۲۸ ملک کے گوشے گوشے میں امن قائم ہوگا، یہاں تک کہ ایک عورت کوفہ سے
چل کر حج کرے گی اور اسے کسی چور کا ڈر نہ ہوگا۔ (معجزات نبوی۔۲۱۲)

۲۹ حضرت اویس بن عامر قرنی کے ایمان اور مستجاب الدعوات ہونے کی خبر۔
(معجزات نبوی۔۲۱۹)

۳۰ حضرت فاطمہؓ کے انتقال کی پیش گوئی۔ (نور سرمدی جلد ا صفحہ ۱۳۴)

۳۱ حضرت حسنؓ کے صلح کے کردار کی پیش گوئی۔(نور سرمدی جلد ا صفحہ ۱۳۵)

۳۲ حضرت حسین بن علیؓ کی عراق میں شہادت کی خبر۔
(معجزات نبوی۔۲۵۲۔۲۵۳)

۳۳ حضرت زید بن حارثہؓ،حضرت جعفر بن ابو طالبؓ،حضرت عبداللہ بن رواحہؓ
کی ملک شام میں جنگ موتہ میں شہادت کی خبر۔(تین سو معجزات ۶۶)

۳۴ حبشہ کے بادشاہ اصحمہؓ کے انتقال کی اطلاع اور نماز جنازہ۔
(تین سو معجزات ۶۷)

۳۵ حضرت عباسؓ کے خزانے کے چھپانے کی اطلاع دینا۔
(تین سو معجزات ۶۷۔۶۸)

۳۶ عمیر بن وہب بن خلف کا قتل کے ارادے سے مدینہ آنا اور اپنے بھائی

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

صفوان بن امیہ بن خلف سے مکہ میں خفیہ معاہدہ کی اطلاع، اور عمیر کا قبول اسلام۔

(تین سو معجزات ۶۸۔۶۹)

۳۷ مقام خاخ میں عورت مخبر کے پاس خط کی اطلاع۔

(تین سو معجزات ۷۰۔۷۱)

۳۸ رات میں کسری پرویز کے قتل کی اطلاع صبح میں دی۔ (تین سو معجزات ۷۲۔۷۳)

۳۹ قیامت سے پہلے ۳۰ بڑے دجال یعنی جھوٹے مدعیان نبوت پیدا ہوں گے۔

(صحیح مسلم، حدیث نمبر ۷۳۴۲)

۴۰ امت کے مشہور ظالم حجاج بن یوسف ثقفی کے بارے میں پیشن گوئی۔

(جامع ترمذی، حدیث نمبر ۲۲۲۰)

۴۱ خلافت وملوکیت کی پیشن گوئی۔ (معجزات نبوی ۲۶۲ تا ۲۶۴ نیز ۲۷۰)

ترمذی کی روایت ہے کہ خلافت ۳۰ سال تک رہے گی۔ اور پھر ملوکیت قائم ہو جائے گی۔

(جامع ترمذی، حدیث نمبر ۲۲۲۶)

جس کی تفصیل تاریخ کے حوالے سے یہ ہے، صداقت رسول ملاحظہ فرمایئے۔

خلافت حضرت ابوبکر صدیق	رضی اللہ عنہ	سوا دو سال
خلافت حضرت عمر بن خطاب	رضی اللہ عنہ	ساڑھے دس سال
خلافت حضرت عثمان غنی	رضی اللہ عنہ	گیارہ سال، گیارہ مہینے، سترہ دن
خلافت حضرت علی بن ابو طالب رضی اللہ عنہ		پونے پانچ سال
خلافت حضرت حسن	رضی اللہ عنہ	چھ مہینے

(اصحاب رسول ۶۸)(معارف الحدیث جلد ۸ صفحہ ۱۴۷)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

۴۲ انتقال سے ایک ماہ قبل پیش گوئی کہ سو سال بعد کوئی صحابی زندہ نہ رہے گا۔

(معجزات نبوی۔۲۶۵۔۲۶۶)

تاریخ کے حوالے سے تفصیل وصداقت ملاحظہ ہو

آخری صحابہ

نمبر شمار	نام	وفات	مقام
۱	حضرت عبداللہ بن ابی اوفیؓ	۸۷ یا ۸۸ ہجری	کوفہ
۲	حضرت سائب بن یزیدؓ	۹۱ یا ۹۶ ہجری	مدینہ منورہ
۳	حضرت سہل بن سعد الساعدیؓ	۹۱ یا ۹۶ ہجری	مدینہ منورہ
۴	حضرت انس بن مالکؓ	۹۲ یا ۹۳ ہجری	بصرہ
۵	حضرت عبداللہ بن بسرؓ	۹۶ ہجری	
۶	حضرت محمود بن الربیعؓ	۹۹ ہجری	
۷	حضرت ہرماس بن زیاد باہلیؓ	۱۰۲ ہجری	یمامہ
۸	حضرت ابوطفیل عامر بن واثلہؓ	۱۱۰ ہجری	مکہ مکرمہ

(امداد الباری شرح بخاری جلد ا صفحہ ۱۵۴ بحوالہ دائمی عالمی تاریخ ۱۵۴)

۴۳ حجاز میں آگ لگنے اور بصری تک اس کے دکھائی دینے کی خبر دی۔

جو کہ ۶۵۴ھ میں پیش آئی۔ (صحیح مسلم، حدیث نمبر ۷۲۸۹)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

موجودہ دور کے فتنوں کے بارے میں پیشن گوئیاں

۴۴ مال غنیمت ذاتی ملکیت بن جائے گا۔

۴۵ زکوۃ کو ٹیکس سمجھا جائے گا۔

۴۶ علم دین دنیادی مقاصد کے لئے حاصل کیا جائے گا۔

۴۷ لوگ اپنی بیویوں کی بات مانیں گے۔

۴۸ ماؤں کی نافرمانی اور ایذاء رسانی کریں گے۔

۴۹ دوستوں کو گلے لگایا جائے گا۔

۵۰ باپ کو دھتکارا جائے گا۔

۵۱ مسجدوں میں شور شرابہ ہوگا۔

۵۲ قیادت فاجروں، فاسقوں کے ہاتھ میں ہوگی۔

۵۳ سب سے زیادہ کمینے قوم کے ذمہ دار ہوں گے۔

۵۴ شریر کے شر کی وجہ سے اس کا اکرام کیا جائے گا۔

۵۵ گویوں اور رقاصاؤں کی کثرت ہوجائے گی۔

۵۶ موسیقی کے آلات کی کثرت ہوجائے گی۔

۵۷ شراب نوشی کثرت سے ہوگی۔

۵۸ بعد کے لوگ پہلے لوگوں کی برائی کریں گے۔

نتیجہ کیا ہوگا؟ سرخ آندھیاں چلیں گی۔ زلزلے ہی زلزلے ہوں گے۔ زمین میں دھنسا دینے کے واقعات ہوں گے۔ صورتیں مسخ کردی جائیں گی۔ پتھروں کی بارش ہوگی۔ الامان الحفیظ۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

۵۹ وقت میں برکت نہ رہے گی۔

۶۰ نبوت کی میراث یعنی علم اٹھالیا جائے گا۔

۶۱ علماء ربانی اٹھالئے جائیں گے۔

۶۲ طرح طرح کے فتنے نمودار ہوں گے۔

۶۳ طبیعتوں میں بخل ڈال دیا جائے گا۔

۶۴ قتل وخون ریزی کی گرم بازاری ہوگی۔

(معارف الحدیث جلد ۸ صفحہ ۱۴۴۔ ۱۴۵)

۶۵ حکمراں بدترین لوگ ہوں گے۔

۶۶ مالدار بخیل ہوں گے۔

۶۷ تمہارے معاملات تمہاری عورتوں کے ہاتھ میں ہوں گے۔

(معارف الحدیث جلد ۸ صفحہ ۱۴۰)

۶۸ دشمنان اسلام بھوکوں کی طرح تمہیں مٹانے ٹوٹ پڑیں گے

(معارف الحدیث جلد ۸ صفحہ ۱۳۸)

۶۹ صبح اور شام کے کپڑوں کے جوڑے الگ الگ ہوں گے۔

۷۰ کھانے کا ایک برتن رکھا جائے گا اور دوسرا اٹھایا جائے گا۔

۷۱ گھروں کو کپڑے پہنائے جائیں گے جیسے کعبہ پر غلاف ڈالا جاتا۔

(معارف الحدیث جلد ۸ صفحہ ۱۳۶)

۷۲ معاہدات ومعاملات میں دغا وفریب ہوگا۔

۷۳ باہم سخت اختلاف اور بھیانک ٹکراؤ ہوگا۔ (معارف الحدیث جلد ۸ صفحہ ۱۳۱۔ ۱۳۲)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

۷۴ استقامت کے ساتھ دین پر چلنا ہاتھ میں جلتا ہوا انگارہ تھام لینے کے برابر ہوگا۔
(معارف الحدیث جلد ۸ صفحہ ۱۳۴)

۷۵ قیامت کے قریب کعبۃ اللہ ایک حبشی کے ہاتھوں منہدم کر دیا جائے گا۔

۷۶ جہالت کا غلبہ ہوگا۔

۷۷ علم کم ہو جائے گا۔

۷۸ زنا کا کاروبار کھلے عام چلے گا۔

۷۹ مرد کم ہوں گے۔

۸۰ عورتیں زیادہ ہوں گی یہاں تک کہ ۵۰ عورتوں کا ایک مرد منتظم ہوگا۔
(جامع ترمذی، حدیث نمبر ۲۲۰۵)

۸۱ امانت دار کو خیانت کرنے والا قرار دیا جائے گا۔

۸۲ خیانت کرنے والے پر اعتماد کیا جائے گا۔

۸۳ بے حیائی کی باتیں اور حرکتیں کھلے عام ہوں گی۔

۸۴ پڑوسیوں سے برا سلوک کیا جائے گا۔

(مسند احمد مرویات عبداللہ بن عمرو ۶۸۷۲)

۸۵ آدمی ایک قبر کے پاس سے گذرے گا اور تمنا کرے گا کہ کاش میں اس قبر میں ہوتا۔
(صحیح مسلم، حدیث نمبر ۷۳۰۲)

۸۶ ایک ایسا زمانہ بھی آئے گا جس میں انسان اپنی آمدنی کے بارے میں
اس بات کی پرواہ نہیں کرے گا کہ وہ حلال ہے یا حرام۔
(صحیح بخاری، کتاب البیوع، بحوالہ ترجمان الحدیث جلد اول صفحہ ۱۰۱)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

۸۷ مسلمانوں کا یہودیوں سے قتال ہوگا، تو مسلمان انھیں قتل کریں گے، یہاں تک کہ اگر وہ کسی پتھر یا درخت کے پیچھے پناہ لیں گیں تو وہ پتھر اور درخت بول پڑیں گے کہ اے اللہ کے بندے، میرے پیچھے یہ یہودی چھپا بیٹھا ہے، آ اور اسے قتل کر، لیکن غرقد درخت نہیں بولے گا۔ اس لئے کہ یہ یہودی درخت ہے۔
(صحیح مسلم، حدیث نمبر ۷۳۳۹)

۸۸ نہر فرات سونے کے پہاڑ اگلے گی، اس کے حصول کے لئے خونریزی ہوگی، اور سو میں سے ننانوے اس میں مارے جائیں گے۔
(صحیح مسلم، حدیث نمبر ۷۲۷۲)

۸۹ قاتل کو معلوم نہ ہوگا کہ وہ کیوں قتل کر رہا ہے اور مقتول کو معلوم نہ ہوگا کہ وہ کیوں قتل کیا گیا ہے۔ (صحیح مسلم، حدیث نمبر، ۷۳۰۳)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

کلام نبوی صلی اللہ علیہ وسلم

حدیث مبارک میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے جوامع الکلم دیئے گئے۔

(رحمۃ للعالمین جلد ۳ صفحہ ۱۴۷ تا ۱۴۸)

جوامع الکلم کی تشریح ووضاحت ہمارے اکابر نے یوں فرمائی ہے کہ کلام نبوی الفاظ میں تو مختصر ہوتے ہیں لیکن معانی ومطالب کا سمندر ہوتے ہیں۔ بات برموقع اور برمحل ہوتی ہے، مخاطب کی ضرورت کے لئے کافی ہوتی ہے۔ جس کو ایک عاشق رسول، سیرت نبوی کے مورخ مولانا سلیمان منصور پوری نے یوں کہا ہے کہ الفاظ مختصر، سادہ، صاف، پرصدق، معانی کا خزینہ، ہدایت کا گنجینہ۔

(رحمۃ للعالمین جلد ۳ صفحہ ۱۵۸)

جوامع الکلم میں آپؐ کے خطبات، خطابات، جوابات، ہدایات، گفتگو، دعائیں، وصیتیں، نصیحتیں، اوامر ونواہی، اور احادیث نبوی شامل ہیں جن کو سمجھنا ضروری ہے۔

خطبہ — یعنی لکچر کسی موضوع پر باکمال انداز میں بات کرنا۔

خطاب، — یعنی برسرموقعہ کسی موضوع پر تقریر۔

جواب — یعنی کسی نے آپ سے کوئی بات، کوئی مسئلہ، کوئی چیز پوچھی اور آپ نے اس کا جواب دیا۔

دعائیں — مختلف اوقات میں اللہ تعالی سے مانگی ہوئی دعائیں

وصیت — صحابہ کو کہیں روانہ فرماتے ہوئے وصیت کرنا یا اپنے الفاظ میں وصیت کا لفظ استعمال کرنا

اوامر — شرعی احکام ومسائل، حلال وحرام کو واضح فرمانا

نواہی — ممنوعات ومحرمات سمجھانا، حرام کاموں سے روکنا

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

احادیث ان تمام کے مجموعہ کا نام احادیث نبوی ہے

امثال بات سمجھانے کے لئے کوئی مثال بیان کرنا

حکم بات کو بہتر طور پر سمجھانے کے لئے حکمت و دانش کے

جملے جس کو اردو زبان میں ''دریا بہ کوزہ'' کہتے ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خطابات وخطبات کے کچھ شہ پارے

حضرت عرباض بن ساریہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں ایک فصیح و بلیغ وعظ ارشاد فرمایا جس سے ہمارے دل کانپ گئے، اور ہماری آنکھیں آنسوؤں سے لبریز ہوگئیں، ہم نے کہا کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! یہ ایسا وعظ تھا جیسے رخصت ہونے والا کہتا ہے۔ آپ ہمیں وصیت فرمائیے تو آپؐ نے ارشاد فرمایا!

ا میں تمہیں وصیت کرتا ہوں اللہ سے ڈرنے کی، اور گرچیکہ تمہارا امیر حبشی ہو اس کی بات سننے اور اس کی اطاعت کرنے کی۔ اور تم میں سے جو زندہ رہے گا تو وہ بہت اختلاف دیکھے گا۔ تو تم میری سنت اور میرے ہدایت یافتہ خلفاء کی سنت کو لازم پکڑو۔ اور سن لو! دین میں نئے نئے کام انجام دینے سے بچو۔ اس لئے کہ ہر بدعت گمراہی ہے۔

(ریاض الصالحین، حدیث نمبر ۱۵۷)

۲ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا!

مجھے اللہ نے جو ہدایت وعلم دے کر بھیجا ہے اس کی مثال ایسی ہے جیسے بارش ہے، جو ایسی زمین میں برسی، تو وہاں ایک پاکیزہ جماعت تھی۔ جس نے پانی قبول کیا، تو بہت سی گھاس اور بہت سے پودے اگ آئے، اور وہاں گڈھے بھی تھے جنہوں نے پانی روک لیا، تو اللہ نے اس سے لوگوں کو

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

فائدہ پہونچایا، وہ خود اس سے پیئے، دوسروں کو پلائے، اور جانوروں کو سیر آب کیئے۔ اور وہ پانی ایک دوسری جماعت کو ملا، وہ چٹیل میدان کی طرح تھی، جو نہ پانی روکتا ہے اور نہ ہریالی اگاتا ہے۔ پہلی مثال اس کی ہے جو اللہ کے دین کو سمجھا، اور اس کو فائدہ پہنچا اس چیز سے جس کو دے کر اللہ نے مجھے بھیجا ہے۔ اس نے علم سیکھا اور علم سکھایا۔ اور دوسری مثال اس کی ہے جس نے توجہ نہیں دی، اور اللہ کی ہدایت کو قبول نہیں کیا جسے دے کر اللہ نے مجھے بھیجا ہے۔ (ریاض الصالحین صفحہ ۸۸ حدیث نمبر ۱۶۲)

۳ حضرت عبداللہ بن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ دینے کے لئے کھڑے ہوئے، ارشاد فرمایا! اے لوگو! تم اللہ کے پاس ننگے پاؤں، ننگے بدن، بغیر ختنہ کیئے جمع کیئے جاؤ گے، جیسا کہ قرآن میں ہے کہ جیسا ہم نے تم کو پہلی مرتبہ پیدا کیا ہے، ہم اسی طرح لوٹائیں گے۔ یہ وعدہ ہے ہمارا اور ہم ایسا کرنے والے ہیں۔ (سورہ انبیاء، آیت ۱۰۳) اور سن لو کہ ساری مخلوق میں سب سے پہلے جنہیں کپڑے پہنائے جائیں گے وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام ہوں گے۔ اور سن لو! میری امت کے کچھ لوگ حوض کوثر کے پاس لائے جائیں گے تو انھیں بائیں جانب لے جایا جائے گا تو میں کہوں گا اے میرے رب! یہ میرے ساتھی ہیں۔ تو جواب دیا جائے گا کہ آپ نہیں جانتے کہ انہوں نے آپ کے بعد کیا کیا کیا ہے؟ تو میں نیک بندے حضرت عیسیٰ کی طرح کہوں گا کہ "جب تک میں زندہ تھا تو میں ان کا گواہ تھا، جب آپ نے مجھے موت دی تو آپ ان کے ذمہ دار ہیں۔ اگر آپ انھیں عذاب دیں تو یہ آپ کے بندے ہیں اور اگر آپ معاف فرمادیں تو آپ غالب اور حکمت والے ہیں۔ (سورہ مائدہ آیت ۱۱۷، ۱۱۸) مجھ سے کہا جائے گا کہ یہ آپ کے بعد دین سے الٹے پاؤں پھر گئے تھے۔ (ریاض الصالحین، حدیث نمبر ۱۶۵)

۴ حضرت ابوذر جندب بن جنادہؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے رب سے روایت کرتے ہیں۔ (یعنی حدیث قدسی ہے)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

اے میرے بندو! میں نے اپنے اوپر ظلم کو حرام کرلیا ہے، اور میں نے اس کو تمہارے لئے بھی حرام کر دیا ہے تو ایک دوسرے پر ظلم مت کرو۔ اے میرے بندو! تم سبھی گمراہ ہو مگر جس کو میں ہدایت دوں۔ تو تم مجھ سے ہدایت مانگو میں تمہیں ہدایت دوں گا۔ اے میرے بندو! تم سبھی بھوکے ہو مگر جس کو میں کھلاؤں۔ تو تم مجھ سے روزی مانگو میں تمہیں روزی دوں گا۔ اے میرے بندو! تم سبھی ننگے ہو مگر جس کو میں پہناؤں تو تم مجھ سے پہناوا مانگو میں تمہیں پہناؤں گا۔ اے میرے بندو! تم دن رات گناہ کرتے رہتے ہو اور میں تمہارے سارے گناہ معاف کرتا ہوں۔ تو تم مجھ سے اپنے گناہوں کی معافی چاہو میں تمہیں معاف کردوں گا۔ اے میرے بندو! تم ہرگز مجھے نقصان نہیں پہنچا سکتے، اور نہ ہرگز مجھے نفع پہنچا سکتے ہو۔ اے میرے بندو! تمہارے سارے اگلے لوگ اور تمہارے سارے پچھلے لوگ، تمہارے سارے انسان اور سارے جن مل کر سب سے زیادہ پرہیزگار آدمی کا دل بن جائیں یہ چیز میری مالکیت میں ذرہ برابر زیادتی نہیں کرے گی۔ اے میرے بندو! تمہارے سارے اگلے لوگ اور تمہارے سارے پچھلے لوگ، تمہارے سارے انسان اور سارے جن مل کر سب سے زیادہ نافرمان و بدکردار آدمی کا دل بن جائیں تو میری مالکیت میں ذرہ برابر کمی نہیں کرے گی۔ اے میرے بندو! تمہارے سارے اگلے لوگ اور تمہارے سارے پچھلے لوگ، تمہارے سارے انسان اور سارے جن یکجا ہو کر ایک چٹیل میدان میں جمع ہوں اور وہ سارے کے سارے مجھ سے مانگیں اور میں ان میں سے ہر ایک کا سوال پورا کروں۔ تو یہ چیز میرے خزانوں میں ذرہ برابر کمی نہیں کرے گی جیسے سوئی کا پورا سمندر میں ڈبو کر نکالا جائے تو سمندر کے پانی میں کمی نہیں ہوتی۔ اے میرے بندو! میں تمہارے اعمال کو شمار کرتا ہوں، اور میں تم کو ان کا پورا پورا بدلہ دوں گا۔ تو جو بھلائی پائے تو اسے چاہیئے کہ وہ اللہ کا شکر بجالائے۔ اور جو اس کے علاوہ پائے تو پھر وہ کسی اور کو ملامت نہ کرے بلکہ اپنے آپ پر ملامت کرے۔ (ریاض الصالحین صفحہ ۶۵ حدیث نمبر ۱۱۱)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

۵ حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جو کوئی کسی مومن کی دنیاوی پریشانی کو دور کرے گا اللہ قیامت کے دن کی پریشانی اس سے دور کریں گے، جو کوئی کسی تنگ دست کو آسانی دے گا اللہ اس کو دنیا و آخرت میں آسانی دیں گے، جو کوئی کسی مسلمان کی پردہ پوشی کرے گا اللہ دنیا و آخرت میں اس کی پردہ پوشی فرمائیں گے۔ اور اللہ اس بندے کی مدد میں ہوتے ہیں جو اپنے بھائی کی مدد میں لگا ہوا ہوتا ہے۔ اور جو علم دین سیکھنے کی راہ پر چل پڑتا ہے تو اللہ اس کے لئے جنت کا راستہ آسان فرما دیتے ہیں۔ اور کوئی جماعت اللہ کے گھروں میں سے کسی گھر میں جمع ہو کر اللہ کی کتاب کی تلاوت کرتی ہے، اور اس کا مذاکرہ کرتی ہے، ایک دوسرے کو سکھاتی ہے، تو ان پر سکینہ نازل ہوتا ہے۔ رحمت ان کو ڈھانپ لیتی ہے اور فرشتے ان کو گھیر لیتے ہیں اور اللہ فرشتوں سے ان کا تذکرہ فرماتے ہیں اور جس کو اس کا عمل پیچھے کر دے تو اس کا خاندانی ہونا اس کو آگے نہیں بڑھا سکتا۔ (ریاض الصالحین، حدیث نمبر ۲۴۳)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جوابات اور صحابہ کے سوالات

صحابہ چاہتے تھے کہ کوئی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کرے تا کہ زبان مبارک سے اس کے بارے میں حقیقت واقعہ جان سکیں۔ لیکن ہر کس و ناکس کی ہمت نہ پڑتی تھی اسی لئے صحابہ اس بات کے خواہش مند رہتے تھے کہ کوئی پردیسی آئے اور وہ پوچھے اور ہم جان سکیں۔ یا پھر صحابہ حسب ضرورت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھ لیا کرتے تھے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کے تشفی بخش جواب عنایت فرماتے تھے۔ آگے اسی طرح کے جوابات و سوالات پیش ہیں جن سے ہمیں روشنی ملتی ہے۔

۱ حضرت ابو ہریرہؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا کہ یا رسول اللہ! لوگوں میں سب سے زیادہ شریف اکرم کون ہے؟ جواب فرمایا کہ جو ان میں سب سے زیادہ پرہیزگار ہے۔ انہوں نے پھر پوچھا کہ ہم آپ سے یہ نہیں پوچھ رہے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

سب سے زیادہ شرافت یوسف علیہ السلام کو ملی ہے۔ وہ اللہ کے نبی ہیں اور اللہ کے نبی کے بیٹے، اللہ کے نبی کے پوتے، اللہ کے خلیل کے پڑپوتے ہیں۔ صحابہ نے پوچھا ہم یہ بھی نہیں پوچھ رہے، تو آپؐ نے فرمایا تو تم عرب کے نامی گرامی افراد اور قبائل کے بارے میں پوچھتے ہو تو ان میں کا بہتر اسلام میں بھی بہتر ہے جب وہ اسلام کو گہرائی سے سمجھے۔ (ریاض الصالحین، حدیث نمبر ۶۹)

۲ حضرت ابو عمرہ سفیان بن عبداللہؓ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا! یا رسول اللہ! مجھے اسلام کی ایک ایسی بات بتلایئے کہ جس کے بارے میں میں آپ کے علاوہ کسی اور سے نہ پوچھوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! کہہ میں ایمان لایا اللہ پر اور اس پر استقامت اختیار کر۔

(ریاض الصالحین، حدیث نمبر ۸۵)

۳ حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ ایک آدمی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور کہا، یا رسول اللہ! کونسے صدقے کا ثواب زیادہ ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ تم صدقہ کرو اس حال میں کہ تم صحت مند ہو، ضرورت مند ہو، غریبی کا ڈر ہو، اور مالداری کی امید ہو، اور اتنی سستی نہ کرو کہ موت گردن تک پہنچ جائے۔ اور تم وصیت کرنے لگو کہ فلانے کو اتنا دو، فلانے کو اتنا دو، جب کہ وہ کسی اور کا ہو چکا۔ (ریاض الصالحین، حدیث نمبر ۹۰)

۴ حضرت ابو ذر غفاریؓ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا، یا رسول اللہ! اعمال میں کونسا عمل سب سے زیادہ افضل ہے؟ آپؐ نے فرمایا، اللہ پر ایمان لانا، اور اس کے راستہ میں جہاد کرنا۔ میں نے پوچھا کونسا غلام آزاد کرنا سب سے زیادہ بہتر ہے؟ آپؐ نے فرمایا، جو گھر والوں کے پاس سب سے زیادہ عمدہ ہو اور جو سب سے زیادہ قیمتی ہو۔ میں نے پوچھا، اگر میں نہیں کر سکوں تو؟ کسی کام کرنے والے کی مدد کر، یا کام کرنے والے کو بہتر کام کرنا سکھا دے۔ میں نے پوچھا آپؐ کیا فرماتے ہیں کہ اگر میں اپنے کسی کام میں کمزور ہو جاؤں؟ آپؐ نے فرمایا،

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

لوگوں کو اپنے شر سے محفوظ رکھو، یہ تمہاری طرف سے صدقہ ہے جو تمہیں ملے گا۔
(ریاض الصالحین، حدیث نمبر ۱۱۷)

۵ حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ آپؐ نے فرمایا کہ اپنے بھائی کی مدد کرو۔ چاہے وہ ظالم ہو یا وہ مظلوم ہو۔ تو ایک آدمی نے پوچھا، یارسول اللہ! میں اس کی مدد کروں گا جب وہ مظلوم ہو لیکن آپ فرمایئے اگر وہ ظالم ہو تو میں کیسے اس کی مدد کروں؟ آپؐ نے فرمایا کہ تم اس کو ظلم کرنے سے روکو گے۔ یہ تمہاری طرف سے اس کی مدد ہے۔ (ریاض الصالحین، حدیث نمبر ۲۳۵)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وصیتیں

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں تم کو وصیت کرتا ہوں

۱ اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہنے کی۔

۲۔ امیر وقت کا حکم سننے اور اس کی اطاعت کرنے کی اگرچہ امیر حبشی غلام ہی کیوں نہ ہو

۳ اختلافات کے دور میں میرے طریقے کو مضبوط تھامے رکھنے کی۔

۱۴ ختلافات کے دور میں میرے ہدایت یافتہ خلفاء کے طریقے کو مضبوط تھامے رکھنے کی

۵ اور بدعات سے بچتے رہنے کی۔

(مشکوۃ المصابیح بحوالہ اسوہ رسول اکرم از مولانا ڈاکٹر عبدالحی صاحب ۱۷۰)

حضرت معاذ بن جبل کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ ۱۰، وصیتیں فرمائیں۔

۱ اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرنا، چاہے تمہیں قتل کر دیا جائے یا زندہ جلا دیا جائے۔

۲ ماں باپ کی نافرمانی نہ کرنا

۳ فرض نماز ہرگز قصداً نہ چھوڑنا

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

۴ شراب ہرگز نہ پینا
۵ گناہ سے بچے رہنا
۶ میدان جہاد سے نہ بھاگنا
۷ وبائی علاقہ سے نہ بھاگنا
۸ بیوی، اولاد اور ماں باپ پر اچھا مال خرچ کرنا
۹ اولاد کو ادب سکھانا
۱۰ اپنی اولاد کو اللہ کے احکام وقوانین سے ڈراتے رہنا۔(مشکوۃ المصابیح ۸)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے میرے رب نے ان نو باتوں کا خاص طور پر حکم فرمایا ہے۔

۱ تنہائی اور لوگوں میں اللہ سے ڈرنا
۲ غصہ اور رضا مندی میں عدل وانصاف کی بات کہنا
۳ غریبی اور دولت مندی میں میانہ روی قائم رکھنا
۴ رشتہ داروں کے حقوق ادا کروں اور رشتہ توڑنے والے سے رشتہ جوڑوں
۵ انہیں بھی دوں جنہوں نے مجھے محروم رکھا اور میرا حق مجھے نہیں دیا
۶ ظلم کرنے والوں کو معاف کروں
۷ میری خاموشی میں اسی کی فکر وتفکر ہو
۸ میری گفتگو اس کا ذکر ہو
۹ میری نظر عبرت والی نظر ہو

(اسوہ رسول اکرم، ۱۶۷ تا ۱۶۹)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ مجھے میرے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم نے سات باتوں کی خاص طور پر وصیت فرمائی۔

۱ غریبوں سے محبت رکھوں اور ان سے قریب رہوں

۲ دنیا میں ان لوگوں پر نظر رکھوں جو مجھ سے نیچے درجہ کے ہیں

۳ رشتہ داروں کے ساتھ صلہ رحمی کروں

۴ کسی آدمی سے کوئی چیز نہ مانگوں، بلکہ صرف اللہ سے مانگوں

۵ میں ہر موقع پر حق بات کہوں اگر چہ وہ لوگوں کو کڑوی لگے

۶ میں اللہ کے معاملہ میں کبھی کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہ ڈروں

۷ میں کثرت سے لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہ پڑھا کروں

(اسوہ رسول اکرم، ۱۷۳ تا ۱۷۴)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سات افراد کو اللہ تعالی قیامت کے دن عرش کے سائے میں جگہ دیں گے جس دن اس کے سائے کے علاوہ کوئی سایہ نہ ہوگا۔

۱ انصاف کرنے والا حکمران

۲ وہ نوجوان جس کی جوانی اللہ کی عبادت میں گذری

۳ وہ بندہ یا بندی جس نے تنہائی میں اللہ کو یاد کیا اور اس کی آنکھوں سے آنسو نکل پڑے

۴ وہ بندہ جس کا دل مسجد میں اٹکا ہوا ہو

۵ وہ دو آدمی جو صرف اللہ تعالی کے لئے ایک دوسرے سے محبت کرتے ہیں

۶ وہ بندہ جس کو خوبصورت خاندانی عورت بدی کی دعوت دے اور وہ یہ کہے کہ میں اللہ سے ڈرتا ہوں

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

۷ وہ آدمی جو صدقہ کرے اور اس کو پوشیدہ رکھے یہاں تک کہ اس کے بائیں ہاتھ کو پتہ نہ چلے کہ اس کے دائیں ہاتھ نے کیا صدقہ کیا ہے۔

(صحیح بخاری، حدیث نمبر ٦٦٠)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے دن اللہ کے سامنے پانچ سوالوں کا جواب دیئے بغیر انسان کے پاؤں اپنی جگہ سے نہ ہٹ سکیں گے۔

۱ عمر کس کام میں گزاری

۲ جسم اور جوانی کو کس کام میں گھلایا

۳ مال کیسے کمایا

۴ کمایا ہوا مال کہاں خرچ کیا

۵ دین کے علم پر کہاں تک عمل کیا

(جامع ترمذی ابواب القیامۃ بحوالہ، اسوہ رسول اکرم، ۱۷۴)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کون ہے جو مجھ سے یہ باتیں لے اور اس پر عمل کرے اور اس کی تعلیم دے تاکہ دوسرے اس پر عمل کریں؟ تو میں نے کہا، اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں تیار ہوں، آپ نے میرا ہاتھ پکڑا اور ان پانچ باتوں کا ذکر کیا۔

۱ حرام سے پرہیز کر تو سب سے زیادہ عابد ہوگا

۲ اللہ کی تقدیر پر راضی رہ تو سب سے زیادہ غنی ہوگا

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

۳ اپنے پڑوسی سے نیک سلوک کر تو مومن ہوگا

۴ لوگوں کے لئے وہ پسند کر جو اپنے لئے پسند کرتا ہے تو مسلمان ہوگا

۵ زیادہ نہ ہنس اس سے دل مردہ ہوجاتا ہے۔

(صحیح مسلم ،ابواب الزھد، حدیث نمبر ۲۳۰۴)

حضرت عمرو بن میمون اودی ؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو نصیحت کرتے ہوئے فرمایا کہ پانچ نعمتوں کو پانچ چیزوں کے آنے سے پہلے غنیمت جانو اور اوران سے جو فائدہ اٹھانا چاہو اٹھالو۔

۱ جوانی کو بڑھاپے کے آنے سے پہلے

۲ تندرستی کو بیمار ہونے سے پہلے

۳ خوشحالی کو تنگ دستی سے پہلے

۴ فرصت کو مشغولیت سے پہلے

۵ زندگی کو موت سے پہلے (جامع ترمذی بحوالہ اسوہ رسول اکرم، ۱۷۵)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ چار باتیں نصیب ہوجائیں تو دنیا چھوٹنے کا کوئی مضائقہ نہیں۔

۱ امانت کی حفاظت

۲ باتوں میں سچائی

۳ حسن اخلاق

۴ کھانے میں احتیاط اور پرہیز گاری

(مسند احمد بن حنبل بحوالہ، اسوہ رسول اکرم ، ۱۷۴ اور ۱۷۵)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

حضرت ابوذر غفاری کہتے ہیں کہ رسول اللہ نے فرمایا

۱ برے ساتھیوں کی ہم نشینی سے اکیلے رہنا اچھا ہے

۲ اچھے ساتھی کے ساتھ بیٹھنا تنہائی سے بہتر ہے

۳ کسی کو اچھی بات بتانا خاموش رہنے سے بہتر ہے

۴ بری باتیں بتانے سے خاموش رہنا بہتر ہے۔

(اسوہ رسول اکرم، ۱۷۲)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوذر غفاری کو مخاطب کر کے کہا کہ دو خصلتیں زبان پر ہلکی اور میزان میں بھاری ہیں۔

۱ زیادہ خاموش رہنے کی عادت

۲ حسن اخلاق

(مسند احمد بن حنبل بحوالہ، اسوہ رسول اکرم، ۱۷۲)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں تم میں دو چیزیں چھوڑے جاتا ہوں اگر اس کو تھامے رہے تو کبھی نہ بھٹکو گے:

۱ اللہ کی کتاب

۲ میری سنت

(مسند احمد بن حنبل بحوالہ، اسوہ رسول اکرم، ۱۷۷)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عنقریب غیر مسلم قومیں تمہاری سرکوبی کے لئے ایک دوسرے کو بلائیں گی جیسا کہ بہت سے کھانے والے افراد ایک دوسرے کو بلا کر دسترخوان پر ٹوٹ پڑتے ہیں، ایک صحابی نے عرض کیا! کیا اس وقت ہماری تعداد کم ہوگی؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا نہیں

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

بلکہ اس وقت تم تعداد میں بہت ہو گے، لیکن تمہاری حیثیت سیلاب کے کوڑے کرکٹ اور جھاگ سے زیادہ نہ ہوگی، اس وقت اللہ تعالیٰ کا فیصلہ یہ ہوگا کہ دشمن قوم کے دل سے تمہارا رعب ختم ہو جائے گا اور تمہارے دل ''وَھَن'' کا شکار ہو جائیں گے۔

کسی صحابی نے پوچھا! یا رسول اللہ! ''وَھَن'' کسے کہتے ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔

١ دنیا سے محبت

٢ موت سے کراہت

(ابوداوٗد کتاب الملاحم، بحوالہ ترجمان الحدیث جلد اول صفحہ ٢٣)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جن کاموں کے کرنے کا حکم فرمایا

فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے!

١ اے لوگو! سلام کو پھیلاؤ

٢ کھانا کھلاؤ

٣ صلہ رحمی کرو

٤ اور رات میں جب لوگ سو رہے ہوں تو نماز پڑھو۔

اپنے رب کی جنت میں سلامتی کے ساتھ داخل ہو جاؤ۔ (مشکوٰۃ المصابیح جلد ١ صفحہ ١٦٨)

٥ آپس میں بغض نہ رکھو

٦ باہم حسد نہ کرو

٧ ایک دوسرے سے پیٹھ نہ پھیرو

٩ اور اللہ کے بندے بن کر رہو

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

۱۰ بھائی بھائی بن کر رہو۔ (صحیح بخاری ، جلد ۲ صفحہ ۸۹۶)

حضرت براء بن عازبؓ کہتے ہیں

کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں سات کاموں کا حکم فرمایا:

۱ بیمار کی عیادت کریں

۲ جنازہ کے پیچھے چلیں

۳ چھینکنے والے کا جواب دیں

۴ اگر قسم کھائیں تو قسم کو پورا کریں

۵ مظلوم کی مدد کریں

۶ دعوت دینے والے کی دعوت قبول کریں

۷ سلام کو عام کریں۔ (ریاض الصالحین، حدیث نمبر ۲۳۷)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جن کاموں سے روکا

سات ہلاک کرنے والی چیزیں ہیں جن سے روکا:

۱ اللہ کے ساتھ کسی کو شریک بنانا

۲ جادو کرنا

۳ کسی کو ناحق قتل کرنا

۴ سود کھانا

۵ یتیم کا مال کھانا

۶ میدان جہاد سے بھاگنا

۷ پاکدامن عورتوں پر تہمت لگانا (مشکوۃ المصابیح صفحہ ۱۷)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

پانچ گناہ صادر ہوتے وقت ایمان ساتھ چھوڑ دیتا ہے:

١ زنا کرتے وقت

٢ چوری کرتے وقت

٣ شراب پیتے وقت

٤ ناحق مال لوٹتے وقت

٥ مال غنیمت میں خیانت کرتے وقت (مشکوۃ المصابیح صفحہ ١٧)

منافق کی علامتیں چار ہیں:

١ بات کرے تو جھوٹ بولے

٢ امانت میں خیانت کرے

٣ وعدہ خلافی کرے

٤ جھگڑا کرے تو گالی گلوچ کرے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے امثال وحکم

حضور صلی اللہ علیہ وسلم خطیب الانبیاء ہیں۔ (رحمۃ للعالمین جلد ٣ صفحہ ٢٢٧)

١ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری اور تمہاری مثال اس آدمی کی طرح ہے جس نے آگ جلائی تو کیڑے پتنگے اس میں گرنے لگے، اور وہ انھیں اس میں گر کر ہلاک ہونے سے بچا رہا ہے اور میں تمہاری کمریں پکڑ پکڑ کر جہنم کی آگ سے بچا رہا ہوں اور تم ہو کہ میرے ہاتھوں سے چھوٹ چھوٹ کر اس میں گرتے جا رہے ہو۔ (ریاض الصالحین، حدیث نمبر ١٦٣)

٢ قناعت وہ خزانہ ہے جو کبھی ختم نہیں ہوتا۔

٣ غیر ضروری کام کو چھوڑ دینا عمدہ دینداری ہے۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

۴ مشورہ بھی امانت ہے۔

۵ تدبیر جیسی کوئی دانائی نہیں۔

۶ جو عہد کا پکا نہیں وہ دیندار نہیں۔

۷ عقل سے بڑھ کر کوئی دولت نہیں۔

۸ مرد کی خوبصورتی اس کی فصاحت ہے۔

۹ جہالت سے بڑھ کر کوئی تنگی نہیں۔

۱۰ جس طرح سرکہ سے شہد خراب ہو جاتا ہے اسی طرح بدخلقی سے ساری خوبیاں جاتی رہتی ہیں۔ (مہر نبوت ، قاضی سلیمان منصور پوری ۴۷۔۴۸)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بدبختی کی چار علامتیں ہیں:

۱ اللہ کے لئے آنکھوں سے آنسو جاری نہ ہونا

۲ دل کا سخت ہو جانا

۳ لمبی امیدیں باندھنا

۴ دنیا کی حرص (معارف القرآن جلد ۵ صفحہ ۲۷۹)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی چالیس احادیث مبارکہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کو خوشخبری سنائی ہے جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی چالیس حدیثیں یاد کرے اور دوسروں تک ان کو پہنچائے، اسی فرمان نبوی کے پیش نظر ہمارے اکابر نے کئی ایک مجموعے تیار کئے ہیں۔ اس حقیر و عاجز نے اس فضیلت کو حاصل کرنے کی جستجو میں چالیس احادیث کا انتخاب کیا ہے تا کہ ہم انھیں یاد کرلیں۔

۱ اَلطُّهُورُ شَطْرُ الْاِيْمَانِ — پاکی ایمان کا آدھا حصہ ہے

۲ اَلصَّلَاةُ نُورٌ — نماز نور ہے

۳ اَلصَّدَقَةُ بُرْهَانٌ — صدقہ دلیل ہے

۴ اَلصَّبْرُ ضِيَاءٌ — صبر کرنا روشنی ہے

۵ اَلْقُرْآنُ حُجَّةٌ لَكَ اَوْ عَلَيْكَ

قرآن تمہارے حق میں سفارشی ہے یا وہ تمہارے حق میں حجت ہے

(ریاض الصالحین، حدیث نمبر ۲۵)

۶ اِنَّمَا يَرْحَمُ اللّٰهُ مِنْ عِبَادِهِ الرُّحَمَاءُ۔

بے شک اللہ اپنے رحم دل بندوں پر رحم کرتا ہے۔

(ریاض الصالحین صفحہ ۲۶ حدیث نمبر ۲۹)

۷ اِنَّ الصِّدْقَ يَهْدِى اِلَى الْبِرِّ — سچائی نیکی کی رہنمائی کرتی ہے

(ریاض الصالحین، حدیث نمبر ۵۴)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

۸ وَاِنَّ الْبِرَّ یَھْدِی اِلَی الْجَنَّۃِ نیکی جنت کی راہ دکھاتی ہے
(ریاض الصالحین، حدیث نمبر ۵۴)

۹ اِنَّ الْکِذْبَ یَھْدِی اِلَی الْفُجُوْرِ ۔ جھوٹ برائیوں کے راستے پر چلاتی ہے
(ریاض الصالحین، حدیث نمبر ۵۴)

۱۰ وَاِنَّ الْفُجُوْرَ یَھْدِی اِلَی النَّارِ اور برائیاں جہنم کی طرف لے جاتی ہیں۔
(ریاض الصالحین، حدیث نمبر ۵۴)

۱۱ اِتَقِ اللّٰہَ حَیْثُمَا کُنْتَ جہاں کہیں رہ اللہ سے ڈر۔
(ریاض الصالحین، حدیث نمبر ٦١)

۱۲ وَاَتْبِعِ الْحَسَنَۃَ السَّیِّئَۃَ اور برائی سرزد ہو جائے تو بھلائی کا کام کرو۔
(ریاض الصالحین، حدیث نمبر ٦١)

۱۳ وَخَالِقِ النَّاسَ بِخُلُقٍ حَسَنٍ لوگوں سے حسن اخلاق سے پیش آ۔
(ریاض الصالحین، حدیث نمبر ٦١)

۱۴ اِحْفَظِ اللّٰہَ تَجِدْہُ اَمَامَکَ تو اللہ کے احکام کی حفاظت کر تو اسے اپنے سامنے پائے گا۔
(ریاض الصالحین، حدیث نمبر ٦٢)

۱۵ تَعَرَّفْ اِلَی اللّٰہِ فِی الرَّخَاءِ یَعْرِفْکَ فِی الشِّدَّۃِ
تو اللہ کو نعمتوں میں یاد کر وہ تجھے مصیبت میں یاد رکھے گا۔
(ریاض الصالحین، حدیث نمبر ٦٢)

۱٦ وَاعْلَمْ اَنَّ مَا اَخْطَاءَکَ لَمْ یَکُنْ لِیُصِیْبُکَ (ریاض الصالحین، حدیث نمبر ٦٢)
اور جان لے کہ جو چیز تجھ سے چھوٹ گئی وہ تجھے ملنے والی نہیں تھی۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

۱۷ وَمَا أَصَابَکَ لَمْ يَكُنْ لِيُخْطِئَكَ

اور جو معاملہ تیرے ساتھ پیش آیا ہے وہ تجھ سے چھوٹنے والا نہیں تھا۔

(ریاض الصالحین، حدیث نمبر ۶۲)

۱۸ وَاعْلَمْ أَنَّ النَّصْرَ مَعَ الصَّبْرِ اور جان لے کہ مدد صبر کے ساتھ ہوتی ہے۔

(ریاض الصالحین، حدیث نمبر ۶۲)

۱۹ وَأَنَّ الْفَرَجَ مَعَ الْكَرْبِ کشادگی، تنگی کے ساتھ ساتھ ہے۔

(ریاض الصالحین، حدیث نمبر ۶۲)

۲۰ وَأَنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا مشکل کے ساتھ ساتھ آسانی ہے۔

(ریاض الصالحین، حدیث نمبر ۶۲)

۲۱ اَلْكَيِّسُ مَنْ دَانَ نَفْسَهُ وَعَمِلَ لِمَا بَعْدَ الْمَوْتِ

عقل مند وہ ہے جو اپنے نفس کو دین سکھائے اور موت کے بعد والی زندگی کے لئے عمل کرے۔

(صحیح مسلم، حدیث نمبر ۲۴۰۹)

۲۲ وَالْعَاجِزُ مَنْ اَتْبَعَ نَفْسَهُ وَتَمَنّٰى عَلَى اللّٰهِ

اور معذور و بے کس وہ ہے جو اپنے نفس کی خواہشات کو پورا کرے اور اللہ سے امیدیں لگائے رکھے

(ریاض الصالحین، حدیث نمبر ۶۶)

۲۳ مِنْ حُسْنِ اِسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْكُهُ مَا لَا يَعْنِيْهِ

آدمی کے اسلام کی خوبی یہ ہے کہ وہ بے مطلب اور غیر ضروری کام کو چھوڑ دے

(صحیح مسلم، حدیث نمبر ۲۳۱۷)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

۲۴ اَلْمُؤْمِنُ الْقَوِیُّ خَیْرٌ وَاَحَبُّ اِلَی اللّٰہِ مِنَ الْمُؤْمِنِ الضَّعِیْفِ
وَفِیْ کُلٍّ خَیْرٌ

طاقتور مومن بہتر ہے اور اللہ کو زیادہ پسندیدہ ہے کمزور مومن کے مقابلہ میں، اور دونوں میں خیر ہے

(ریاض الصالحین، حدیث نمبر ۱۰۰)

۲۵ اِحْرِصْ عَلٰی مَا یَنْفَعُکَ اس چیز کی حرص کرو جو تمہیں نفع پہونچائے۔

(ریاض الصالحین، حدیث نمبر ۱۰۰)

۲۶ وَاسْتَعِنْ بِاللّٰہِ وَلَا تَعْجَزْ اللہ سے مدد طلب کرو اور سستی نہ کرو۔

(ریاض الصالحین، حدیث نمبر ۱۰۰)

۲۷ یَتْبَعُ الْمَیِّتَ ثَلَاثَۃٌ، اَھْلُہٗ وَمَالُہٗ وَعَمَلُہٗ،
فَیَرْجِعُ اِثْنَانِ وَیَبْقٰی وَاحِدٌ، یَرْجِعُ اَھْلُہٗ وَمَالُہٗ وَیَبْقٰی عَمَلُہٗ

میت کے ساتھ تین چیزیں قبر تک جاتی ہیں، اس کے گھر والے، اس کا مال، اور اس کا عمل
دو چیزیں لوٹ جاتی ہیں، اور ایک چیز باقی رہتی ہے،
اس کے گھر والے اور اس کا مال لوٹ جاتا ہے، اور اس کا عمل اس کے ساتھ باقی رہتا ہے۔

(صحیح مسلم، حدیث نمبر ۲۳۷۹)

۲۸ خَیْرُ النَّاسِ مَنْ طَالَ عُمْرُہٗ وَحَسُنَ عَمَلُہٗ

لوگوں میں سے بہترین وہ ہے جس کی عمر لمبی ہو اور جس کا عمل اچھا ہو۔

(صحیح مسلم، حدیث نمبر ۲۳۳۰)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

۲۹ یُبْعَثُ کُلُّ عَبْدٍ عَلٰی مَا مَاتَ

ہر آدمی اسی طرح اٹھایا جائے گا جس پر اس کی موت ہوگی۔

(ریاض الصالحین ،حدیث نمبر ۱۱٦)

۳۰ اَلْحَیَاءُ شُعْبَةٌ مِنَ الْاِیْمَانِ شرم وحیاء ایمان کا حصہ ہے

(ریاض الصالحین،حدیث نمبر ۱۲۵)

۳۱ کُلُّ مَعْرُوْفٍ صَدَقَةٌ ہر نیک کام صدقہ ہے۔

(ریاض الصالحین،حدیث نمبر ۱۳۴)

۳۲ اِتَّقُوا النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ

جہنم کی آگ سے بچو اگرچہ کھجور کے ایک ٹکڑے ہی کے ذریعہ کیوں نہ ہو

(ریاض الصالحین،حدیث نمبر ۱۳۹)

۳۳ اِنَّ الدِّیْنَ یُسْرٌ بے شک دین آسان ہے

(ریاض الصالحین،حدیث نمبر ۱۴۵)

۳۴ اَلدَّالُ عَلٰی خَیْرٍ فَلَهُ مِثْلُ اَجْرِ فَاعِلِهٖ

کسی نیک کام کی رہنمائی کرنے والے کو اس نیک کام کرنے والے کے برابر ثواب ملتا ہے۔

(ریاض الصالحین،حدیث نمبر ۱۷۳)

۳۵ لَا یُؤْمِنُ اَحَدُکُمْ حَتّٰی یُحِبَّ لِاَخِیْهِ مَا یُحِبُّ لِنَفْسِهٖ

تم میں سے کوئی بھی کامل ایمان والا نہیں ہوسکتا جب تک وہ اپنے بھائی کے لئے

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

وہی پسند کرے جو اپنے لئے پسند کرتا ہے۔

(ریاض الصالحین، حدیث نمبر ۱۸۳)

۳۶ اِتَّقِ دَعْوَةَ الْمَظْلُوْمِ فَاِنَّهُ لَيْسَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ اللّٰهِ حِجَابٌ

مظلوم کی بددعا سے بچو اس لئے کہ اس کے اور اللہ کے درمیان پردہ نہیں ہے۔

(ریاض الصالحین، حدیث نمبر ۲۰۶)

۳۷ اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِسَانِهِ وَيَدَيْهِ

مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں۔

(ریاض الصالحین، حدیث نمبر ۲۰۹)

۳۸ مَنْ لَا يَرْحَمُ لَا يُرْحَمُ۔ جو رحم نہیں کرتا اس پر رحم نہیں کیا جاتا۔

(ریاض الصالحین، حدیث نمبر ۲۲۴)

۳۹ اَلْكَلِمَةُ الطَّيِّبَةُ صَدَقَةٌ ۔ اچھی بات کرنا صدقہ ہے

(ریاض الصالحین، حدیث نمبر ۲۴۶)

۴۰ تُمِيْطُ الْاَذٰى عَنِ الطَّرِيْقِ صَدَقَةٌ۔

راستہ سے تکلیف دہ چیز کا ہٹانا صدقہ ہے۔

(ریاض الصالحین، حدیث نمبر ۲۴۶)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دل آویز عمومی دعائیں

حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جامع ترین دعا فرماتے تھے، اور تکلف وتصنع اور قافیہ بندی نہیں کرتے تھے۔(ریاض الصالحین، حدیث نمبر ۱۴۶۴) خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ دعا خود عبادت ہے۔(ریاض الصالحین، حدیث نمبر ۱۴۶۳)

آگے جامع ترین عبادت کے کچھ نبوی نمونے اس نیت سے پیش کئے جارہے ہیں کہ ہم بھی ان دعاؤں کا اہتمام کریں، اور یہ بات ذہن نشین رہے کہ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عمومی دعائیں ہیں، مخصوص اعمال کی مخصوص دعائیں بھی ہیں جو کتاب میں شامل ہیں۔اس موقعہ پر عربی دعائیں حرکات کے اہتمام کے ساتھ لکھی جارہی ہیں تاکہ عشاق رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان شہ پاروں کو یاد کرلیں۔اور حسب موقع پڑھنے کا اہتمام کریں۔

۱ حضرت عباس بن عبد المطلبؓ روایت کرتے ہیں کہ میں نے کہا، یارسول اللہ! مجھے سکھایئے وہ چیز جو میں اللہ تعالی سے مانگوں۔آپ نے فرمایا اللہ سے عافیت مانگو۔میں کچھ دن بعد پھر آیا اور کہا کہ یارسول اللہ! مجھے سکھایئے وہ چیز جو میں اللہ تعالی سے مانگوں۔آپؐ نے مجھ سے فرمایا، اے عباس! اللہ کے رسول کے چچا اللہ سے دنیا وآخرت میں عافیت مانگو۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْاءَلُکَ الْعَافِیَۃَ فِی الدُّنْیَا وَالْآخِرَۃِ۔

(ریاض الصالحین ،حدیث نمبر ۱۴۸۶)

۲ حضرت حصینؓ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ مختصر اور جامع ترین دعا سکھلائی۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

اَللّٰھُمَّ اَلْھِمْنِی رُشْدِی، وَاَعِذْنِی مِنْ شَرِّ نَفْسِی۔

اے اللہ میرے دل میں میری ہدایت ڈال دیجئے۔

اور مجھے میرے نفس کے شر سے محفوظ رکھئے۔

(ریاض الصالحین ،حدیث نمبر ۱۴۸۵)

۳ حضرت علیؓ کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ دعا تلقین فرمائی۔

اَللّٰھُمَّ اھْدِنِی وَسَدِّدْنِی

اے اللہ! مجھے ہدایت عطا فرما اور مجھے درست فرما۔

(ریاض الصالحین ،حدیث نمبر ۱۴۷۱)

۴ اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْاءَلُکَ الْھُدیٰ، وَالتُّقٰی، وَالْعَفَافَ، وَالْغِنٰی۔

اے اللہ میں تجھ سے ہدایت، پرہیزگاری، پاک دامنی، اور دل کی بے نیازی مانگتا ہوں۔

(ریاض الصالحین ،حدیث نمبر ۱۴۶۶)

۵ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِی، وَارْحَمْنِی، وَعَافِنِی، وَارْزُقْنِی،

اے اللہ آپ میری مغفرت فرمایئے، اور آپ مجھ پر رحم فرمایئے،

اور مجھے معاف فرمایئے، اور مجھے نواز یئے۔

(فان ھولاء تجمع لک دنیاک وآخرتک)

بے شک یہ جملے تمہارے لئے دنیا وآخرت کو جمع کرنے والے ہیں۔

(ریاض الصالحین ،حدیث نمبر ۱۴۶۷)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

٦ اَللّٰهُمَّ مُصَرِّفَ الْقُلُوْبِ صَرِّفْ قُلُوْبَنَا عَلٰی طَاعَتِکَ

اے اللہ! دلوں کے پھیرنے والے، ہمارے دلوں کو آپ کی فرماں برداری کی جانب پھیر دیجیے۔ (ریاض الصالحین، حدیث نمبر ۱۴۶۸)

٧ اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ لِی دِیْنِی الَّذِی هُوَ عِصْمَةُ اَمْرِی،
وَاَصْلِحْ لِی دُنْیَایَ الَّتِی فِیْهَا مَعَاشِی،
وَاَصْلِحْ لِی آخِرَتِی الَّتِی فِیْهَا مَعَادِی،
وَاجْعَلِ الْحَیَاةَ زِیَادَةً لِی فِی کُلِّ خَیْرٍ،
وَاجْعَلِ الْمَوْتَ رَاحَةً لِی مِنْ کُلِّ شَرٍّ۔

اے اللہ! میرے دین کو درست فرما دیجیے جو کہ میری نجات کا دارمدار ہے۔
اور میری دنیا کو سنوار دیجیے جس میں کہ میری روزی روٹی ہے۔
اور میری آخرت بنا دیجیے جس میں مجھے لوٹنا ہے۔
اور میری زندگی کو ہر بھلائی میں اضافہ کا ذریعہ فرما دیجیے۔
اور موت کو ہر شر سے چھٹکارہ کا ذریعہ کر دیجیے۔
(ریاض الصالحین، حدیث نمبر ۱۴۷۰)

٨ اَللّٰهُمَّ اِنِّی اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْکَسَلِ،
وَالْجُبْنِ وَالْهَرَمِ، وَالْبُخْلِ،
وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ،
وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْیَا وَالْمَمَاتِ۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

اے اللہ! میں آپ کی پناہ میں آتا ہوں، مجبوری اور سستی سے
بزدلی سے، بڑھاپے کی انتہاء سے، اور کنجوسی سے،
اور میں آپ کی پناہ میں آتا ہوں عذاب قبر سے،
اور میں آپ کی پناہ میں آتا ہوں زندگی وموت کی آزمائش سے۔

(ریاض الصالحین ، حدیث نمبر ۱۴۷۲)

۹ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِی خَطِیْئَتِی وَجَھْلِی، وَاِسْرَافِی فِی اَمْرِی،
وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِہٖ مِنِّی،
اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِی مَاقَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ،
وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ،
وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِہٖ مِنِّی، اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ،
وَاَنْتَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

اے اللہ! آپ مجھے معاف فرمائیے، میرے دانستہ اور نادانستہ کو معاف فرمائیے
میرے معاملہ میں میرے حد سے گزرنے کو معاف فرمائیے،
اور جس کو آپ مجھ سے بہتر جانتے ہیں۔
اے اللہ! آپ مجھے معاف فرمائیے، اس کو جو میں پہلے کر چکا ہوں
اور جو میں بعد میں کروں گا۔
اور جس کو میں پوشیدہ کیا ہوں اور جو میں نے علانیہ کیا ہے۔
اور جس کو آپ مجھ سے بہتر جانتے ہیں۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

آپ ہی اول ہیں اور آپ ہی آخر ہیں

اور آپ ہر چیز پر قادر ہیں۔

(ریاض الصالحین ، حدیث نمبر ۱۴۷۴)

۱۰ اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ مَا عَمِلْتُ وَمِنْ شَرِّ مَا لَمْ اَعْمَلْ۔

اے اللہ! میں آپ کی پناہ میں آتا ہوں اس شر سے جو میں نے کیا ہے،

اور اس شر سے جس کو میں نے نہیں کیا ہے۔ (ریاض الصالحین ،حدیث نمبر ۱۴۷۵)

۱۱ اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَعُوْذُبِکَ مِنْ زَوَالِ نِعْمَتِکَ

وَتَحَوُّلِ عَافِیَتِکَ وَفُجَاءَةِ نِقْمَتِکَ، وَجَمِیْعَ سَخَطِکَ۔

اے اللہ! میں آپ کی پناہ میں آتا ہوں، آپ کی نعمت چھن جانے سے

آپ کی عافیت پلٹ جانے سے، اور اچانک آپ کی ناراضگی اترنے سے

، اور آپ کی ہر ناراضگی سے۔

(ریاض الصالحین ،حدیث نمبر ۱۴۷۶)

۱۲ اَللّٰھُمَّ لَکَ اَسْلَمْتُ وَبِکَ آمَنْتُ

عَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ وَاِلَیْکَ اَنَبْتُ

وَبِکَ خَاصَمْتُ وَاِلَیْکَ حَاکَمْتُ

فَاغْفِرْلِی مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ

وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ

اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ، لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

اے اللہ! میں نے آپ ہی کے لئے اسلام لایا، اور آپ ہی پر ایمان لایا،
اور آپ ہی پر بھروسہ کیا، اور آپ ہی کی جانب رجوع کیا،
اور آپ ہی کو میرے دشمن کے معاملہ میں فریق بناتا ہوں اور آپ ہی کے فیصلہ کو مانا،
تو آپ مجھے بخش دیجئے، جو کچھ میں نے پہلے کیا ہے اور جو کچھ میں بعد میں کروں،
جو کچھ میں پوشیدہ کیا ہے اور جو کچھ میں علانیہ کروں،
آپ ہی اول ہیں اور آپ ہی آخر ہیں۔ آپ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔

(ریاض الصالحین ، حدیث نمبر ۱۴۷۸)

۱۳ اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ سَمْعِی، وَمِنْ شَرِّ بَصَرِی،
وَمِنْ شَرِّ لِسَانِی، وَمِنْ شَرِّ قَلْبِی، وَمِنَ شَرِّ مَنِیِّی۔
اے اللہ! میں آپ کی پناہ میں آتا ہوں، میرے سننے کے شر سے
اور میرے دیکھنے کے شر سے، اور میری زبان کے شر سے،
اور میرے دل کے شر سے، اور میری منی کے شر سے۔

(ریاض الصالحین ، حدیث نمبر ۱۴۸۱)

۱۴ حضرت عبداللہ بن عمرؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صبح وشام کبھی بھی
ان دعاؤں کا پڑھنا نہیں چھوڑتے تھے۔
اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْاءَلُکَ الْعَافِیَۃَ فِی الدُّنْیَا وَالْآخِرَۃِ
اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْاءَلُکَ الْعَفْوَ وَالْعَافِیَۃَ فِی دِیْنِی وَدُنْیَایَ

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

وَاَھْلِی وَمَالِی، اَللّٰھُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِی وَآمِنْ رَوْعَاتِی
اَللّٰھُمَّ احْفَظْنِی مِنْ بَیْنِ یَدَیَّ وَمِنْ خَلْفِی
وَعَنْ یَمِیْنِی وَعَنْ شِمَالِی، وَمِنْ خَلْفِی
وَاَعُوْذُ بِعَظْمَتِکَ اَنْ اُغْتَالَ مِنْ تَحْتِی۔

اے اللہ! میں آپ سے دنیا و آخرت میں عافیت مانگتا ہوں۔
اے اللہ! میں آپ سے معافی چاہتا ہوں۔
اور اپنے دین، دنیا، اہل وعیال، اور مال میں عافیت اور سلامتی چاہتا ہوں۔
اے اللہ آپ میرے عیبوں کی پردہ پوشی فرمائیے۔
اور مجھ کو خوف کی چیزوں سے امن نصیب فرمائیے۔
اے اللہ! آپ میرے آگے، پیچھے، دائیں، بائیں، اور اوپر سے حفاظت فرمائیے۔
اور میں آپ کی عظمت کی پناہ لیتا ہوں اس سے کہ
میں نیچے کی جانب سے اچانک ہلاک کر دیا جاؤں۔

(ابوداود، حدیث نمبر ۵۰۷۴)

۱۵ سید الاستغفار ، استغفار کا سردار۔یعنی مغفرت مانگنے کا سب سے بہتر طریقہ۔

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّی لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ
خَلَقْتَنِی وَاَنَا عَبْدُکَ
وَاَنَا عَلٰی عَھْدِکَ وَوَعْدِکَ مَا اسْتَطَعْتُ
اَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ
اَبُوْءُ لَکَ بِنِعْمَتِکَ عَلَیَّ، وَاَبُوْءُ لَکَ بِذَنْبِی فَاغْفِرْلِی

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

فَاِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ۔

اے اللہ! آپ ہی میرے پالنے والے ہیں آپ کے سواء کوئی معبود نہیں

آپ ہی نے مجھے پیدا فرمایا ہے۔ میں آپ کا بندہ ہوں۔

اور استطاعت کے بقدر آپ سے کئے ہوئے عہد اور وعدے پر قائم ہوں۔

میں اپنے کئے ہوئے برے عمل سے آپ کی پناہ لیتا ہوں۔

اور مجھ پر جو آپ کی نعمتیں ہیں ان کا میں اقرار کرتا ہوں۔

اور اپنے گناہوں کا بھی اعتراف کرتا ہوں۔

لہذا مجھے بخش دیجئے کیوں کہ آپ کے علاوہ کوئی گناہوں کو بخش نہیں سکتا۔

(صحیح بخاری ، کتاب الدعوات، حدیث نمبر ٦٠٦١)

دعاؤں کا خلاصہ، دعائے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں

حضرت ابوامامہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بے شمار دعائیں مانگی ہیں۔ ہمیں ان میں کوئی دعا یاد نہیں رہ پاتی، ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ آپ نے بہت سی دعائیں مانگی ہیں جو ہمیں یاد نہیں رہتیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا میں تمہیں وہ چیز نہ بتاؤں جو ان تمام کو جامع ہو۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم یوں دعا مانگو۔

١٦ اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْاءَلُکَ مِنْ خَیْرِ

مَا سَاءَلَکَ مِنْهُ نَبِیُّکَ مُحَمَّدٌ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ۔

وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ مَا اسْتَعَاذَ مِنْهُ نَبِیُّکَ مُحَمَّدٌ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ۔

وَاَنْتَ الْمُسْتَعَانُ، وَعَلَیْکَ الْبَلَاغُ،

وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

اے اللہ! میں آپ سے وہ تمام بھلائیاں مانگتا ہوں

جو آپ سے آپ کے رسول محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے مانگا ہے۔

اور میں آپ کی پناہ میں آتا ہوں ان تمام شرور سے

جن سے آپ کے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے پناہ مانگی ہے۔

آپ ہی ہیں جن سے مدد مانگی جاتی ہے۔

اور آپ ہی کو دعا پہونچانا ہے۔

آپ کے سوا بھلائی کی طاقت دینے والا برائی سے روکنے والا کوئی نہیں۔

(ریاض الصالحین، حدیث نمبر ۱۴۹۰)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے معمولات

ہفتہ کے سات دن۔

پیر اور جمعرات

حضرت عائشہ رضی اللہ عنھا روایت فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہر پیر اور جمعرات کو روزہ رکھا کرتے تھے۔(اسوہ رسول اکرم صفحہ ۳۳۵)

جمعہ

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اولین وقت میں مسجد تشریف لاتے اور صحابہ کے حالات و تقاضوں کے پیش نظر خطاب فرماتے، جمعہ سے پہلے دو خطبے دیتے اور امامت فرماتے۔

چوبیس گھنٹے کے معمولات

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دن بھر میں ۷۰ سے زائد مرتبہ توبہ و استغفار فرمایا کرتے تھے۔

(ریاض الصالحین، حدیث نمبر ۱۳)

ایک دوسری روایت میں ہے کہ ۱۰۰ مرتبہ توبہ و استغفار فرماتے تھے۔

(ریاض الصالحین، حدیث نمبر ۱۴)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز اور بیان معتدل ہوتے تھے، نہ طویل ہوتے کہ نمازی اور سننے والے اکتا جائیں اور نہ مختصر ہوتے۔ (ریاض الصالحین، حدیث نمبر ۱۴۸)

بعد فجر

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا معمول تھا کہ نماز فجر پڑھ کر تسبیحات اور ذکر میں مشغول رہتے اور اس کے

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

بعد مسجد ہی میں جائے نماز پر آلتی پالتی مار کر چارزانو بیٹھ جاتے اور صحابہ کرام رضی اللہ عنھم پروانہ وار پاس آ کر بیٹھ جاتے ، یعنی یہ دربار نبوت تھا، یہی حلقہ توجہ تھا، یہی درس گاہ ہوتی تھی ، یہی محفل احباب بنتی تھی ، یہیں آپ نزول شدہ وحی سے صحابہ کو مطلع فرماتے تھے ، یہیں آپؐ فیوض باطنی اور برکات روحانی کی بارش ان پر فرماتے ، یہیں آپ دین کے مسائل ، معاشرت کے طریقے ، معاملات کے ضابطے ، اخلاق کی باریکیاں ان کو تعلیم فرماتے ، لوگوں کے معاملات اور مقدمات فیصل کرتے ۔ اکثر حضور صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ سے دریافت فرماتے کہ تم میں سے کسی نے کوئی خواب دیکھا ہو تو بیان کرے ، آپ خواب سنتے اور تعبیر بیان فرماتے ، کبھی آپؐ ہی بیان فرماتے کہ آج میں نے یہ خواب دیکھا ہے ، پھر خود ہی اس کی تعبیر بیان فرما دیتے ، پھر بعد میں آپ نے یہ معمول ترک فرما دیا تھا ۔ کبھی صحابہ کرام اثنائے گفتگو میں ادب کے ساتھ جاہلیت کے قصے بیان کرتے ، قصیدے اور اشعار سناتے ، یا مزاح کی باتیں کرتے ، آپؐ سنتے رہتے کبھی ان کی باتوں پر مسکرا بھی دیتے اس کے بعد آپؐ اشراق کی نوافل پڑھتے ۔ اکثر اسی وقت مال غنیمت یا لوگوں کے وظیفے تقسیم فرماتے ۔ جب سورج نکل کر دن خوب چڑھ جاتا تو آپؐ چاشت کی کبھی چار کبھی آٹھ رکعتیں پڑھ کر مجلس برخواست فرماتے ، اور جن اہلیہ کی باری اس دن ہوتی ان کے گھر تشریف لے جاتے ، وہاں گھر کے معاملات میں مصروف رہتے ، اکثر گھر کے مختلف کام خود ہی انجام دیتے ، دن میں صرف ایک بار کھانا تناول فرماتے ، دوپہر میں آرام فرماتے ۔ (اسوہ رسول اکرم ، ۷۵ و ۷۶)

بعد ظہر

نماز ظہر با جماعت پڑھ کر مدینہ کے بازاروں میں گشت لگاتے ، دکانداروں کا معائنہ اور احتساب فرماتے ، ان کا مال ملاحظہ فرماتے ، ان کے مال کی اچھائی اور برائی جانچتے ، ان کے ناپ تول کی نگرانی فرماتے کہ کہیں کم تو نہیں تولتے ، بستی اور بازار میں کوئی حاجت مند ہوتا تو اس کی حاجت پوری فرماتے ۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

بعد عصر

نماز عصر باجماعت پڑھ کر ازواج مطہرات میں سے ایک ایک کے گھر تشریف لے جاتے۔ حال پوچھتے اور ذرا ذرا دیر ہر ایک کے یہاں ٹھہرتے اور یہ کام اتنی پابندی سے کرتے کہ ہر ایک کے یہاں مقررہ وقت پر پہنچتے اور سب کو معلوم تھا کہ آپ وقت کے بہت قدر شناس اور پابند ہیں۔

بعد مغرب

نماز مغرب باجماعت پڑھ کر اور اوابین سے فارغ ہو کر جن اہلیہ کی باری ہوتی وہاں تشریف لے جاتے اور اکثر تمام ازواج وہاں جمع ہو جاتیں، مدینہ کی عورتیں بھی اکثر جمع ہوتیں اس لئے آپؐ اس وقت عورتوں کو دینی مسائل کی تعلیم فرماتے، گویا یہ مدرسہ شبینہ اور مدرسہ نسواں قائم ہوتا، جس میں انتہائی ادب اور پردہ کے ساتھ عورتیں علم دین، حسن معاشرت، حسن اخلاق کی باتیں، اس معلم عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے سیکھتیں۔ یہیں عورتیں اپنے مقدمات پیش کرتیں، آپ ان کا فیصلہ فرماتے، وہ اپنی پریشانیاں، شکایتیں، مجبوریاں بیان کرتیں، آپؐ ان کو حل فرماتے، اگر بیعت ہونا چاہتی تو یہیں آپؐ ان کو بیعت فرماتے، اور ان کے لئے استغفار فرماتے، یہ مدرسہ نماز عشاء تک قائم رہتا۔ پھر آپؐ نماز عشاء کو مسجد جاتے، عورتیں اپنے اپنے گھر واپس ہو جاتیں۔

بعد عشاء

نماز عشاء پڑھ کر آپ اس رات کی قیام گاہ پر تشریف لے جاتے اور وہاں آرام فرماتے، عشاء کے بعد بات چیت کرنا آپ پسند نہ فرماتے، آپ داہنی کروٹ سوتے، اکثر داہنا ہاتھ رخسار مبارک کے نیچے رکھتے، چہرہ انور قبلہ کی طرف کر کے مسواک اپنے سرہانے ضرور رکھ لیتے۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

رات کے معمولات

"سوتے وقت سورہ جمعہ، سورہ تغابن، سورہ صف، کی تلاوت فرماتے، پھر جب بیدار ہوتے مسواک کرتے، وضو کرتے، پھر تہجد کی نفلیں پڑھتے، کبھی نفل نماز کے سجدہ میں دیر تک دعا مانگتے، پھر آرام فرماتے، جب فجر کی اذان ہوتی تو اٹھتے، حجرہ شریف ہی میں دو رکعت سنت پڑھ کر وہیں داہنی کروٹ ذرا لیٹ جاتے پھر مسجد میں تشریف لاتے اور باجماعت نماز فجر ادا فرماتے۔

معمولات نبوی کا سبق

اول تو پانچوں نمازیں خود ہی قدرتی طور پر وقت کی پابندی سکھاتی ہیں، تھوڑی دیر کے بعد اگلی نماز کا وقت آ کر مسلمان کو متنبہ کرتا ہے کہ اتنا وقت گذر گیا اور اتنا باقی ہے، جو کچھ کام کرنا ہے کرلو، اس پابندی وقت کے علاوہ آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیت یہ تھی کہ اپنے ہر کام کے لئے وقت مقرر فرما لیتے اور اس کو پوری پابندی سے نباہتے، اسی وجہ سے آپ بہت کام کر لیتے تھے، آپؐ نے کبھی وقت کی کمی اور تنگی کی شکایت نہیں کی۔

(اسوہ رسول اکرم صفحہ ۴۷۵ تا ۴۷۷)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنتیں اور مسنون دعائیں

(۱) سو کر اٹھنے کی سنتیں

۱ نیند سے بیدار ہونے کے بعد ہاتھ سے نیند کے اثر کو چہرے سے دور کرنا۔

(صحیح مسلم حدیث نمبر ۱۸۲۵)

۲ بیدار ہونے کی دعا پڑھنا (صحیح بخاری حدیث نمبر ۶۳۱۲)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَحْیَانَا بَعْدَ مَا اَمَاتَنَا وَاِلَیْہِ النُّشُوْرُ

تعریف اللہ کی جس نے مجھے موت کے بعد زندگی دی اور اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے

۳ مسواک کرنا

۴ ناک صاف کرنا (صحیح بخاری حدیث نمبر ۳۲۹۵)

۵ دونوں ہاتھ تین مرتبہ دھونا (صحیح مسلم حدیث نمبر ۶۶۵)

(۲) بیت الخلاء میں آنے جانے کی سنتیں

۱ بیت الخلاء میں داخل ہوتے وقت بایاں پاؤں داخل کرنا

اور نکلتے وقت دایاں پاؤں پہلے نکالنا

۲ بیت الخلاء میں داخل ہونے کی دعا پڑھنا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ (صحیح بخاری ۱۴۲)

اے اللہ میں آپ کی پناہ میں آتا ہوں خبیث اور خبیثہ سے

۳ بیت الخلاء سے باہر آنے کی دعا غفرانک پڑھنا۔ (ابوداؤد ۳۰)

(۳) جوتا پہننے کی سنتیں

۱ جوتا پہنتے وقت پہلے دائیں پیر میں پہنے

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

۲ جوتا اتارتے وقت پہلے بائیں پیر سے اتارے

۳ دونوں پاؤں میں جوتا پہنے یا دونوں جوتے اتار دے،
ایک پاؤں میں جوتا پہن کر نہ چلے۔

(صحیح مسلم ۵۶۱۶)

(۴) لباس کی سنتیں

۱ آپ ﷺ جب کپڑے پہنتے تو یہ دعا پڑھتے

اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْاءَلُکَ مِنْ خَیْرِہٖ وَخَیْرِ مَا ھُوَلَہٗ
وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّہٖ وَشَرِّ مَا ھُوَلَہٗ

اے اللہ میں آپ سے اس کا خیر اور اس کے ذریعہ خیر مانگتا ہوں
اے اللہ میں آپ سے اس کے شر اور اس کے ذریعہ ہونے والے شر سے پناہ مانگتا ہوں

(ابوداؤد ۴۰۲۰ ترمذی ۱۷۶۷)

۲ کپڑے پہنتے وقت دائیں طرف سے پہننا (ابوداؤد ۴۱۴۱)

۳ کپڑے اتارے تو بائیں طرف سے اتارے

(۵) گھر آنے جانے کی سنتیں

۱ گھر میں داخل ہوتے وقت اللہ کو یاد کرنا (ابوداؤد ۳۲۰۰)

۲ یہ دعا پڑھنا

اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْاءَلُکَ خَیْرَ الْمَوْلَجِ وَخَیْرَ الْمَخْرَجِ،
بِسْمِ اللّٰہِ وَلَجْنَا وَبِسْمِ اللّٰہِ خَرَجْنَا وَعَلَى اللّٰہِ رَبِّنَا تَوَکَّلْنَا

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

اے اللہ میں بہتر داخل ہونے کی جگہ اور بہتر نکلنے کی جگہ آپ سے مانگتا ہوں

اللہ کا نام لے کر نکلتا ہوں اور اللہ ہمارے پروردگار ہی پر بھروسہ کرتا ہوں (ابوداؤد)

۳ اپنے گھر والوں کو سلام کرنا (صحیح الجامع الصغیر ۸۳۹)

۴ گھر سے باہر جانے کی دعا پڑھنا

بِسْمِ اللّٰہِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ

اللہ کا نام لے کر نکلتا ہوں اور میں نے اللہ پر بھروسہ کیا

اور وہی برائی سے بچنے کی طاقت دینے والا اور اچھائی کی قوت دینے والا ہے۔

(ابوداؤد ۵۰۹۵)

(۶) مسجد جانے آنے کی سنتیں

۱ مسجد کی طرف جانے میں جلدی کرنا یعنی نماز کے وقت سے پہلے نکلنا

(صحیح بخاری ۶۱۵)

۲ اطمینان اور وقار سے چلنا (صحیح بخاری ۶۳۶)

۳ مسجد کو پیدل جانا (صحیح مسلم ۶۱۰)

۴ مسجد میں داخل ہونے کی دعا پڑھنا

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِی اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ

اے اللہ آپ میرے لیے اپنی رحمت کے دروازے کھول دیجئے

(ابوداؤد ۴۶۵ ابن ماجہ ۲۵۴)

۵ مسجد میں پہلے دایاں پاؤں رکھیں (حاکم)

۶ اعتکاف کی نیت کرنا

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

۷ تحیۃ المسجد پڑھنا (صحیح مسلم ۱۶۵۱)

۸ پہلی صف کے لئے مسجد میں آگے بڑھنا۔ (صحیح بخاری ۶۵۳ صحیح مسلم ۹۸۰)

۹ مسجد سے نکلتے وقت بایاں پیر باہر رکھنا

۱۰ مسجد سے نکلتے وقت کی دعا پڑھنا

بِسْمِ اللّٰهِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ

اَللّٰهُمَّ اِنِّی اَسْاءَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ

اللہ کے نام سے، اور درود وسلام ہو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر

اے اللہ میں آپ سے آپ کا فضل مانگتا ہوں۔ (ابوداود ۴۶۵)

(۷) لوگوں سے ملاقات کی سنتیں

۱ سلام کرنا (صحیح مسلم ۱۶۹)

۲ سلام پورا کرنا یعنی اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَکَاتُه

(ابوداود ۵۱۹۵، ترمذی ۲۶۸۹)

۳ خندہ پیشانی سے ملنا (صحیح مسلم ۶۸۵۷)

۴ مصافحہ کرنا (ابوداود ۵۲۱۲ ترمذی ۲۷۲۷)

۵ اچھی بات کرنا (صحیح بخاری ۲۹۸۹ صحیح مسلم ۲۳۸۲)

۶ مصافحہ دونوں ہاتھوں سے کرنا

(۸) کھانے کی سنتیں

۱ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيمَا رَزَقْتَنَا وَارْزُقْنَا خَيْرًا مِنْهُ

بِسْمِ اللّٰهِ وَعَلٰی بَرَکَةِ اللّٰهِ۔ پڑھنا

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

۲ دائیں ہاتھ سے کھانا

۳ برتن میں اور دسترخوان پر اپنے سامنے سے کھانا

۴ اگر لقمہ گر جائے تو اٹھا کر صاف کر کے کھانا

۵ تین انگلیوں سے کھانا

۶ کھانے کے بعد انگلیوں اور برتن کو چاٹنا

۷ کھانے کے بعد الحمد للہ کہنا اور دعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ پڑھنا۔

(دن رات میں ۱۰۰۰ سے زائد سنتیں۔ ۹۳۔۹۵)

(۹) پانی پینے کی سنتیں

۱ بسم اللہ پڑھنا

۲ پانی دیکھ کر پینا

۳ پانی پیتے ہوئے گلاس کے باہر سانس لینا اور تین سانس میں پینا

۴ بیٹھ کر پانی پینا

۵ پینے کے بعد الحمد للہ کہنا

۶ دائیں ہاتھ سے پانی پینا

(دن رات میں ۱۰۰۰ سے زائد سنتیں۔ ۹۶۔۹۷)

(۱۰) سونے کی سنتیں

۱ باوضو سونا (صحیح بخاری ۲۴۷)

۲ بستر صاف کرنا (ابوداؤد ۵۰۴۵)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

۳ سونے کے لئے لباس تبدیل کرنا

۴ دونوں آنکھوں میں تین تین سلائی سرمہ لگانا

۵ سر میں تیل لگانا

۶ سونے سے پہلے مختلف اذکار و دعائیں اور اوراد جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہیں ان کے پڑھنے کا اہتمام کرنا جن میں

۱۔ آیۃ الکرسی۔ ۲۔سورہ اخلاص ۳۔سورہ فلق

۴۔ سورہ ناس ۵۔سورہ بقرہ کی آخری دو آیتیں

۶۔ ۳۳ مرتبہ سبحان اللہ۔ ۳۳، مرتبہ الحمد للہ۔ ۳۴، مرتبہ اللہ اکبر پڑھنا، دوسری مسنون و ماثور دعائیں ہیں ان کا اہتمام کرے۔

آخر میں یہ دعا پڑھے۔

۷ بِاسْمِکَ اللّٰھُمَّ اَمُوْتُ وَاَحْیَا

تیرے نام سے اے اللہ میں جیتا ہوں اور مرتا ہوں۔

(دن رات میں ۱۰۰۰ سے زیادہ سنتیں ۱۱۲ تا ۱۲۰)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

صحابہ وصحابیات کی روایت کردہ احادیث کی تعداد

شمار	اسم گرامی	روایتوں کی تعداد	سال وفات
۱	حضرت ابوہریرہؓ	۵۳۷۴	۵۹ ہجری
۲	حضرت عبداللہ بن عباسؓ	۲۶۶۰	۶۸ ہجری
۳	ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ	۲۲۱۰	۵۸ ہجری
۴	حضرت عبداللہ بن عمرؓ	۱۶۳۰	۷۳ ہجری
۵	حضرت جابر بن عبداللہؓ	۱۵۶۰	۸۷ ہجری
۶	حضرت انس بن مالکؓ	۱۲۸۶	۸۳ ہجری
۷	حضرت ابوسعید خدریؓ	۱۱۷۰	۷۴ ہجری

(خطبات مدراس ۳۹)

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ	۸۴۸	حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاصؓ	۷۰۰
حضرت عمر بن خطابؓ	۵۳۷	حضرت علی بن ابوطالبؓ	۵۳۶
ام المومنین حضرت ام سلمہؓ	۳۷۸	حضرت ابوموسی اشعریؓ	۳۶۰
حضرت براء بن عازبؓ	۳۰۵	حضرت ابوذر غفاریؓ	۲۸۱
حضرت سعد بن ابی وقاصؓ	۲۷۱	حضرت ابوامامہ باہلیؓ	۲۷۰
حضرت حذیفہ بن یمانؓ	۲۲۵	حضرت سہل بن سعدؓ	۱۸۸

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

حضرت عبادہ بن صامتؓ	۱۸۱	حضرت عمران بن حصینؓ	۱۸۰
حضرت ابودرداءؓ	۱۷۹	حضرت ابوقتادہؓ	۱۷۰
حضرت بریدہ اسلمیؓ	۱۶۷	حضرت ابی بن کعبؓ	۱۶۴
حضرت معاویہ بن ابوسفیانؓ	۱۶۳	حضرت معاذ بن جبلؓ	۱۵۷
حضرت ابوایوب انصاریؓ	۱۵۵	حضرت عثمان بن عفانؓ	۱۴۶
حضرت جابر بن سمرہؓ	۱۴۶	حضرت ابوبکر صدیقؓ	۱۴۲
حضرت مغیرہ بن شعبہؓ	۱۳۶	حضرت ابوبکرہؓ	۱۳۲
حضرت اسامہ بن زیدؓ	۱۲۸	حضرت ثوبانؓ رسول اللہؐ کے غلام۔	۱۲۸
حضرت نعمان بن بشیرؓ	۱۱۴	حضرت ابومسعود انصاریؓ	۱۰۲
حضرت جریر بن عبداللہ البجلیؓ	۱۰۰	حضرت عبداللہ بن ابی اوفیؓ	۹۵
حضرت زید بن خالدؓ	۸۱	حضرت اسماء بنت یزیدؓ	۸۱
حضرت کعب بن مالکؓ	۸۰	حضرت رافع بن خدیجؓ	۷۸
حضرت سلمہ بن اکوعؓ	۷۷	ام المومنین حضرت میمونہؓ	۷۶
حضرت وائل بن حجرؓ	۷۱	حضرت زید بن ارقم انصاریؓ	۷۰
حضرت ابورافعؓ رسول اللہؐ کے غلام	۶۸	حضرت عوف بن مالکؓ	۶۷
حضرت عدی بن حاتمؓ	۶۶	ام المومنین حضرت ام حبیبہ بنت ابوسفیانؓ	۶۵
حضرت عبدالرحمان بن عوفؓ	۶۵	حضرت عمار بن یاسرؓ	۶۲
حضرت سلمان فارسیؓ	۶۰	ام المومنین حضرت حفصہ بنت عمرؓ	۶۰

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

حضرت اسماء بنت عمیسؓ	۶۰	حضرت جبیر بن مطعمؓ	۶۰
حضرت اسماء بنت ابوبکر صدیقؓ	۵۸	حضرت واثلہ بن اسقعؓ	۵۶
حضرت عقبہ بن عامر جہنیؓ	۵۵	حضرت شداد بن اوسؓ	۵۰
حضرت فضالہ بن عبیدؓ	۵۰	حضرت عبداللہ بن بشیرؓ	۵۰
حضرت سعید بن زید بن عمروؓ	۴۸	حضرت عبداللہ بن زیدؓ	۴۸
حضرت مقدام بن معدیکربؓ	۴۷	حضرت کعب بن عجرہؓ	۴۷
حضرت ام ہانی بنت ابوطالبؓ	۴۶	حضرت ابوبرزہؓ	۴۶
حضرت ابوجحیفہؓ	۴۵	حضرت بلال بن رباحؓ	۴۴
حضرت عبداللہ بن مغفلؓ	۴۳	حضرت جندب بن عبداللہؓ	۴۳
حضرت مقدادؓ	۴۲	حضرت معاویہ بن حیدہؓ	۴۲
حضرت سہل بن حنیفؓ	۴۰	حضرت حکیم بن حزامؓ	۴۰
حضرت ابوثعلبہ خشنیؓ	۴۰	حضرت ام عطیہؓ	۴۰
حضرت عمرو بن العاصؓ	۳۹	حضرت خزیمہ بن ثابتؓ	۳۸
حضرت زبیر بن عوامؓ	۳۸	حضرت طلحہ بن عبیداللہؓ	۳۸
حضرت عمرو بن عنبسہؓ	۳۸	حضرت عباس بن عبدالمطلبؓ	۳۵
حضرت معقلؓ	۳۴	حضرت فاطمہ بنت قیسؓ	۳۴
حضرت عبداللہ بن زبیرؓ	۳۳	حضرت خباب بن ارتؓ	۳۲
حضرت عرباض بن ساریہؓ	۳۱	حضرت معاذ بن انسؓ	۳۰
حضرت عیاض بن حمارؓ	۳۰	حضرت صہیبؓ	۳۰

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

حضرت ام فضل بنت حارثؓ	۳۰	حضرت عثمان بن ابی العاصؓ	۲۹
حضرت یعلی بن امیہؓ	۲۸	حضرت عتبہ بن عبدؓ	۲۸
حضرت ابواسید ساعدیؓ	۲۸	حضرت عبداللہ بن مالکؓ	۲۷
حضرت ابو مالک اشعریؓ	۲۷	حضرت ابوحمید ساعدیؓ	۲۶
حضرت یعلی بن مرہؓ	۲۶	حضرت عبداللہ بن جعفرؓ	۲۵
حضرت ابوطلحہ انصاریؓ	۲۵	حضرت عبداللہ بن سلامؓ	۲۵
حضرت سہل بن ابی حثمہؓ	۲۵	حضرت ابوالملیح ہذلیؓ	۲۵
حضرت فضل بن عباسؓ	۲۴	حضرت ابوواقد لیثیؓ	۲۴
حضرت رفاعہ بن رافعؓ	۲۴	حضرت عبداللہ بن انیسؓ	۲۴
حضرت اوس بن اوسؓ	۲۴	حضرت الشریدؓ	۲۴
حضرت لقیط بن عامرؓ	۲۴	حضرت ام قیس بن حصنؓ	۲۴
حضرت عامر بن ربیعہؓ	۲۲	حضرت قرۃؓ	۲۲
حضرت السائبؓ	۲۲	حضرت سعد بن عبادہؓ	۲۱
حضرت الربیع بنت معوذؓ	۲۱	حضرت ابوبرزہؓ	۲۰
حضرت ابوشریحؓ	۲۰	حضرت عبداللہ بن جرادؓ	۲۰
حضرت مسور بن مخرمہؓ	۲۰	حضرت عمرو بن امیہؓ	۲۰
حضرت صفوان بن عسالؓ	۲۰	حضرت سراقہ بن مالکؓ	۱۹
حضرت سبرہ بن معبد جہنیؓ	۱۹	حضرت تمیم داریؓ	۱۸
حضرت خالد بن ولیدؓ	۱۸	حضرت عمرو بن حریثؓ	۱۸

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

حضرت ابوحوالہ ازدیؓ	۱۸	حضرت اسید بن حضیرؓ	۱۸
حضرت فاطمہؓ بنت رسول اللہؐ	۱۸	حضرت النواس بن سمعانؓ	۱۷
حضرت عبداللہ بن سرجسؓ	۱۷	حضرت صعب بن جثامہؓ	۱۶
حضرت قیس بن سعدؓ	۱۶	حضرت محمد بن مسلمہؓ	۱۶
حضرت مالک بن حویرثؓ	۱۵	حضرت ابولبابہ بن عبدالمنذرؓ	۱۵
حضرت سلیمان بن صردؓ	۱۵	حضرت خولہ بنت حکیمؓ	۱۵

۱۴ حدیثیں بیان کرنے والے صحابہؓ

حضرت عبدالرحمان بن شبل، حضرت ثابت بن ضحاک، حضرت طلق بن علی، حضرت ابو عبیدہ بن جراح، حضرت طارق آخر، حضرت الصنا بحی، حضرت عبدالرحمان بن سمرہ، حضرت حکیم بن عمیر، حضرت سفینہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غلام، حضرت کعب بن مرہ، حضرت ام سلیم بنت ملحان،

۱۳ حدیثیں بیان کرنے والے صحابہؓ

حضرت ابولیلی انصاری، حضرت معاویہ بن حکیم، حضرت حسن بن علی، حضرت حذیفہ بن اسید الغفاری، حضرت سلمان بن عامر، حضرت عروہ البارقی، حضرت صفوان بن امیہ بن خلف

۱۲ حدیثیں بیان کرنے والے صحابہؓ

حضرت ابوبصرہ غفاری، حضرت عبدالرحمن بن ابزی، حضرت عبداللہ بن عکیم، حضرت عمر بن ابی سلمہ، حضرت عامر بن ربیعہ، حضرت ربیعہ بن کعب، حضرت سلمہ بن المحبق ہذلی، حضرت شفاء بنت عبداللہ عدویہ، حضرت سبیعہ اسلمیہ،

۱۱ حدیثیں بیان کرنے والے صحابہؓ

حضرت نبیشہ، حضرت ابوکبشہ انماری، حضرت عمرو بن الحمق، حضرت المہلب قبیصہ طائی، حضرت

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

وابصہ بن معبد اسدی، حضرت ابوالیسر، ام المومنین حضرت زینب بنت جحش، حضرت ضباعہ بنت الزبیر، حضرت بسرہ بنت صفوان

۱۰ حدیثیں بیان کرنے والے صحابہؓ

ام المومنین حضرت صفیہ، حضرت ام ہشام انصاریہ، حضرت ام مبشر، حضرت ام کلثوم، حضرت ام کرز، حضرت ام معقل اسدیہ، حضرت عتبان بن مالک، حضرت عروہ بن مفرس، حضرت مجمع بن جاریہ، حضرت نعیم بن ہبار، حضرت ابومحذورہ، حضرت خریم اسدی، حضرت عدی بن عمیرہ، حضرت عمیر غلام ابواللحم۔

۹ حدیثیں بیان کرنے والے صحابہؓ

حضرت نوفل بن معاویہ، حضرت ابوالطفیل، حضرت عمارہ بن رویبہ، حضرت حمزہ بن عمرو اسلمی، حضرت ابن الحنظلیہ، حضرت ہشام بن عامر، حضرت مطلب بن ابی دواعہ، حضرت بشیر الخصاصیہ، حضرت ابیض بن حمال ماربی، حضرت ابوریحانہ، حضرت اشعث بن قیس کندی، حضرت ابوصرمہ۔

۸ حدیثیں بیان کرنے والے صحابہؓ

حضرت ابوریثہ، حضرت حسین بن علی، حضرت ابوعتیک، حضرت عبدالمطلب بن ربیعہ، حضرت اسود بن سریع، حضرت جرہد اسلمی، حضرت حبشی بن جنادہ، حضرت اسامہ بن شریک، حضرت عمرو بن خارجہ، حضرت حنظلہ کاتب، حضرت رویفع بن ثابت، حضرت عبدالرحمن بن ابوبکر، حضرت بلال بن حارث مزنی، حضرت عائذ بن عمرو مزنی، حضرت ام حصین، حضرت خولہ بنت قیس، حضرت زینب اہلیہ حضرت عبداللہ بن مسعود، حضرت فریعہ بنت مالک، حضرت خنساء بنت حذام، حضرت امیمہ بنت رقیقہ۔

۷ حدیثیں بیان کرنے والے صحابہؓ

حضرت عویم بن ساعدہ، حضرت ابوامیہ، حضرت قطبہ بن مالک، حضرت حبیب بن سلمہ، حضرت

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

عوف بن مالک بن نضلہ، حضرت ابو جمعہ، حضرت قتادہ بن نعمان ظفری، حضرت عبداللہ بن سائب، حضرت محمد بن عبداللہ بن جحش، حضرت سلمہ بن قیس اشجعی دیگر ۲۸ صحابہؓ۔

۶ حدیثیں بیان کرنے والے صحابہؓ	۲۷ ہیں
۵ حدیثیں بیان کرنے والے صحابہؓ	۳۱ ہیں
۴ حدیثیں بیان کرنے والے صحابہؓ	۴۹ ہیں
۳ حدیثیں بیان کرنے والے صحابہؓ	۷۳ ہیں
۲ حدیثیں بیان کرنے والے صحابہؓ	۱۲۲ ہیں
۱ حدیثیں بیان کرنے والے صحابہؓ	۴۵۵ ہیں

رضی اللہ عنہم وعنہن

(اسماء الصحابہ والرواۃ وما لکل واحد من العدد، صفحہ ۴ تا ۳۶،

وتلقیح ابن الجوزی، ۱۸۳ تا ۱۹۴ بحوالہ دائمی عالمی تاریخ صفحہ ۱۵۲ تا ۱۵۴)

۱۱ ہزار صحابہ وصحابیات ایسے ہیں جن کے نام ونشان آج تحریری صورت میں تاریخ کے اوراق میں اس لئے موجود ہیں کہ یہ وہ صحابہ ہیں جن میں سے ہر ایک نے کم وبیش آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اقوال وافعال وواقعات میں سے کچھ نہ کچھ دوسروں تک پہونچایا ہے۔ (خطبات مدراس ۳۸)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

پانچواں حصہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ وصحابیات

وہ حضرات وخواتین جنہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فیض صحبت حاصل ہوئی۔

یہ نام جو مختلف عنوانوں میں بانٹے گئے ہیں۔ جن کی تلاش میں کئی کئی دن بلکہ ہفتے اور مہینے لگ گئے اور جنہیں ایک سلیقہ سے ترتیب دیا گیا ہے، صرف نام ہی نہیں ہیں بلکہ ایک کامیاب کردار کا نام ہیں، ان سے ہماری تاریخ جڑی ہوئی ہے، جن کا جاننا ہمیں ضروری ہے۔

بہت سے مسلمان وہ ہیں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اہل بیت کرام تک کے ناموں سے ناواقف ہیں، ان کو یکجا اس لئے کر دیا گیا ہے تا کہ ہم بار بار انھیں پڑھیں اور انہیں جانیں۔ اور ان کو اپنے لئے نمونہ بنائیں۔ ان حضرات کے کارناموں سے جہاں یہ پتہ چلتا ہے کہ اسلام ایک زندہ قوم ،اور لائق وقابل سپوتوں کا دین ہے۔ وہیں یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کس بہترین انداز میں ان کی تربیت فرمائی اور انھیں جوہر قابل بنا دیا۔ وہ جو کچھ ہیں وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صدقے اور ان کی نظر عنایت وکرم کی دین ہیں۔

خود نہ تھے جو راہ پر اوروں کے ہادی بن گئے
کیا نظر تھی جس نے مردوں کو مسیحا کر دیا

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جن خواتین کا دودھ پیا

ا حضرت آمنہ (والدہ محترمہ)

۲ ثویبہ ابولہب کی آزاد کردہ لونڈی

۳ حضرت حلیمہ سعدیہؓ آپ کی رضاعی ماں

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پرورش ونگہداشت میں حصہ لینے والی خواتین

ا۔ حضرت شیماءؓ

۲۔ حضرت ام ایمنؓ۔

۳۔ حضرت فاطمہ بنت اسدؓ۔ ابوطالب کی اہلیہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تجارتی شراکت دار

ا حضرت خدیجہ بنت خویلدؓ (پیغمبر اسلام ڈاکٹر حمید اللہ ۶۹)

۲ حضرت ابوبکرؓ

۳ حضرت حکیم بن حزامؓ

۴ حضرت قیس بن سائبؓ (پیغمبر اسلام ڈاکٹر حمید اللہ ۶۸۔۶۹)

۵ حضرت سائبؓ (سیرت النبی شبلی جلد ۲ صفحہ ۱۸۰)

۶ عبداللہ بن ابی العمساء۔ یا الحساء۔ یہی وہ صاحب ہیں جنہوں نے تین دن تک رسول اللہ کو انتظار کروایا۔ اور آپؐ ان کے انتظار میں اسی جگہ تین دن تک رہے۔

(سیرت النبی شبلی جلد ۲ صفحہ ۲۰۸)(پیغمبر اسلام ڈاکٹر حمید اللہ ۷۱)

۷) حضرت ابوسفیانؓ بن حرب (سیرت النبی ابن کثیر جلد ا صفحہ ۱۰۰)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے رضاعی والدین اور رضاعی بھائی بہن

آپ ؐ کی رضاعی ماں	حضرت حلیمہ سعدیہ ؓ
رضاعی باپ	حضرت حارث بن عبدالعزی ؓ
تین رضاعی بھائی	عبداللہ، انیسہ، حذیفہ،
رضاعی بہن	حذافہ جو شیماء ؓ کے لقب سے مشہور تھیں،

(سیرت النبی علامہ شبلی نعمانی ۱۱۶ و ۱۱۷)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ازواج مطہرات یعنی امہات المومنین

نمبر شمار	نام	نکاح کے وقت عمر	رسول اللہ کی عمر	حضور کی خدمت میں رہنے کی مدت
۱	حضرت خدیجہ ؓ بنت خویلد	۴۰ سال	۲۵ سال	۲۵ سال
۲	حضرت سودہ ؓ بنت زمعہ	۵۰ سال	۵۰ سال	۱۳ سال
۳	حضرت عائشہ ؓ بنت ابوبکر	۹ سال	۵۴ سال	۹ سال
۴	حضرت حفصہ ؓ بنت عمر	۲۲ سال	۵۵ سال	ساڑھے سات سال
۵	حضرت ام سلمہ ؓ بنت ابوامیہ	۲۶ سال	۵۵ سال	۸ سال
۶	حضرت ام حبیبہ ؓ بنت ابوسفیان	۲۶ سال	۵۶ سال	۷ سال
۷	حضرت زینب ؓ بنت جحش	۲۶ سال	۵۷ سال	۶ سال
۸	حضرت زینب ؓ بنت خزیمہ	۳۰ سال	۵۷ سال	۳ مہینے
۹	حضرت میمونہ ؓ بنت حارث	۳۶ سال	۵۷ سال	سوا تین سال
۱۰	حضرت جویریہ ؓ بنت حارث	۲۰ سال	۵۹ سال	۴ سال
۱۱	حضرت صفیہ ؓ بنت حیی بن اخطب	۱۷ سال	۵۹ سال	تقریباً ۴ سال

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

حضرت صفیہؓ بنت حیی بن اخطب۔ حضرت ہارون علیہ السلام کی نسل سے ہیں۔
حضرت زینبؓ بنت خزیمہ جوام المساکین غریبوں کی ماں کے لقب سے مشہور تھیں۔

(اصح السیر ۵۶۴ تا ۶۰۵)(پیام سیرت عصر حاضر کے پس منظر میں صفحہ ۶۸)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اولاد مبارک ترتیب وار

۱ حضرت قاسمؓ۔ اسی لئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کنیت مبارکہ ابوالقاسم ہے۔
۲ حضرت زینبؓ ۳ حضرت رقیہؓ
۴ حضرت ام کلثومؓ ۵ حضرت فاطمہؓ
۶ حضرت عبداللہؓ لقب طیب اور طاہر ہے جن کی ولادت بعثت کے بعد ہوئی
۷ حضرت ابراہیمؓ حضرت ماریہ قبطیہ سے ہیں
جنہیں مقوقس حاکم مصر نے آپ کی خدمت میں تحفتاً پیش کیا تھا۔

(اصح السیر ۱۱ و ۱۲) (رحمۃ للعالمین ۱۱۳ تا ۱۳۳)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اولاد مبارک تفصیلات ولادت ووفات وعمر

اسم گرامی	سن ولادت	سن وفات	عمر	مقام تدفین
۱ حضرت قاسمؓ	۲۸ میلادی	۳۰ میلادی	۲ سال	مکہ معظمہ
۲ حضرت زینبؓ	۳۰ میلادی	۸ ہجری	۳۱ سال	مدینہ منورہ
۳ حضرت رقیہؓ	۳۳ میلادی	۲۰ رمضان ۲ ہجری	۲۲ سال	مدینہ منورہ
۴ حضرت ام کلثومؓ	بعثت سے پہلے	۶ شعبان ۹ ہجری	۳۵ سال	مدینہ منورہ
۵ حضرت فاطمہؓ	نبوت کے پہلے سال	۳ رمضان ۱۱ ہجری	۲۳ سال	مدینہ منورہ
۶ حضرت عبداللہؓ				

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

۷ حضرت ابراہیمؓ ذی الحجہ ۸ ہجری ۱۰ ربیع الاول ۱۰ ہجری مدینہ منورہ

(ایک عالمی تاریخ ۴۹)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے داماد

حضرت ابوالعاص بن ربیعؓ	حضرت زینبؓ کے شوہر
حضرت عثمان بن عفانؓ	حضرت رقیہؓ اور حضرت ام کلثومؓ کے شوہر
حضرت علی بن ابوطالبؓ	حضرت فاطمہؓ کے شوہر

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دست مبارک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لانے میں سبقت کرنے والے صحابہ اور صحابیات

۱ حضرت خدیجہؓ

۲ حضرت ابوبکرؓ

۳ حضرت علیؓ

۴ حضرت زید بن حارثہؓ

۵ حضرت زبیر بن عوامؓ ----حضرت ابوبکر کی دعوت پر----

۶ حضرت عثمان بن عفانؓ ----حضرت ابوبکر کی دعوت پر----

۷ حضرت عبدالرحمن بن عوف--------------------

۸ حضرت طلحہ بن عبیداللہؓ--------------------

۹ حضرت سعد بن ابی وقاصؓ--------------------

۱۰ حضرت لبابہ بنت حارثؓ اہلیہ حضرت عباس دوسری خاتون

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

١١ حضرت خباب بن ارتؓ

١٢ حضرت سعید بن زیدؓ حضرت عمر کے بہنوئی

١٣ حضرت فاطمہ بنت خطابؓ حضرت عمر کی ہمشیرہ تیسری خاتون

١٤ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ ١٥ حضرت عثمان بن مظعونؓ

١٦ حضرت ارقم بن ابی الارقمؓ ١٧ حضرت ابوسلمہ بن عبداسد مخزومیؓ

١٨ حضرت ابوعبیدہ عامر بن الجراحؓ ١٩ حضرت قدامہ بن مظعونؓ

٢٠ حضرت عبیدہ بن حارث بن عبدالمطلبؓ ٢١۔ حضرت جعفر بن ابوطالبؓ

٢٢ حضرت اسماء بنت عمیسؓ حضرت جعفر کی اہلیہ چوتھی خاتون

٢٣ حضرت عبداللہ بن جحشؓ ٢٤ حضرت ابواحمد بن جحشؓ

٢٥ حضرت سائب بن عثمان بن مظعونؓ ٢٦ حضرت مطلب بن ازہرؓ

٢٧ حضرت رملہ بنت ابوعوفؓ حضرت مطلب کی اہلیہ پانچویں خاتون

٢٨ حضرت عمیر بن ابی وقاصؓ حضرت سعد بن ابی وقاص کے بھائی

٢٩ حضرت اسماء بنت ابوبکرؓ چھٹویں خاتون

٣٠ حضرت عائشہ بنت ابوبکرؓ ساتویں خاتون

٣١ حضرت عیاش بن ابی ربیعہؓ

٣٢ حضرت اسماء بنت سلامہؓ۔ حضرت عیاش بن ابی ربیعہ کی اہلیہ۔ آٹھویں خاتون

٣٣ حضرت سلیط بن عمروؓ ٣٤ حضرت مسعود بن ربیعہؓ

٣٥ حضرت خنیس بن حذافہؓ ٣٦ حضرت عامر بن ربیعہؓ

٣٧ حضرت حاطب بن حارثؓ

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

۳۸ حضرت فاطمہ بنت مجلل ؓ ۔حضرت حاطب بن حارث کی اہلیہ نویں خاتون

۳۹ حضرت خطاب بن حارث ؓ

۴۰ حضرت فکیہہ ؓ بنت حضرت یسار حضرت خطاب بن حارث کی اہلیہ۔دسویں خاتون

۴۱ حضرت معمر بن حارث ؓ ۴۲ حضرت نعیم بن عبداللہ ؓ

۴۳ حضرت خالد بن سعید بن عاص ؓ

۴۴ حضرت امینہ ؓ بنت خلف حضرت خالد بن سعید کی اہلیہ گیارہویں خاتون

۴۵ حضرت حاطب بن عمرو ؓ ۴۶ حضرت ابوحذیفہ ؓ بن عتبہ بن ربیعہ ؓ

۴۷ حضرت واقد بن عبداللہ ؓ ۴۸ حضرت خالد بن حزام ؓ

۴۹ حضرت عامر بن مالک ؓ ۵۰ حضرت عاقل بن بکیر ؓ

۵۱ حضرت ایاس بن بکیر ؓ ۵۲ حضرت خالد بن بکیر ؓ

۵۳ حضرت عامر بن بکیر ؓ ۵۴ حضرت عمار بن یاسر ؓ

۵۵ حضرت سمیہ ؓ حضرت عمار ؓ کی والدہ بارہویں خاتون

۵۶ حضرت صہیب ؓ بن سنان رومی (اصح السیر صفحہ ۱۶ تا ۲۴)

حکم رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ہجرت کرنے والے مہاجرین حبشہ

مکہ مکرمہ کی زمین مسلمانوں کے لئے تنگ ہوگئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی جان اور اپنے ایمان کو بچانے کیلئے صحابہ کو اجازت دی کہ وہ حبشہ چلے جائیں۔ارشادِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعمیل میں اس قافلہ نے سب سے پہلے حبشہ ہجرت کی۔فرمان نبوی ﷺ ہے کہ ''لوط اور ابراہیم علیھما السلام کے بعد یہ پہلا جوڑا ہے جنہوں نے راہ خدا میں ہجرت کی۔ (رحمۃ للعالمین جلد اول صفحہ ۸۸) (اصح السیر ۴۳)

۱ حضرت عثمان بن عفان ؓ ۔اول مہاجر (عہد نبوت کے ماہ وسال صفحہ ۲۱)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

۲	حضرت رقیہؓ	حضرت عثمان کی اہلیہ
۳	حضرت ابوحذیفہ بن عتبہؓ	
۴	حضرت سہلہ بنت سہیلؓ	ابوحذیفہ بن عتبہ کی اہلیہ
۵	حضرت زبیر بن العوامؓ	
۶	حضرت مصعب بن عمیرؓ	
۷	حضرت عبدالرحمن بن عوفؓ	
۸	حضرت ابوسلمہ بن عبدالاسد مخزومیؓ	
۹	حضرت ام سلمہؓ	حضرت ابوسلمہ بن عبدالاسد مخزومی کی اہلیہ (بعد میں زوجہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بنیں)
۱۰	حضرت عثمان بن مظعونؓ	
۱۱	حضرت عامر بن ربیعہؓ	
۱۲	حضرت لیلی بنت ابی خیثمہؓ	حضرت عامر بن ربیعہ کی اہلیہ
۱۳	حضرت ابوسبرہ بن ابی رہمؓ	
۱۴	حضرت سہیل بن بیضاءؓ	
۱۵	حضرت ابوحاطب بن عمروؓ	
۱۶	حضرت عبداللہ بن مسعودؓ	(اصح السیر صفحہ ۴۴)

مہاجرین حبشہ دوسری مرتبہ

۸۳ مرد (اصح السیر صفحہ ۴۵)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

۸۳مرد اور ۱۸عورتیں (رحمۃ للعالمین جلداول صفحہ ۸۸)

حضرت جعفر بن ابو طالب رضی اللہ عنہ کی تقریر کا واقعہ اس دوسری ہجرت کے بعد پیش آیا۔

(رحمۃ للعالمین جلداول ۸۹)

شہر رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینہ منورہ کے قبائل

۱	قبیلہ بنو قینقاع	یہود کا سب سے پہلے بدعہدی کرنے والا قبیلہ
۲	قبیلہ بنو نضیر	یہود کا دوسرا بدعہدی کرنے والا قبیلہ
۳	قبیلہ قریظہ	یہود کا تیسرے نمبر پر بدعہدی کرنے والا قبیلہ
۴	قبیلہ اوس	انصاری قبیلہ
۵	قبیلہ خزرج	انصاری قبیلہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ۶ اولین انصار

ابن اسحاق کہتے ہیں "میرے علم کے مطابق اولین مسلمان چھ افراد خزرجی تھے۔

۱ حضرت ابو امامہ اسعد بن زرارہ رضی اللہ عنہ

۲ حضرت عوف بن حارث رضی اللہ عنہ

۳ حضرت رافع بن مالک رضی اللہ عنہ

۴ حضرت قطبہ بن عامر رضی اللہ عنہ

۵ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ

۶ حضرت جابر بن عبداللہ بن رئاب رضی اللہ عنہ

(سیرت النبی، ابن کثیر جلد ۱، صفحہ ۴۲۰، ۴۲۱)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ۱۲ نقیب

۱۲ نبوی میں عقبہ ثانیہ ہوئی۔ اور اس میں آپ نے ۱۲ نقیب بنائے۔ یعنی نمائندہ مقرر فرمایا۔

جو قبیلوں کے سردار تھے ۔(سیرت النبی شبلی جلد اول ۱٦۸)

۱	حضرت اسعد بن زرارہؓ	قبیلہ خزرج	شرکاء عقبہ اول
۲	حضرت رافع بن مالکؓ	-----	-------
۳	حضرت عبادہ بن صامتؓ	-----	-------
۴	حضرت سعد بن ربیع ؓ	-----	
۵	حضرت منذر بن عمرہ ؓ	قبیلہ خزرج	
٦	حضرت عبداللہ بن رواحہؓ	-----	
۷	حضرت براء بن معرورؓ	-----	
۸	حضرت عبداللہ بن عمرو بن حرامؓ	-----	
۹	حضرت سعد بن عبادہؓ	-----	
۱۰	حضرت اسید بن حضیرؓ	قبیلہ اوس	
۱۱	حضرت سعد بن خیثمہؓ	-----	
۱۲	حضرت ابوالھیثم بن تیہانؓ	-----	

فرمان نبوی ہے ”جس طرح عیسیٰ علیہ السلام بن مریم نے اپنے لئے ۱۲ شخصوں کو چن لیا تھا۔ اسی طرح میں تمہیں انتخاب کرتا ہوں۔ تاکہ تم اہل یثرب میں جا کر دین کی اشاعت کرو۔ مکہ والوں میں، میں خود یہ کام کروں گا۔ (رحمۃ للعالمین جلد اول صفحہ ۱۲۱) اس موقعہ پر ان صحابہ میں سے

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

حضرت براء بن معرور نے کہا کہ ہم تلواروں کی گود میں پلے ہیں۔ حضرت ابوالھیثم نے کہا کہ یہودی تعلقات کا کیا ہوگا؟ اسلام کو عروج ملنے آپ ہمیں چھوڑ تو نہیں دیں گے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مسکرایا اور فرمایا، نہیں تمہارا خون میرا خون ہے، تم میرے ہو اور میں تمہارا ہوں۔

(سیرت النبی شبلی جلد اول ۱٦۷)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ۷۵ جانباز انصار

بیعت عقبہ ثالثہ کے شرکاء انصار صحابہ وصحابیات رضی اللہ عنہم اجمعین

۱	اسید بن حضیر	۲	سلمۃ بن سلامہ	۳	ابوالھیثم بن التیہان
۴	ظہیر بن رافع	۵	ابو بردہ بن تیار	٦	نیر بن الہیثم
۷	سعد بن خیثمہ	۸	رفاعہ بن عبدالمنذر	۹	عبداللہ بن جبیر
۱۰	ابن ثعلبہ	۱۱	معن بن عدی	۱۲	ابوایوب خالد بن زید
۱۳	معاذ بن حارث	۱۴	عوف بن حارث	۱۵	معوذ بن حارث
۱٦	عمارہ بن حزم	۱۷	اسعد بن زرارہ	۱۸	سہل بن عتیک
۱۹	اوس بن ثابت	۲۰	ابوطلحہ	۲۱	قیس بن ابی صعصعہ
۲۲	عمرو بن غزیہ	۲۳	سعد بن ربیع	۲۴	خارجہ بن زید
۲۵	عبداللہ بن رواحہ	۲٦	بشیر بن سعد	۲۷	عبداللہ بن زید
۲۸	خلاد بن سوید	۲۹	عقبہ بن عمرو	۳۰	زیاد بن لبید
۳۱	فروہ بن عمرو	۳۲	خالد بن قیس	۳۳	رافع بن مالک
۳۴	ذکوان بن عبدقیس	۳۵	عبادہ بن قیس	۳٦	حارث بن قیس

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

۳۷	براء بن معرور	۳۸	بشر بن براء	۳۹	سنان بن صیفی
۴۰	طفیل بن نعمان	۴۱	معقل بن منذر	۴۲	یزید بن منذر
۴۳	مسعود بن یزید	۴۴	ضحاک بن حارثہ	۴۵	جبار بن صخر
۴۶	طفیل بن مالک	۴۷	یزید بن خذام	۴۸	کعب بن مالک
۴۹	سلیم بن عمرو	۵۰	قطبہ بن عامر	۵۱	یزید بن عامر
۵۲	ابوالیسر	۵۳	صیفی بن اسود	۵۴	ثعلبہ بن خثمہ
۵۵	عمرو بن خثمہ	۵۶	عبس بن عامر	۵۷	عبداللہ بن انیس
۵۸	خالد بن عمرو	۵۹	عبداللہ بن عمرو	۶۰	جابر بن عبداللہ
۶۱	معاذ بن عمرو	۶۲	ثابت بن جذع	۶۳	عمیر بن حارث
۶۴	معاذ بن جبل	۶۵	اوس بن عباد	۶۶	عبادہ بن صامت
۶۷	عباس بن عبادہ	۶۸	عمرو بن حارث	۶۹	ابوعبدالرحمان یزید بن ثعلبہ
۷۰	رفاعہ بن عمرو بن زید	۷۱	مالک بن ولید بن عبداللہ		
۷۲	سعد بن عبادہ	۷۳	منذر بن عمرو		
۷۴	نسیبہ بنت کعب	۷۵	ام منیع اسماء بنت عمرو		

(رسول اکرم کی سیاست خارجہ ۱۶۱ تا ۱۶۵)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جنہیں دینی بھائی بنایا

ہجرت کے پانچ چھ ماہ بعد آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مسجد نبوی کی تعمیر کے بعد مدینہ کے صحابہ اور مکہ سے ہجرت کرنے والے صحابہ کے درمیان بھائی چارہ قائم فرمایا۔ جس کی وجہ سے مدینہ کے مسلمان

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

انصار اور مکہ سے ہجرت کر کے آنے والے مہاجر کہلائے اور قرآن نے انھیں اسی نام سے یاد کیا ہے ۔جس میں کئی ایک سبق ہیں ۔غریب و ضرورت مند مہاجرین کی مالی امداد کرنا۔انصار سے خاندانی تعلقات قائم کرنا۔قبائلی نسبتوں کے بجائے دینی نسبت کو پروان چڑھانا۔شخصی طور پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صحابہ کرام کے خاندانوں سے واقفیت ۔قرآن میں اس کا ذکر اس طرح موجود ہے

فَاَلَّفَ بَیۡنَ قُلُوۡبِکُمۡ فَاَصۡبَحۡتُمۡ بِنِعۡمَتِہٖۤ اِخۡوَانًا

اللہ نے تمہارے دلوں کو جوڑا تو تم اس کی نعمت سے بھائی بھائی ہو گئے ۔(سورہ آل عمران ۱۰۳)

	مہاجر صحابی	انصاری صحابی
۱	حضرت ابو بکرؓ	حضرت خارجہ بن زیدؓ
۲	حضرت عمرؓ	حضرت عتبان بن مالکؓ
۳	حضرت عثمانؓ	حضرت اوس بن ثابتؓ
۴	حضرت علیؓ	حضرت سلمان فارسیؓ
۵	حضرت عبدالرحمان بن عوفؓ	حضرت سعد بن ربیعؓ
۶	حضرت ابوعبیدہ بن عامر الجراحؓ	حضرت سعد بن معاذؓ
۷	حضرت طلحہ بن عبید اللہؓ	حضرت کعب بن مالکؓ
۸	حضرت سعید بن زیدؓ	حضرت ابی بن کعبؓ
۹	حضرت زبیر بن عوامؓ	حضرت سلمہ بن سلافہؓ
۱۰	حضرت زید بن حارثہؓ	حضرت اسید بن حضیرؓ
۱۱	حضرت بلالؓ	حضرت ابورویم الخثعمیؓ
۱۲	حضرت جعفر بن ابوطالبؓ	حضرت معاذ بن جبلؓ

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

۱۳	حضرت عمار بن یاسر ؓ	حضرت حذیفہ بن الیمان ؓ
۱۴	حضرت مصعب بن عمیر ؓ	حضرت ابوایوب ؓ
۱۵	حضرت ابودرداء ؓ	حضرت سلمان فارسی ؓ
۱۶	حضرت عبیدہ بن حارث بن عبدالمطلب ؓ	حضرت عمیر بن حمام ؓ
۱۷	حضرت زید بن خطاب ؓ	حضرت معن بن عدی ؓ
۱۸	حضرت وہب بن سعد ؓ	حضرت سوید بن عمرو ؓ
۱۹	حضرت ابومرثد غنوی ؓ	حضرت عبادہ بن صامت ؓ
۲۰	حضرت عمیر بن عمیر ؓ	حضرت یزید بن حارث بن قیس ؓ
۲۱	حضرت عثمان بن مظعون ؓ	حضرت عباس بن عبادہ ؓ
۲۲	حضرت طلب بن عمیر ؓ	حضرت منذر بن عمرو ؓ
۲۳	حضرت ابوحذیفہ بن عتبہ ؓ	حضرت عباد بن بشر ؓ
۲۴	حضرت معاویہ بن ابوسفیان ؓ	حضرت حتات ؓ

(رحمۃ للعالمین، جلد سوم، ۴۶۳ و ۴۶۴)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خطوط

پروفیسر محمد صدیق قریشی لکھتے ہیں ''حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کوئی ۲۵۰ خطوط تاریخ کے اوراق پر محفوظ ہیں۔ لیکن صحیح تعداد اس سے بہت زیادہ ہونا چاہیئے کیوں کہ آپ کی مملکت دس لاکھ مربع میل کے وسیع وعریض رقبے پر پھیلی ہوئی تھی اور دس برس تک حکمرانی کے فرائض آپ ہی کو انجام دینے پڑتے تھے۔'' (رسول اکرم کی سیاست خارجہ ۳۵)

سفراء کی روانگی کے متعلق دو روایات ہیں۔ بعض محققین کا خیال ہے کہ وہ ایک ہی دن یعنی یکم محرم

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

الحرام ۷ھ بمطابق ۱۱ مئی ۶۲۸ء بروز بدھ مدینہ سے روانہ ہوئے، اور بعض مورخین کے نزدیک ان کی روانگی مختلف اوقات میں عمل میں آئی۔ (رسول اکرم کی سیاست خارجہ ۳۴)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قاصد

نمبر شمار	صحابی کا نام	علاقہ و ملک
۱	حضرت عمرو بن امیہ ضمری رضی اللہ عنہ	حبشہ
۲	حضرت دحیہ کلبی رضی اللہ عنہ	شام، قیصر روم
۳	حضرت عبداللہ بن حذافہ سہمی رضی اللہ عنہ	ایران کسریٰ
۴	حضرت حاطب بن ابی بلتعہ رضی اللہ عنہ	اسکندریہ مقوقس
۵	حضرت شجاع بن وہب رضی اللہ عنہ	بلقا، غسانی
۶	حضرت سلیط بن عمرو رضی اللہ عنہ	یمامہ
۷	حضرت علاء حضرمی رضی اللہ عنہ	بحرین
۸	حضرت مہاجر بن ابی امیہ رضی اللہ عنہ	یمن
۹	حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ	یمن
۱۰	حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ	یمن
۱۱	حضرت جریر بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہ	یمن
۱۲	حضرت عمرو بن امیہ ضمری رضی اللہ عنہ	یمامہ
۱۳	حضرت سائب بن عوام رضی اللہ عنہ	یمامہ
۱۴	حضرت عیاش بن ابی ربیعہ رضی اللہ عنہ	یمن (اصح السیر ۳۸۳ تا ۳۸۸)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہونے والے وفود

سیرت نگاروں میں وفود کی تعداد کے بارے میں اختلاف رائے پایا جاتا ہے۔ابن اسحاق نے صرف پندرہ وفود کا حال بیان کیا ہے۔جب کہ حافظ ابن قیم اور قسطلانی نے چونتیس وفود پر اکتفا کیا ہے۔دمیاطی،مغلطائی،اور زین الدین عراقی،ابن سعد کے ساتھ متفق ہیں جس نے ستر وفود کا تذکرہ کیا ہے۔سب سے بڑھ کر تعداد مصنف سیرت شامی نے بیان کی ہے جس کے خیال میں ایک سو سے زائد وفود مدینہ آئے ہیں،اور مشرف بہ اسلام ہوئے ہیں۔وفود کی کثرت کی بناء پر یدخلون فی دین اللہ افواجا کا صحیح مفہوم ہمارے سامنے آجاتا ہے۔(رسول اکرم کی سیاست خارجہ ٦٦)

وفود کا سال ٦٢ سال کی عمر۔ ٦٣٣ عیسوی

(عہد نبوت کے ماہ وسال ٣٢٢)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جنہیں جنتی ہونے کی خوشخبری دی۔عشرہ مبشرہ

١	حضرت ابوبکر بن ابوقحافہؓ	٢	حضرت عمر بن خطابؓ
٣	حضرت عثمان بن عفانؓ	٤	حضرت علی بن ابوطالبؓ
٥	حضرت ابوعبیدہ بن جراحؓ	٦	حضرت طلحہ بن عبیداللہؓ
٧	حضرت زبیر بن عوامؓ	٨	حضرت سعید بن زیدؓ
٩	حضرت سعد بن ابی وقاصؓ	١٠	حضرت عبدالرحمان بن عوفؓ

(صحیح مسلم بحوالہ معجزات نبوی ٢١٦)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غلام

یہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غلام ہیں اور جنہیں آپؐ نے آزاد فرمایا تھا

یہ وہ خوش نصیب حضرات ہیں جنہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت کی توفیق ملی۔

۱	حضرت زید بن حارثہؓ	۲	حضرت ابورافع اسلمؓ
۳	حضرت ثوبان بن بحددؓ	۴	حضرت ابوکبشہ سلیمؓ
۵	حضرت شقرانؓ نام صالح بن عدی	۶	حضرت رباح نوبیؓ
۷	حضرت یسار نوبیؓ	۸	حضرت مدعمؓ
۹	حضرت کرکرہ نوبیؓ	۱۰	حضرت انجشہؓ
۱۱	حضرت سفینہؓ نام مہران	۱۲	حضرت انسہ بن زیادؓ
۱۳	حضرت افلحؓ	۱۴	حضرت واقدؓ
۱۵	حضرت ابوواقدؓ	۱۶	حضرت ابوعسیبؓ
۱۷	حضرت ابومویہبہؓ	۱۸	حضرت مابور خصیؓ
۱۹	حضرت سندرؓ	۲۰	حضرت حنینؓ

(اصح السیر ۵۵۵ تا ۵۵۹)

۲۱	حضرت اسامہ بن زیدؓ	۲۲	حضرت ایمن بن عبیدؓ
۲۳	حضرت باذانؓ ان کے کئی نام ہیں ذکوان، مہران، میمون، کیسان، طہمان۔		
۲۴	حضرت رویفعؓ	۲۵	حضرت سلمان فارسیؓ
۲۶	حضرت ضمیرہ بن ابوضمیرہؓ	۲۷	حضرت عبیدؓ
۲۸	حضرت فضالہؓ	۲۹	حضرت قفیزؓ

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

۳۰ حضرت نافعؓ ۳۱ حضرت نفیعؓ

۳۲ حضرت ھرمزؓ یا کیسان ۳۳ حضرت ہشامؓ

۳۴ حضرت یسارؓ ۳۵۔حضرت ابوالحمراء نام ھلال بن حارثؓ

۳۶ حضرت ابوسلمیؓ ۳۷ حضرت ابوصفیہؓ

۳۸ حضرت ابوعبیدؓ ۳۹ حضرت ابوضمیرہؓ

(سیرت النبی ابن کثیر جلد ۳ صفحہ ۲۳۶ تا ۲۵۱)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی باندیاں

۱ حضرت ماریہ قبطیہ رضی اللہ عنہا

۲ حضرت ریحانہ رضی اللہ عنہا

۳ حضرت--------

۴ حضرت-------- (زادالمعاد بحوالہ اسوہ نبی اکرم ۳۲)

۵ حضرت امۃ اللہ بنت رزینہؓ ۶ حضرت امیمہؓ

۷ حضرت ام ایمنؓ نام برکۃ بنت ثعلبہ، حضرت اسامہ بن زید کی والدہ

۹ حضرت بریرہؓ ۱۰ حضرت خضرہؓ

۱۱ حضرت خلیسہؓ ۱۲ حضرت خولہؓ

۱۳ حضرت رضویؓ ۱۴ حضرت سائبہؓ

۱۵ حضرت سدلیہ انصاریہؓ ۱۶ حضرت سلامہؓ

۱۷ حضرت سلمیؓ ابورافع کی اہلیہ ۱۸ حضرت شیریںؓ

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

۱۹	حضرت عنقودہ، غفیرہؓ	۲۰	حضرت فردہؓ
۲۱	حضرت لیلیٰؓ	۲۲	حضرت میمونہؓ بنت ابوعبید

۲۳ حضرت ام عیاشؓ۔ (سیرت النبی ابن کثیر جلد ۳ صفحہ ۲۵۲ تا ۲۶۰)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خادمین

یہ وہ صحابہ ہیں جنہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت، سعادت سمجھ کر انجام دی۔

۱	حضرت انس بن مالکؓ	۱۰ سال خدمت کی
۲	حضرت عبداللہ بن مسعودؓ	حضور کے نعلین و مسواک کے محافظ
۳	حضرت عقبہ بن عامر جہنیؓ	حضور کے خچر چلایا کرتے تھے، مصر کے والی ہوئے۔
۴	حضرت اسلع بن شریکؓ	حضور کے اونٹ چلاتے تھے۔
۵	حضرت بلال بن رباحؓ	حضور کے اخراجات کا حساب کتاب رکھتے تھے
۶	حضرت سعد غلام ابوبکرؓ	
۷	حضرت ابوذر غفاریؓ	
۸	حضرت ایمن بن عبیدؓ	
۹	حضرت معیقبؓ	حضور کے انگوٹھی بردار

(اصح السیر ۵۶۲ تا ۵۶۳)

۱۱	حضرت اسماء بن حارثہؓ	
۱۲	حضرت بکیر بن شداخؓ	
۱۳	حضرت ذومخمرؓ یا ذومجر	شاہ حبشہ کے بھتیجے تھے
۱۴	حضرت ربیعہ بن کعبؓ	

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

۱۵	حضرت عبداللہ بن رواحہؓ
۱۶	حضرت مغیرہ بن شعبہؓ
۱۷	حضرت قیس بن سعدؓ
۱۸	حضرت مقداد بن اسودؓ
۱۹	حضرت مہاجرؓ
۲۰	حضرت ابوالسمحؓ
۲۱	حضرت ابوبکرؓ نے ہجرت کے موقعہ پر خدمت کی سعادت پائی

(سیرت النبی ابن کثیر جلد ۳ صفحہ ۲۶۰ تا ۲۷۰)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے موذنین

۱	حضرت بلال بن رباحؓ	
۲	حضرت ابومحذورہؓ	
۳	حضرت عمرو ابن ام مکتومؓ	نابینا صحابی
۴	حضرت سعد القرظؓ	مسجد قبا کے موذن (اصح السیر ۵۶۳)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے عمال، امراء، گورنرس

نمبر شمار	صحابی کا نام	علاقہ وملک
۱	حضرت باذان بن ساسانؓ	یمن
۲	حضرت شہر بن باذانؓ	یمن
۳	حضرت خالد بن سعید بن عاصؓ	یمن

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

۴	حضرت مہاجر بن امیہؓ	کندہ وصدف
۵	حضرت زیاد بن لبیدؓ	حضر موت
۶	حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ	زبید، عدن
۷	حضرت معاذ بن جبلؓ	جند
۸	حضرت عتاب بن اسیدؓ	مکہ
۹	حضرت علی بن ابو طالبؓ	اخماس، یمن
۱۰	حضرت عمرو بن عاصؓ	عمان

(زادالمعاد بحوالہ اسوہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ۳۴، ۳۵)

۱۱	حضرت یزید بن ابوسفیانؓ	تیماء
۱۲	عمرو بن حزمؓ	نجران
۱۳	علاء بن حضرمیؓ	بحرین

(سیرت النبی شبلی جلد ۲ صفحہ ۴۵)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے محصلین زکوۃ

نمبر شمار	صحابی کا نام	علاقہ وملک اور قبیلہ
۱	حضرت عدی بن حاتمؓ	طے و بنی اسد
۲	حضرت صفوان بن صفوانؓ	بنی عمرو
۳	حضرت مالک بن نویرہؓ	بنی حنظلہ
۴	حضرت بریدہ بن حصیب اسلمیؓ	غفار و اسلم

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

۵	حضرت عباد بن بشرؓ	سلیم ومزینہ
۶	حضرت رافع بن مکیث جہنیؓ	جہینہ
۷	حضرت زبرقان بن بدرؓ	بنوسعد
۸	حضرت قیس بن عاصمؓ	بنوسعد
۹	حضرت عمرو بن عاصؓ	بنوفزارہ
۱۰	حضرت ضحاک بن سفیانؓ	بنوکلاب
۱۱	حضرت بسر بن سفیانؓ	بنوکعب
۱۲	حضرت عبداللہ بن التیہؓ	بنوذبیان
۱۳	حضرت ابوجہم بن حذیفہؓ	بنولیث
۱۴	قبیلہ ہذیم کے ایک صحابیؓ	بنوہذیم
۱۵	حضرت عمر بن خطابؓ	شہر مدینہ
۱۶	حضرت ابوعبیدہ بن جراحؓ	شہر نجران
۱۷	حضرت عبداللہ بن رواحہؓ	شہر خیبر
۱۸	حضرت زیاد بن لبیدؓ	حضرموت
۱۹	حضرت ابوموسی اشعریؓ	صوبہ یمن
۲۰	حضرت خالدؓ بن ولید	صوبہ یمن
۲۱	حضرت ابان بن سعیدؓ	بحرین
۲۲	حضرت ابن جزءاسدیؓ	خمس کے وصولی کیلئے
۲۳	حضرت عمرو بن سعید بن عاصؓ	تیماء

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

۲۴ حضرت عیینہ بن حصن فزاریؓ بنو تمیم

(سیرت النبی شبلی جلد ۲ صفحہ ۴۸)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کاتبین وحی

۱ حضرت شرحبیل بن حسنہ کندیؓ۔ مکہ کے پہلے کاتب ہیں (سیرت النبی شبلی جلد ۲ ۴۴)

۲ حضرت عبداللہ بن سعد بن ابو سرحؓ ۳ حضرت ابو بکرؓ

۴ حضرت عمرؓ ۵ حضرت عثمانؓ

۶ حضرت علیؓ ۷ حضرت زبیرؓ

۸ حضرت عامر بن فہیرہؓ ۹ حضرت عمرو بن عاصؓ

۱۰ حضرت ابی بن کعبؓ۔ مدینہ کے پہلے کاتب

۱۱ حضرت عبداللہ بن ارقمؓ ۱۲ حضرت ثابت بن قیس بن شماسؓ

۱۳ حضرت حنظلہ بن ربیعؓ ۱۴ حضرت مغیرہ بن شعبہؓ

۱۵ حضرت عبداللہ بن رواحہؓ ۱۶ حضرت خالد بن ولیدؓ

۱۷ حضرت خالد بن سعیدؓ ۱۸ حضرت معاویہ بن ابوسفیانؓ

۱۹ حضرت زید بن ثابتؓ۔ (زاد المعاد بحوالہ اسوہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ۲ ۳۲، ۳۳)

۲۰ حضرت علاء بن حضرمیؓ ۲۱ حضرت حذیفہ بن یمانؓ

یہ حضرات آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے مستقل کاتبین ہیں۔

(خطبات بنگلور ۵۹) (سیرت النبی شبلی جلد ۲ صفحہ ۴۴)

۲۲ حضرت طلحہ بن عبید اللہؓ ۲۳ حضرت سعید بن عاصؓ

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

۲۴ حضرت خالد بن عاصؓ ۲۵ حضرت ابان بن عاصؓ

۲۶ حضرت معیقیب دوسیؓ ۲۷ حضرت سعد بن ابی وقاصؓ

۲۸ حضرت حویطب بن عبدعزیؓ ۔(اصح السیر صفحہ ۲۷و ۲۸)

رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے شعراء یا وہ شعراء جو دست مبارک پر مشرف با سلام ہوئے

عرب کے مشہور زبان آور شعراء

۱ حضرت حسان بن ثابتؓ ۲ حضرت عامر بن اکوعؓ

۳ حضرت طفیل بن عمرو دوسیؓ ۴ حضرت زید الجلیلؓ

۵ حضرت زبرقان بن بدرؓ ۶ حضرت شماسؓ

۷ حضرت اسود بن سریعؓ

۸ حضرت کعب بن زہیرؓ

۹ حضرت عبداللہ بن رواحہؓ

۱۰ حضرت لبید بن ربیعہؓ ۔ ۹ ہجری میں اسلام قبول کیا۔

۱۱ حضرت انیس غفاریؓ (حضرت ابوذر غفاری کے بھائی اور اپنے قبیلہ کے شاعر)

(سیرت النبی شبلی جلد ۳ صفحہ ۲۸۹۔۲۹۰)

۱۲ حضرت عباس بن مرداس بن ابوعامرؓ جید شاعر اور مشہور بہادر تھے

(عہد نبوت کے ماہ وسال ۲۸۳)

۱۳ حضرت ابوسفیان بن حارث بن عبدالمطلبؓ آپ کے چچازاد اور رضاعی بھائی

(عہد نبوت کے ماہ وسال ۲۸۵)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

۱۴ حضرت خنساء بنت تماضرؓ جنہیں ارثی العرب یعنی عرب کی مرثیہ کہنے والوں میں سب سے زیادہ اثر انگیز مرثیہ گو شاعرہ کہا گیا ہے۔

۱۵ حضرت نابغہ الجعدیؓ (دلائل النبوۃ للبیھقی، جلد ۳ صفحہ ۲۳۲)

۱۶ حضرت سوید بن صامتؓ جن کے پاس حضرت لقمان کا حکمت کا صحیفہ تھا، جنہیں شاعری وشجاعت میں کمال حاصل تھا، اس بناء پر لوگ انھیں کامل کے لقب سے پکارتے تھے۔ (پیغمبر اعظم وآخر، صفحہ ۳۳۹)

۱۷ ابوقیس صیفی بن الصلتؓ جن کا قصیدہ بائیہ مشہور ہے۔
(سیرت النبی ابن کثیر جلد ۱ صفحہ ۴۲۵)

۱۸ حضرت کعب بن مالکؓ (سیرت النبی ابن کثیر جلد ۱ صفحہ ۴۳۱)

۱۹ حضرت ابوقیس صرمہ بن ابی انسؓ انصاری شاعر ہیں
(سیرت النبی ابن کثیر جلد ۱ صفحہ ۴۸۳)

مدرسہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صفہ کے اساتذہ

۱ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اِنَّمَا بُعِثْتُ مُعَلِّمًا میں معلم بنا کر بھیجا گیا ہوں

۲ حضرت عبادہ بن صامتؓ لکھنا اور پڑھنا سکھاتے تھے

۳ حضرت عبداللہ بن سعید بن عاصؓ لکھنا سکھاتے تھے

(اولین دستیاب شدہ، دنیا کا قدیم ترین مجموعہ حدیث ۲۲۔۲۳)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

مدرسہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صفہ کے طلبہ رضی اللہ عنہم

حضرت ابوعبیدہ بن عامر بن جراح	حضرت عمار بن یاسر ابوالیقظان
حضرت عبداللہ بن مسعود	حضرت مقداد بن عمرو
حضرت خباب بن ارت	حضرت بلال بن رباح
حضرت صہیب بن سنان	حضرت زید بن خطاب حضرت عمر کے بھائی
حضرت ابومرثد کناز بن حصین	حضرت ابوکبشہ رسول اللہ غلام
حضرت صفوان بن بیضا	حضرت ابوعبس بن جبر
حضرت سالم حضرت ابوحذیفہ کے غلام	حضرت مسطح بن اثاثہ
حضرت عکاشہ بن محصن	حضرت مسعود بن ربیعہ
حضرت سالم عمیر بن عوف	حضرت عویم بن ساعدہ
حضرت ابولبابہ	حضرت سالم بن عمیر
حضرت ابوبشر کعب بن عمرو	حضرت خبیب بن سیاف
حضرت عبداللہ بن انیس	حضرت جندب بن جنادہ (حضرت ابوذر غفاری)
حضرت عتبہ بن مسعود ہذلی	حضرت عبداللہ بن عمر
حضرت سلمان فارسی	حضرت حذیفہ بن الیمان
حضرت ابوالدرداء	حضرت عبداللہ بن زید جہنی

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

حضرت حجاج بن عمرو اسلمی — حضرت ابوہریرہ دوسی
حضرت ثوبان رسول اللہ کے غلام — حضرت معاذ بن حارث
حضرت سائب بن خلاد — حضرت ثابت ودیعہ
(جدید سیرت النبی جلد ۲ صفحہ ۵۱۱ و ۵۱۲)
حضرت اسماء بن حارثہ — حضرت الاعز المازنی
حضرت البراء بن مالک (حضرت انس بن مالک کے بھائی)
حضرت ثوبان رسول اللہ کے غلام — حضرت ثابت بن ضحاک
حضرت ثابت بن دویعہ — حضرت ثقیف بن عمرو
حضرت جرہد بن خویلد — حضرت جعیل بن سراقہ
حضرت جاریہ بن جمیل — حضرت حذیفہ بن اسید
حضرت حبیب بن زید — حضرت حارثہ بن نعمان
حضرت حازم بن حرملہ — حضرت حنظلہ بن ابوعامر
حضرت حجاج بن عمرو — حضرت حکم بن عمیر
حضرت حرملہ بن ایاس — حضرت خنیس بن حذافہ
حضرت خریم بن فاتک — حضرت خریم بن اوس
حضرت خبیب بن یساف — حضرت عبداللہ ذوالبجادین
حضرت رفاعہ ابولبابہ — حضرت ابورزین
حضرت سعد بن ابی وقاص — حضرت سعید بن عامر
حضرت سفینہ ابوعبدالرحمن

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قراء

رسول اللہ نے فرمایا تم چار اصحاب سے قرآن سیکھو۔

۱۔حضرت عبداللہ بن مسعودؓ ۲۔ حضرت سالمؓ مولی حذیفہؓ

۳۔حضرت معاذ بن جبلؓ ۴۔ حضرت ابی بن کعبؓ

(صحیح بخاری جلد ۲ صفحہ ۷۴۸ حدیث نمبر ۴۸۰۸)

صحابہ میں حفاظ کی بڑی تعداد تھی، ۳۳ حفاظ تو وہ ہیں جن کے نام کی صراحت ملتی ہے۔

۱	حضرت ابو بکرؓ	۲	حضرت عمرؓ
۳	حضرت عثمانؓ	۴	حضرت علیؓ
۵	حضرت عائشہؓ	۶	حضرت حفصہؓ
۷	حضرت ام سلمہؓ	۹	حضرت ام ورقہؓ

(خطبات بنگلور صفحہ ۶۰)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے طے فرمودہ قاضی ومفتیان

مقدمات کو نمٹانے کا کام اگر چہ زیادہ تر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خود انجام دیتے تھے، لیکن کبھی کبھی آپ کے حکم سے حسب ذیل صحابہ نے بھی اس فرض کو انجام دیا ہے۔

۱	حضرت ابو بکرؓ	۲	حضرت عمرؓ
۳	حضرت عثمانؓ	۴	حضرت علیؓ
۵	حضرت عبدالرحمان بن عوفؓ	۶	حضرت ابی ابن کعبؓ
۷	حضرت معاذ بن جبلؓ۔		(سیرت النبی شبلی جلد ۲ صفحہ ۵۰)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

۸	حضرت سلمان فارسیؓ	۹	حضرت عبداللہ بن مسعودؓ
۱۰	حضرت عمار بن یاسرؓ	۱۱	حضرت زید بن ثابتؓ
۱۲	حضرت حذیفہؓ	۱۳	حضرت ابوالدرداءؓ
۱۴	حضرت ابوموسی اشعریؓ۔		(فضائل اعمال، حکایات صحابہ ۸۸)

(حیاۃ الحیوان بحوالہ دائمی عالمی تاریخ، دور نبوت کے مفتیان۔ صفحہ ۱۳۰)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے طے فرمودہ امام

نمبر شمار	صحابی کا نام	تفصیلات
۱	حضرت ابوبکرؓ۔	جنہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حیات مبارکہ میں آپ کے حکم سے ۲۱ نمازوں کی امامت کی
۲	حضرت مصعب بن عمیرؓ	مدینہ میں ہجرت نبوی سے پہلے امامت کرتے تھے
۳	حضرت سالمؓ حضرت ابوحذیفہ کے غلام	ہجرت نبوی سے پہلے مہاجرین کے امام
۴	حضرت ابن ام مکتومؓ	مدینہ میں آپؐ کے غیاب میں امامت فرماتے تھے چونکہ نابینا تھے اس لئے غزوات میں شریک نہیں ہوتے تھے، مدینہ ہی میں رہتے تھے۔
۵	حضرت عتبان بن مالکؓ۔	اپنے قبیلہ بنوسالم کے امام۔ (سیرت النبی شبلی جلد ۲ صفحہ ۱۷۶)
۶	حضرت معاذ بن جبلؓ	بنوسلمہ
۷	ایک انصاری صحابیؓ	مسجد قباء
۸	حضرت عمرو بن سلمہؓ	بنوجرم
۹	حضرت اسید بن حضیرؓ	بنوجرم

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

۱۰	حضرت انس بن مالکؓ	بنونجار
۱۱	حضرت مالک بن حویرثؓ	بنونجار
۱۲	حضرت عتاب بن اسیدؓ	مکہ مکرمہ
۱۳	حضرت عثمان بن عاصؓ	طائف
۱۴	حضرت ابوزید انصاریؓ	عمان (سیرت النبی شبلی جلد ۲ صفحہ ۶۲)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مقرر کردہ معلمین واساتذہ

۱ حضرت مصعب بن عمیرؓ

۲ حضرت عبداللہ بن ام مکتومؓ

۳ حضرت مالک بن حویرثؓ۔ جنہوں نے ۲۰ دن قیام کر کے تعلیم حاصل کی، اور روانگی کے وقت آپؐ نے ان سے فرمایا

(ارجعوا الی اھلیکم فعلموھم ومروھم وصلوا کما رایتمونی اصلی)

اپنے گھر والوں کے پاس جاؤ اور انھیں سکھاؤ اور انھیں حکم دو اور نماز پڑھو ایسے جیسے تم نے مجھے نماز پڑھتے دیکھا ہے۔ (سیرت النبی شبلی جلد ۲ صفحہ ۵۶)

۴ واقعہ رجیع کے ۱۰ شہداء جنہیں رسول اللہ نے دعوت وتعلیم کے لئے روانہ فرمایا تھا۔

۵ واقعہ بئر معونہ کے ۷۰ شہداء کرام جنہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعوت وتعلیم کے روانہ فرمایا تھا۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مقرر کردہ جلاد

مجرموں کی گردن مارنے کی خدمت حسب ذیل صحابہ کے سپرد تھی۔

۱	حضرت زبیر بن عوام ؓ	۲	حضرت علی بن ابوطالب ؓ
۳	حضرت مقداد بن اسود ؓ	۴	حضرت محمد بن مسلمہ ؓ
۵	حضرت عاصم بن ثابت ؓ	۶	حضرت ضحاک بن سفیان کلابی ؓ

(سیرت النبی شبلی جلد ۲ صفحہ ۵۰)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے محافظ ونگران

۱	حضرت سعد بن معاذ ؓ	جنگ بدر کے موقعہ پر
۲	حضرت محمد بن مسلمہ ؓ	جنگ احد کے موقعہ پر
۳	حضرت زبیر بن عوام ؓ	جنگ خندق کے موقعہ پر
۴	حضرت عباد بن بشر ؓ	
۵	حضرت سعد بن عبادہ الانصاری ؓ ۔(اسوہ نبی اکرم صفحہ ۳۵)	

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دور کے بچے اور بچیاں

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جہاں بڑوں کو قائد وامیر بنایا وہیں بہت سارے چھوٹے بچوں کو بھی حوصلہ بخشا، ان کے چھوٹے سے ذہنوں میں بڑے بڑے عزائم پیدا کیے۔ ان کی معصومیت وبچپن اور لڑکپن کے باوجود انھیں اپنا گرویدہ بنایا۔ اور ان کے مزاج کو دینی اور فکر کو بلند وپختہ کیا کہ آگے چل کر یہی بچے وہ وہ کارنامے انجام دیئے کہ جن پر اسلامی تاریخ نازاں وفرحاں ہے۔ ان کم عمر ونو جوان صحابہ کے لئے ان کے بچپن کے یہ واقعات ان کی زندگی کا سرمایہ تھے۔ کچھ بچوں کا تذکرہ بھی یہاں کیا جاتا ہے۔

۱ ۔ حضرت عمیرؓ ابی اللحم کے غلام۔ غزوہ خیبر میں اتنے چھوٹے تھے کہ رسول اللہ کی عطا کی ہوئی تلوار بڑی تھی، جب کہ وہ چھوٹے تھے۔

۲ ۔ حضرت عمیر بن ابی وقاصؓ جنگ بدر میں رسول اللہ نے پہلے تو بچے ہونے کی بناء پر منع کیا، ان کے رونے پر بعد میں آپ نے اجازت دی، اسی میں شہید ہوئے

۳ ۔ حضرت معاذ بن عمرو بن جموحؓ جنگ بدر میں کم عمر تھے ابو جہل کو قتل کیا

۴ ۔ حضرت معاذ بن حارثؓ، والدہ کا نام عفراء ہے جنگ بدر میں کم عمر تھے ابو جہل کو قتل کیا

۵ ۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ آپؐ نے انھیں جنگ احد میں لڑکپن کی وجہ سے واپس کر دیا۔ نبوت کے دوسرے سال پیدا ہوئے۔ (عہد نبوت کے ماہ وسال ۱۴)

۶ ۔ حضرت زید بن ثابتؓ۔ آپؐ نے انھیں جنگ احد میں لڑکپن کی وجہ سے واپس کر دیا۔ اس وقت عمر ۱۴ سال تھی۔ نبوت کے تیسرے سال پیدا ہوئے۔ (عہد نبوت کے ماہ وسال ۱۸)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

۷ ۔ حضرت اسامہ بن زیدؓ۔آپ ؐ نے انھیں جنگ احد میں لڑکپن کی وجہ سے واپس کر دیا۔
رسول اللہ کی وفات کے وقت عمر ۱۸ یا ۲۰ سال تھی، ولادت نبوت کے تیسرے یا پانچویں سال ہے۔
(عہد نبوت کے ماہ وسال ۱۸)

۸ ۔حضرت زید بن ارقمؓ آپ ؐ نے انھیں جنگ احد میں لڑکپن کی وجہ سے واپس کر دیا
۹ ۔حضرت براء بن عازبؓ آپ ؐ نے انھیں جنگ احد میں لڑکپن کی وجہ سے واپس کر دیا
۱۰ ۔حضرت عمرو بن حزمؓ آپ ؐ نے انھیں جنگ احد میں لڑکپن کی وجہ سے واپس کر دیا
۱۱ ۔حضرت اسید بن ظہیرؓ آپ ؐ نے انھیں جنگ احد میں لڑکپن کی وجہ سے واپس کر دیا
۱۲ ۔حضرت عرابہ بن اوسؓ آپ ؐ نے انھیں نگ احد میں لڑکپن کی وجہ سے واپس کر دیا
۱۳ ۔حضرت ابوسعید خدریؓ آپ ؐ نے انھیں جنگ احد میں لڑکپن کی وجہ سے واپس کر دیا۔عمر ۱۳ سال تھی
۱۴ ۔حضرت سمرہ بن جندبؓ آپ ؐ نے انھیں جنگ احد میں لڑکپن کی وجہ سے واپس کر دیا
۱۵ ۔حضرت رافع بن خدیجؓ جنگ احد میں لڑکپن کی وجہ سے واپس کر دیا (۱۳ یا ۱۴ سال کی عمر)
۱۶ ۔حضرت سلمہ بن اکوعؓ گھوڑے سے زیادہ تیز رفتار تھے۔عمر ۱۲۔۱۳ سال تھی
۱۷ ۔حضرت عبداللہ بن عبداللہ بن ابی بن سلولؓ

۵ ہجری میں بچے تھے۔غزوہ مریسیع سے واپسی کے موقعہ پر ان کے باپ نے جو منافقین کا سردار تھا یہ کہا کہ اب ہم مدینہ پہنچ کر عزت والے، ذلیلوں کو مدینہ سے نکال دیں گے،اس موقعہ اس کے عاشق رسول بیٹے حضرت عبداللہؓ نے کہا کہ تیرا مدینہ میں داخلہ اس وقت تک ممکن نہیں جب تک کہ تو یہ نہ کہہ دے کہ تو خود بے عزت ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحاب باعزت ہیں۔بالآخر اسے یہ کہنا پڑا۔

۱۸ ۔حضرت جابر بن عبداللہؓ جنگ احد کے وقت غیر شادی شدہ تھے۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

۱۹۔حضرت عبداللہ بن زبیرؓ ہجرت کے بعد مدینہ میں پیدا ہونے والے پہلے مہاجر صحابی جنہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ۷ سال کی عمر میں بیعت فرمایا۔ہجرت کے چھ مہینے بعد شوال میں قباء میں ان کی ولادت ہوئی۔یہ حضرت اسماء بنت ابوبکرؓ اور حضرت زبیر بن عوامؓ کے بیٹے،حضرت ابوبکرؓ کے نواسے ہیں۔(عہد نبوت کے ماہ وسال ۱۳۷ و ۱۳۸)

۲۰ ۔ حضرت عمرو بن سلمہؓ فتح مکہ کے بعد ان کی عمر ۶۔۷ سال تھی۔

۲۱ حضرت عبداللہ بن عباسؓ ان کی پیدائش شعب ابی طالب میں ہوئی،رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے انتقال کے وقت،عمر ۱۳ سال تھی۔(عہد نبوت کے ماہ وسال ۳۲)

۲۲ ۔ حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاصؓ۔

۲۳ ۔ حضرت حسن بن علیؓ وصال رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وقت،عمر ۷ سال کچھ ماہ تھی

۲۴ ۔ حضرت حسین بن علیؓ وصال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وقت،عمر ۶ سال کچھ ماہ تھی۔

۲۵ ۔ حضرت محمود بن الربیعؓ وصال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وقت،عمر ۵ سال تھی۔

(فضائل اعمال۔حکایات صحابہ،گیارہواں باب،بچوں کا دینی جذبہ،صفحہ ۱۴۷ تا ۱۶۵)

۲۶ حضرت حنظلہ بن حذیمؓ یا خریم بچپن میں اپنے والد کے ساتھ حاضر خدمت ہوئے تھے۔

(تین سو معجزات ۸۴)

۲۷ حضرت نعمان بن بشیرؓ۔ہجرت نبوی کے بعد پیدا ہونے والے سب سے پہلے انصاری بچے ہیں۔یہ حضرت عبداللہ بن رواحہ کے بھانجے ہیں،حضرت عبداللہ بن زبیر جو مہاجرین میں سب سے پہلے مدینہ میں پیدا ہوئے ہیں ان سے چھ مہینے بڑے ہیں۔

(عہد نبوت کے ماہ وسال ۱۳۶)

۲۸ حضرت عبدالرحمن بن حارثؓ،جو آگے چل کر حضرت عثمان بن عفانؓ کے داماد بنے۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

ہجرت کے پہلے سال مدینہ میں ان کی ولادت ہوئی۔رسول اللہ کے وصال کے وقت عمر ۱۰ سال تھی۔
(عہد نبوت کے ماہ وسال ۱۴۳)

۲۹ حضرت سائب بن عبیدؓ جنگ بدر کے موقعہ پر پیدا ہوے۔یہ حضرت امام شافعی کے جد اعلی ہیں۔پانچویں پشت میں ان کا سلسلہ نسب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نسب سے جا ملتا ہے۔
(عہد نبوت کے ماہ وسال ۱۶۳)

۳۰ حضرت ثابت بن ضحاکؓ۔رسول اللہ کے انتقال کے وقت عمر ۸ سال تھی۔
(عہد نبوت کے ماہ وسال ۱۶۹)

۳۱ حضرت عمر بن ابی سلمہؓ۔رسول اللہ کے پروردہ یعنی حضرت ام سلمہ کے بیٹے تھے۔
رسول اللہ کی وفات کے وقت ان کی عمر ۹ سال تھی۔(عہد نبوت کے ماہ وسال ۱۷۲)

۳۲ حضرت مسور بن مخرمہؓ۔حضرت عبدالرحمن بن عوف کے بھانجے ہیں۔
رسول اللہ کی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وفات کے وقت عمر ۸ سال تھی۔(عہد نبوت کے ماہ وسال ۱۷۵)

۳۳ حضرت مروان بن حکمؓ۔رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وصال کے وقت عمر ۸ سال تھی۔
(عہد نبوت کے ماہ وسال ۱۷۵)

۳۴ حضرت سائب بن یزیدؓ۔حجۃ الوداع میں اپنے والد کے ساتھ شریک حج ہوئے
اس وقت ان کی عمر ۷ سال تھی۔(عہد نبوت کے ماہ وسال ۱۷۵)

۳۵ حضرت عبداللہ بن حنظلہؓ غسیل الملائکہ کے بیٹے۔
رسول اللہ کی وفات کے وقت عمر ۹ سال تھی۔(عہد نبوت کے ماہ وسال ۱۹۳)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

۳۶ حضرت سہل بن ابو حثمہؓ ۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کے وقت عمر ۸ سال تھی۔
(عہد نبوت کے ماہ وسال ۱۹۶)

۳۷ حضرت ابوالطفیل عامر بن واثلہؓ الثقفی ۔ رسول اللہ کی وفات کے وقت عمر ۸ سال تھی۔
یہ امت کے آخری صحابی ہیں، جن سے امام ابوحنیفہ نے حج کے موقعہ پر ملاقات کی ہے۔
(عہد نبوت کے ماہ وسال ۱۹۶)

۳۸ حجۃ الوداع کے موقعہ پر ایک یمنی صحابی اس حج میں پیدا ہونے والے اپنے بیٹے کو لے کر خدمت اقدس میں حاضر ہوئے۔ رسول اللہ نے اس بچہ سے پوچھا میں کون ہوں؟ اس بچہ نے جواب دیا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے رسول ہیں۔ آپ نے فرمایا تو سچ کہتا ہے اللہ تجھے برکت دے۔ یہ بچہ بعد میں ''مبارک الیمامہ'' کے لقب سے مشہور ہوا۔ (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تین سو معجزات ۹۲)

۳۹ حضرت عبداللہ بن ہشامؓ ۔ رسول اللہ کی وفات کے وقت عمر ۶ سال تھی۔
ان کی والدہ ان کو خدمت اقدس میں لائی تھیں، رسول اللہؐ نے ان کے سر پر ہاتھ پھیرا تھا۔
(عہد نبوت کے ماہ وسال ۲۰۸)

۴۰ حضرت عائذ اللہ بن عمر ابوادریس الخولانیؓ غزوہ حنین کے موقعہ پر ولادت ہوئی۔
دیدار کے اعتبار سے صحابی اور حدیث کی روایت کے اعتبار سے تابعی کہلائے۔
(عہد نبوت کے ماہ وسال ۳۱۰)

۴۱ حضرت خریم بن فاتکؓ ۔ فتح مکہ کے وقت نوجوان تھے۔ (عہد نبوت کے ماہ وسال ۲۹۹)

۴۲ حضرت عاصم بن عمر بن خطابؓ فتح مکہ کے سال پیدا ہوئے۔
جو حضرت عمر بن عبدالعزیز کے نانا ہیں۔ (عہد نبوت کے ماہ وسال ۳۰۵)

۴۳ حضرت عبداللہ بن حارث بن نوفل بن حارث بن عبدالمطلبؓ کی فتح مکہ کے سال

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

ولادت ہوئی۔ (عہد نبوت کے ماہ وسال ۳۰۵)

۴۴ حضرت ابومحذورہؓ غزوہ طائف سے واپسی پر جعرانہ میں اسلام قبول کیا، اس وقت ان کی عمر ۱۶ سال تھی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انہیں مکہ کا موذن مقرر فرمایا۔ (عہد نبوت کے ماہ وسال ۳۱۳)

۴۵ حجۃ الوداع کے سفر میں ذوالحلیفہ کے مقام پر حضرت ابوبکرؓ کی اہلیہ حضرت اسماء بنت عمیسؓ سے محمد بن ابوبکرؓ کی ولادت ہوئی۔ (عہد نبوت کے ماہ وسال ۳۵۶)

۴۶ ام المومنین حضرت عائشہؓ کی ولادت نبوت کے چوتھے سال ہوئی، رسول اللہ کی وفات کے وقت ان کی عمر مبارک ۱۸ سال تھی۔ (عہد نبوت کے ماہ وسال ۲۰ نیز ۳۵)

۴۷ حضرت عبداللہ بن ثعلبہ بن صعیرؓ کی ولادت نبوت کے نویں سال ہوئی۔ رسول اللہؐ کی وفات کے وقت ان کی عمر ۱۴ برس تھی۔ (عہد نبوت کے ماہ وسال ۳۲)

۴۸ حضرت عبداللہ بن جعفر بن ابوطالبؓ نبوت کے ۱۲ ویں سال حبشہ میں پیدا ہوئے، ان کی والدہ حضرت اسماء بنت عمیس ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد اسلام میں حضرت عبداللہ بن جعفرؓ سے بڑھ کر کوئی سخی نہیں ہوا۔ اسی لئے ان کا لقب بحرالجود یعنی سخاوت کا سمندر تھا۔ رسول اللہ کی وفات کے وقت ان کی عمر ۱۰ سال تھی۔ (عہد نبوت کے ماہ وسال ۴۴)

۴۹ ایک انصاری بچہ جو دوسروں کے کھجور کے باغ میں جا کر کھجوریں گرا کر کھاتا تھا جس کو اس باغ کے مالک نے پکڑ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں پیش کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس بچہ سے فرمایا کہ نیچے گری ہوئی کھجوریں کھالیا کرو، ڈھیلے نہ مارو، یہ کہہ کر اس بچہ کے سر پر ہاتھ پھیرا اور دعا دی۔ (سیرت النبی شبلی جلد ۲ صفحہ ۱۷۸)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جن نومولودوں کے نام رکھے یا جن صحابہ کے نام تبدیل فرمائے

۱	حضرت القاسمؓ ابن رسول اللہ	۲	حضرت زینبؓ بنت رسول اللہ
۳	حضرت رقیہؓ بنت رسول اللہ	۴	حضرت ام کلثومؓ بنت رسول اللہ
۵	حضرت فاطمہؓ بنت رسول اللہ	۶	حضرت عبداللہؓ ابن رسول اللہ
۷	حضرت ابراہیمؓ ابن رسول اللہ	۸	حضرت حسنؓ نواسہ
۹	حضرت حسینؓ نواسہ	۱۰	حضرت محسنؓ نواسہ

۱۱۔ ابوطلحہ انصاریؓ وام سلیمؓ کے بیٹے کا نام عبداللہ رکھا۔ (معجزات نبوی صفحہ ۱۶۱۔۱۶۲)

۱۲۔ حضرت سعید بن مسیب کے دادا کا نام حزن یعنی غم تھا آپ نے سہلؓ یعنی آسانی رکھا۔

(عہد نبوت کے ماہ وسال ۲۹۷)

۱۳۔ عبدالرحمن بن سمرہؓ کا نام عبدالکعبہ تھا آپ نے عبدالرحمن رکھا۔ (عہد نبوت کے ماہ وسال ۲۹۸)

۱۴۔ مطیع بن اسودؓ ان کا نام عاصی یعنی نافرمانی کرنے والا تھا آپ نے مطیع رکھا

(عہد نبوت کے ماہ وسال ۳۰۱)

۱۵۔ حضرت زید الخیل بن مہلہل طائیؓ کا نام بدل کر زید الخیر رکھا۔

(عہد نبوت کے ماہ وسال ۳۲۵)

۱۶۔ حضرت عمر بن خطابؓ کی ایک بیٹی کا نام عاصیہ تھا۔ (یعنی گنہ گار عورت)

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا نام جمیلہؓ رکھا۔ (جامع ترمذی، حدیث نمبر ۲۸۳۸)

۱۷ حضرت ابوبکرؓ کا نام عبدالکعبہ تھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا نام عبداللہ رکھا۔

۱۸ حضرت عاقلؓ کا نام غافل تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ نام تبدیل کیا۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

حضرت عاقل بن بکیر بدری شہید بدر ہیں۔(سیرت النبی ابن کثیر جلد ا صفحہ ۲۸۸)

۱۹ سفر ہجرت میں آپ دو چوروں سے ملے جن کا نام مہانان تھا، انھیں اسلام کی دعوت دی اور انہوں نے قبول کیا تو آپ نے ان کے نام پوچھے تو انہوں نے کہا مہانان آپ نے فرمایا کہ نہیں بلکہ تمہارا نام مکرمان یعنی عزت والے ہے۔(سیرت النبی ابن کثیر جلد ا صفحہ ۴۷۳)

رسول اللہ ﷺ کے دیئے ہوئے القاب وخطابات

خطابات یعنی وہ القاب واعزازات جو آپ ﷺ نے صحابہ کو دیئے

نمبر شمار	خطاب	معنی	صحابی، صحابیہ
۱	حواری رسول	رسول اللہ کا ساتھی	حضرت زبیر بن عوامؓ (جامع ترمذی، حدیث نمبر ۳۷۴۴)
۲	الطیار	اڑنے والا	حضرت جعفر بن ابوطالبؓ (جامع ترمذی، حدیث نمبر ۳۷۶۳)
۴	ذوالاذنین	دو کانوں والا	حضرت انس بن مالکؓ
۵	ابوتراب	مٹی والا	حضرت علی بن ابوطالبؓ۔ (عہد نبوت کے ماہ وسال ۱۶۷)
۶	غسیل الملائکۃ	فرشتوں کا غسل دیا ہوا حضرت حنظلہؓ بن ابی عامر۔ (عہد نبوت کے ماہ وسال ۱۹۲)	
۷	خلیل النبی	نبی کا دوست	حضرت ابوبکرؓ
۸	خلیل النبی	نبی کا دوست	حضرت ابوایوب انصاریؓ
۹	حب النبی	نبی کا محبوب	حضرت زید بن حارثہؓ
۱۰	متبنیٰ	لے پالک	حضرت زید بن حارثہؓ

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

۱۱	امین الامت	امت کا امین	حضرت ابوعبیدہ بن جراحؓ
۱۲	ابوھرہ	بلی والا	عبدالرحمان حضرت ابوہریرہؓ
۱۳	ذات النطاقین	دو کمر بند والی	حضرت اسماء بنت ابوبکرؓ
۱۴	سیدالشھداء	شہیدوں کا سردار	حضرت حمزہؓ
۱۵	اسداللہ	اللہ کا شیر	حضرت حمزہؓ
			(عہد نبوت کے ماہ وسال ۱۷۹)
۱۶	اسدرسولہ	اللہ کے رسول کا شیر	حضرت حمزہؓ
			(عہد نبوت کے ماہ وسال ۱۷۹)
۱۷	سیدشباب اھل الجنۃ	جنتی جوانوں کے سردار	حضرت حسینؓ
			(جامع ترمذی، حدیث نمبر ۳۷۶۸)
۱۸	سیدشباب اھل الجنۃ	جنتی جوانوں کے سردار	حضرت حسنؓ
			(جامع ترمذی، حدیث نمبر ۳۷۶۸)
۱۹	سیدہ نساء اھل الجنۃ۔	جنتی عورتوں کی سردارہ	حضرت فاطمہؓ
			(جامع ترمذی، حدیث نمبر ۳۸۷۳)
۲۰	شہیدہ	ام ورقہ بنت نوفلؓ	

ان صحابیہ نے جنگ بدر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے شرکت کی اجازت چاہی آپؐ نے اجازت نہ دی اور فرمایا گھر بیٹھ رہ اللہ تجھے شہادت دے گا۔ خلافت فاروقی میں واقعہ یہ پیش آیا کہ ان کے غلام و باندی نے انھیں گلا گھونٹ کر قتل کر دیا، قاتلین کو گرفتار کیا گیا اور اس موقعہ پر حضرت عمر نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان سچا ہے کہ اللہ نے اس بندی کو شہادت عطا فرمائی۔ (معجزات نبوی ۲۱۹)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

۲۱ سید المؤذنین موذنوں کے سردار حضرت بلال بن رباحؓ
(اصحاب صفہ، ابو نعیم اصبہانی ۲۳)

۲۲ ربیب رسول اللہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پروردہ حضرت ہند بن ابی ہالہؓ
حضرت خدیجہ کے پہلے شوہر ابو ہالہ کے بیٹے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پرورش کردہ ہیں
(سیرت النبی ابن کثیر جلد ۳ صفحہ ۳۲۵)

۲۳ ذوالبجادین دو چادر والا حضرت عبداللہؓ
(اصحاب صفہ صفحہ ۴۴)

۲۴ ذوالشہادتین۔ دوشہادتوں والے۔ حضرت ابو عمار خزیمہ بن ثابتؓ انصاری
(عہد نبوت کے ماہ وسال ۱۶۳)

۲۵ دوشہیدوں کا ثواب حضرت خلاد بن سویدؓ (عہد نبوت کے ماہ وسال ۲۲۱)

۲۶ جنت کی حور عین۔ حضرت ام رومانؓ حضرت ابوبکرؓ کی اہلیہ، حضرت عائشہؓ کی
والدہ کے انتقال پر یہ فرمایا۔ (عہد نبوت کے ماہ وسال ۲۴۵)

۲۷ دوحوریں سرہانے کھڑی ہیں۔ اسلم ایک سیاہ فام حبشی غلام تھے۔ غزوہ خیبر میں شہید
ہوئے رسول اللہ نے ان کے حق میں فرمایا۔ (عہد نبوت کے ماہ وسال ۲۶۳)

۲۸ سیف اللہ۔ اللہ کی تلوار۔ حضرت خالد بن ولیدؓ کو جنگ موتہ کے موقعہ پر
(عہد نبوت کے ماہ وسال ۲۷۷)

۲۹ سید کہول الجنۃ پختہ عمر جنتیوں کے سردار حضرت ابوبکرؓ
(جامع ترمذی، حدیث نمبر ۳۶۶۵)

۳۰ سید کہول الجنۃ پختہ عمر جنتیوں کے سردار حضرت عمرؓ
(جامع ترمذی، حدیث نمبر ۳۶۶۵)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

۳۱ سیدکم تمہارے سردار حضرت سعد بن معاذؓ

(رحمۃ للعالمین جلد ۳ صفحہ ۲۳۰)

۳۲ ذوالنورین دونوروالا حضرت عثمان بن عفانؓ

(اصح السیر صفحہ ۱۲)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مقبول دعائیں صحابہ کے حق میں

۱ حضرت عمر بن خطابؓ کے لئے قبول اسلام کی دعا

۲ حضرت ابوہریرہؓ کے حفظ و یادداشت کیلئے دعا۔ (صحیح بخاری و مسلم)

۳ حضرت سعد بن ابی وقاصؓ کے مستجاب الدعوات ہونے کی دعا

اَللّٰهُمَّ اسْتَجِبْ لِسَعْدٍ اِذَا دَعَاكَ

اے اللہ! سعد کی ہر دعا جب وہ کرے قبول فرما۔

(فتح الباری جلد ۲ صفحہ ۲۸۱)

۴ حضرت جابر بن عبداللہؓ کیلئے اوران کے اونٹ کے لئے دعا کی کہ وہ تیز رفتار ہوگئے

(صحیح بخاری، کتاب الجهاد، مسلم کتاب المساقاۃ، رقم ۱۰۹۔۱۱۶)

۵ حضرت ابوطلحہؓ کے گھوڑے کے بارے میں دعا فرمائی تو وہ سمندر کی طرح ہوگیا کہ پکڑا نہیں جاتا تھا۔ (صحیح بخاری، کتاب الجهاد والسیر، باب السرعۃ والرکض فی السیر)

۶۔ حضرت جعیل اشجعیؓ کے گھوڑی کیلئے دعا اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهٗ فِيْهَا۔

(مجمع الزائد جلد ۵ صفحہ ۲۶۲)

۷۔ حضرت عبداللہ بن عباسؓ فقیہ اسلام و مفسر قرآن ہونے کی دعا۔ اَللّٰهُمَّ فَقِّهْهُ فِي الدِّيْنِ

(مجمع الزائد جلد ۹ صفحہ ۲۷۶)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

۸ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے مال، اولاد، عمر میں برکت کی دعا

(صحیح مسلم کتاب فضائل الصحابہ رقم ۱۴۳

۹۔حضرت ابوطلحہ انصاری رضی اللہ عنہ کے بیٹے عبداللہ کیلئے دعا فرمائی تو ان کے نو بیٹے حافظ قرآن بنے

(صحیح مسلم کتاب فضائل الصحابہ ۱۰۷

۱۰ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی والدہ کے اسلام قبول کرنے کی دعا۔

(صحیح مسلم کتاب فضائل الصحابہ ۱۵۸)

۱۱ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اور ان کی والدہ کو مومن بندوں کی نظر میں محبوب بنانے کی دعا

(صحیح مسلم کتاب فضائل الصحابہ ۱۵۸)

۱۲ حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ کے سر پر ہاتھ پھیر کر دعا کی چنانچہ ۹۴ سال کی لمبی عمر پائی، جن بالوں پر دست مبارک لگا تھا سفید نہ ہوئے۔ (صحیح بخاری کتاب المناقب باب ۲۱)

۱۳ حضرت ابوزید انصاری رضی اللہ عنہ کی خوبصورتی اور بقاء خوبصورتی کی دعا۔

اَللّٰهُمَّ جَمِّلْهُ وَاَدِمْ جَمَالَهُ

اے اللہ انھیں خوبصورت بنا اور ان کے جمال کو دوام بخش۔

(مسند احمد بن حنبل، جلد ۵، صفحہ ۷۷)

۱۴ حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ کی تجارت میں برکت کی دعا

(صحیح بخاری، کتاب النکاح، مسلم کتاب النکاح ، رقم ۷۹)

۱۵ حضرت عروۃ بن ابی الجعد رضی اللہ عنہ کی خرید و فروخت میں برکت کی دعا۔

نتیجہ یہ ہوا کہ وہ مٹی بھی خریدتے تو اس میں برکت ہوتی۔ (مجمع الزوائد جلد ۹ صفحہ ۲۸۶)

۱۶ حضرت حذیفہ بن الیمان رضی اللہ عنہ کو غزوہ خندق کے موقعہ پر سردی نہ لگنے کی دعا

(دلائل النبوۃ للبیہقی جلد ۳ صفحہ ۴۵۱۔۴۵۲)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

۱۷ حضرت نابغہ الجعدیؓ شاعر کے لئے دعا کہ تیرے دانت نہ ٹوٹیں۔
(دلائل النبوۃ للبیھقی جلد ۳ صفحہ ۲۳۲۔۲۳۳)
(جملہ شخصیات کی تفصیلی روایات کیلئے ملاحظہ ہوں کتاب معجزات نبوی صفحہ ۱۵۴ تا ۱۶۹)

۱۸ حضرت ابوقتادہؓ کو دعا دی کہ اَفْلَحَ وَجْھَكَ کہ تیرا چہرہ کامیاب ہو۔
۷۰ سال کی عمر میں انتقال ہوا لیکن چہرے کی رونق کا حال یہ تھا کہ ۱۵ برس کے لگتے تھے۔
(رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تین سو معجزات ۸۸)

۱۹ حضرت مقداد کیلئے برکت کی دعا، نتیجہ یہ ہوا کہ روپیوں کے گھڑے ان کے گھر میں ہوتے تھے۔
(رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تین سو معجزات ۸۹)

۲۰ حضرت علیؓ کے حق میں دعا فرمائی کہ اے اللہ ان کو سردی اور گرمی کی تکلیف سے بچا۔
قبولیت دعا کا یہ حال تھا کہ گرمیوں میں گرم اور سرما میں باریک لباس پہنتے تھے۔
لیکن موسم کا اثر نہ ہوتا تھا۔ (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تین سو معجزات ۸۸)

۲۱ حضرت علیؓ کو جو غزوہ خیبر کے موقعہ پر آشوب چشم میں مبتلا تھے، رسول اللہ نے بلا کر اپنا دست مبارک ان کی آنکھوں پر پھیرا اور لعاب دہن لگایا، اور دعا فرمائی، اسی وقت وہ تندرست ہو گئے اور عمر بھر انہیں آنکھوں کی تکلیف ہوئی اور نہ سر درد ہوا۔
(عہد نبوت کے ماہ و سال ۲۶۴)

۲۲ اپنی بیٹی حضرت فاطمہؓ کے سینے پر ہاتھ رکھ کر دعا دی کہ اے اللہ ان کی تکلیف دور فرما۔
فرماتی ہیں کہ اس کے بعد بھوک نے کبھی تکلیف نہ پہونچائی۔ (تین سو معجزات ۸۹)

۲۳ حضرت طفیل بن عمرو الدوسیؓ نے درخواست کی کہ کوئی نشانی عنایت فرمائیں آپ نے دعا فرمائی کہ اے اللہ انھیں نور عطا فرما۔ یہ نور ایسا تھا کہ رات کے وقت چراغ کی طرح

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

روشن رہتا۔ اسی وجہ سے انہیں ذوالنور کہا جاتا تھا۔

(رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تین سو معجزات ۹۰)

۲۴ حضرت سعد بن بجیر بن بجیلہ ؓ کو اولاد و نسل میں برکت کی دعا دی۔

چنانچہ ان کے ۲۰، اولادیں ہوئیں۔ (عہد نبوت کے ماہ و سال ۲۱۹)

۲۵ غزوہ خیبر میں حضرت عامر بن اکوع ؓ کی حدی خوانی سے مسرور ہو کر رسول اللہ نے ان کے لئے رحمت و مغفرت کی دعا فرمائی، صحابہ میں رسول اللہ کا یہ معجزہ معروف تھا کہ غزوہ میں کسی کے حق میں آپ رحمت و مغفرت کی دعا فرماتے تو وہ شہید ہو جاتا۔

اسی غزوہ خیبر میں حضرت عامر بن اکوع کی شہادت ہوئی۔

(عہد نبوت کے ماہ و سال ۲۵۳)

۲۶ حضرت اسلم ؓ ایک یہودی کے حبشی غلام تھے، غزوہ خیبر میں اسلام قبول کیا، ان کے آقاؤں کی بکریاں ان کے پاس تھیں، وہ فکر مند ہوئے کہ ان کو کیسے پہونچائیں، رسول اللہ نے فرمایا کہ اللہ کا نام لے کر ان کو چھوڑ دو وہ اپنے آقاؤں کے پاس پہنچ جائیں گی۔

انہوں نے ایسے ہی کیا اور بکریاں بحفاظت ان کے مالکوں کے پاس پہنچ گئیں۔

(عہد نبوت کے ماہ و سال ۲۶۳)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ وصحابیات

جملہ صحابہ کی تعداد میں مورخین کا اختلاف ہے۔ ابوزرعہ سے منقول ہے کہ وہ ایک لاکھ، بیس ہزار ہیں۔ (سیرت النبی ابن کثیر جلد ۳ صفحہ ۲۹۰) بعض لوگوں نے کم وبیش بتائی ہے۔ ان تمام حضرات کی تعداد جن کو شرف صحابیت حاصل تھا وہ بہت زیادہ تھی۔ ایک لاکھ چوبیس ہزار تو وہ تھے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ۹ ذی الحجہ سن ۱۰ ہجری کو میدان عرفات میں موجود تھے۔ بہت سے حضرات ایسے بھی ہوں گے، جو اس موقعہ پر حج کے لئے حاضر نہیں ہو سکے ہوں گے۔ انہوں نے بھی اس سے پہلے یا بعد میں حضورؐ کو دیکھا ہوگا۔ لہذا وہ بھی صحابی ہیں۔ اس لئے صحابہ کی تعداد کے بارے مین قطعی طور پر کچھ کہنا تو بہت مشکل ہے۔ البتہ وہ صحابہ کرام جن کے اسمائے گرامی معلوم ہوئے اور کسی نہ کسی اعتبار سے محدثین کے علم میں آئے ان کی تعداد امام ابوزرعہ رازی نے ایک لاکھ چوبیس ہزار بتائی ہے۔ (محاضرات حدیث ،صفحہ ۳۳۷ ڈاکٹر محمود احمد غازی)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

وہ دشمنان اسلام جو کفر پر مرے

یہ ان دشمنان اسلام کی فہرست ہے جنہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ستانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی، اور جن کا انتقال کفر کی حالت میں ہوا۔

۱	عمر بن ہشام (ابوجہل)	۲	عبدالعزی (ابولہب)
۳	اسود بن عبد یغوث	۴	حارث بن قیس بن عدی
۵	ولید بن مغیرہ	۶	امیہ بن خلف
۷	ابی بن خلف	۸	ابوقیس بن فاکہہ بن مغیرہ
۹	عاص بن وائل	۱۰	نضر بن حارث
۱۱	منبہ بن حجاج	۱۲	زہیر بن ابی امیہ
۱۳	سائب بن سیفی	۱۴	اسود بن عبد الاسد
۱۵	عاص بن سعید بن عاص	۱۶	عاص بن ہاشم
۱۷	عقبہ بن ابی معیط	۱۸	ابن اصدی
۱۹	ہذلی	۲۰	حکم بن ابو عاص
۲۱	عدی بن حمراء۔		(سیرت النبی شبلی جلد اول ۱۶۱)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

قیمتی تر ہے وہ زندگی جو نبی ﷺ کی یاد میں گذرے

کتاب ''آسان سیرت النبی ﷺ'' بحمد اللہ پایہء تکمیل کو پہنچی بلکہ اسی اللہ نے پہنچائی، دو سال پہلے اسی نے ذہن میں بات ڈالی، اور پھر اس کو لکھنے کی توفیق بھی دی، آج اس مبارک ومقدس، یادگار ولافانی کام سے فراغت ہوئی تو دل شکر خداوندی سے لبریز ہے، زبان حمد باری سے تر ہے کہ کریم مولی نے دستگیری کی، ہر قدم پر سہولت بخشی، اس ناتواں امتی کو اپنے اس محسن نبی ﷺ کی ذات اقدس پر سلیقہ سے لکھنے اور کام کرنے کا داعیہ دیا جو مرکز انوار وعنایات ہیں، سر چشمہ خیر وہدایت ہیں، سیرت نبوی کو قلمبند کرنا اگر چہ بڑی سعادت ہے لیکن ساتھ ہی اس میں بے حد نزاکت بھی ہے، جہاں محبت وفریفتگی عشق ووابستگی کی فراوانی کی ضرورت ہے وہیں ہوش وخرد، ادب واحترام کی پہرہ داری بھی از حد ضروری ہے۔ فارسی کا ایک شاعر کہتا ہے

ادب گاہیست زیر آسمان از عرش نازک تر
نفس گم کردہ می آید جنید و بایزید ایں جا

یعنی آسمان کے نیچے یہ عرش سے زیادہ نازک مقام، ادب واحترام کی جگہ ہے۔
جہاں جنید وبایزید جیسے بزرگوں کے بھی ہوش گم ہو جاتے ہیں۔

کام شروع ہوا اور جب مکمل ہوا تو پورے دو سال اس میں لگ گئے، لیکن معلوم یہ ہوا کہ جو وقت اس عظیم تر کام میں گذرا قیمتی بنا، جو لمحات اس کے لئے کام میں آئے وہ مقبول ہوئے، اس دوران حالات بھی آئے، حوادث نے روکا، بیماری نے گھیرا، مصروفیات نے الجھائے رکھا، مشکلات دامن گیر ہوئیں لیکن ہر وقت اس کام کی تکمیل کی فکر سوار رہی اور دل ہی دل میں دعا بھی رہی کہ مولی! کرم کر، کام کرنے کی قوت

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

بخش، اور کشتی کو ساحل مراد پر پہنچا۔ والدین، علماء وصلحاء اور عازمین حج ومعتمرین سے دعاؤں کی گذارش کرتا رہا جو کہ مقبول ہوئیں اور آج کتاب کو اس طرح مکمل حالت میں دیکھ کر بارگاہ خداوندی میں سجدہ ریز ہوں، آنکھیں پرنم ہیں، جان ودل نثار ہیں، بس دعا ہے کہ قبول بارگاہ ہو جائے، منظوری کی سند مل جائے۔ آمین یارب العالمین

قارئین کرام! یہ محض ایک کتاب نہیں ہے جو علم وتحقیق کے ساتھ لکھی گئی ہے، جس میں سیرت نبوی سے جڑی تمام اہم معلومات جمع کی گئی ہیں، سیرت کے بحر ذخار کو دریا بکوزہ کرنے کی ہر ممکن کوشش کی گئی ہے، دسیوں کتابوں، ہزار ہا صفحات کے مطالعہ کو خلاصہ اور لب لباب کی طرح پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے، حقیقت یہی ہے کہ اس میں مستند ومعتبر، جامع ومختصر کر کے تمام پہلوؤں کو سمیٹا گیا ہے، لیکن عرق ریزی وجانفشانی اس لئے نہیں کی گئی ہے کہ معلومات کا ایک اتھاہ سمندر جمع ہو جائے، بلکہ مقصد یہ ہے کہ امت مسلمہ وانسانیت مختصر وقت میں اپنے محسن آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے احسانوں سے روشناس ہو جائے، ان کا کلمہ پڑھنے والے مسلمان اپنی زندگی کے ہر نشیب وفراز میں، اور اس کے ہر مرحلہ وموڑ پر اس شمع ہدایت سے نور حاصل کریں، اپنے ظلمت خانہ کو روشن ومنور کریں، بھول بھلیوں میں بھٹکنے اور سراسیمہ وسرگرداں ہونے کے بجائے سیدھی سچی اور کامیاب راہ پر چل کر منزل مقصود کو پہنچیں، کتاب اسی لئے لکھی گئی ہے کہ اس کو پڑھا جائے اور پڑھ کر اس کو اپنایا جائے اور اسے اپنوں اور غیروں میں پہنچایا جائے، اس کے چرچے ہوں، اس کے تذکرے صبح وشام کئے جائیں، ان کے نام اور کام کو سمجھا اور سمجھایا جائے، اور یہ کتاب ایسی نہیں ہے کہ ایک بار پڑھ کر اس کے انداز وترتیب کو سراہا جائے، داد دی جائے، واہ واہ کی جائے اور بس، حاشا وکلا ایسا ہرگز نہیں ہے، یہ نہ تو مقصد ہے اور نہ ہی مقصود ومطلوب بلکہ اس کو بار بار پڑھئے بلکہ زندگی بھر پڑھتے رہئے، بالکل اس طرح جیسے جسمانی غذا جسم کی ضرورت ہے اسی طرح بلکہ اس سے کہیں زیادہ ہماری روح وفکر اور ہمارے ایمان وعقیدے اور ہماری معیشت ومعاشرت کے لئے یہ روحانی غذا ہے، آپ نے کتاب خریدی، اس کو پڑھئے، پڑھنے کے لئے وقت نکالئے، پڑھ چکے تو دوسروں کو دیجئے

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

،اتنی بات تو ایک مسلمان بھی مانتا ہے کہ زندگی میں کم سے کم ایک مرتبہ تو پوری سیرت کا مکمل مطالعہ کرنا چاہئے، جستہ جستہ پڑھ لینا، کوئی واقعہ یا پہلو کو جان لینا الگ چیز ہے لیکن باضابطہ کسی کتاب کو وہ بھی جو صرف اور صرف حیات طیبہ کو من وعن پیش کرتی ہے پڑھنا الگ چیز ہے۔ سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پڑھنے اور جاننے اور پڑھتے رہنے کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہوتا ہے کہ ایک مرد کامل کی تعمیر ہوتی ہے، انسان بننے لگتا ہے، اس میں خوبیاں پیدا ہوتی ہیں، فکر سنورتی ہے، عقل پختہ ہوتی ہے، ایمان میں اضافہ ہوتا ہے، یقین میں پختگی اور عمل میں پائیداری آتی ہے، محبت وعشق کے آداب سے آگاہی ہوتی ہے، زمانہ شناسی، عمل سے آگہی ملتی ہے۔ اس لئے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرت تمام علوم کا سرچشمہ ہے، اسرار زندگی کی شاہ کلید ہے۔

ہر قاری صرف اتنا اہتمام کرے کہ وہ کم از کم ایک فرد کو سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے واقف کرانے کا بیڑہ اٹھائے تو امید ہے کہ یہ کتاب گھر گھر پہنچے گی، ہم کتاب پڑھ کر مستفید ہی نہ ہوں بلکہ اس کو اپنے حلقہ احباب میں تقسیم کریں، گھر میں اپنے افراد خاندان کے ساتھ اس کو پڑھنے کا معمول بنائیں جیسے ہمارا دسترخوان ہوتا ہے کہ سبھی اس وقت جمع ہو کر کھانا کھاتے ہیں، یہ کتاب روحانی دسترخوان ہے، اس کے شہ پارے فکری غذا ہیں، آخرت کا توشہ ہیں، اس بات کی بھی بے حد ضرورت ہے کہ یہ کتاب ہماری خواتین ، ہماری ماؤں، ہماری بہنوں، ہماری بیٹیوں تک بھی پہنچے، اگر وہ سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے واقف ہوتی ہیں تو ہمارے بچے اور بچیاں بھی سیرت نبوی سے واقف ہوں گی،

اس سلسلہ میں ایک عمومی کام ہم سب کو یہ کرنا ہے کہ ہماری نوجوان نسل جو عصری تعلیم حاصل کر رہی ہے اور جو اسکولس وکالجس میں پڑھ رہی ہے، اور جو تعلیم مکمل کرنے کے بعد میدان عمل میں ہے اس کو سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جوڑا جائے، اس کی مصروفیات میں سے وقت نکال کر اسے ان حقائق کا علم دیا جائے ،اس کی مرغوبات کی ایک لمبی فہرست ہے ہمیں یہ کوشش کرنی چاہئے کہ ہم کسی نہ کسی طرح اس تک رسائی پائیں، اس کے ویرانے کو نور رسالت سے منور کرنے کا ذریعہ ڈھونڈ نکالیں، اس سلسلہ میں مصنف کئی ایک

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

منصوبے رکھتا ہے، جس پر ان شاء اللہ مستقبل میں عمل کیا جائے گا۔ سردست کام کا آغاز اس طرح کیا جاسکتا ہے کہ اسکولس وکالجس میں سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پڑھایا جائے اور کتاب کے سال بسال والے حصے کو آسان اور بہتر طور پر سمجھایا جائے۔ ائمہ مساجد اس کے سنانے کا کوئی مناسب وقت نکالیں، خطباء اس کے دروس ولکچر زر کھیں، سال بھر اس کا تذکرہ ہوتا رہے، دینی مدارس کے حفظ کے شعبہ میں اور خاص طور پر عالمیت میں تو اسے شامل نصاب کیا جانا وقت کی ضرورت ہے۔ تحقیق وریسرچ کرنے والوں کے لئے ایک مستند سرمایہ ہے، اخبارات ورسائل اور جدید ٹکنالوجی وانٹرنیٹ کو بھی اس کام کے لئے استعمال کریں۔

کتاب تو ایک مکمل شکل میں آپ کے سامنے ہے لیکن کام ختم نہیں ہوا بلکہ کام شروع ہوا ہے اس کو عملی طور پر عام کرنا ہے، اور اس کو عام کرنے کی اشد ضرورت بھی ہے اسی لئے انشاء اللہ مستقبل قریب میں اس کتاب کا انگریزی وتلگو، اور عربی وہندی اور دیگر زبانوں میں ترجمہ کیا جائے گا، اس کے مختلف ابواب کو بروچر وپمفلٹ کی صورت میں شائع کر کے عام کیا جائے گا۔ سیرت نبوی کو نوجوان نسل تک پہنچانے کے لئے آڈیوریکارڈنگ کا کام بھی جلد ہی شروع ہوا چاہتا ہے، سنہ ۱۴۳۶ ھجری (۲۰۱۵) سے سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیلنڈر بھی شائع کیا جائے گا جس میں واقعات سیرت کو کیلنڈر کے ذریعہ پہنچانے کی کوشش کی جائے گی، بارہ روزہ سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کورس سنہ ۱۴۳۵ ھجری (۲۰۱۴) میں شروع ہو چکا ہے جس کے چھ بیاچس الحمد للہ ہوئے ہیں اس کو اور مرتب ومنظم کیا جائے گا۔ ہر ماہ سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نسبت سے امت مسلمہ وانسانیت کو جوڑنے کی سبیل نکالی جائے گی۔ مختصر یہ کہ یہ کتاب صرف ایک کتاب نہیں ہے بلکہ ایک مشن کا آغاز ہے جس میں افراد کی، صلاحیتوں کی، مالیہ کی، مکان کی، وقت کی، آپ کی اور ہر امتی کی ضرورت ہے تا کہ یہ کاروان امن، یہ قافلہ رحمت آگے بڑھے اور اپنے فریضہ وذمہ داری کو پورا کرے، امید ہے کہ آپ اس کی اس کوشش کا حصہ بنیں گے، اس کام کا اپنی سعادت وشفاعت کے لئے ساتھ دیں گے۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

مصنف کتاب، کوائف وحالات

نام :سید محمد آصف الدین

ولدیت :جناب سید محمد شرف الدین صاحب

تاریخ پیدائش یکم جنوری ۱۹۷۹

تعلیمی قابلیت

حفظِ قرآن :مدرسہ فیض العلوم حسینیہ مکھتل ضلع محبوب نگر

عالمیت :دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنو (فرسٹ ڈیویزن)

فضیلت :دارالعلوم دیوبند (فرسٹ ڈیویزن)

افتاء :المعہد العالی الاسلامی حیدرآباد

ایم۔اے۔عربی :انگلش اینڈ فارن لنگویجز یونیورسٹی حیدرآباد گریڈ (A)

عملی کارکردگی

بانی : انسٹی ٹیوٹ آف عربک، مہدی پٹنم، حیدرآباد۔

: جامعہ قمر العلوم نیو حفیظ پیٹ، لنگم پلی۔

امامت :مسجد باغ برق جنگ گڈی ملکا پور مہدی پٹنم مارچ ۲۰۰۵ تا حال

خطابت :مسجد باغ برق جنگ گڈی ملکا پور مہدی پٹنم مارچ ۲۰۰۵ تا حال

انگریزی صلاحیت :انگریزی میں دس سالہ تقریری وتدریسی تجربہ

ایک سالہ انگریزی کورس برائے علماء وائمہ کا ٹرینر

انگریزی خطابت : جون ۲۰۱۰ سے ہر ہفتہ بعد نماز عشاء انگریزی خطابت کا معمول

عربی صلاحیت : عربی میں تحریری وتقریری وتدریسی صلاحیت

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

ترجمہ نگاری : عربی، انگریزی، اردو میں ترجمہ کی صلاحیت

مضمون نگاری : ۱۸ سالہ تجربہ۔ ریاستی وقومی اخبارات وجرائد ومجلات میں مضامین چھپتے ہیں۔

راقم کا پہلا مضمون ۱۹۹۶ میں رہنمائے دکن حیدرآباد میں شائع ہوا۔

ایوارڈس : تحریری مسابقہ میں آل انڈیا قاضی مجاہد الاسلام قاسمی میموریل ایوارڈ ۲۰۰۴

انعامات : ریاستی تحریری وتقریری انعامات

ماہنامہ ترجمان دیوبند کے تحریری مقابلہ میں انعام اول

اسٹوڈنٹس اسلامک آرگنائزیشن یوپی

انجمن ترقی فنکاران اردو بنگلور

اسٹوڈنٹس اسلامک آرگنائزیشن حیدرآباد

تدریسی خدمات

: پانچ سالہ عالم کورس جامعۃ الاسلام مہدی پٹنم میں ابتدائی تا دورۂ حدیث کی کتابوں کی تدریس، انسٹیٹوٹ آف عربک : انسٹیٹوٹ آف عربک اسٹڈیز مہدی پٹنم میں پچھلے دس سال سے نوجوان طبقہ کیلئے قرآن فہمی، تجوید، اردو، اذکار نماز، اسپوکن عربک کورسیس کا انعقاد

عازمین حج کا تربیتی کورس : ۲۰۰۵ سے ریاست بھر میں عازمین حج وعمرہ کی دینی تربیت وعملی رہنمائی کیلئے ۱۰ روزہ تربیتی کورس کی ترتیب۔ ہر سال چھ ماہ جمادی الثانی تا ذی الحجہ ۱۰ روزہ کورس کے بارہ تا پندرہ بیاچس ہوتے ہیں۔ حیدرآباد وسکندرآباد کے علاوہ ریاست کے اضلاع میں تربیتی کلاسیس ہوتی ہیں۔ ہر ماہ عازمین عمرہ کیلئے ایک یومی تربیتی کلاس ہوتی ہے۔

ٹرینر ریاستی حج کمیٹی : آندھراپردیش ریاستی حج کمیٹی نے ۲۰۱۲ میں ٹرینر بنایا۔

ماسٹر ٹرینر ریاستی حج کمیٹی : آندھراپردیش ریاستی حج کمیٹی نے ۲۰۱۳ میں ماسٹر ٹرینر بنایا۔

قرآن فہمی کورس: روزنامہ سیاست کے اشتراک سے دوسالہ فاصلاتی قرآن فہمی کورس کا انعقاد (۲۰۰۷ تا ۲۰۰۹)

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

تکمیل تفسیر کی سعادت: مسجد باغ برق جنگ گڈی ملکاپور مہدی پٹنم میں بعد نماز فجر سلسلہ وار تفسیر قرآن کا سن ۲۰۰۵ میں آغاز اور ماہ مارچ ۲۰۱۱ میں الحمد للہ تفسیر کی تکمیل ہوئی ۔

تصنیف کردہ کتب ورسائل اور سی ڈیز

(۱) سی ڈی اور انٹرنیٹ نفع وضرر کی میزان میں

(۲) گلشن ہند کا علمی گلدستہ

(۳) حج کی خصوصی دعائیں

(۴) حج جنرل انفارمیشن

(۵) تربیت عازمین حج وعمرہ

(۶) حج وعمرہ وزیارت مدینہ منورہ 4 گھنٹوں کی آڈیو سی ڈی اور ویڈیو DVDs

(۷) ۵۰۰ سے زائد مختلف موضوعات پر مطبوعہ مضامین ومقالات

(۸) سفرنامہ حج (غیر مطبوعہ)

(۹) تَعَلَّمِ الْعَرَبِيَّةَ وَتَكَلَّمْ Learn Arabic and Speak

(۱۰) KNOW YOUR NAMAZ BOOKLET

(۱۱) اذکار نماز سمجھ کر پڑھئے

پتہ : دوسری منزل سعید کامپلکس متصل ہوٹل نیٹی ڈائمنڈ
مہدی پٹنم، حیدرآباد، ۵۰۰۰۲۸ آندھرا پردیش

ای میل : asif_nadwi@yahoo.com

ویب سائٹ : WWW.learnarabic.in

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

مطالعہ کی میز پر ! ایک عام فہم اور روح پرور کتاب

از: مورخ اسلام محترم جناب حبیب عبدالرحمن الحامد صاحب

الحمدللہ فی زمانہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات طیبہ پر بے شمار کتابیں لکھی گئیں، جن کی تعداد کا اندازہ کرنا محال ہے۔تقریبا پچاس ہزار سے زائد لکھنے والوں نے مختلف پہلوؤں کو پیش کرنے کی سعادت حاصل کی۔یہ بڑی خوش آئند بات ہے۔میرے دوست مولانا مفتی آصف الدین صاحب ندوی قاسمی نے بھی اس کوشش میں اپنے آپ کو شریک کرلیا، اور حضورؐ کے شب وروز اور صحابہ کرامؓ کے عمل، امہات المومنینؓ کی پاکیزہ زندگیوں کو بھی بڑے اچھے انداز میں پیش کرنے کی کامیاب سعی کی، جو بحمداللہ مکمل حوالوں کے ساتھ ہے۔مجھے پوری کتاب پڑھنے کا موقعہ ملا، اور میں بڑے اہتمام سے اس کا مطالعہ کیا، اس لئے کہ پچھلے ۳۰ برس سے بندہ کا یہ خصوصی موضوع ہے، کچھ مقامات پر میں نے مولانا محترم سے تفصیل کرنے کو کہا، جس سے عام معلومات رکھنے والا قاری بھی موضوع کو سمجھ سکتا ہے۔جو مشورے بندے نے دیئے مفتی صاحب نے بڑے خلوص سے اس کو قبول فرمایا۔اللہ ان کے علم وعمل میں اضافہ فرمائے۔آمین

خصوصا طلبہ وطالبات، اور تاریخ اسلام کا ذوق رکھنے والوں کے لئے ایک مدلل کتاب ہے۔جس کا مطالعہ ہمارے لئے فال نیک ہے۔مسلمان کا کام تو بس یہی ہونا چاہئے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کو نمونہ بناتے ہوئے اپنی آخرت سنوار لے۔بارگاہ ذوالجلال میں دست بدعا ہوں کہ اللہ تعالی مفتی سید آصف الدین صاحب ندوی قاسمی کی اس کوشش کو کامیابی عطا کرے۔دین ودنیا کی نعمتوں سے سرفراز کرے۔آمین

نہیں ناامید اقبال اپنے کشت ویراں سے
ذرا نم ہو تو یہ مٹی بڑی زرخیز ہے ساقی

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

ایک احساس............................

محترم ڈاکٹر عزیز احمد عرسی صاحب، ورنگل

میں سمجھتا ہوں کہ عصر حاضر کے تقاضوں نے مولانا مفتی سید آصف الدین ندوی قاسمی کو ایک نئے انداز میں ''آسان سیرت النبی ﷺ'' لکھنے کی طرف مائل کیا اور خدا نے انہیں اپنے مقصد میں کامیابی سے ہمکنار کیا۔ مفتی صاحب کے تعلق سے مشہور ہے کہ انہوں نے زندگی کو سادہ انداز میں دیکھا ہے اور سادگی ہی سے زندگی کے دقیق مسائل اور اس کی باریکیاں سمجھائی ہیں، اسی لئے وہ بیشتر مقامات پر فلسفیانہ گتھیوں کو بڑے آسان لہجے میں سمجھا دیتے اور اپنی تحقیق اور حوالوں سے بھرپور کتاب میں فلسفیانہ طرز تحریر کو جگہ نہیں دی ہے لیکن فلسفیوں کو سوچنے پر مجبور کرنے والا لہجہ ضرور اختیار کرتے ہیں جو ان کے قلم کی عظمت کا ثبوت ہے، اسی لئے ان کا قلم آسان راستوں سے گزر کر خوبصورت وادیوں تک پہنچتا ہے جہاں قاری فطری حالات میں حقیقتوں سے آشنا ہوتا ہے اور پاکیزہ واقعات کا تسلسل لحہ بہ لحہ اس کے دل میں اترتا چلا جاتا ہے۔

سیرت النبی ﷺ کی دوسری تمام کتب کی طرح مفتی سید آصف الدین ندوی قاسمی کی یہ کتاب بھی مقدس اور مکمل ہے لیکن اسلوب کا اختلاف اس کو منفرد بناتا ہے اسلوب کی جدت طرازی ہر مصنف کا خاصہ ہوتی ہے لیکن سہل پسندی کا مادہ ہر مصنف میں دکھائی نہیں دیتا، تسہیل کی فکر میں مستغرق فاضل ادیب نے جس خوبی سے کتاب کو ترتیب دیا ہے وہ لائق تحسین ہے۔ انشا اللہ ان کا یہ 'اسلوب ان کی تحریر کو ثمر آور بنا سکتا ہے جو اس کتاب کی تالیف کا اصل مقصد بھی ہے۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

نقش تابندہ   محترم مولانا نذیر نادر حسامی صاحب

''آسان سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم'' جی ہاں ! اس باعظمت کتاب کے مصنف ہیں مولانا مفتی سید آصف الدین ندوی قاسمی ایم اے دام اقبالہ۔ مصنف معظم نے اس مقدس اور لطیف ترین فکر وعمل کا بیڑا اٹھایا ہے جس کے متعلق مفکر اسلام حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا تھا ''یہ راہ بال سے زیادہ باریک اور تلوار سے زیادہ تیز ہے'' اب ایسے پرفتن دور میں اخلاص واستقلال کے ساتھ طراط مستقیم پر گامزن رہنا مستزاد، اس کی تعلیم وترغیب دینا اک کرامت سے کم نہیں۔

مفتی سید آصف الدین ندوی قاسمی نے جو دینیات میں مہارت کے ساتھ عصریات میں بھی ید طولی رکھتے ہیں، عہد حاضر کا رجحان، نئی نسل کا میلان، اور ذہن رسا کی اڑان سے کماحقہ باخبر ہیں، بنابریں حضور ختم مرتبت صلی اللہ علیہ کی سیرت طیبہ کے تمام نورانی ابواب نہایت جامعیت کے ساتھ عمومی سطح فہمی کا پورا لحاظ رکھتے ہوئے مع الاستناد مرتب فرمایا۔ شان محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کی ہر ادا، رب ازل کو سبع ارض وسماء سے کہیں زیادہ عزیز ہے۔ صدق دل سے جو بھی ان اداؤں کو اپنالے وہ بھی مقرب ومحبوب حق ہوجاتا ہے۔ ''جو حبیب کو چاہے وہ حبیب ہوتا ہے'' اس فکر نے مفتی آصف۔۔۔ کو بیدار کردیا کہ علم وفکر، فہم وفراست، اور تحقیقی وتدقیقی، غرض ساری توانائی یکجا کردے اور سیرت طیبہؐ کو آئینہ بنا کر خلق خدا کی سیرت سازی میں کلیدی کردار ادا کرے۔ زمانہ طالب علمی ہی سے منفرد کارناموں کی وجہ سے مفتی آصف کا شہرہ رہا ہے، فراغت کے بعد نوجوان علماء میں غیر معمولی مقبولیت ملی، امامت، خطابت، تفسیر، درس وتدریس وغیرہ کے ساتھ ساتھ خاص طور پر حافظ المناسک، ہادی الحجاج، معلم العمـــرۃ، Haj and umrah specialist کے القاب جلیلہ سے بھی مشہور ہوگئے۔ کتاب آسان سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں کیفیت اور معیار کا دل آویز امتزاج ہے۔ بالاستیعاب مطالعہ کے بعد ایسا لگتا ہے کہ یہ کتاب سیرت کی بڑی وضخیم کتابوں کا عطر اور لب لباب ہے۔ دعا ہے کہ رب ذوالجلال شرف قبولیت سے نواز کر دونوں جہاں میں سرخرو فرمائے۔ آمین

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

تصویب وتحسین۔ محترم مولانا عبدالحمید شاکر حسامی صاحب

آؤ سن لیں ثواب کی باتیں

آں رسالت مآبؐ کی باتیں

میرے فاضل وقابل دوست مولف کتاب 'آسان سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم' مفتی سید آصف الدین ندوی قاسمی ایم اے خوش نصیب اور سعادت مند افراد میں سے ہیں، جنہیں اللہ تعالی نے حجاج کی تربیت کے لئے منتخب کیا ہے وہیں زیر تبصرہ کتاب لکھنے کی توفیق عطا فرمائی۔ مصنف کتاب نے حیات مبارکہ کے ۶۳ سالہ دور کے ماہ وسال کو اوران ماہ وسال کے بچپن وجوانی، قبل نبوت اور نبوت کے بعد، مکی زندگی اور مدنی دور کے ہر نشیب وفراز، ہر طرح کی کاوش اور جدوجہد، ہر قسم کے حالات کو بلا کم وکاست حوالہ جات کے ساتھ قلم بند کیا ہے۔ گویا آبدار ودمکتے ہوئے موتیوں کی ایک لڑی بنا کر صفحہ قرطاس کو زینت بخشی ہے جس کو موجودہ ترقی یافتہ دور میں سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی انسائیکلوپیڈیا کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔

فاضل مولف محترم نے حسن ظن کی بناپر مجھ بے بضاعت کو کتاب کا کمپوزنگ شدہ مسودہ یہ کہہ کر حوالہ کیا کہ آپ کو ایک ناقد بن کر اس کتاب کا مطالعہ کرنا اور ہر قسم کی کمی کوتاہی اور خامی کے بارے میں بغیر کسی جانب داری اور مروت کے نشاندہی کرنا ہے۔ بہرحال میں نے اپنی سعادت وخوش بختی سمجھ کر اول تا آخر اس کتاب کا حرف بہ حرف انتہائی باریک بینی اور بلکہ تنقیدی نظر سے جائزہ لیا۔ ہر جگہ تصویب کے سوا کوئی چارہ نہ تھا۔ سوائے چند مقامات کے جہاں تفصیل ووضاحت کی ضرورت ہے وہاں میں نے نشاندہی کی۔ مجموعی طور پر میں نے اس کتاب کو مستند اور قابل تحسین پایا۔ یقیناً یہ کتاب ہر لائبریری کی زینت وشان بننے کے قابل ہے، عاشقان مصطفیؐ کے ہر گھر میں رہنے اور گھر گھر پڑھی جانے اور سنائے جانے کے قابل ہے۔ آج کے سائنس وٹکنالوجی کے ترقی یافتہ دور میں دینی کتاب کا خریدنا بہت مشکل کام ہے، خرید لیں تو پڑھنا مشکل ہے، پڑھ بھی لیں تو عمل کرنا اور بھی مشکل ہے۔ اوران سب مشکلوں میں سب سے مشکل کام اگر ہے تو وہ دینی کتاب کا لکھنا ہے۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

ذکرِ جمیلِ صاحبِ جمال ﷺ محترم جناب سید نصیر الدین قادری صاحب

زیر نظر کتاب عزیزم مولانا مفتی سید آصف الدین ندوی قاسمی کے عشق رسول کا ثبوت بھی ہے اور موصوف کی عرق ریزی اور دقت نظر پر دال بھی، جس جانفشانی اور محنت شاقہ سے مولف نے اس کتاب کی تالیف کی ہے وہ لائق صد تحسین وستائش ہے۔ یہ بات بلا خوف تردید کہی جاسکتی ہے کہ جس انداز میں اس کتاب میں آں حضرت ﷺ کی حیات طیبہ کو پیش کیا گیا ہے وہ تصنیف وتالیف کے عام اسلوب سے قطعی جداگانہ ہے، جس کے نتیجہ میں یہ کتاب دراصل ایک قاموس یا Encyclopedia بن گئی ہے جس کا قاری بآسانی آں حضرت ﷺ کی حیات طیبہ کے تمام حالات کو بلا کم وکاست، سال بہ سال، ماہ بہ ماہ بلکہ شب وروز کے احوال ومشغولیات کو ملاحظہ کرسکتا ہے۔ ابواب کی تقسیم، اعمال کی کیفیت، احوال کا بیان اس قدر دلکش پیرایہ میں قلمبند کیا گیا ہے کہ تفصیل، اجمال لگتی ہے اور اجمال میں تفصیل کا لطف آتا ہے۔ واقعات کی تنقیح وچھان بین نہایت تندہی سے کی گئی ہے اور کسی ابہام کی گنجائش نہیں چھوڑ گئی۔ اور اس کے نتیجہ میں یہ اسلام کے ابتدائی دور کی ایک مستند تاریخ بھی بن گئی ہے۔ جس میں ان حوالہ جات اور معتبر مراجع کا ذکر بھی ہے جن سے استفادہ کیا گیا ہے۔ کوشش یہ کی گئی ہے کہ حضور ﷺ کی حیات طیبہ کے تمام گوشے، جزئیات وتفصیلات کے ساتھ یکجا کئے جائیں۔ اور اس کوشش میں مولف بڑی حد تک کامیاب رہے ہیں۔ فَجَزَاهُ اللهُ أَحْسَنَ الْجَزَاءِ۔ اس تالیف کے منفرد انداز نے اس کی قدر وقیمت میں بے حد اضافہ کردیا ہے، اور اس کمترین کی رائے میں یہ کتاب اس لائق ہے کہ اسے مدارس وجامعات کے نصاب میں شریک کیا جائے تاکہ طالبان علم سیرت النبی ﷺ سے کما حقہ استفادہ کرسکیں۔ علاوہ ازیں یہ تالیف تحقیقات اور ریسرچ کا کام کرنے والوں کے لئے ایک گراں قدر مرجع ثابت ہوسکتی ہے، امید کی جاتی ہے کہ مولف کی دیگر تصانیف کی طرح اس بے بہا تالیف کو نہ صرف علمی حلقوں میں بلکہ عوام الناس میں بھی پذیرائی حاصل ہوگی اور اس گراں قدر کوشش سے کما حقہ استفادہ کی راہیں بھی سامنے آئیں گی۔

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

عازمین حج وعازمین عمرہ متوجہ ہوں

آپ حج کمیٹی یا پرائیوٹ ٹورآپریٹر کے ذریعہ حج وعمرہ کیلئے روانہ ہورہے ہوں تو آپ کے مبارک و یادگار سفر کے قدم قدم پر عملی رہنمائی کیلئے ۱۰ روزہ حج وعمرہ تربیتی کورس ہے

جوایک منفرد ومرتب اور معلوماتی کورس ہے۔ جو پچھلے دس سال سے جاری ہے۔ اور ہر سال جمادی الثانی سے ذی الحجہ تک چھ ماہ مستقل جاری رہتا ہے۔ کورس کے اوقات ومقام اور تاریخ کے سلسلہ میں درج ذیل نمبرات پر رابطہ کریں۔

9290164227-9391899954

حج وعمرہ کے موضوع پر

محترم مولانا مفتی سید آصف الدین ندوی قاسمی ایم اے

کی مفید وموثر کتابوں کا ضرور مطالعہ کریئے۔ اور عازمین حج وعمرہ تک اس کو پہنچایئے

حج وعمرہ کی خصوصی دعائیں اردو، رومن انگلش، انگلش، تلگو

حج وعمرہ AUDIO CD چار گھنٹوں پر مشتمل معلوماتی وتربیتی سی ڈی

کتاب ''تربیت عازمین حج وعمرہ''

حج کے موضوع پر انسائیکلوپیڈیا، حج سے پہلے، حج میں اور حج کے بعد۔ قدم قدم پر رہنمائی

عمرہ ومدینہ، حج VIDEO DVDS

ملنے کا پتہ

انسٹیٹیوٹ آف عربک اسٹڈیز متصل ہوٹل سٹی ڈائمنڈ مہدی پٹنم حیدرآباد

asif_nadwi@yahoo.com

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

انگریزی زبان میں قرآن وحدیث، تجوید واردو کی تعلیم کا دس برس سے کارکردسنٹر

انسٹی ٹیوٹ آف عربک حیدرآباد

کورسیس

قرآن فہمی ٦ ماہی کورس۔	ترجمہ قرآن ایک سالہ کورس
اسپوکن عربک تین ماہی کورس۔	اسپوکن عربک ایک ماہی کورس
تجوید ایک ماہی کورس۔	اردو ایک ماہی کورس
دینیات ایک ماہی کورس۔	١٠، روزہ حج وعمرہ تربیتی کورس
١٠ روزہ سیرت النبی کورس	عمرہ کلاسیس
پانچ سالہ عالم کورس	تین سالہ عالمہ کورس

یہ سارے کورسیس آن لائن بھی ہیں۔

کورسیس میں داخلہ کی کوئی تعلیمی شرط نہیں ہے۔

اورحسب سہولت داخلہ لے سکتے ہیں۔ تفصیل کے لئے ملاحظہ ہوں۔

www.learnarabic.in

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa

پیام رحمت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ٹرسٹ کے اغراض ومقاصد

- سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مسلمانوں میں علمی وعملی طور پر اجاگر کرنا
- امت کے تمام طبقات تک سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو آسان انداز میں پہنچانا
- خاص طور پر نئی نسل کو سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے واقف کرانا
- غیر مسلمین میں رحمت للعالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا پیام ہدایت و پیام انسانیت پہنچانا
- جدید وعصری ٹکنالوجی کو سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اشاعت میں استعمال کرنا
- آڈیو سی ڈیز اور ویڈیو ڈی وی ڈیز کی تیاری
- اسکول وکالج طلبہ وطالبات کے لئے ہر تین ماہ میں ایک مرتبہ سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مقابلہ جات
- خواتین وحضرات کے لئے ہر تین ماہ میں ایک مرتبہ سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مقابلے
- ہر ماہ بارہ روزہ سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کورس
- شہر واضلاع میں سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے معلوماتی لکچرز وسیمنارز
- سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے موضوع پر لکھی گئی تمام کتابوں پر مشتمل ایک لائبریری
- سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو عام کرنے کے لئے معلمین ومعلمات اور دعاۃ کی تربیت
- اردو ، انگریزی، تلگو، عربی زبانوں میں کتب ورسائل اور فولڈر وبک لٹس کی تیاری
- مستحقین اور ضرورت مندوں کی مدد واعانت

ان تمام سرگرمیوں کو روبعمل لانے کے لئے ایک خطیر رقم درکار ہے جس کا ماہانہ خرچ تقریباً پچاس ہزار ہے۔اس عظیم واہم اور مبارک وضروری کام کا حصہ بنئے ماہانہ اور سالانہ معاون بن کر۔

دوسری منزل، سعید کامپلکس، متصل ہوٹل سٹی ڈائمنڈ، مہدی پٹنم، حیدرآباد، 9849611686

Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa



Website: NewMadarsa.blogspot.com
Telegram channel : New Madarsa